ما خلق اللہ من داء الا و خلق لہ دواء

یعنی شافی مطلق نسخہ مفید ہر مبتدی و منتہی یعنی

کتب خانہ طبیب

مجربات اکبری اردو

بتصحیح تمام باہتمام کیسریداس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ

مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ میں طبع ہوا

فہرست مجربات اکبری اردو

تفصیل امراض وترکیب استعمال ادویہ	نمبر صفحہ	تفصیل امراض وترکیب استعمال ادویہ	نمبر صفحہ
بیان ترکیب استعمال ہلیلہ ۔	۵	بیان افیون چھڑانے کا اور سفید کرنے بھنگ	۱۶
بیان طریقہ مارنے دھات کا مع	۶	کا اور طریقہ کھانے بچھناک کا ۔	۱۷
اُس کے افسون کے ۔	۷	بیان کھانے ہرتال اور کھانے سنکھیا کا	۱۷
بیان نکالنے ست لوبان کا	۹	بیان درد سر مع معالجہ اس کے اور	
بیان نکالنے روغن بلاس پاپڑے کا	۱۰	معالجہ شقیقہ یعنے آدھا سیسی	
بیان پارہ قائم کرنے کا اور نکالنے روغن	۱۱	وغیرہ کا ۔	۱۸ و ۱۹
سرپھوکے کا اور ترکیب بنانے سونیکی ۔	”	بیان سر مین زخم و آبلہ ہونے کا	
بیان استعمال پارہ کا کہ شکم مین قائم رہے	۱۲	مع معالجہ اُس کے کے ۔	۲۰
بیان نکالنے نمک مولی اور سونا بنانے		بیان صرع یعنے مرگی وام الصبیان	
کا اور گھریہ بنانے چاندی کا ۔	۱۳	کا مع معالجہ کے ۔	۲۱
بیان مارنے ابرک کا	۱۴	بیان سکتے کا اور نیند نہ آنے کا	۲۲
بیان کجلی کرنے پارہ اور گندھک کا اور ترکیب	”	بیان دوران سر اور نسیان اور زیادتی	
تورہ بنانے کی اور مدبر کرنا (سودھنا) جمالگوٹہ		نیند کا اور ناک کے امراض کا ۔	۲۳
کا اور نکالنا عرق گندھک کا ۔	۱۵	بیان آنکھ کے امراض کا مع اُس	
بیان اپنی ناک مین کھینچنے کا صبحکو اور پارہ		کے معالجہ کے ۔	۲۴
ملنا سر پر اور زندہ کرنا سونا مارے ہوئے		بیان رتوندی اور پھڑکنا آنکھ کا اور	
کا اور قلعی ماری ہوئی کا اور گھریا یونانی		رمد کا ۔	۲۹
کا بنانا ۔	۱۶	بیان ورم آنکھ کا اور کھرہ ہونا زبان کا	۳۰ و ۳۱

تفصیل امراض و ترکیب استعمال ادویہ	نمبر صفحہ	تفصیل امراض و ترکیب استعمال ادویہ	نمبر صفحہ
بیان قلاع جس کو نادہ کہتے ہین مع		کم کرنے والی اور ہچکی دفع کرنے والی کا	۵۰
اُس کے معالجہ کے۔	۳۱	بیان باؤگولہ اور پیچش اور سنگرہنی کا	۵۴
بیان مسی بنانے اور منجن کا	۳۲	بیان دوا زحیر و پیچش اور دواے	
بیان منجن دانتون کا	۳۳	لیپ کا	۵۵
بیان خنازیر جس کو کنٹھ مالا کہتے ہین اور	۳۵	بیان دواے غذائی کا	۶۳
معالجہ اُس کا		مغص یعنے بیان درد آنت کا مع	
بیان مُنھ کے امراض کا اور کان کے امراض		دواؤن مسہلہ کے بیان مین	۶۳
کا معہ معالجہ کے۔	۳۶	بیان مسہل کہ باآسانی طبیعت کو نرم کرے	۶۴
بیان دل کے امراض کا اور معالجہ اُسکا		بیان قہوہ مسہل سنا اور باریک سودھنا	۶۵
یعنے تپاک دل کا معالجہ۔	۳۸	بیان اُس دوا کا جو قے لاوے	۶۶
پھیپھڑے کے امراض یعنی دمہ کی دوا	۳۹	بافراط۔ وہ دوا جو قے اور	
بیان دودھ کے زیادہ کرنے مین اور		متلی کو دور کرے	۶۷
دودھ کے زیادہ ہوجانے مین۔	۴۳	اور ہیضہ وبا کو دور کرے	۶۸
بیان چھاتی کے چھوٹا کرنے اور دردون		بیان باہر آنے مقعد کا یعنے	۶۸
کے دور کرنے کا۔	۴۴	جاے ضرور کا اور بیان	
بیان تاپ تلی کا اور معالجہ اُس کا	۴۴و۴۵	دواے بواسیر کا	۶۹
بیان درد کمر اور پشت کی بیماری کا	۴۷	بیان جلن پیشاب اور سنگ گردے	
معالجہ لقوہ اور درد کمر کا	۴۷و۴۸	کا اور معالجہ اُس کا	۷۳
بیان درد ہوک اور اُسکے معالجہ کا		وہ دوائین کہ جس سے سستی فراد عورت کی	
بیان دوا بھوک لگانے اور پیاس کو	۴۹	دُور ہو	۷۵

تفصیل امراض وترکیب استعمال ادویہ	نمبر صفحہ	تفصیل امراض وترکیب استعمال ادویہ	نمبر صفحہ
بیان دوا اُن سیلان منی اور سوزاک کا	٧٦	ہر قسم کے تپ کا معالجہ	١٠٦
اور بند کشاد اور سرعت انزال کا		دوا کہ ورم کو کھودے اور ریپ کو	
ترکیب اندری جھاڑ یعنی برلانیوالی		دور کرے اور خشک کرے	١١٠
بادہ کی بول سے	٧٨	بیان دوا نارو مین کہ جو دھاگا مقام	
دوا پرمیو اور سوزاک کی	″	جوڑ مین پیدا ہوتا ہے ۔	١١٣
دوائے بند کشاد کی	٨٠	بیان معالجہ اکوتہ اور چھاجن اور	
بیان ادویہ قوت باہ	٨١	جذام اور زخم بواسیر دور کرنیکا ۔	″
بیان ترکیب مدن مودک واسطے	″	بیان اُس روغن کا جو زخم کو خشک	١١٦
قوت باہ کے نسخہ قوت باہ کا	″	کرتا ہے ۔	
بیان ادویہ واسطے درازی آلت کے	٨٩	بیان معالجہ سفید داغ کا	١٢٠
بیان ادویہ امساک	٩٣	بیان معالجہ داد کا ۔	١٢٢
وہ ادویہ جو لذت دیتی ہین وقت جماع	٩٤	بیان دوائے مسہ اور جلد کا کھرکھرہ	
کے اور معالجہ امراض فوطہ کا	٩٥	ہوجانا ۔	١٢٣
بیان اُن دواؤنکا جو فرج عورت کی تنگ		معالجہ بیماری کجی ناخن اور ادویہ خارش	
کرے اور حیض کو لاوے اور بند کرے	٩٦	کا اور معالجہ جون کا	١٢٤
بیان ادویہ واسطے منزل کرنے عورت		بیان ادویہ خضاب و بال خورہ	١٢٨
کے اور آسان ہونے بچہ کے وقت		بیان دوا کہ جلا دینے والی بدن کی	
پیدا ہونے بچہ کے ۔	٩٩	ہے ۔	١٣٠
معالجہ یرقان کا ساتھ تپ کے	١٠٤	بیان مرہم کا اور جو زخم سے مناسب ہے	١٣١
بیان معالجہ تپ کا	″	بیان دوا سینہ لانیوالی کا	١٣٥

تفصیل امراض وترکیب استعمال ادویہ	نمبر صفحہ	تفصیل امراض وترکیب استعمال ادویہ	نمبر صفحہ
بیان کثرت عرق کی کہ ہاتھ اور پیر سے		بیان دفع کرنا زہر بچھو کا	۱۴۵
ہوتی ہے اور چوٹ یعنے سقطہ وضربہ	۱۳۶	بیان ترکیب موٹا ہونے مین۔ آدمی	
بیان دوائی باد فرنگ مین	۱۳۸	کے دبلا ہونے مین اور خوش آواز ہونے	۱۴۶
اودیہ واسطے آتشک کے	۱۳۸	مین اور رنگ طرح طرح کے بنانے مین	۱۴۸
بیان ہر قسم کی بائی کو دور کرنے مین	۱۴۰	دور کرنا خط کا ورق سے اور سوا اس کے	
بیان واسطے دور کرنے بدبوے پسینے		اور خط چھپا ہوا ظاہر ہو۔	۱۴۸
کے اور دوا اون جھایئن مین۔	۱۴۲	طریقہ پتھر پر نقش کرنے کا اور تدبیر شکار	۱۴۹
بیان معالجے دوا زہر کھائے ہوئے		کرنے چڑیون کی اور شکار کرنا کبوتر	
اور جانورون زہردار مین۔	۱۴۳	کا اور شکار کرنا کوے کا۔	〃
بیان دریافت ڈنک سانپ کا اور		طریقہ شکار کرنے کلنگ کا۔	〃
معالجہ زہر سانپ کا۔	۱۴۵	تقریظ کتاب ہذا از مترجم	۱۵۰



بسم اللہ الرحمن الرحیم

ترجمۂ مجربات اکبری

سب تعریف ثابت ہی واسطے خداوند حکیم کے کہ ہدایت کی اوس نے ہم کو طرف راہ مستقیم کے اور درود نامحدود نازل ہو اوپر رسول کریم کے کہ جن کے وصف مین اِنکَ لَعلیٰ خُلُقٍ عَظیم نازل ہی یعنی تحقیق تو پیدا کیا گیا اوپر اخلاق بزرگ کے اور اوپر آل عظام اور اصحاب کرام کے کہ سب مخصوص ہین ساتھ لطف عام کے اب بعد تعریف خدا کے کہ کمترین بندون کا محمد اکبر بیٹا حاجی میر محمد مقیم کا عرض کرتا ہی کہ چند ترکیبین جو تجربہ کرنے والون سے سُنکر صفحۂ کاغذ پر لکھی تھین وہ سب پراگندہ پڑی تھین بسبب بے ترکیبی کے بر وقت ضرورت نکالنا کسی مطلب کا باعث رنج و محنت ہوتا تھا اسواسطے یہ دل مین آیا کہ ہر ایک ترکیب کو جو ساتھ کسی مرض کے مخصوص ہی ایک جگہ منتظم کیجیے تا بلا محنت بر وقت حاجت مفید مطلب ہو ساتھ مدد اللہ مہربان کے کہ دنیا مین بجز اُسکی ذات کے کوئی دوسرا موجود نہین اور یہ مختصر شامل ہی اوپر ایک مقدمے اور کئی بابون اور فصلون کے مقدمہ فائدون کے ذکر مین فائدہ ترکیب ہلیلہ یعنی ہڑ کے استعمال مین

باعتبار فصلون سال کے چنانچہ جیٹھ اور اساڑھ کے مہینے مین ساتھ مویز منقی کے کھاوین اور ساون اور بھادون کے مہینے مین ساتھ نمک سنگ یعنی لاہوری نمک کے اور کنوار اور کاتک کے مہینے مین ساتھ مصری کے اور اگھن اور پوس کے مہینے مین ساتھ سونٹھ کے اور ماگھ اور پھاگن کے مہینے مین ساتھ بپلی کے اور چیت اور بیساکھ کے مہینے مین ساتھ شہد کے لیکن مصری اور سونٹھ اور منقی کو ہموزن ہلیلہ کے لینا چاہیے اور نمک بقدر حزہ کے اور بپلی تین عدد ساتھ ہلیلہ کے کافی ہر جو شخص ساتھ ترکیب مذکورہ کے ہلیلہ یعنی ہڑ کو کھاوے نفع بہت پاوے اور فائدہ عظیم اُٹھاوے لیکن ہمیشہ نہ کھانا چاہیے اس واسطے کہ ہلیلہ معدہ اور کبد کو ضعیف کرتا ہر خصوص بیچ بخار کے ہلیلہ زرد سے پرہیز لازم ہر کہ اُس سے خوف اسہال کبدی کا ہر **فائدہ** ساون اور مہینون کے نامون مین زبان عربی اور فارسی اور ہندی مین حمل عربی فروردین فارسی میکھ بیساکھ ہندی ثور عربی اُردی بہشت فارسی برکھ جیٹھ ہندی جوزا عربی خرداد فارسی متھن اساڑھ ہندی سرطان عربی تیر فارسی کرک ساون ہندی اسد عربی مرداد فارسی سنگھ بھادون ہندی سنبلہ عربی شہریور فارسی کنیا راسن و اسوج دکنوار ہندی میزان عربی مہر فارسی تلا کاتک ہندی عقرب عربی آبان فارسی برچھک اگھن ہندی قوس عربی آذر فارسی دھن و پوس ہندی جدی عربی دے فارسی مکر ماگھ ہندی دلو عربی بہمن فارسی کنبھ پھاگن ہندی حوت عربی اسفندار فارسی مین چیت ہندی مین **فائدہ**

فلزات یعنی دھات کے مارنے اور صاف کرنے کے بیان مین طریقہ صاف کرنے کا یہ ہے کہ اول روغن تل کا لین اور گرم کرین اور کسی دھات کو پگھلا کر یا گرم کرکے درمیان روغن مذکور کے ڈالین پھر اس دھات کو نکال کر بطریق مذکور تین مرتبہ تیل مین بجھائین پھر اسی طرح تین مرتبہ دہی مین سرد کرین پھر اُس گائے کے پیشاب مین کہ جس نے بچہ نہ جنا ہو تین مرتبہ سرد کرین پھر کانجی کے پانی مین تین مرتبہ سرد کرین پھر پانی مین کلتھی جوش کی ہوئی کے تین مرتبہ سرد کرین اور چاہیے کہ جس پانی مین بھرا ہو اُس کو آگ پر رکھین لیکن جو چیز کہ پگھلنے والی ہو مانند رانگ یا سیسے کے چاہیے کہ اُسکو پگھلائین اور جو برتن آگ پر چڑھا ہر اُسپر ایک مٹی کی چپنی ڈھانک کے درمیان مین ایک سوراخ کردین بعد اس کے رانگ یا سیسے پگھلے ہوئے کو سوراخ کی راہ سے برتن مین چھوڑ دین اور فائدہ اس ترکیب سے یہ ہر کہ بر وقت ڈالنے دھات کے پانی مین اُچھلنے نہ پاوے

کہ بدن کے جل جانے کا خوف ہے ورنہ کچھ احتیاج ڈھانکنے برتن کی نہ تھی غرض دھات کو پانی مین سرد کرنا چاہیے
جس طور سے ہو سکے لیکن جو چیز کہ پگھلنے والی نہو مثلاً تانبا اور فولاد اور مانند اسکے کے چاہیے کہ تانبا
یا فولاد خالص لیکر باریک ورق یعنی پتر تیار کرین پھر اُسکو بطریق مذکورہ آگ مین گرم کر کے
تین تین مرتبہ ہر ایک پانی مین بجھاوین اور طریقہ دھات مارنے کا یہ ہے کہ پہلے دھات کو خوب
صاف کرین جیسا کہ اوپر مذکور ہوا بعد اس کے درمیان بھنگ یا املی کی پتی یا ددھی کے کہ بوٹی مشہور
ہے اس دھات کو رکھین جیسا کہ مشہور ہے بعد اس کے ٹاٹ مین لپیٹ کے اندر گڑھے کے کہ مقدار تین گز
کے مربع ہو رکھین اور اوپر نیچے اُسکے جنگلی اُپلے رکھکر چار پہر تک آگ دیوین جس وقت کہ سرد
ہو راکھ آہستہ آہستہ ہٹا کر دھات کو کہ کھیل ہو گئی ہو نکال لین اور سب دھات کو موافق اس
ترکیب کے مارین طریقہ پارے کے مارنے کا اول دو دام پارہ لیکر تین چار مرتبہ کپڑے مین رکھکر
نچوڑین اور صاف کرین بعد اس کے مٹی کے برتن مین ساتھ عرق تلسی کے اُنگلی سے ملا دین۔
یہانتک کہ پارہ دانہ دانہ ہو جاوے بعد اس کے چمگادڑ نر کہ ٹربا گل مشہور ہے اُسکو لا کر کمر مین وہ
کچا ناگا کہ جو نابالغ عورت نے کاتا ہو باندھین اور سات مرتبہ اس افسون کو اوپر پارہ کے پڑھکر چمگادڑ کی
حلق مین ڈالین افسون یہ ہے ادنی موٹی چھوٹی باندھون پون دھرتی آکاش باندھون جنگل اور
پانی بجر باندھون راکس بھوکس کرت سورج باندھون دہنے نرسنگھ بائین ہنونت دہائی راجہ
رام چندر کی جو ہنونت کا باندھا چھوٹے تو مورا باندھا چھوٹے بعد اس کے منہ چمگادڑ کا مضبوط
سیوین تا کہ پارہ باہر نہ نکلے بعد اس کے چمگادڑ کو گل حکمت کرین اُسپر چکنی مٹی چڑھا دین پھر اُسکو
آفتاب مین خشک کرین جس وقت کہ خشک ہو جاوے ایک مٹی کے برتن مین رکھکے سرپوش کر کے
کنارون کو مٹی سے بند کر دین اور ایک گز مربع گڑھے مین ساتھ جنگلی اُپلون کے جلا دین یہانتک
کہ ہڈیان چمگادڑ کی خاک ہو جاوین اور یہ بات عرصہ پانچ روز یا ایک ہفتہ مین ہوا کرتی ہے
جب آگ گل ہو جاوے تو اور اُپلے جنگلی سُلگاوین تا کہ تمام گوشت اور پوست اور ہڈیان جلکر خاک
ہو جاوین بعدہ برتن مٹی سے نکال کر مٹی دور کر کے پارہ کی خاک کو احتیاط سے رکھین اور تانبے کو

سلہ پہلے تیل کے تیل مین تین بار پھر دہی مین تین بار پھر بجھا کے پیشاب مین تین بار پھر کلتھی کے جوشاندہ
مین تین بار سرد کرین ۱۲ مصحح

بیخ دیگر تھوڑی خاک مذکورہ سے اُس کے اوپر ڈالین سونا ہوجائے گا اور رانگ کے اوپر ڈالین
شاید کہ کوئی چیز بنجاے **فائدہ** بیچ بیان صاف کرنے گندھک کے پہلے مٹی کے برتن مین گاے کا
دودھ ڈالین اور اُس کے منھ پر گاڑھا باندھین اور اوپر اُس کپڑے کے گندھک پیسکر گرداگرد اسکے
مٹی یا آٹے سے بقدر دو انگل کے اونچی دیوار اُٹھائین اور اُس دیوار پر لوہے کا توا رکھین اس کے اوپر
کوئلہ سلگائین ایک ساعت تک تاکہ تمام گندھک کپڑے سے چھنکر دودھ مین ٹپکے بعدہ گندھک کو
دودھ سے نکال کر کام مین لاوین اور طبیبون نے کہا ہر کہ گندھک کو بدون صاف کیے ہوئے کام
مین نہ لانا چاہیے **فائدہ** ترکیب شنگرف کی کہ بھوک کو تگنا کرتی ہر معمولی بھوک سے اور قوت باہ
کو بہت مفید ہر شنگرف قسم اول کہ ہنسی ناک مشہور ہر ایک ڈلی دو تولے کی لیوین اور بسکپرہ سفید کہ ایک
زہریلی بوٹی گھاس کی قسم سے ہر پاؤ سیر لیکر باریک کرین اور زمین قند کو کوٹ کر عرق نکالین سفوف
بسکپرہ کو اس عرق مین سانین شنگرف کو درمیان رکھکے غلولہ باندھین اور ایک صاف موٹا
کپڑا غلولہ پر لپیٹین اور ہر طرف سے سی دیوین اور روغن معصفر یعنی کرڑ کا تیل وزنی تین سیر لاکر
اُسکو تانبے کے برتن مین رکھ کے غلولہ مذکور اُسمین ڈال دین بعدہ سرپوش کرکے ماش کے
آٹے سے منھ اُس کا مضبوط بند کردین اور ایک پتھر اوپر سرپوش کے رکھین بعد اُسکے نیچے آگ
جلائین اس طرح سے کہ آگ نہ بھڑکے یعنی دو تین لکڑیون سے آنچ کرین ایک پہر تک بعد اُسکے
آنچ تیز کرین تین پہر تک اور دھوان اُسکا باہر نہ نکلنے پاوے ایک شور بڑا دیگ سے نکلیگا اُس سے
نہ ڈرین بعد چار پہر کے اُتار لین تمام روغن گاڑھا ہوجاے گا ڈلی شنگرف کی اس سے علحدہ کرکے
مقدار ایک چاول ہمراہ پان کے چبا کر کھاوین بھوک زیادہ ہوگی قبض دفع ہوگا بیخوف ہے
قوت باہ بہت ہوگی جسم کو موٹا اور قوی کرتا ہر اگر دو ہفتے کھاوین ایک سال تک اثر اُس کا
باقی رہتا ہر اور روغن گاڑھا مانند چوہ کے ہوتا ہر وہ بھی واسطے بھوک اور امراض
مزمنہ کے مجرب ہر یعنی ساتھ پان کے مفید ہر **فائدہ** شنگرف سے پارہ نکالنے کے بیان مین اوّل
شنگرف کو ساتھ عرق لیمو کے چار پہر کھرل کرین پس اگر شنگرف تھوڑا ہر تو گولی باندھکے درمیان
شیشے کپڑ مٹی کیے ہوئے کے رکھکر مثل چوئے کے کالنسہ آب مین ٹپکا دینا اور اگر شنگرف بہت ہو تو

لہ یعنی پیالے مین بھر کر اس مین ٹپکا دین ۔ ۱۲

باریک پیس کے مثل چپاتی کے تیار کرکے درمیان گھڑے مٹی کے کہ بہت بڑا ہو رکھکر بند اُس کا ساتھ مٹی اور گوبر کے ملاکر لیپ کرین اور اوپر اُس گھڑے کے ایک ہنڈیا مٹی کی اُلٹی لٹکا دین اس طرح سے کہ منھ دونون برتنون کا آپس مین ملجاوے اور مٹی اور چونہ سے گرد اُس کے خوب بند کر دیوین بعدہ سات مرتبہ کپر مٹی کرکے منھ دونون برتن کا بعد ایک دوسرے کے لگاکر خشک کرین پھر چولھے پر چڑھا کر نیچے اُس کے چار پہر آگ جلائین جیسا کہ واسطے کھانا پکانے کے آنچ کرتے ہین اور بھی کپڑا چند تہ پانی سے تر کرکے گرد مٹی اور ہانڈی کے لپیٹین اور پانی سے تر رکھین کہ سوکھنے نہ پاوے اور نفع اُسکا یہ ہے کہ پارہ اُڑنہ جاوے بعد چار پہر کے گھڑا اُتار کر سرد کرین پھر ہانڈی کا مُنھ کھولین جو کچھ پارہ کہ ہانڈی کے اوپر چمٹ گیا ہو وہ سب چھڑا کر جمع کرین اور جو کچھ نیچے ظرف کے رہگیا ہو اُسکو بھی جمع کرین اور کام مین لائین **فائدہ طلق** یعنی ابرک سے پارہ نکالنے کے بیان مین **اول** ایک چھوٹا برتن مٹی کا پانی سے بھرین اور اُس برتن کو درمیان مٹی کی ہانڈی کے رکھین اور اُس چھوٹے برتن کے مُنھ پر کپڑا باندھین اور کپڑے پر برگ کیسو انج اور ابرک رکھکر پھر برگ مذکور رکھین کہ ابرک درمیان مین ہو پھر اُس ہانڈی کو چولھے پر چڑھا کر نیچے اُس کے آگ جلائین تمام پارہ پانی بھرے ہوئے برتن مین ٹپک جاویگا **فائدہ** مہری یعنی پلٹس بنانے کے بیان مین چنانچہ معمول اطباے ہند کا ہے واسطے نرم کرنے اور پکانے ورم کے نہایت فائدہ دیتا ہے چاول چھ تولہ کوٹین جیسا کہ فرنی بناتے ہین ایک سیر دہی مین ڈال کر پکاوین یہان تک کہ مثل کھیر کے ہو جاوے اگر بجاے چاول کے آٹا جو کا ڈالین تو بھی عمل کرے گا **فائدہ** ست لوبان نکالنے کے بیان مین لوبان بقدر ضرورت لیکر جو کوب کرین اور ایک مٹی کے برتن مین ڈال کر تہ مین دیگر برابر پھیلا دین اس ترکیب سے کہ ہر ایک ٹکڑا لوبان کا ساتھ دوسرے کے ملا رہے اور نیچے اوپر نہ ہو پھر اس برتن کے منھ کو ساتھ سرپوش مٹی کے بند کرین اور بعد اس کے ساتھ آٹے یا مٹی کے خوب مضبوط بند کرین بعدہ چولھے پر رکھکر نیچے اُس کے چراغ جلادین اس طرح کہ پاؤ بھر تیل چراغ مین سماوے اور بتی ایسی بنادین کہ پاؤ بھر تیل تمام رات مین جل جاوے باقی نہ رہے اس چراغ کو نیچے دیگچے کے اس طرح رکھین کہ درمیان بتی اور دیگچے کے فاصلہ ڈھائی انگشت کا رہے تمام شب کہ بارہ

صبح کو سرپوش کھولین تمام جوہر اُس کا چڑھکر طرف دیگ اور سرپوش کے چمٹ رہیگا اُس کو چھڑا کر کام مین لاوین واسطے سستی اور بند کرنے پسینے کے مثل آب حیات کے ہی مقدار ایک ماشہ ہمراہ پان کے استعمال کرین بشرطیکہ دن جاڑے کے ہون اور مزاج سرد ہو اور اوپر ہاتھ پیر کے بھی ملین جو شخص کہ گرم مزاج ہو اُس کو کھانا نہ چاہیے فقط ملنا کافی ہی طریقہ دوسرا یہ ہی کہ بطریق معمول کے لوبان دیگ مین رکھکر اوپر اُس کے تھالی کانسہ کی رکھین اور اطراف ماش کے آٹے سے بند کرین درمیان تھالی کے پانی بھر دین نیچے اُسکے آگ جلائین ایک پہر تک پھر جو کچھ کہ مانند چوہ کے نیچے تھالی کہ چمٹے اُسکو عمل مین لاوین مجرب ہی اور واسطے سستی قضیب کے ملنا اور کھانا بھی مفید ہی اور باہ لاتا ہی **فائدہ** پلاس پاپڑے کا روغن نکالنے کے بیان مین کہ واسطے علاج نامردون اور عنین کے مفید ہی پلاس پاپڑہ جس قدر ہو پانی مین ایک ساعت تر رکھین پھر پوست اسکا جدا کر کے مغز کو خشک کرین ایک برتن مٹی کا لیکر درمیان مین اُس کے برمہ سے سوراخ کرین نیچے اُس کے ایک ہانڈی چھوٹی سوراخ کے مقابل رکھین مثل تیال ختبر کے پھر وہ مغز دیگ مین ڈالین پھر سرپوش کر کے چارون طرف اُس کے بند کرین تین مرتبہ اور ہر مرتبہ خشک کرتے جاوین بعدہ ایک گڑھا مربع ڈھائی گز کا زمین مین کھودین اس گڑھے کے درمیان مین ایک چھوٹا گڑھا اور کھودین اس چھوٹے گڑھے مین ایک چھوٹا برتن رکھدین اور بڑے گڑھے مین بڑا برتن کہ جس مین دوا ہی رکھدین سوراخ نیچے کا مقابل مین چھوٹے برتن کے رہے بعدہ گرد برتن کے جنگلی اُپلے بھر دین کہ تمام گڑھا بھر جاے پھر آگ دیوین جس وقت کہ سرد ہو دوا کو احتیاط سے نکالین اس طرح سے کہ راکھ چھوٹے برتن مین کہ جس مین روغن جمع ہی گرنے نہ پاوے اُسکو اوپر قضیب کے ملین حشفہ چھوڑ کے یعنی آلت کا سر چھوڑ کے **ترکیب** مارنے تانبے کی کہ مثل کاغذ کے سفید ہی پہلے چھال درخت انکول کی خشک کرین اور بھی جڑ موٹی اسکی زمین سے نکالین اور درمیان اس کے خول کرین تھوڑی سی چھال خشک کر کے پیس کے اُس خول مین بھرین اوپر اسکے تانبے کا پیسہ یا پتر رکھین پھر اُسپر چھال خشک مذکور بھرین اور سب کو گل حکمت کر کے لپیٹین اور ساتھ آگ مینگنی بکری کے مثل گج پٹ کے دیوین یعنی گز بھر کے مربع مین جنگلی اُپلے بھر کر آنچ دیجاے تاکہ تمام تانبا کھیل ہو جاے بعدہ اس

تانبے کو باہر نکال کر نگاہ رکھین واسطے ہر مرض کے ساتھ دوائیون بہتر کے جو مناسب ہو دینا چاہیے
اور جاننا چاہیے کہ انکول ایک بڑا درخت ہی دو قسم پر ہوتا ہی ایک کانٹا انکول یعنی خاردار مقصود یہی
درخت ہے دوسرا بے کانتے یہ کسی کام مین نہین آتا پہلے چاہیے کہ تانبے کو خوب صاف کرے جس طرح
تانبے کا صاف کرنا مشہور ہی لیکن بہتر یہ ہی کہ تانبے کو مثل قلعی کے صاف کرے یعنی پگھلاے اور
تین تین مرتبہ دہی اور تیل مین سرد کرے اس واسطے کہ تانبا جلد نہین پگھلتا ہی اگر تھوڑی سنکھیا
اور کانچ ملائین تو جلد گلجاتا ہی **فائدہ** پارہ قائم کرنے کے طریقے مین پہلے روغن سرکھو کہ اور پارہ
ہموزن لین دونون کو ایک ساعت آپس مین ملا کر مٹی کے گھریے یعنی کٹھالی مین رکھکر بعد اسکے
ایک گھریہ لوہے کی لین اور اسکو نمک سانبھر سے بھر کر درمیان اس نمک کے وہ گھریہ گلی رکھین پھر
سرپوش لوہے کا اوپر ظرف لوہے کے رکھین اور چاہیے کہ شکم سرپوش کا بھی نمک سانبھر سے بھرین
یعنی نیچے اوپر اس گھریہ کے کہ جو گھریہ لوہے مین ہی نمک بھری ہوئی پس چھ پہر آتش دیپک یعنی ایک
بتی کی کرین تیار کر کے اپنے کام مین لادین **طریقہ** نکالنے روغن سرکھو کہ کا پہلے درخت مذکور
کی پتی اور جڑ لیکر اندر شیشے کے رکھین اور اس شیشے پر خوب لیپ مٹی کا دین اور بطور ڈول جنتر روغن
اس کا لین **طریقہ** جلانے دندان فیل کا یعنی ہاتھی دانت کو سوہن سے برادہ کر کے مٹی کے برتن
مین رکھ کے اس پر تین مرتبہ گل حکمت کرین ایک گڑھا گول بقدر ایک گز کے گہرا کھود کر اس برتن کو رکھکر
جنگلی اپلون سے بھر کر آگ جلادین چنانچہ مشہور ہی **ترکیب** سونا بنانے کی شنگرف ایک تولہ
کہ ایک ڈلی ہو ہرتال طبقی ایک تولہ پس ایک ماشہ اسی ہرتال سے لیکر عرق لیمون مین کھرل
کر کے ڈلی شنگرف پر لیپ کرین اور دھوپ مین رکھین یہانتک کہ سوکھ جاے پھر ایک انڈا سیاہ
مرغی کا لیکر تھوڑا انڈے کا سر ایک طرف سے توڑ کر سپیدی اس سے دور کر کے زردی باقی
رکھ کے وہ ڈلی شنگرف کی مع ہرتال انڈے کے اندر کر دیوین اور کسی چیز سے ملادیوین کہ زردی ڈلی
مین ملجاوے اور دوسرا انڈا خالی کر کے مانند ڈھکنے یعنی سرپوش کے اوپر اس انڈے کے پہنا
دیوین کہ انڈے کو چھپالیوے اور وہ انڈا بھی اگر کالی مرغی کا ہو تو بہتر ہی اور اس انڈے کی بھی زردی نکالکر
پہلے اس انڈے مین کہ ڈلی رکھی ہی ڈال دیوین اور بقدر چوڑائی اور لمبائی بیضے کے کپڑا چکنی مٹی سے
لت کر کے انڈے پر لگا کر خشک کرین اس طرح تین لیپ کر کے خشک کرین اور پھر تین عدد

اُپلے جنگلی لاکر چھوٹے چھوٹے ٹکرے کر کے وہ انڈا کپڑوٹی کیا ہوا بیچ کنڈون کے جگہ محفوظ مین رکھکر
آگ دیوین اور بعد چار گھڑی کے باہر لاوین پھر شنگرف کی ڈلی نکال کر ایک ماشہ ہرتال عرق
لیمو مین پیسکر ڈلی مذکور پر لیپ کرین خشک کر کے بدستور آگ دیوین اسی طرح پھر بارہ ماشہ ہرتال
عرق لیمو مین پیسکر ڈلی مذکور پر لیپ کر کے ہرتال کے شنگرف کی ڈلی کو انڈے مین بطریق مذکور
ایک سو ایک دفعہ آگ دین جس وقت آنچین تمام ہو جائین ایک رتی اسمین سے لیکر چاندی
جرخ دی ہوئی پر چھوڑین سونا ہو جائیگا اور اپنے دل مین یاد رکھین کہ وقت آگ دینے کے بدبو
جلنے زردی بیضے کی مانند بو کباب کے باہر آتی ہو جبتک کہ وہ بدبو دور نہو جاوے تب تک بیضے
کو آگ سے باہر نہ لائین اور چاہیے کہ انڈے کو اُپلون مین اسی طرح سے رکھین کہ انڈا اوپر زمین کے ہو
اور انڈے کے نیچے کنڈا نہ رکھین اس واسطے کہ شنگرف بھاری ہوتا ہو نیچے تہ مین بیٹھ جاتا ہو اگر
نیچے بیضے کے آگ ہوگی تو بھی خوف ہو کہ شنگرف جل جاویگا حاصل کلام کا یہ ہو کہ نیچے بیضہ کے
آگ نہو تو بہتر ہو اور چارونطرف اور اوپر آگ ہونا چاہیے انھین تین عدد کنڈون سے طریقہ
کھانے پارے کا کہ شکم مین قائم رہے اور نفع دے پس پارہ جس مقدار کھانا منظور ہو لیکر کاغذ یا
برگ پان مین رکھین اور یہ منتر تین بار پڑھین اور اوپر اس کے پھونکین اور پھر بار اول اور آخر
درود ملا دین پھر اسکو کھا جاوین قبل پارہ کھانیکے چاول پکا کر دہی میں ملا کر کھالیوین ہمراہ گھی یا بدون
گھی کے اور ساتھ اس کے پارہ کھاوین جس طرح کہ مذکور ہوا اور بعد پارہ کھانے کے تھوڑی
دیر تک منھ بند رکھین اور بات نہ کرین کہ پارہ منھ سے نکل نہ پڑے اور دو روز بیچ کر کے اسی طرح
کھاتے رہین سات روز مین نفع ظاہر ہوگا جبتک کہ جی چاہے استعمال کرین پہلے آدھے تولے
سے شروع کرین جبکہ موافق مزاج کے ہو جاوے آہستہ آہستہ زیادہ کرین لیکن ایام جاڑے مین
کھانا چاہیے نہ گرمیون مین اور جس شخص کے مزاج مین سردی زیادہ ہوگی اسکو بہت نفع ہوگا
بخلاف گرم مزاج کے کہ اسکو سخت نقصان ہوگا اور جوان آدمی کو کھانا نہ چاہیے پس جاننا
چاہیے کہ پارہ تین روز تک پیٹ مین رہتا ہو بعد اس کے پاخانہ کی راہ سے نکل جاتا ہو اور
چاہیے کہ پارہ قسم اول سے ہو اور پارہ کھانے کے وقت گھی اور مسکہ بہت استعمال کرے تاکہ پارہ
کسی طرح کا نقصان نہ کرے اور کھٹائی اور بادی چیزون سے پرہیز کرنا ہے اور منتر مذکور یہ ہے

اثم بارہ توبراجتی سانول پربت پہار دادت سی بیون بارہ نہ جھڑے نہ پڑے نہ گرتے نہ پھوڑے اللہ محمد رسول اللہ آدم صفی اللہ رچھا کرے جہان رکھے تہان رہے بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ فائدہ طریقہ نکالنے نمک کا مولی اور چرچرے یعنی لٹ زیرے سے اور ہر قسم کی گھاس سے جس قدر کہ منظور ہو مولی اور چرچرہ تازہ لاوین اور خشک کرین اور جلا کر خاک اسکی لین ایک کپڑا اچار کو نے اسکے لکڑیون مین باندھ کے (بطریق ربنی) لٹکائین جیساکہ مشہور ہے پھر خاک مذکور اس مین ڈال کر تھوڑا تھوڑا پانی اسپر ٹپکا دین نیچے اسکے ایک برتن رکھین جو پانی ٹپکے اُس برتن مین جمع آے جبکہ تمام پانی ٹپک آوے اُسکو قلعی دار تانبے کے برتن مین جوش کرین یہان تک کہ پانی جس قدر ہو سب جل جائے اور نمک بند ھکر رہ جاے اپنے کام مین لاوین اسی طرح جس چیز کا چاہین کھار نکال لین اور جو کھار کہ جس مرض کو مفید ہے نام اسکا ساتھ بیان اس مرض کے لکھا جاویگا اور اگر پانی ٹپکے ہوئے کو پھر کپڑے پر چھوڑ دین اور ٹپکاوین تو چاہیے کہ کسی لوٹے مین بھر کر ٹونٹی سے نہ بہت قریب سے نہ بہت دور سے چھوڑین ایکبارگی نہ چھوڑنا چاہیے۔

شمس یعنی سونا بنانے کی ترکیب۔ چھال درخت ارجن کی راکھ اور بانسہ سرخ کی راکھ برابر لیوین تھوڑا اس سے ساتھ مغز گھیکوار کے چار پہر کھرل کرین پھر اوپر تختیون سیسے کے کہ پہلے سے پتلی بنائی ہون طلا کرین اور ان تختیون کو تہ پرتہ رکھکر مٹی کے برتن مین رکھین اور ایک مٹی کی رکابی سے اسکو چھپا دین اور گل حکمت کرکے خشک کرین اور لگھ پٹ کی آنچ دیوین جبکہ سرد ہو باہر لاوین اور تختیان نکال لین پھر دونون خاک مذکور کہ مغز گھیکوار کے شیرہ مین چار پہر کھرل کی ہون اُن تختیون پر طلا کرین اور مٹی کے برتن مین رکھکے بطریق مذکور گج پٹ آنچ دیوین اسی طرح دس آنچ دین اور ہر بار تختیان نکال کر بطریق سابق تازہ خاک کا لیپ کرتے رہین۔ اور آنچ دیتے رہین اور آنچ لگ پٹ اسے کہتے ہین کہ ایک بالشت لمبا اور ایک بالشت چوڑا اور ایک بالشت گہرا زمین کو کھود کر آنچ دیوین اور آنچ گج پٹ وہ ہے کہ ایک گز کا لمبا اور ایک گز کا چوڑا اور ایک گز کا گہرا گڑھا کھود کر آنچ دیجاوے اور ایک آنچ لگ پٹ مین تختی سیسے مذکور کی سالم رہتی ہے اور بعد اس کے ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے اور

گھٹنے لگتی ہے بس چاہیے کہ جو ریزہ علیحدہ رہ جاوے اُس کو بھی تختیون پر رکھکر لال کیا کرین **دستور** چاندی کی گھریا بنانے کا دو تولہ پارہ اور ایک تولہ دودھ درخت برگد کا بعد اسکے پارے کو گھریا مین رکھکر اوپر دودھ مذکور کے ڈالین نیچے اس گھریہ کے چراغ چار بتیونکا جلائین ساتھ تیل تل کے دو پہر تک اور چاہیے کہ گھریہ اور تپائی لوہے کی ہو اور چراغ اس طرح رکھین کہ لو بتی کی نیچے گھریہ کے ہو درمیان مین تین انگل کا فاصلہ چاہیے یہ قمر ہے یعنی چاندی ہے **طریقہ** مارنے طلق یعنی ابرک کا ڈیڑھ تولہ ابرک لیکر ٹاٹ کی تھیلی مین باندھکر اسقدر ملین کہ مثل لعاب منھ کے ہوجاوے اور ڈیڑھ تولہ قند سیاہ اور ڈیڑھ تولہ شورہ قلمی اسمین ملاکر آپس مین حل کرین اگر ضرورت جانین چند قطرے پانی کے بھی ڈالین پھر اُن تمام کو چار حصے کرین چار عدد اُپلے جنگلی لیکر ہر ایک کو درمیان سے بقدر ضرورت کھودین اُن چار حصہ دوا کو چار عدد کنڈون مین رکھین اوپر ہر ایک کنڈے کے دوسرا کنڈا صاف کرکے مثل سرپوش کے بند کرین بقدر ایک ہاتھ کے گہرا گڑھا کھودین اور گڑھے مین جنگلی اُپلے بھرین جس قدر کہ سماوین اور اُن اُپلون کے درمیان وہ چار عدد بنائی ہوی چارون حصے دوا کے رکھین اور آگ دیوین چار پہر تک جس وقت کہ سرد ہو باہر نکالین اور ڈیڑھ تولہ قند اور شورہ ساتھ اس ابرک کے ملاکر بطریق مذکور آگ دیوین اسی طرح تین چار مرتبہ آگ دیوین اور ہر مرتبہ قند اور شورہ نیا ملاتے جاوین بعد اُسکے ابرک سفید ہوجاویگی پھر اسکو نکال کر اپنے کام مین لاوین اور اندازکھانے کا دو رتی واسطے ہر مرض کی ساتھ دواؤن مناسب کے کھاوین **طریقہ کجلی کرنے** پارے اور گندھک کا دونون بیچ ظرف لوہے کے بقدر ضرورت لیکر کھرل کرین بدون ملانے اور چیزون کے سیاہ رنگ ہوجاویگی مثل کاجل کے صورت پارے کی معلوم ہوگی اسکو کجلی کہتے ہین **فائدہ** ترکیب بنانے نورہ کی یعنی وہ دوا کہ جس سے بال گرجاوین اور جلد سخت نہو اور اکثر یہ دوا عورتون کے کام آتی ہے چونا کہ جس مین پانی نہ پڑا ہو چار دام یعنی چھ تولہ ہرتال ڈیڑھ تولہ ہر ایک علیحدہ علیحدہ مثل سرمہ کے پیسین پھر ایک برتن مین چونہ کو رکھین اوپر اُسکے پانی ڈالین کہ جوش آئے جب کہ سرد ہونے لگے یعنی شیر گرم ہو پھر ہرتال پسا ہوا اُسمین ملاوین اور ساتھ لکڑی کے خوب حل کرین اور جس جگہ کے بال دور کرنا منظور ہون لیپ کرین بعد لیپ کے ناخن سے معلوم کرین کہ بال

اپنی جگہ سے اکھڑتا ہی یا نہین اگر بال اکھڑنے لگے تو فی الفور گرم پانی سے دھو ڈالین اور اوپر اُسکے تل کا تیل ملین اور جاننا چاہیے اگر اس دوا مین کپور کچری نیمدام یعنی نو ماشہ کافور چینیہ تین ماشہ سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد باہم ملا کر دین تو نورے کو خوشبودار کرے گا اور پوشیدہ نرہے کہ نورہ جسوقت بنا دین اُسی وقت کام مین لا دین اسواسطے کہ دیر تک رکھنے سے جوہر ہرتال اُڑجاتا ہی اور وہ دوا بیکار ہو جاتی ہی **فائدہ** بہتر کرنا بچھناگ کا دودھ گاے کو جوش کرین اُسمین بچھناگ کو لٹکا دین جسوقت دودھ خوب جوش کرے دودھ کو ہلا دین کہ زہر دودھ مین آجاوے طریقہ اصلاح جمالگوٹہ مغز جمالگوٹہ باریک کپڑے مین باندھکر بڑے مٹی کے برتن مین لٹکا دین جسمین کہ گوبر گاے کا پانی مین گھول کر رکھا ہو اور نیچے اُس کے آگ جلا دین دو پہر آنچ کرین پھر اُسکو نکالکر پانی سے دھو کر دوائین ملائین **فائدہ** عرق گندھک کے بیان مین کہ گرم ہی اور بھوک زیادہ کرتا ہی بادی توڑتا ہی اگر ساتھ گلاب کے کھا دین بلغم کو دفع کرے اگر ہمراہ عرق بیدمشک کے پئین زیادتی صفرا کی کم کرے اور معدے کو قوت دے کمر اور پیٹھ کو مضبوط کرے اور اگر اوپر سفید و سیاہ داغ کے ملین دور کرے اگر لونگ یا دارچینی یا جاپھل کو بیچ اس عرق کی تر کر کے خشک کر کے کھا دین قوت باہ اور ہاضمہ بہت ہو اور تمام مرض بلغم و خون و فالج و تشنج و درد معدہ و لقوہ کو فائدہ دے یہ خواص کتاب حکیم صالح ہروی سے لکھے گئے ہین اگر کھوڑ او اسطے درد دانتون کے لگا دین فوراً درد جاتا رہے لیکن یہ ضرور ہی کہ جو دانت اچھے ہین اُنپر اس دوا کا اثر نہ پہونچے کہ خوف ٹوٹ جانے کا ہی اور اس عرق گندھک کا ملنا واسطے کھجلی کے ہمراہ تیل یا بدون تیل کے مفید ہی **فائدہ** ناک سے پانی کھینچنے کا چاہیے کہ صبح کو آہستہ آہستہ پانی ناک مین کھینچے لیکن زیادہ بائیس تولہ سے نہو جس روز کہ بارش اور ہوا ہو موقوف رکھے نفع یہ ہی کہ مرض خشکی و گرمی دماغ کی دور ہو جاوین اور گرم مزاج کو وقت سیری شکم کے کھینچنا نہین چاہیے نہار منھ چاہیے واسطے مقابلہ کرنے سردی پانی کے گرمی معدہ سے بلغمی مزاج کو حکم نزلہ کا رکھتا ہی اور سردونمین کھینچنا اچھا نہین اگر ضرورت ہو پانی نیمگرم کر کے کھینچین اندھیرا آنکھ مین جو صفرا اور خشکی سے ہوتا ہی وہ دور ہو جاتا ہی اور زکام کو بھی نافع ہی اور بعضون سے سُنا ہی کہ بھوک بھی بڑھاتا ہی اور نفخ بھی دور ہو جاتا ہی **فائدہ** پارہ سر پر ملنا چاہیے کہ اٹھائیسوین ہر مہینے کو دو رتی سے چار رتی تک تالو پر بال مونڈ کے ملین اور بلغمی مزاج کو ساتھ لعاب کنوچے اور

صفراوی مزاج کو ساتھ لعاب اسبغول کے ملین اور کہتے ہین کہ خوشی لاتا ہی اور جوانی قائم رکھتا ہی
میرے نزدیک جلایا ہوا پارہ اثیر غس کہ سرسام بلغمی ہو دنسیان و زکام بلغمی کو مفید ہی زندہ کرنا
سونا مارے ہوئے کا ایک تولہ سونا مارے کو گھریہ مین رکھ کے ایک رتی سیسہ ڈال کر آنچ تیز کرین
زندہ کرنا جستہ مارے ہوئے کا اور سوا اُسکے مار الحیات چھوٹا کہ مراد گھی اور سہاگا اور شہد سے ہی
اس قدر جستہ کی راکھ پر ڈالین کہ گولی بندھ سکے پھر لوہے کے چمچے مین رکھ کے آگ پر پگھلا دین
زندہ ہو جاوے گا زندہ کرنا قلعی ماری ہوئی کا خاک قلعی کی لوہے کے چمچے مین رکھ کے
تھوڑا تیل تل یا سرسون کا اور تھوڑا نوسادر ڈال کے آگ پر رکھین زندہ ہو وے بنانا گھریہ
ہندی کا مٹی کمھار کے گھر کی آدھ سیر گوگل ڈیڑھ تولہ گڑ تین تولہ نمک سانبھر سوا دو تولہ پرانی
روئی یا کپڑا تھوڑا سا گوبر گائے کا تھوڑا سا بنانا گھریہ یونانی کا کمھار کے گھر کی مٹی کوئلہ
نمک سانبھر آدمی کے سر کے بال اور بال بکری کے اور بان اور پرانی روئی یا کپڑا دھان کی بھوسی
کچی اور بھنی گھنگر یا مہوسون کی کمھار کے گھر کی مٹی اور ملتانی مٹی بان پرانے چارپائی کے قینچی سے
کتر کے کوئلہ اور بکری کے بال اور پرانی روئی طریقہ اُفیون چھوڑانے کا جائپھل ایک حصہ
کوپل درخت ارنڈ دو حصہ باہم پیس کے گولیان بنا دین اس قدر کہ جس قدر افیون کھاتا ہو افیون
کھانے کے وقت اس گولی کو کھلا دین طریقہ دوسرا سفید کنیر کی جڑ ساڑھے دس ماشہ صندل کی طرح
گھسین اور بابچی گھسی ہوئی اکیس ماشہ اسپند سوختنی بارہ درم کندر کی تپی سات تولہ اور میتھی
چودہ تولہ کوٹ پیس کے ساڑھے تین ماشہ کی گولیان بنا دین جو کوئی ساڑھے دس ماشہ افیون کھاتا
ہو ساڑھے دس ماشے اس گولی سے کھلا دین طریقہ صاف کرنے افیون کا کہ کھانے مین نقصان

سلہ چونکہ افیون مین سمیت ہوتی ہی اور منافی روح و حرارت غریزی ہی اس لیے اسکا چھوڑ دینا نہایت ضروری ہی مگر یکبارگی ترک کر دینا اکثر مہلک ثابت ہوا ہی اسلیے اطبا نے اسکو بتدریج چھوڑنے کی ہدایت کی ہی اور اُسکے لیے اکثر نسخے لکھے ہین۔ افیون چھوڑانے کی ترکیب یہ بھی ہی کہ کچا ناریل جسمین مغز شروع ہوا ہو اور پانی بہت ہو لیکر اُسمین سوراخ کرین اور افیون چار تولہ تپی بنا کر اُسمین داخل کرین اور منھ بند کر کے چھ مہینے رہنے دین پھر مغز ناریل مع افیون پیسکر گولیان اُس مقدار کی تیار کرین جس قدر کہ افیون کی عادت ہو اور ایک گولی روز کھائین اور افیون ترک کر دین تھوڑی مدت مین عادت افیون کی بالکل چھوٹ جاتی ہی ۱۲ سید جعفر علی عفی عنہ۔

نہ کرے افیون بہتر کہ گرم پانی مین جلد حل ہوجاے ایک سیر اور دودھ گاے کا چار سیر دودھ گاے کا
گرم کرکے افیون اُسمین ملاکے کپڑے سے چھان کر قوام کرین جبکہ قوام پر پہونچے گاے کا گھی گرم کرکے
یا روغن بادام پاؤ سیر گرم کرکے قوام مین ملادین کہ سب روغن جذب ہوجاوے بعد اُس کے
زعفران ڈیڑھ تولہ عود قماری تین تولہ داخل کرکے خوب ملادین اور بقدر گھنگچی سُرخ کے گولی
باندھین اور اگر بجاے عود کے عنبر اشہب ملادین تو بہتر ہی اور بعضے افیون کو ادرک مین بناتے
ہین چاہیے کہ سو مرتبہ افیون کو ادرک کے پانی مین کھرل کرکے دس بارہ روز تک رکھین پھر
ٹکیہ باندھکے مٹی کے برتن مین رکھو کے سرپوش سے بند کرکے اتوار کے دن نیچے زمین کے
دفن کرین دوسرے اتوار کو نکال کے اپنے کام مین لائین بہت مفید ہی طریقہ سفید کرنے
بھنگ کا کہ سبزی اُسکی سفید ہوجاوے بھنگ سبز کو برتن سوراخدار مین ڈال کر نیچے اُسکے
گندھک کی دھونی دیوین اور ہاتھ سے ہلاتے جاوین کہ سب بھنگ کی پتی مین بخار لگے
کہ بھنگ مثل سفید شکر کے ہوگی طریقہ دوسرا بھنگ سبز دو سیر شاہی ست لوبان دو ماشہ
سجی سفید ایک ماشہ صندل سفید پسا ہوا دو ماشہ سب کو ایک ہی مین پیس کے ملادین
بھنگ سفید ہوجاوے گی طریقہ کھانے بچھناک کا تھوڑا کھاوے آہستہ آہستہ زیادہ کرے
یہان تک کہ بہت مدت مین ازروے عادت کے اس مقدار کو پہونچے کہ بغیر عادت اگر اُس مقدار
کو کھاوے تو باعث ہلاکی جان کا ہو مگر اُس کھانیوالے کو کچھ نقصان نہین کرتی اور فائدہ
بخشتی ہی بہتر اُسمین یہ ہی کہ پہلے ہر ایک زہر کو بالکل مار ڈالین بعدہ کھانے کی عادت کرین
دوسری مرتبہ کم کم مارین اور عادت کرین یہانتک کہ بدون مارے ہوئے کھانا شروع کرین
عمر کو دراز کرتا ہی اور سب امراض کو دور کرتا ہی اور قوت باہ لاتا ہی مگر اُسکے ہمراہ گھی زیادہ
کھانا چاہیے طریقہ کھانے ہرتال کا اگر ہمیشہ کھائے تو دو برس مین قولنج مدت کا اور سرعت
انزال اور دبلا ہونا اور کم کھانا اور بدہضمی اور سستی کو دور کرتا ہی اور مقدمات مالنخولیا
کو نفع دیتا ہی اور جسم کو موٹا کرتا ہی طریقہ کھانے کا یہ ہی کہ بقدر ایک مسور یا ایک ماش کے
شروع کرے دو ہفتے تک اُسی قدر صبح کو کھاوین بعد اُسکے ہر ہفتہ مین بقدر ایک مسور بڑھاوین
یہان تک کہ مدت دو سال مین ڈیڑھ تولہ تک پہونچے اس سے زیادہ نہ کھائے اور ہرتال زرد

حجری ہو نہ ورقی یعنی طبقی نہو کیونکہ حجری داسطے کھانے کے خاص ہی بعضے واسطے احتیاط کے زنگی ہڑ کو کہ مصلح اُسکی ہی برابر اُسکے یعنی ہرتال کے پیس کے کھاتے ہین اور ایک چنے برابر سے شروع کرتے ہین دو برس مین سات ماشے تک کھاتے ہین اسقدر پر ٹھہر جاتے ہین آخر مین زنگی ہڑ کو کم کرتے جاوین آہستہ آہستہ یہان تک کہ ہرتال خالص کھانے لگین نفع اُس کا بہت ہوگا اور بوقت کھانے کے دودھ اور سبزیون اور غذاؤن بری سے پرہیز کرین اور مٹھائی کھاوین بطریقہ کھانے سنکھیا کا آہستہ آہستہ بمقدار ایک مسور کے دانے کے شروع کرین یا کم اس سے اور مدت سال مین دو ماشے تک کھائین پرہیز اُس کا مثل پرہیز ہرتال کے ہی اور نفع اُسکا بھی مثل اُسکے ہی۔

باب امراض سر کے بیان مین

فصل بیچ صداع یعنی درد سر کے اگر مادی ہی تنقیہ مادہ کا کرین اور اگر بدون مادہ ہی تعدیل کرین وہ دوا کہ درد نیم سر کو مفید ہی اطریفل کشنیزی ایک تولہ ایارج فیقرا تین ماشے باہم ملاکر وقت خواب نوش کرین دیگر دودھ گاے کا ایک سیر پانی دو سیر چھوارا چار عدد خوب جوش کرین کہ پانی جل جاے وقت جوش کے کفگیر سے ہلاتے جائین پھر سرد کرکے نوش کرین شقیقہ کہ وقت گرمی آفتاب کے زیادہ ہوتا ہی دور ہوے وہ طلا کہ درد سر کہنہ کو دور کرے سونٹھ دارچینی مجکین کے پھول چھال جڑ ارنڈ کی افیون زعفران برنج ساٹھی کچلہ سب برابر لیکر باریک کرین کچلہ کو پانی مین گھسین اور سر پر طلا کرین اور سونگھنے نہ دیوین طلا دوسرا ہالم پانی مین پیسکر پیشانی پر طلا کرین درد سر پرانا کہ عرصہ سے لاحق ہوا ایک پہر مین دفع ہوجاتا ہی وہ تیل کہ جو اس باب مین مفید ہی یہ ہی مالکھ صندل سفید بیلپ دراز کنول گٹہ ملیٹھی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ شیرہ آملہ کا ایک سیر تیل تلی کا ساڑھے چار تولہ دوا پیس کوٹ کے شیرہ اور تیل مین جوش کرین جبکہ روغن باقی رہے اگر تازہ آملہ ہو عرق اُسکا کوٹ کر لیوین اگر خشک ہو جوش کرین اور پانی اُسکا ملین اور تیل سر پر ملین مجرب ہی وہ دوا

عہ سمیات مین احتیاط لازم ہی بشرط ضرورت زیادہ سے زیادہ نصف چاول سے شروع کرے ۱۲ مصحح

کہ درد نیم سر کو دور کرے ادرک یا سونٹھ اور شہد تھوڑے پانی مین شیرہ نکال کے تین قطرے ناک مین
ٹپکا دین اور منھ طرف سورج کے کرکے بیٹھین دوا دوسری شقیقہ یعنے آدھا سیسی کو مفید ہے
سمندر پھل پانی مین پیس کے دو قطرے صبح کو ناک مین ٹپکا دین اور مریض ناک مین اُس کو بہتا
تک کھینچے اور طریقہ یہ ہے کہ اگر درد داہنی طرف ہو تو بائین سوراخ مین ٹپکا دین اور اگر بائین
طرف ہو تو داہنے سوراخ مین ایکبار دو تین قطرے ٹپکا دین کفایت کرتا ہے دوا دوسری
گھوسلہ چڑیون کا پانی مین پیسکر سر پر طلا کرین اور دو تین قطرے ناک مین ٹپکا دین کفایت
کرتا ہے دوا دوسری سونٹھ اور ارنڈ کی جڑ اور صندل سفید ان تینون کو پانی مین پیسکر سر پر طلا کرین
دوا دوسری پتی مدار کی قدرے تیل سے چرب کرکے کچھ گرم کرکے ہاتھ سے مل کر دو تین قطرے
دونون سوراخ ناک مین ٹپکا دین چھینکین بہت آوینگی اور درد دفع ہو جائیگا اگرچہ پُرانا ہو
دوا دوسری اسپند تیل تلی مین بھون کے اُس تیل کو سر پر ملین اور دھوپ مین بیٹھین یا تیل
کو گرم کرکے مالش کرین اسپند گیارہ ماشے لیکر آدھ سیر تلی کے تیل مین خوب جلا دین بعدہ
تیل کو کام مین لاوین دوا دوسری زعفران رینڈی ہر دو تھوڑی لیکر پیسکر ناس دیوین
آدھی سیسی جاتی رہیگی اگرچہ بہت دنون کی ہوگی سعوط یعنی ناک مین دوا کا پانی کھینچنا
کہ دماغ کو پاک کرے پانی ناک سے بہت نکالے چنبیلی کے پھول تین عدد تیل مین ملکے ناک
مین ٹپکا دین دہ دوا کہ نزلے کو موقوف رکھے تنباکو قسم سورتی یا بغدادی یا فرنگی ساڑھے تین
ماشے زعفران ایک ماشہ لونگ سات عدد پیس کے مہین کپڑے مین چھان کے ناک مین کھینچین
سونگھنے کی دوا کہ پانی بہت نکالے اور یرقان کو فائدہ دیوے بندال کو سونگھین دہ دوا
کہ ایک لحظہ مین زکام کو دُور کرے اور رطوبات کو خشک کرے نوسادر چونا باہم ملا کے بار بار
سونگھین دہ دوا کہ خشکی اور گندی دماغ کو دور کرے تازگی دل و قوت ہاضمہ کو نفع دیوے
نکھ آدھی الایچی بڑی دو دانہ الایچی چھوٹی دو دانہ زعفران مرچ سیاہ چوتھائی دوب کہ
گھاس گرہ دار مشہور ہے باریک پیسین اور دونون سوراخ ناک مین دو تین قطرے ٹپکا دین
پہلے نکلنے سورج کے تین روز تک عمل مین لاوین دہ دوا کہ دماغ کو قوت بخشتی ہے اگر گوشت
مرغ کا پکا کر ہمیشہ کھاوے دماغ کو قوت دے اور عقل بھی زیادہ ہو اور کھانا گوشت تیتر کا

قوت دماغ کو زیادہ کرتا ہی کھانا زعفران کا قوت دل و دماغ کو دیتا ہی انداز اس کے کھانیکا پونے دو ماشہ سے ساڑھے تین ماشہ تک ہی سونگھنا بھی کا قوت دماغ گرم کو دیتا ہی باچھڑ ساڑھے تین ماشہ ہر روز ساتھ پانی سرد کے کھاوے قوت دماغ سرد کو دیتا ہی لونگ مقوی دماغ سرد ہی اگر سماق ساتھ پانی سرد کے صبح کو کھاوین قوت دماغ گرم کو ہوتی ہی اور پینا دودھ کا دماغ کو قوی کرتا ہی سونگھنا اور لگانا پھول گلاب تازہ کا قوت دینے والا دماغ سرد کا ہی سونگھنا اوپینا مشک کا قوت دماغ زیادہ کرتا ہی بقدر ایک قیراط یعنی ایک جو کے سونگھنا چنبیلی کا قوت دینے والا دماغ سرد کا ہوتا ہی اور ریاح غلیظ کو جو دماغ مین ہوتے ہین تحلیل کرتا ہی دوسری دوا کالی بکری کا بھیجہ چند روز گھی مین بھون کے ساتھ شکر سفید کے کھاوین اور شب کو وہی روغن سر پر ملین جو دماغ کہ خالی ہوگا اپنی اصلی قوت پر آجاوے گا۔

فصل سر مین زخم و آبلہ ہونے کے بیان مین

کہ اسکو گنج کہتے ہین دوا اُسکی کونپل ارنڈ کوٹ کے نمک ملا کے سر پر ملین اور ضماد کرین اور نقل یعنی تلچھٹ اس دوا کی جس مین شیرہ چیتا و برگ نیم پڑا ہو (جو باب جراحت مین مذکور ہی) سر پہ لگانا مفید ہی مرچ سیاہ تیل مین جلا کے پیس کے زخم سر اور دو پہ لگا دین واسطے مرض مذکور کے مفید ہی کمیلہ پتی مہندی کی مردار سنگ ماز و پوست انار ہلدی ہر ایک ساڑھے دس ماشے کوٹ چھان کے موم سفید ڈیڑھ تولہ کو چھ تولہ روغن گل اور چھ تولہ سرکہ مین ملا کر آگ مین پگھلا دین اور سب دوا کو ملا کر مرہم بنا دین اور ملین عارضہ دفع ہو جاوے گا دوسری دوا پھوار کے بیج جس قدر منظور ہون لیکر گھیکوار کے پٹھے کو اندر سے خالی کر کے بیج پنوار کے اُس مین بھرین پھر برابر کر کے اوپر اسکے کپڑا دو تین تہ پانی مین تر کر کے لپیٹین اور تر جگہ مین رکھین اور بعد تین روز کے بیج نکال کے پیسین اور وہی جگہ ملا کے سر پر ملین تین چار گھڑی توقف کرین بعد اُسکے گرم پانی سے دھوین ایک روز مین دو مرتبہ یہ عمل کرین عنایت خدا سے دو تین دن مین سر کے زخم و آبلے دور ہو جاوینگے فائدہ چھلکا انار کا دھنیا خشک مردار سنگ ہلدی ہڑ جلا کے سب چھین پیس کے اوپر زخم کے چھڑکین دوا دوسری گھوڑے کے سم جلا کے تلی کے تیل مین ملا کے ملین دوا دوسری

تیل تلی کا ساتھ تیل سرسون کے کہ پہلے سے اُس تیل مین اچار آنب کا رکھا ہو سر پر ملین وہ
زخم سر کہ کسی دوا سے اچھا نہوا ہو اس سے صحت ہو جاوے گی دوا دوسری کچلہ پلاس پاپڑہ
زیرہ سفید تینون کو تیل مین جلاوین پھر سے پیسین کہ مثل مرہم کے ہو جاوے اور کام مین
لاوین سر کے زخم کے واسطے مجرب ہے دیگر رائی آدھی بھونی ہوئی آدھی کچی باریک پیس کے
تل کے تیل مین ایک دن مین دو تین مرتبہ اوپر زخم سر کے ملین۔
فصل صرع یعنی مرگی وام الصبیان مین کہ ایک قسم مرگی کی ہے گھونس کا دل لیکر سات ٹکڑے
کرین اور ہر ٹکڑا اتوار کو بھونکر کھلادین سات اتوارون تک سات ٹکڑے کھلائین صرع
بُرائی دور ہو جاوے گی گھونس جانور مشہور ہے چوہے سے بڑی بدن پر اُس کے بہت بال
ہوتے ہین دیگر گوشت گلہری کا تھوڑا سا بھونکر کھلاوین مرگی دور ہو جاتی ہے دیگر پلاس پاپڑہ
تھوڑا پیس کے پانی ناک مین ٹپکادین صاحب مرگی ہوش مین آجاوے گا دیگر جدوار شیرین
یعنی نربسی دو رتی یا چار رتی موافق سن وسال کے مان کے دودھ مین پیس کے دین لڑکے
مرگی والے کو صاحب اختیارات نے خود دیکھا ہے کہ ایک لڑکے کو چودہ دن رات ام الصبیان
لاحق رہی ایک ساعت خالی اس سے نہین رہا دوا مذکور سے صحت ہوئی دیگر شاخ مونگے
کی آگ مین سُرخ کر کے درمیان دونون بھوؤن کے داغ دیوین مجرب ہے اس سے کوئی
علاج بہتر نہین ہے دیگر گدھے کا کان اتوار کے دن کاٹے اُس کے خون مین کپڑا تر کر کے
رکھین وقت ضرورت تھوڑا اُس کپڑے سے پانی دھوکر لڑکے کے حلق مین ٹپکادین اگر
تازہ خون دیا جاوے تو بہتر ہے اور خون خرگوش کے کان کا بھی اسی طرح فائدہ رکھتا ہے
دیگر گوشت نیولے کا بھونکر کھلادین دیگر دو ٹکڑے بند کے جو انگرکھون مین لگے رہتے ہین
کھٹمل کے خون مین تر کرین اور ناک کے آگے مرگی والے کے اُس کا دھوان کرین اس طرح سے
کہ دھوان اُس کا ناک کے اندر جاوے گا چھینک آوے گی کپڑا ناک سے گریگا اُسی وقت
اچھا ہو جاوے گا دیگر اتوار کے دن جس وقت مردے کو جلا چکین اُس آگ مین روٹی
پکالیوین پھر اُس روٹی کو لیکر گھر کو آوین پیچھے پھر کر نہ دیکھین پھر اُس روٹی کو تھوڑا تھوڑا
مرگی والے کو کھلادین چند روز مین دفع ہو جاوے گی دیگر مرگی لڑکون کی اور بڑون کی تین

روز مین جاتی رہے آدمی کے سر کی ہڈی کہ جلی نہو خوب مثل سُرمے کے پیسین مقدار سات ماشے کے تین روز صبح کو کھلاوین یقین ہو کہ پھر یہ عارضہ نہوگا اگر خدانخواستہ ہو سر کھی کے سات عدد لاوین اور پانی مین پیس کے ناک مین ٹپکاوین ساتھ مدد اللہ کے پھر مرگی نہوگی دیگر مست ہاتھی کے کان کی لو کا پسینا لاکر روئی تر کرکے رکھ چھوڑین بروقت ضرورت کے پانی سے تر کرکے دو تین قطرے ناک مین ٹپکاوین دیگر تافسیا کہ گوند ایک قسم گھاس کا ہو سفید رنگ اور کڑوا بہت تیز تیسرے درجے مین گرم و خشک اور آٹا جو کا سرکہ انگوری کے ساتھ ملاکر خمیر کرکے سونگھاوین وہ معجون کہ گیلان کے طبیبون نے واسطے بادشاہ ہاشم کے کہ مرض صرع مین مبتلا تھا بنائی تھی پوست بہڑ کابلی نسوت سونٹھ مصطگی عود فادانیا (یعنی عود صلیب کہ ایک جڑ ہو بہت سخت اُسکو گلے مین ٹکانے سے مرگی دفع ہوجاتی ہو) ہر ایک تین مثقال یعنی ایک تولہ ڈیڑھ ماشہ اسطوخودوس ساڑھے چار ماشے زنگی ہڑ آملہ ہر ایک سوا دو تولہ دارچینی ڈیڑھ تولہ روغن بادام ساڑھے بائیس ماشہ اور سب دواؤن سے شہد تین گنا بدستور معجون بناوین بعد چالیس روز کے کھاوین خوراک ساڑھے چار ماشہ۔

فصل سکتہ کے بیان مین نیل کہ مشہور ہو قسم اول برابر اُس کے تگر کہ لکڑی مشہور ہو لیوین اور کوٹ چھان کے بقدر گول مرچ کے گولی باندھین مریض بیہوش کو تین گولی ساتھ شیرہ ادرک کے کھلاوین اگر بسبب بیہوشی کے نہ کھاسکے تو شیرہ ادرک مین پیس کے تالو اور حلق مین چھوڑ دیوین اور ملین بقفل اُلٹی جبکہ ہوش مین آوے پھر کھلاوین۔

فصل بیداری مفرط یعنی نیند نہ آنے کے بیان مین افیون مقدار مٹر کے کھلاوین یا سُنگھاوین نیند آوے گی اور بادام اور خشخاش کھلاوین اور تیل بادام اور کدو کا سر پر ملین اور ناک مین ٹپکاوین اور سفید پیاز کا پانی اور ادرک کا پانی ایک جگہ کرکے کھلاوین نیند لاتا ہو ہر دو پانی دو تولے تک ہو اگر حرارت نہو اور پوست خشخاش کا مقدار تین ماشہ پانی مین چار پہر تر کرین اُس پانی کو پیئین اور اُسکا ثفل پیسکر تالو پر لگائین نیند لائے گا ٹوٹکہ جس کو نیند نہ آتی ہو چراغ جلاکر بازار مین جس طرح کوئی چیز گم ہوئی ڈھونڈھتا ہو اس طرح جاکر ڈھونڈھے جبکہ کوئی پوچھے کہ کیا ڈھونڈھتا ہو جواب دے کہ نیند ڈھونڈھتا ہون اُسی وقت چراغ گل کردے پھر

اپنے مکان کو چلا آوے بحکم خدا مریض کو نیند آوے گی۔

فصل دوران سر کے بیان مین صندل سفید نو ماشہ گلاب مین پیس کے تین دن پلاوین ہاتھ پیر کو رینڈی کی جڑ کے پانی سے تر رکھین مجرب ہی۔

فصل نسیان یعنی بھول جانے کے بیان مین مصطگی اور شکر سفید صبح کو کھلا دین اور اگر ناگرموتھہ اور سونٹھ ہر ایک سات ماشے ہمراہ مویز منقے کے ملا کر سات ماشہ کھلا دین مفید ہی دیگر پستہ مقشر مویز منقی ناگرموتھہ لوبان سب برابر کوٹ کے دو مشقال یعنی ۹ ماشہ کھاوین اور کچھ محنت کیا کرین اور غذا کم کھایا کرین جو کچھ سنیگا یاد رہیگا اور اس معجون کو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ہمیشہ کھایا ہی دیگر علاج بھول جانے اور تیزی ذہن اور درد کا اگر پونے دو ماشہ بھلانوان ہر روز کھائے نسیان کے واسطے بہت مفید ہی اور تمام بیماریون بارد دماغی کو مفید ہی اگر ساڑھے تین ماشہ دارچینی ہر روز کھائے نسیان دور ہوتا ہی اور ذہن تیز ہوتا ہی دیگر اگر سات ماشہ سونٹھ ہر روز کھائے قوت حافظہ زیادہ ہوتی ہی۔

فصل منومات ومسہرات کے بیان مین تخم کاہو اجوائن خراسانی افیون لفاح ہر ایک ساڑھے تین ماشے کوٹ چھان کر ساتھہ جوشاندے خشخاش کے پیشانی پر طلا کرین خوب نیند آوے دیگر کالی مرچ کو گھوڑے کے منہ کے لعاب مین گھس کے وقت سونے کے آنکھ مین لگائین ہرگز نیند نہ آوے گی دیگر کالی مرچ نمک سنگ ہلدی تینون کو کوٹ پیس کے چند روز برابر کھا دین غلبہ نیند کا دفع ہو جاوے گا۔

فصل ناک کے امراض مین دوا نکسیر پھوٹنے کی گدھے کی لید نچوڑ کر چند قطرے ناک مین ڈالین خون ناک کا بند ہو جاوے گا دیگر برشش کو گھلا دین اور دو پٹی کپڑون پر طلا کرین ایک کو ناک کے سرے سے تالو تک کھینچ دیوین دوسرے کو کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک لپیٹین اس طور پر کہ پہلی لپٹن دماغ کو لپیٹ لیوے جبکہ خون بند ہو جاوے تین چار قطرے گائے کے گھی کے ناک مین ٹپکا دین پھر ان کپڑون کو پانی سے تر کرکے چھوڑ لیوین دیگر چھوٹی کٹائی پانی مین پیسکر تالو پر ضماد کرین دیگر ماش کا آٹا پانی مین ملا کے تالو پر ضماد کرین **فائدہ** جس شخص کے نکسیر پھوٹے اور بخار رہتا ہو خون کو تھمکر بند کرین کہ بند کرنا اس خون کا جو بحران سے ہو نکسیر

منع ہے مگر جس وقت کہ زیادتی ہوا ور خوف غشی ہووے دیگر زکام و نزلہ دفع کرنے کی دوا کالادانہ
بھنا ہوا نوسادر ہر ایک نصف ماشہ سونٹھ دس ماشہ سرکہ انگوری مین ملاکر کپڑا اتر کر کے سونگھین۔

فصل آنکھ کے امراض مین جاننا چاہیئے کہ آنکھ سب اعضا سے افضل ہے آنکھ کے ہر مرض کا
علاج جلد کرنا چاہیئے اور عطائی کی ہر دوا سے پرہیز کرنا چاہیے جبکہ آنکھ مین درد ہووے بدون تنقیہ کے
آنکھ مین دوا لگانا نہ چاہیے اور طب اکبر مین کہ کتاب بنائی ہوئی میری ہے ساتھ تفصیل کے اسکو بیان
کیا ہے لیکن اس جگہ چند دوائین واسطے ضعف بینائی کے اور سرخی اور سفیدی آنکھ کے اور مانند اسکے
لکھی جاتی ہین نسخہ سرمہ سیاہ ایک تولہ سنگ بصری آدھا تولہ لونگ ۱۶ عدد دانہ چھوٹی الائچی سولہ
عدد سب کو گلاب مین کھرل کرین اور مقدار چنے گے گولی باندھین وقت حاجت کے آنکھ مین
لگاوین آنکھ کے بہت مرضون کو مفید ہے مانند خارش و ڈھلکا وغیرہ کے دوا کہ بینائی کو قوت دیوے
اور آنکھ کے اکثر مرضون کو مفید ہے نمک سنگ سفید ہلدی اس قدر کہ سنگ کو زرد کر دیوے باہم ملاکر پیسین
اور آنکھ مین لگاوین دیگر کہ بینائی گئی ہوئی پھیر لاتی ہے جالا پھولی و شروع نزول ماء کو فائدہ دیتی ہے
بھلاوان ایک عدد پھٹکری مقدار دو چنے افیون مقدار ایک چنا لیمو کاغذی دو عدد اول بھلاوین کو
جلاوین کہ دھوان اسمین نرہے اور کوئلہ ہوجاوے راکھ نہونے پاوے پھر تینون دواؤن کو اندر توے
کے کہ خوب صاف ہو رکھکر تھوڑا تھوڑا عرق لیمو ملاکر دستہ لوہے سے گھسین کہ عرق دونون لیمون کا صرف
ہوجاوے پھر ظرف چینی مین رکھین وقت ضرورت عرق لیمو مین گھسکر آنکھ مین لگاوین آنکھ کو بند رکھین اور
گوشہ چشم کو کھجاوین کہ پانی خوب نکل جاوے دیگر درد آنکھ کا جس قسم کا ہو دفع ہوجائے زیرہ سفید
لودھ پٹھانی پھٹکری برابر کوٹکر مغز گھیکوار مین ملاکر پوٹلی تیار کرین اور ہر وقت آنکھ مین پھیرین اور اگر
رات کو یہ ادویہ کپڑے پر لگاکر آنکھ پر رکھکر سورہین صبح کو پوٹلی استعمال کرین تین روز سے پہلے فائدہ ہوجاے
دوا کہ جمیع امراض آنکھ کو مفید ہے دماغ کو پاک کرے اور ابتدا نزول ماء و خیالات اور پھلی کو مفید ہے ہلیلہ کابلی
بارہ تولہ بہیڑہ چھ تولہ آملہ چوبیس تولہ کشتہ لوہا چھ تولہ ملیٹھی بارہ تولہ بیل تین تولہ بنسلوچن تین تولہ نمک
سنگ تین تولہ سب کو باریک پیسین اور برابر سب دواء کے شکر ملاوین اور گھی سے چرب کرین
اور ساتھ شہد خالص کے ملاوین بقدر نو ماشہ باکم و زیادہ موافق حال مریض کے کھلاوین اس ترکیب کو

۱ مراد اس سے اسپند ہے جس کو حرمل بھی کہتے ہین ۱۲

دوا دس امرت کہتے ہین دیگر ہلیلہ تین تولے بہیڑہ چھ تولے مصری دس تولے چھ ماشہ ملیٹھی ڈیڑھ تولہ
آملہ بارہ تولے پیپل ڈیڑھ تولہ نمک سنگ ڈیڑھ تولہ نبسلوچن ڈیڑھ تولہ اسکو پیسین اور گھی سے چرب
کرین اور شہد خالص مین گولی باندھین اور کھلادین بوزن نو ماشہ کے اس ترکیب کو دسا امرت کہتے
ہین وہ دوا کہ آنکھ کو روشن کرتی ہے اور آنکھ کا میل دور کرتی ہے مغز گٹھلی ہٹر کا اور مغز گٹھلی ہیڑے کا اور آملہ
دارچینی سنگ بصری ملیٹھی برابر لیوین اور پیسین اور ساتھ گلاب یا پانی کے گولی بنادین وقت سونے کے
پانی مین گھسکر آنکھ مین لگاوین دیگر سرمہ سانپ کا اور بچھو کا آنکھ کو روشنی دیتا ہے اور پتلی جو پھٹ جاتی
ہے اسکو اچھا کرتا ہے گاے کا دودھ بہت زیادہ لیکر جوش کرین جبکہ آدھا رہجاے بڑے برتن مین بھرین
اور ایک کالا سانپ اسمین ڈالدین اور چار بچھو کجل کے اسمین چھوڑ دین اور منھ اس برتن کا بند کر کے
کپروٹی کردین اکیس دن تک ایکجا رکھ چھوڑین بعد اسکے منھ برتن کا کھول کر ہڈیان سانپ کی باہر
پھینک کر اس دودھ سے مسکہ نکال کر رکھین بعد اس کے ایک مرغ لاکر بارہ وسقمونیا باہم پیسکر اس مرغ
کو کھلادین کہ بیٹ اسکا چلے دوسرے روز مسکہ آٹے مین ملاکر مرغ مذکور کو کھلادین اور جو بیٹ کہ مرغ کرے
اسکو جمع کرین وقت ضرورت آنکھ مین لگاوین دیگر ہڑ کی گٹھلی کا مغز کالی مرچ پیپل و آملہ و دارچینی و سنگ
بصری و ملیٹھی بوزن برابر پانی مین پیس کے بقدر سرخ یعنی گھونگچی کے گولی بنادین اور سایہ مین خشک
کرین اور وقت ضرورت ایک گولی پانی سرد مین گھسکر سوتے وقت آنکھ مین لگاوین صبح کو پانی سرد
سے دھوین دیگر عجیب تجربہ ایک شخص کا کہ جو بسبب بیماری آنکھ کے اندھا ہو گیا تھا بعد ایک مدت
کے دیکھا صاحب نظر ہے اور لکھتا ہے جب دریافت کیا معلوم ہوا کہ ایک مدت تک سنبھالو خشک کر کے
برابر اسکے تنبا کو خشک ملاکر بقدر تین تولہ کے ہر روز کھاتا تھا کہ اس سے روشنی حاصل ہوئی ہے دیگر سفوف
قوت دینے والا بینائی کا تجربہ صاحب دارا شکوہ نے لکھا ہے کہ ہر شب وقت سونے کے سات ماشہ
سونف سات ماشہ مصری کوٹ پیسکے کھاوین کمزوری بینائی سے پناہ مین رہے ساتھ فضل خدا کے ہرگز بیماری چشم نہوگی دیگر
سفوف آملہ تازہ پوست آملہ سایہ مین خشک کر کے گاے کے دودھ مین جوش کرین اور خشک کر کے
سفوف تیار کرین سات روز ساڑھے تین ماشہ ساتھ شہد کے کھاوین دیگر درخت مدار کی جڑ کی خاک کو
پانی مین گھس کے گرد آنکھ کے متواتر ملین پلکون کے گرجانے اور خارش آنکھ کو فائدہ دیتی ہے دیگر
سفید پیاز کا پانی اور شہد برابر ملاکر وقت سونے کے آنکھ مین لگاوین تمام بیماریون کو نفع دیتا ہے

دیگر آنکھ کی کھجلی کو مفید ہی ایلوا رسوت پوست ہلیلہ زرد شیاف مامیثا کہ نسخہ مرکب ہی برابر آنکھ مین
لگاوین دیگر جوشاندہ قنطوریون کہ پانی اترنے کو روکتا ہی قنطوریون دقیق کہ وہ ایک گھاس
ہی جو روم سے آتی ہی ساڑھے دس ماشہ تربد ساڑھے دس ماشہ بسفائج دو تولہ مویز منقی ساڑھے
دس ماشہ سب کو دو سیر پانی مین جوش کرین جبکہ تہائی حصہ باقی رہے ساتھ ساڑھے چار ماشہ
ایارج فیقرا کے (کہ نسخہ مرکب ہی) ہر ہفتہ مین ایک مرتبہ کھاوین دیگر (ترجمہ عربی) ایک عورت تھی
کہ بینائی اسکی ضعیف ہوگئی تھی بلا مدد راہ چل نہین سکتی تھی پس اسکو حکم کیا صاحب کتاب نے کہ سات
روز تک مسکہ سر پر ملے اور مہندی لگاوے اپنے سر اور بدن مین اور کھاوے روٹی گیہون کی اور
دودھ گاے کا قند یا شکر ڈال کے مطابق اسکے کیا گیا اور بینائی اسکی درست ہوگئی اور ملنا
مسکے کا اس شخص کو کہ جسکو ضعف بصر بسبب خشکی کے ہی فائدہ بہت کرتا ہی دوا کہ پانی اترتے ہوے
کو فائدہ دیوے بیٹ سانڈے کی آنکھ مین لگائین اور بہترین علاج اس مرض کے شروع مین
گل دینا ہی دونون کنپٹیون پر جس جگہ رگ کودتی ہی کان کے قریب دیگر واسطے نزول الماء کے
نرملی کہ کتھک پھل کہتے ہین شہد مین پیسکر آنکھ مین لگاوین دیگر کہ آنکھ کی بیماریون کو نہایت مفید
ہی جست مارے ہوئے اور پھٹکری بھنی ہوئی کو ہموزن لیکر پیسین اور آنکھ مین مانند سرمے کے آنکھ مین
لگاوین دیگر زنگی ہڑ پانی یا گلاب مین پیسکر آنکھ مین لگاوین ڈھلکہ کو مفید ہی دیگر شیر مکھیار
ایک قطرہ آنکھ مین ٹپکائین اور سو رہین ڈھلکہ اور سرخی اور گرمی دور ہوتی ہی دیگر پھولا اور
جالا اور دھندلا دکھائی دینا دور کرتا ہی اور ایک لحظہ مین آنکھ مثل آئینہ کے روشن ہوجاتی ہی مجرب اور
عجائبات سے ہی بڑی کٹائی کی جڑ لیمو کے عرق مین گھس کے آنکھ مین کھینچین دوا دمعہ کی یعنی ڈھلکہ
اور نزول الماء جھولہ اور دوسرے مرضون کو بھی مفید ہی مرچ سیاہ لیوین اور پوست سیاہ کہ
اوسپر ہوتا ہی چھیل کر دور کرین اور مغز تخم برس بھی ہموزن مرچ سیاہ کے لیوین ہر دو علحدہ علحدہ باریک
پیسین اور شہد خالص مین ملادین خواہ بطور معجون کے رکھین خواہ گولیان بنائین شہد یا پانی مین
حل کر کے آنکھ مین لگاوین دوا کہ آنکھ کی سرخی دور کرتی ہی ملیٹھی کو باریک پیسین اور روئی اسمین
آلودہ کر کے آنکھ کی پلک پر رکھین دیگر کندر پانی یا گلاب مین پیس کے صبح و شام آنکھ مین لگائین
دو تین روز مین ناخنہ دور ہو جائے گا دوا کہ مسافر کی آنکھ بسبب گرمی آفتاب کے درد کرتی ہی

کام مین لاتے ہین ہلیلہ زرد دو تولہ اور دو تین نیم کی پتی باہم ان کو کوٹین اور ملاوین بعدہٗ چکنی مٹی
مین رکھکر آگ مین جلادین جس وقت کہ مٹی سرخ ہو جاوے اُس وقت دوا مذکور کو ہاون سے
نکال کر رکھ چھوڑین بوقت حاجت تھوڑی سی آنکھ مین لگادین تاریکی اور غبار جاتا رہے گا اور
نفع ظاہر ہوگا فائدہ اگر کوئی شخص ہمیشہ ہر روز سونے کی سلائی آنکھ مین کھینچے روشنی آنکھ کی زیادہ
ہوگی آزمودہ ہے وہ دوا کہ آنکھ کے درد کو دور کرتی ہے درخت کٹائی کی پتی کا پانی آنکھ مین لگادین
درد فوراً ٹھہر جاے اور اگر اسکی پتی کی بنڈی بناکر آنکھ پر باندھے تو بھی صحت پاوے دیگر آنکھ کے
میل اور چیپڑ کو دور کرتی ہے مغز ہلیلہ عورت کے دودھ مین پیسکر ہر روز آنکھ مین لگائین فائدہ پتی
کپاس کی دہی مین جوش کرکے بپشت آنکھ پر باندھین درد مذکور دور کرے دیگر (ترجمہ عربی عبارت کا)
سرمہ عجیب ہے منع کرنے آنسو بہنے اور آنکھ کی رطوبت کے مجرب ہے بشرطیکہ رمد نہو ہلیلہ کابلی لاوین
اور خمیر چڑھاکر بریان کیا جاوے اینٹ پر تنور مین یہان تک کہ بریان ہووے بعدہٗ گٹھلی ہلیلہ کی
نکال کر ایک دانگ زعفران کے ہمراہ آنکھ مین کھینچین اور وہ اثر عجیب رکھتا ہے اور مجرب ہے دوا
ڈھلکہ کی چاکسو چھلا ہوا کپڑے سے چھان کے دو حصہ سنگ بصری اور موتی کف دریا اور مونگا
اور بول اور توتیا اور سونا مکھی اور ناگرموتھا چھوٹا سب برابر خوب پیسکر ساتھ چاکسو کے ملاکر مثل
سرمے کے آنکھ مین لگاوین پانی نکلنا بند ہو جاوے گا دیگر میل کان کا تین روز تین تین مرتبہ آنکھ مین ڈالین
دیگر واسطے ناخنہ آنکھ کے پانی کرفس اور سماق کا آنکھ مین ڈالین دیگر ناخونہ کو کاٹے زعفران ساتھ
پانی کے پیس کے آنکھ مین لگادین دیگر نوسادر لین اور سر اُس کا مانند قلم کے باریک کاٹین اُس
سر سے ناخونہ کو آہستہ آہستہ حرکت دین ایک روز مین دو تین مرتبہ چند روز مین تمام ناخنہ
جاتا رہے گا دیگر ناخونہ اور ڈھلکہ اور پھولہ کو مفید ہے نیم کی لکڑی ایک بالشت لیکر سر اُس کا
کچلین درمیان مین اُس کے تھوڑا تانبا اور جستہ اور کوڑی زرد اُس مین رکھین اور جمادیوین اور
پھر کالسے کی تھالی مین سنگ بصری تھوڑا پیس کے رکھین اور اُس لکڑی سے گھسین کہ جس مین
کوڑی لگی ہے اور عرق لیمو کا تھوڑا تھوڑا ڈالتے جادین پھر گولی بناکر رکھین وقت بنانے گولی
کے پتہ روہو مچھلی کا بھی داخل کرنا بہتر ہے وہ دوا کہ آنکھ کی پھولی دور کرے مصری ساتھ دودھ
عورت لڑکے والی کے پیس کے آنکھ مین لگادین دیگر یہ کہ ضعف بصر کو مفید ہے (ترجمہ عربی) اگر

زعفران عورت کے دودھ مین پیسا جائے اور بطریق سرمہ استعمال کیا جاوے نگاہ کو بڑھاتا ہے ہم
مین نے (مصنف کتاب) ضعیف البصر اشخاص کو بتلایا بہت مفید پایا۔ دیگر گرد و سکدر و کے بیج کا
مغز ساتھ تیل تل کے ملاکر آنکھ مین لگادین پھولی پرانی اور نئی جاتی رہے دیگر نرسبی پانی مین پیس کے
آنکھ مین لگاوین دیگر کہ بینائی کو بڑھاوے اور جالے اور جمیع امراض چشم کو مفید ہے شہد خالص
تین تولہ اور پیشاب کالی بکری کا ڈھائی پاؤ ترپھلہ ساڑھے سات تولے ترپھلے کو پیسین اور
ساتھ شہد و پیشاب کے ملادین چار پہر رکھین پھر تانبے کی سلائیان منگا کر آگ مین سرخ کر کے بیچ
اسکے سات مرتبہ بجھاوین پھر سلائی کو دھو کر رکھین کبھی کبھی آنکھ مین کھینچین لیکن سلائی صاف نہ ہو
کہ آنکھ نہ چھلے دیگر دوا کہ جالے کو کاٹتی ہے سنگ بصری نیلہ تھوتھا بھونا ہوا مصری پھٹکری میل
سب دوا برابر لیکر پیکر سرمہ بنادین دیگر بارہ سنگھا عورت کے دودھ مین گھسکر آنکھ مین لگادین اور
جنبیلی کے پھول مین تھوڑی مصری ملاکر گولی بناوین اور آنکھ مین لگاوین دیگر دوا
ڈھلکے کو مجرب ہے چمگادڑ جو چیز کہ منھ سے گراتا ہے پانی مین پیس کے ناک کے سوراخ مین دو تین
قطرے ڈالین اس سوراخ مین کہ آنکھ سے اس جانب پانی نہ آتا ہو نسخہ دیگر کہ میر معین الدین
امانت خان اکثر بناتے تھے اور سب مرضون آنکھ کو مفید تھا سرمہ اصفہانی تین تولے سنگ بصری
ایک تولہ موتی دو تولہ ممیرہ چھ ماشہ سونے کے ورق چار ماشہ مونگا سوا تولہ سوائے سونے کے
پہلے آٹھ روز ساتھ پانی نبر کے پھر گلاب کے بیچ سنگ سماق کے گھسین نوین روز چاندی کے
ورق داخل کر کے گھسین جب نو روز تمام ہو جاوین کسی چیز مین نکال رکھین اور سلائی سے آنکھ
مین لگاوین شرط یہ ہے کہ وقت پیٹ بھرے اور گرسنہ کے نہ لگادین دیگر بال زائد کہ ہندی مین
پربال کہتے ہین دفع ہو جاوے خون کتے کی چچڑی کا یا خون کھٹمل کا اوپر اس کے ملین مجرب ہے دیگر
وہ دوا کہ سبل کو مفید ہے اور سبل اسکو کہتے ہین کہ آنکھ سرخ ہو جاتی ہے کھجلاتی ہے اور اثر دوا کا اسمین
جلد نہین ہوتا ہے ہڑ بہیڑہ آملہ ہر ایک ساڑھے چار تولہ عرق بانسہ کا کہ پھول اسکا سفید ہوتا ہے دودھ
بکری کا عرق بھنگرہ سیاہ کا ہر ایک تین تولہ ترپھلے مذکور کو تین سیر پانی مین جوش کرین جب وقت کہ
تین پاؤ رہے چھان کر ہڑ بہیڑہ آملہ ملیٹھی مجیٹھ ستاور مغز کنول گٹہ خس چرائتہ مرچ سیاہ ناگرموتھ
آنبہ ہلدی ست گرچ کا دھنیا چھال نیم کی ہر ایک ڈیڑھ تولہ باریک کرا کے ڈیڑھ سیر گائے کے گھی مین

ملاوین جوشاندہ ترپھلے کا اور دودھ اور عرق بانسہ اور بھنگرہ مذکور کو اضافہ کرکے دیگچی مین جوش دین جس وقت کہ دودھ جلجاوے اور روغن رہ جاوے احتیاط سے رکھین صبحکو پہلے روز سوا تولے اور دوسرے روز ڈیڑھ تولے تیسرے روز تین تولے کھاوین پھر تین تولے ہمیشہ کھاتے رہین اور تھوڑا آنکھ مین بھی لگاوین دس روز مین نفع تمام ظاہر ہوگا عجائب ہے جاڑے مین کھانا چاہیے کہ قبض کو بھی دفع کرتا ہے۔

فصل رتوندھی کے بیان مین ایسے مریض کو ہر صبح تین تولہ گاے کا گھی کھلاوین اور پیپل اور لونگ گھوڑے کے منھ کے لعاب مین پیس کے آنکھ مین لگاوین دیگر ایک قطرہ خون تازہ گدھے کا آنکھ مین ٹپکاوین اور پیپل دہی مین پیس کے آنکھ مین لگاوین دیگر جگنو جو رات کو چمکتا ہے اتوار کی رات کو ساتھ بنگلے پان کے کھلاوین۔ دیگر پیپل کو بکری کی کلیجی مین کونچ کر کلیجی کو ایسا بھونین کہ پیپل جلنے نہ پائے پھر پیپل مذکور کو نکال کر آنکھ مین لگاوین۔

فصل پھڑکنے آنکھ مین کا پھل جا پھل روغن چنبیلی مین پیسکر پوٹے پر لگاوین وہ دوا کہ ماھنی اور ڈھلکہ اور جالا اور پھولے اور آنکھ کے پھڑکنے کو نافع ہے جست تین تولہ لوہے کے برتن مین ڈالکر آگ پر رکھین اور عرق ساگ بتھوے کا اوپر جست کے ٹپکاتے رہین جبکہ جست خاک ہوجاوے اور رنگ اسکا زرد مائل بہ سفیدی ہو اُتارلین اور باریک پیسکر آنکھ مین لگائین وہ دوا کہ سفیدی آنکھ کو اگرچہ موٹی ہو اور دیدے کو چھپا لیا ہو مجرب ہے نبولے کا مغز نکال کر تیل نکالین کف دریا آٹھ رتی ڈیڑھ تولے روغن مذکور مین ملا کر آنکھ مین لگاوین دیگر (ترجمہ عربی) آملہ سات ماشہ پانی مین دو گھنٹے بھگو کر پانی اسکا نچوڑین اور وہ پانی تین مرتبہ آنکھ مین ٹپکادین۔

فصل رمد کے بیان مین وہ یہ ہے کہ سفیدی آنکھ کی ورم کرے کہ جسکو یونانی درد چشم کہتے ہین لڑکون کو بہت ہوتی ہے اور آنکھ کی پلک کے اندر سوج جاتا ہے اور ورم مثل گل سرخ کے ہوجاتا ہے اصل علاج فصد اور جلاب ہے موافق مادہ کے اور یہ دوا ہر حال مین مفید ہے لودھ پھٹکری مردار سنگ ہلدی زیرہ ہر ایک ایک ٹانک افیون دو رتی مرچ سیاہ چار عدد نیلا تھوتھا تین رتی سب باریک پیس کے کپڑے مین پوٹلی باندھکے سرد پانی مین یا پوست کے پانی مین ڈال کر آنکھ پر پھیرین جیسا کہ مشہور ہے دیگر افیون لیکر لوہے کے توے پر لوہے کے دستے سے پانی مین پیسین کہ مثل مسکے کے ہوجاوے اور آنکھ سے

لگاویں اور اگر تھوڑا سا آنکھ میں ڈالیں تو جلد نفع کرے مگر تکلیف ہوگی اور اگر گیری کوٹ کر لیپ کریں بہتر اور مجرب ہے دیگر ایک لیموں کاغذی لیکر چھری سے کاٹ کے تخم اُس کے دور کریں اور تھوڑی افیون پانی میں حل کر کے اُسمیں ڈالیں کہ تہ کو پہونچے اور تھوڑی مسی بھی اُس میں ڈالیں کہ نیچے پہونچے پھر لیموں کو آگ پر رکھیں کہ جوش مارے پھر پارچہ باریک اوپر منھ لیموں کے بچھا کر نیم گرم آنکھ پر رکھیں اور ایک قطرہ آنکھ کے اندر جانے دیویں اگرچہ لیموں کا جلتا ہوا پانی تکلیف دیگا مگر سرخی جلد جاتی رہیگی اور درد اور ورم بھی جاتا رہے گا دیگر پھٹکری بھونی ہوئی تھی سات مرتبہ پانی سے دھو کر ملا کر آنکھ پر لیپ کریں دیگر انار دانہ ترش خشک لیکر پانی میں ملیں اور اُس پانی کو صاف کر کے تھوڑی سی افیون اور افیون سے چوگنی پھٹکری بریان ملا کر جوش دیں جب گاڑھا ہو جاوے گولیاں بنائیں وقت ضرورت گلاب یا پانی میں گھسکر آنکھ پر لیپ کریں رمد کو بہت مفید ہے دیگر درد آنکھ کا کہ بسبب سیل باد کے ہو جاوے دور ہو جاوے نیم کی پتی املی کی پتی ہرس کی پتی ہلدی پھٹکری افیون ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹ کے پوٹلی باندھیں اور پانی میں رکھیں گھنٹہ گھنٹہ بعد آنکھ میں پھیریں ایک رات دن میں درد جاتا رہے دیگر سوجن آنکھ کو دفع کرے آنکھ اُٹھنے کو دفع کرے بڑی ہڑ سنگ بصری برابر پانی یا گلاب میں گھسیں اوپر پلک چشم کے لگاویں دیگر دوا واسطے درد آنکھ کے مجرب ہے افیون پھٹکری بھنی ہوئی اوپر توے لوہے کے رکھکر لوہے کے دستے سے گھسیں اور تھوڑا عرق لیموں کا ڈالیں کہ سیاہ ہو جاوے پشت چشم پر ضماد کریں دیگر سرخی آنکھ اور درد کو ایک پہر میں دور کرے ہلدی لودھ پھٹکری ہر ایک چھ چھ ماشہ لونگ ایک عدد شیرہ املی کہ جس میں سنار سونا چاندی بجھاتے ہیں اور ملتے ہیں دوا کوٹ چھان کے اُس پانی میں ملا کر پوٹلی باندھکر ساعت بہ ساعت آنکھ میں پھیریں دو تین قطرے آنکھ میں ٹپکا دیں تو پہلے گرم پانی آنکھ سے نکلے گا نکلنے دیں اس کے بعد بالکل سکون ہو جاوے گا دیگر سرخی اور سوزش اور آشوب چشم کو دور کرے پتی انار کی پیس کے ٹکیہ آنکھ پر باندھیں اور گلاب کے ساتھ بہت مفید ہے دیگر وہ دوا کہ آنکھ کی سرخی کو اور درد کو نافع ہے سونٹھ صندل سرخ نرکچور ہلیلہ زرد برابر گلاب میں پیس کر اوپر آنکھ کے طلا کریں تھوڑا آنکھ میں جانے دیویں۔

باب بیماری زبان و خرد آتون و ورم و سختی زبان و کھر کھری ہونا زبان کا

کہ اسکو ہندی مین اچھر کہتے ہین مغز کرنجوہ زیرہ سفید طباشیر دانہ الائچی کلان کونپل نیب کی چھال گوندنی آنبہ ہلدی ہرایک دو ماشہ یا کم و بیش موافق حالت مریض کے لین اور پانی مین پیسکر چنے کے برابر چونہ ملا کے کھاوین صبح کو اگر حرارت بھی ہو وہ پانی جس مین کہ آملہ بھگو یا گیا ہو دوا سے پہلے یا بعد مین پلاوین اور آملے کو پیس کے بدن پر ملین دیگر مغز کرنجوہ نمک سنگ عرق لیمون مین پیسکر زبان پر رکھین تاکہ لعاب زبان سے نکلے دیگر پھٹکری گجراتی باریک پیسکر اچھر پر ملین اور منہ کھلا رکھین تارطوبت نکلجائے دیگر پتی انجیر کی ڈھائی عدد ملیٹھی نو ماشہ بیخ انبری نو ماشہ سب کو پانی مین پیسکر غرغرہ کرین دیگر ترپھلہ کھیر کی لکڑی چنبیلی مع پتی دلکڑی جوش دین اور غرغرہ کرین دیگر لودھ گیرو مرچ ہرایک چار ماشہ پھٹکری تین ماشہ نیلہ تھوتھا دو ماشہ باریک کرکے زبان پر صبح و شام ملین بکرم خدا دو مرتبہ مین صحت ہوجاوے گی لیکن بعد دو؛ ملنے کے دو تولہ شیرہ کاسنی نوش کرین۔ دیگر لیمون کو دو ٹکڑے کرین اور تخم اُس کے دور کرین اور گوگل باریک کرکے اندر لیمون کے ڈالین اور آگ پر رکھین جبکہ گرم ہوچوسین دیگر کہ سُرخی و دانہ ہائے زبان کو فائدہ کرے رسوت کو عرق لیمون مین پیسکر زبان پر ملین دیگر قلاع یعنی جوشش دہان کو کہ جسکو تناوہ کہتے ہین نفع کرے دانہ الائچی فوفل یعنی سپاری کتھہ دھنیا خشک جلایا ہوا پھٹکری کی کھیل سب دوائین برابر کوٹ کے منہ مین چھڑکین دیگر ورم سخت زبان کو دور کرے میتھی نو تولے چھوارہ چھ تولہ انجیر خشک تیس عدد سب کو کوٹ کر ڈیڑھ من[5] پانی مین پکاوین جبکہ آدھا رہے غرغرہ کرین دیگر سستی اور ڈھیلا ہونے زبان کو مفید اور جس شخص کا بسبب ڈھیلا ہونے زبان کے بولنا بند ہوگیا ہو دار چینی حماما بالچھڑ ہرایک نو ماشہ تیجپات اجوائن زراوند طویل تخم کرفس تخم اسپست مصطگی بسبائیوں دو قوامیسون ہرایک ساڑھے تین ماشے موتی کہربا ہرایک ساڑھے ماشہ کوٹ چھان کے گولی بناوین خوراک ایک درم گرم پانی یا میرانی شراب کے ہمراہ۔ دواکہ قلاع اور جوشش دہن کو مفید ہے رسوت پانی یا گلاب مین پیس کے تھوڑا سرکہ ڈال کے طلاکرین اور اگر منہ خشک ہو اور درد بیدہ ہو روغن گل نیم گرم کرکے کلی کرین وہ دواکہ دانتون کو صاف کرے اور درد کو دور کرے نمک سنگ کتھہ ہرایک ساڑھے تین ماشہ سونٹھ دھنیا بھونا ہوا زیرہ سفید بھونا ہو پھٹکی کتھہ سپید مرچ سیاہ مصطگی ہرایک نو ماشے کوٹ چھان کے منجن تیار کرین وہ دواکہ دانتون کو صاف اور مضبوط کرے مازو خاردار نمک سیندھا

---

[5] اصطلاح طب مین من کا وزن قریب آدھ سیر کے لکھا ہے یہان حسب ضرورت پانی لیا جاوے ۱۲

باریک کرکے منجن تیار کریں دیگر موچرس ڈیڑھ تولہ مرچ سیاہ دس عدد مرجان دو رتی باریک کرکے دانت پر پچاس روز تک جماویں اور اگر روزانہ یہی عمل کریں تو بہت خوب ہو وہ دوا کہ کیڑا دانت کا نکالے تخم بیاز آگ میں جلادیں اور دھواں اسکا نرکل کی راہ سے آہستہ آہستہ دانت پر کھینچیں۔ دیگر سپاری (چھالیہ) کتھ سفید نمک لاہوری ہر ایک ساڑھے سات تولہ مصطگی ڈیڑھ تولہ مرچ پیل ہر ایک دو ٹانک سپاری کو مٹی کے برتن میں آگ پر رکھ کے جلادیں اور تمام دوائیوں کو باریک پیسیں اور منجن بنادیں دیگر مازو پھٹکری ہر ایک ڈیڑھ تولہ کتھ سفید نیلہ تھوتھا نو ماشے نیلے تھوتھے کو بھونیں تا سفید ہو جاوے اور تمام دوائیوں کو باریک پیس کے منجن بنادیں اور پانی جلد نہ پہونچا دیں منجن کہ خورہ کو مفید ہے تلی کی نبی خشک سات ماشہ زنگار چونا ہرتال طبقی ہر ایک ڈیڑھ تولہ سب کو پیس کے سرکہ تیز میں تر کریں اور مٹی کے سکورے میں گل حکمت کرکے آگ میں رکھیں جبکہ مٹی اوپر کی سُرخ ہو جاوے دوا کو نکال کر دو رتی سے چار رتی تک دانتوں پر چھڑکیں دو دفعہ میں آرام ہو جاوے ترکیب مسّی کی لوہچون پوست انار کا ہر ایک آدھ سیر شاہی مازو پاؤ سیر پھٹکری ایک سیر چاروں دوائیں مثل سرمہ پیسیں اور دانتوں پر ملیں دیگر دانتوں کے درد کو دور کرے پترج سیندرس کوڑی جلائی ہوئی گلاب کے پھول کوٹ چھان کے منجن تیار کریں دانتوں کی جنبش دور ہو اور درد جاتا رہے دیگر پھلیا کہ مثل کسیس کے ہوتا ہے پانی میں ڈال کر جوش کریں اور نیمگرم کلی کریں درد جاتا رہے اور دانت مضبوط ہو جاویں دیگر جنبش دانتوں کی کہ بسبب چوٹ یا مثل اسکے کے ہو فائدہ کرے اور جڑ دانتوں کی مضبوط کرے پھٹکری بھونی ہوئی سپاری پترج مرچ سیاہ آملہ نمک برابر کوٹ چھان کر ملیں اور چاہیے کہ سپاری کو جلادیں اور دوسرے آملوں کو بھی بھون لیویں دیگر وہ دوا کہ دانتوں کی جڑ کے خون کو موقوف کرے عود یعنی اگر جلادینا اور خاک اسکی لیکر برابر اس کے پھٹکری بھونی ہوئی ملادیں اور ملیں اور تھوڑا سا نمک بھی شریک کریں وہ دوا کہ ورم اور درد کو دور کرے اور دانتوں کو مضبوط کرے سونٹھ اور سوناکھی اور بابڑنگ اور کسیس اور کتھ ہر ایک ڈیڑھ تولہ نیلہ تھوتھا بھونا ہوا پانچ ماشہ کوٹ چھان کے لگادیں وہ دوا کہ دانتوں کو صاف کرے اور پان کھانے پر رنگ مسّی دیوے سوناکھی نو ماشہ نیلہ تھوتھا ڈیڑھ تولہ دونوں کو پیس کے لوہے کے برتن میں رکھیں اور ایک لکڑی میں پیسہ چپکا کر عرق لیموں کا ڈال کر اس سے تین روز تک خوب

گھوٹین کہ ڈیڑھ سیر عرق لیموں خرچ ہو جاوے اس مین کپڑا تر کر کے خشک کرین جس وقت کہ تھوڑا
اُس سے دانتون پر ملین اور پان کھادین رنگ مستی ظاہر ہووے دیگر چھوٹی ہڑی مائین پھٹکری
شہد دھنیا بھنا ہوا کتھ سب کو باریک پیس کے دانتون پر ملین پانی پیوین خون دانتون کا بند ہو جاویگا
دیگر سپاری سوختہ اور تخم خرفہ ہموزن لیکر منجن تیار کرین دانتون کے درد کو مفید ہے دیگر ہڑ باریک
پیسکر دانتون پر ملین دیگر زنگ مسی کا دیوے شنگرف سونا مکھی نیلہ تھوتھا ہیراکسیس کتھ پھٹکری ہر ایک
ڈیڑھ تولہ لیکر سب کو کوٹین اور عرق لیموں مین کھرل کرین اور باریک کپڑا تر کر کے خشک کرین اور
تھوڑا اس سے دانتون پر ملین اوپر اُس کے پان کھادین دانت رنگین ہو جاوین دیگر درد دانتون
کا دور ہو جاوے پھٹکری جلائی ہوئی اور مسی ہموزن ملا کر ملین دیگر دانتون کو صاف کرتا ہے پھٹکری کتھ
اور کشمیری کتھ سونٹھ اور نیلہ تھوتھا بھونا ہوا سب کو کوٹ چھان کے ملین دیگر جو دانت کہ ہلتے ہون
مضبوط ہو جاوین اور درد دور ہو جاوے پھٹکری بھونی ہوئی اور نمک ملا کر دانتون پر ملین دیگر درد
دانتون کا فوراً جاتا رہے بابڑنگ کوٹ کر پوٹلی باندھین اور دانت کے نیچے دباوین اور رال کو
بہنے دین دیگر ترپھلہ ترکٹہ مازو پھل کتھ لودھ کہ سب نو دوائین ہین ہر ایک ایک تولہ نیلہ تھوتھا
بھونا ہوا چھ ماشہ سب باریک پیسین دیگر گٹھلی زرد آلو نمک دونون کو باریک کرین اور سرکہ مین ملا کر دانتون پر
ملین اور سرکہ ساتھ نمک کے منھ مین رکھنا بھی فائدہ رکھتا ہے درد خواہ گرمی سے ہو خواہ سردی سے
دیگر ایک ساعت مین درد کو دفع کرے منقے دو عدد یا تین عدد تھوڑی روئی مین لپیٹ کے پانی سے تر کر کے
تھوڑا ابال کے جس دانت مین درد ہو دبائین وہ دوا کہ دانتون کو اور کیڑون کو مفید ہے اور کیڑے کو
باہر لاوے بابڑنگ کوٹین اور پانچ چھ پوٹلی باندھین اور پانی مین جوش کرین پس ایک پوٹلی لے کر
دانت کے نیچے دباوین جبکہ سرد ہووے دوسری دباوین کیڑے اندر پوٹلی کے جمع ہون گے دیگر
مسی سفید چھوٹی الائچی سونٹھ لعبت بربری نیلہ تھوتھا ہر ایک ایک تولہ مصطگی رومی کباب چینی پھٹکری
ہر ایک تین تین ماشے آملہ پانچ عدد بیخ کنیر سفید ڈیڑھ تولہ اول نیلہ تھوتھا کو گھی مین بھونین بعدہ سبکو
کوٹ پیس کے دانتون پر ملین درد اور جنبش کو نفع دیوے جاننا چاہیے کہ مسی دوا مشہور ہے اکثر عورتین
دانتون پر ملتی ہین ترکیب اُسکی بعضی کبود ہے اور بعضی سفید ہے لیکن اسجگہ سفید مطلوب ہے دیگر کہ درد
دانتون کو دور کرے اور جڑ کو مضبوط کرے اور گوشت مسوڑھون کا جو گل گیا ہو نکال لاوے نیلہ تھوتھا

کٹ ہر ایک ڈیڑھ تولہ نمک لاہوری سات ماشہ کتھ سفید ساڑھے تین ماشہ زیرہ بریان ساڑھے تین ماشہ دھنیا بھونا سات ماشہ سونٹھ دو ماشے مرچ دو ماشے مصطگی کسیس کپور کچری کباب چینی ہر ایک دو ماشے دوائیون کو باریک پیسین مصطگی اور کٹ اور کسیس اور نمک کو علٰحدہ پیس کے نیلے تھوتھے کو آگ پر بھون لیوین اور سب کو اکٹھا کر کے صبح و شام مثل مسی کے ملین اور چار گھڑی تک پانی دانت سے نہ لگاوین یہ منجن دانتون کی مضبوطی کو بے نظیر ہے دیگر درد دانتون کو فی الفور دور کرتا ہے مجرب ہے عرق گندھک کا تھوڑی روئی مین آلودہ کر کے جن دانتون مین درد ہو اُنپر رکھین اور احتیاط کرین کہ دوسرے دانتون پر عرق نہ لگنے پاوے اور جاننا چاہیے کہ یہ عرق دانتون کو آہستہ آہستہ بوسیدہ کرتا ہے اور گرا دیتا ہے لیکن بہت دنون مین مگر درد دانتون کا دور کرنے مین حکم تیغ بران کا رکھتا ہے دیگر وہ منجن کہ دانتون کے درد اور سوجن اور دانتون کی جڑ سے خون جاری ہونے کو دور کرتا ہے اور منھ کے جوش کو نفع دیوے کٹ آنبہ ہلدی مجیٹھ ہلدی ماجو پھٹکی ناگر موتھ پودھ باریک پیس کے دانتون پر ملین دیگر منجن کہ دانتون کو صاف کرے اور گرنے سے باز رکھے مصطگی دار چینی الائچی کپور کچری کپور چینی سونٹھ مرچ کتھ نیلہ تھوتھا جڑ ابالی زیرہ دھنیا ہر ایک ایک تولہ نمک سنگ دو تولے کوٹ چھان کے منجن تیار کرین منجن کہ دانت کو مضبوط کرے اور منھ مین خوشبو لاوے چنانچہ دلیر خان نے واسطے نواب بائی کے لیے بنایا تھا فوراً فائدہ کیا مصطگی کسیس تخم مین پھل سونٹھ بریان سنگ جراحت بریان سہاگہ بریان سنگ سرمہ نمک سیندھا ہر ایک ڈیڑھ تولہ مرچ سیاہ دھنیا بریان کتھ سفید زیرہ بریان ہر ایک تین تولہ ناگر موتھ چھ تولے سب کو کوٹ پیس کے مسواک سے دانتون پر ملین اور پانی سے غرغرہ کرین اور منھ کو صاف کرین اور پان کھاوین وہ دوا کہ دانت کیڑے کھائے ہوئے کو فائدہ دیتی ہے نوسادر افیون پیسکر دانت پر رکھین اوپر اُس کے موم پگھلا کر چند مرتبہ رکھین دیگر کلونجی کوٹ پیس کے سرکے مین ملا کے دانت کے نیچے دبا ئین کیڑا مر جاوے گا دیگر پھل بھٹ کٹائی مع ٹہنی اور پھول اور جڑ کے کوٹ کے عرق اسکا منھ مین لین اور رہا منھ روزانہ کلی کرین گندگی اور کرم خور دگی جاتی رہے گی دیگر درد دانتون کا جو سردی سے ہو اور ہو گا اس دوا کا نام تریاق انسان ہے اور مجرب ہے کالی مرچ عاقرقرحا ہینگ نرکچور نمک برابر کوٹ پیس کے شہد مین گولی باندھ کے سایہ مین خشک کرین اور ایک گولی دانت کے نیچے دبا دین چند دانے منقے ندوئی مین لپیٹ کر تر کرین اور دانتون مین دبا دین درد کو فوراً سکون ہو جاوے

دیگر شنگرف تغال روئی مین لپیٹ کر دانت پر رکھین درد دور ہو جاوے دیگر تخم حنظل کو گائے کے گھی مین جوش کرین اور سلائی کے منھ پر روئی لپیٹین اور جو کف کہ اوپر اس گھی کے آوے سلائی سے لیکر دانت پر رکھین دیگر لیمون کے پتے کوٹ کے نیچے دانت کے دبا دین درد جاتا رہے منجن کہ گوشت بڑھے ہوئے اور درد کو نفع کرے نیلہ تھوتھا پیس کے مثل مسی کے دانت پر ملین اور احتیاط رکھین کہ حلق مین نہ جاوے اور داڑھی کے بالون مین نہ لگے جبکہ ملنے سے پانی منھ مین بھر جاوے تھوک دین پھر کلی کر کے پان کھا وین دیگر واسطے مضبوطی دانت کے عجیب ہے نمک دریا پیس کے مدار کے دودھ مین تین مرتبہ بھگوئین اور تین مرتبہ خشک کرین بعد اس کے نمک کو مٹی کے کورے برتن مین رکھین پھر اس برتن کو کنڈون کی آگ پر رکھین اس طور پر کہ نمک بھن جاوے لیکن جلے نہین پھر سیر دکرین کتھ نو تولہ توتیا چھ تولہ پھٹکری چھ تولہ سب کو باریک کر کے نمک مین ملا دین پھر تھوہڑ کی پتی کے دودھ سے سب دوا کو تر کرین پھر خشک کر کے پیسین اور ناریل کے پوست مین رکھ چھوڑین ہر صبح تھوڑا اس سے اوپر دانتون کے ملین اور دو گھڑی بعد دھو ڈالین

باب علاج بیماری گردن اور گلے کے بیان مین

خنازیر کنٹھ مالا ایک ورم غدودی گلے مین ہوتا ہے علاج اسکا بڑی کتابون سے ڈھونڈھنا چاہیے مگر یہ دوا مفید ہے منڈی تین تولے پانی مین تر کرین اور صبحکو ملکر چھانکر پیوین کئی مہینے تک اگر مریض چھوٹا ہو ڈیڑھ تولے تک دیوین سرس کی چھال کڑوی لوکی سیاہ مرچ کالی زیری چار دن دوائین ہموزن لیکر پانی مین پیسین اور کنٹھ مالے پر لیپ کرین وہ دوا کہ آواز بری ہوئی کو فائدہ بخشتے چاول گڑ مین پکا کر وقت سونے کے شکم سیر ہو کر کھاوین اور تھوڑی دیر کے بعد دو تین چمچے پانی گرم پیوین اور سو رہین پھر سرد پانی نہ پیوین دو تین روز ایسا ہی کرین وہ دوا کہ حلق مین اٹکی ہوئی ہڈی کو نیچے لیجاتی ہے اسپند ہمراہ پانی گرم کے دلوین دیگر وہ دوا کہ کنٹھ مالے کو بالکل جڑ سے کھووے تخم ترس کوٹ پیس کے ایک حصہ دو حصہ شہد مین ملا کر مٹی کی کوری ہانڈی مین سرپوش کر کے ماش کے آٹے سے مضبوط بند کر کے چودہ روز آفتاب مین رکھین پھر تہ ہانڈی کا کھولین اور ہر روز ایک تولہ اس سے کھا دین اور بادی و ترشی اور مثل اس کے سے پرہیز

کرین لعنایت الٰہی ایک ہفتہ مین نفع ہووے مجرب ہی ہر چند کہ یہ دوا بدبودار گندہ ہوتی ہی لیکن
نفع اس کا زیادہ اس سے ہی دوائی کہ خنازیر کو دور کرتی ہی اور مجرب صاحب گنج باد آورد ہے
ایلوا عربی بول رسوت جوتری گاو ہر ایک ساڑھے تین ماشہ پتہ کچھوہ دریائی کا کافور ایک
چار رتی زعفران پونے دو ماشہ تخمکنی سات ماشہ سب کو کوٹ پیس کے کپڑے مین چھانین اور
چار رتی بنولے کے پانی مین ملا کر ناس لین تین روز تک چند روز ترک کرین بعدہ پھر ناس لین
اور چند روز موقوف رکھین کنٹھ مالا تحلیل ہو جاوے گا دوائی کہ سیندور کھانے سے جو گلا بند
ہوتا ہی فائدہ کرتی ہی گل چراغ کا کہ ٹیم کہتے ہین جلایا ہوا پان مین رکھ کے کھلا دین قی آوے گی
اور گلا کھل جاوے گا اور اگر سیندور کھائے تھوڑا زمانہ گذرا ہو تو سیندور بجنسہ اسی طرح نکلیگا

باب امراض منھ اور زبان اور لب و گلے کے بیان مین

فصل منھ کے امراض مین دوائی کہ منھ کی بدبو دور کرتی ہی سماق یعنی تتریک کوٹ چھان کے دانتون پر
ملین دیگر منھ اور زبان و لب کے زخم کو ایک روز دور کرتی ہی اور پھوڑون اور دانون کو بھی بہت مفید ہی نیلا تھوتھا
کوٹ کتھ پاپڑیا تینون کو برابر باریک کر کے ملین لیکن چاہیے کہ نیلے تھوتھے کو بھون لیوین تا سفید
ہو جاوے دیگر کہ منھ کی بدبو دور کرتی ہی پودینہ کے پانی سے منھ کو متواتر دھوئین دیگر سکنجبین مین
دھنیا اور تھر سیاہ پیس کر نہار کھلا دین دیگر مشک قسط الائچی ملیٹھی آملہ سب برابر پیس کے
گولیان بنا دین اور ایک گولی منھ مین رکھین دیگر شراب کی بو کو منھ سے دور کرتی ہی کپاس کا
کچا پھل (گولر) کہ نیم پختہ ہو اور پکا نہ ہو اسکو سایہ مین خشک کر کے رکھ چھوڑین بر وقت حاجت
چباوین بو دور ہو جاویگی دیگر اگر لہسن ہمراہ مسکے کے حلق مین لیجاوے بعدہ یہی دوا شراب کی بو دور کرتی ہے
چابے بو لہسن کی مطلق جاتی رہے گی دیگر کہ خشک ہونے لب کو مفید ہی گھی اور نمک باہم ملا کر
اوپر ناف کے رکھین دیگر مغز تخم تربوز پیس کر اوپر لب کے ملین دیگر کھیرے کا سر کاٹ کر باہم ملین جو
کف اُس سے نکلے تازہ تازہ لب پر ملین۔

فصل کان کے امراض مین دوا کان کے درد کی شیرہ ادرک تلی کا تیل شہد نمک سنگ سیکو ہموزن

ف جس قدر دوائین کان مین ڈالی جائین وہ نیم گرم ہونا چاہئین نہ بالکل سرد کا استعمال کرین نہ زیادہ گرم کا ۱۲ مصحح

لیکر باہم ملاکر گرم کرکے کان مین ٹپکا دین دیگر پتی مدار کی کہ زردی مائل ہو ہر دو طرف گھی ملکے توے پر رکھین جسوقت گرم ہو وے نچوڑ کر دو قطرے نیمگرم کان مین ٹپکا دین دیگر سوت کو دودھ مین پیسین اور نیمگرم کان مین ٹپکائین درد اور خارش دونون دور ہو جائینگی دیگر ایلوا روغن چنبیلی مین حل کرکے نیمگرم کان مین ٹپکا دین دیگر میتھی کے دانون کو دودھ مین ترکر کے کان مین ٹپکا دین خارش اور درد اور پیپ بہنے کو بہت مفید ہے اور بہتر دودھ کان مین ڈالنے کے واسطے عورت کا دودھ ہے دیگر مہاور ساٹھ و دودھ یا لڑکے کے پیشاب کے ملا کے کان مین ٹپکا دین درد موقوف ہوگا دیگر کہ آواز کان اور پیپ کے بہنے سے باز رکھتی ہے سبنھالو کی پتی چنبیلی کی پتی مدار کے پتے بھنگرے کی پتی لہسن کی جڑ کیلے کی پتی بیگن کی پتی تلسی کی جڑ سہجنے کی پتی کھٹ کٹائی ادرک پتی کریلے کی سب چیزون کا شیرہ علٰحدہ علٰحدہ نکال کر برابر لیوین اور تمام چیزون کے وزن کے برابر تیل تلی کا ملاوین اور سات روز تک رکھ چھوڑین اور ہر روز کسی چیز سے ہلاتے جاوین بعدہ ساتوین روز نرم آگ پر جوش کرین یہانتک کہ شیرہ سب جلکر خالص تیل رہ جاوے پس ہر روز دو مرتبہ چند قطرہ کان مین ٹپکا وین دیگر شہد خالص کان مین ٹپکا دین پیپ بند ہو جاوے گی دیگر لودھ باریک پیس کے تھوڑا کان مین ڈالین تختگی اور پیپ اور گندگی کان کی دور ہوگی دیگر مرغ خانگی کے انڈے کی سفیدی کان مین ٹپکا دین درد دفع ہوگا دیگر مور کا پر کوٹ کے گاے کا گھی اور سرکہ مہندی اور کوئین کا پانی ہر ایک آدھ سیر لیکر سب کو ایکجا جوش کرین اس طرح کہ سواے روغن کے کچھ نہ رہے پس کان مین ٹپکا دین درد دور ہوگا دیگر تھوہر کی جڑ ٹکڑے ٹکڑے کرکے روغن مین ڈالین اور کان مین ٹپکا دین درد کہ سردی کے سبب سے ہو دفع ہوگا دیگر عجیب دوا ہے کہ درد کان کا فوراً دفع ہو جاتا ہے تازی مچھلی کو آگ مین رکھین جو روغن کہ اُس سے نکلے اسکو تین روز تک کان مین ڈالین کہ سب تدبیرون سے نفع زیادہ ہوگا دیگر کان بہرہ ہونے کو دور کرتی ہے عورت کے دودھ مین گیرو ملاکر چند قطرے متواتر کان مین ڈالین دیگر کان کے ناسور اور پیپ نکلنے کو دفع کرتی ہے چھوٹا گھونگہ جاندار پاؤ سیر کھرل مین باریک کرین اور برابر اُسکے تیل سرسون کا ملادین اور چوگنا دونون کا یعنی دو سیر پانی ڈالین بعدہ اُس کو پکاوین جب روغن رہجاوے چند قطرے کان مین ٹپکا دین اور اگر گھونگہ روغن مذکور مین بغیر پانی کے بھونکر کان مین ٹپکا دین تو بھی مفید ہے اگر

روغن سرسون کا نہ ملے تو روغن تلی کا ملاوین دیگر کان کا درد دور ہوتا ہی گھر تج پانی مین پیسکر دو تین قطرے کان مین ٹپکا دین

باب دل کی دواؤن کے بیان مین

جاننا چاہیے کہ دل اشرف الاعضا ہی دوا اسکی بہت جلد چاہیے جس طرح کا کہ اسمین مادہ ہو مفصل علاج کتب مطولہ مین ہی لیکن چند دوائین اسکی یہان لکھی جاتی ہین دوائی کہ تپک دل کو جو بسبب گرمی کے ہو دور کرتی ہی آملہ اور دھنیا پانی مین تر کرین اور تمام شب ہوا مین رکھین صبح اسکا پانی لیکر مصری ملا کے پیوین دیگر امراض دل کو جو بسبب سردی کے ہو فائدہ دیتی ہی پھکر مول تین ماشے کوٹ پیس کے شہد مین گولی باندھکر کھلاوین دیگر کہ ہول اور ناتوانی دل کو دور کرتی ہی گلاب تین تولہ مصری چار ماشہ دونون کو چاندی کے برتن مین ڈال کے آگ پر رکھین جبکہ نصف پانی جلجاوے اُتار کے سرد کرین اور نوش کرین دیگر تپاک دل اور سپیت باد اور مالنخولیا کو مفید ہی چندن نیل ٹری ریوند خطائی آنبہ ہلدی اسگند ہڑ بہیڑا آملہ تتریک ملیٹھی سونٹھ جر اندراین کی امل بید الایچی چھوٹی کاکولی کھر کاکولی جھر کنکول باٹرنگ دار چینی مدماکھ عناب ناگیسر چوب دیودار مید مہابیرج مغز المناس منقی المتاس جائفل مجیٹھ بدھارا جرک پھالسہ دھنیا چھوارہ پھکر مول زیرہ سفید پیپل موتھ تالیس پتر نتریک نترپالا گھر سار یعنی مغز چوب کھر تخم کنج بداری کند رجو انسب کو برابر کوٹ پیس کے شیرہ بانسہ شیرہ ترنج مین تر کرین اگر ترنج نہ ملے شیرہ لیمون مین تیار کرین اور ہموزن سب چیزون کے مصری ملادین اور تھوڑا شہد بطور معجون داخل کرکے گوندھین بعدہ دو تین ماشے سے کھانا شروع کرین دس ماشے تک بڑھاوین ہر روز آدھا ماشہ زیادہ کرین اور دہی تیل اور ساگ مچھلی اور بادی چیزون سے پرہیز کرین دیگر ہول[1] دل کو مجرب ہی کوے کا گوشت پکا کر کھاوین۔

[1] مفرح یاقوتی معتدل۔ تخم گاؤزبان بادرنجبویہ تخم فرنجمشک بہمن سرخ و سفید ہر ایک دو تولہ۔ دارچینی دھنیا طباشیر۔ کہربا شمعی بسد احمر گاو ہندی۔ ابریشم خام مقرض مروارید ناسفتہ۔ قرنفل۔ زرنب ہر ایک چھ ماشہ زعفران خالص ۴ ماشہ زرنباد کبابہ الائچی۔ برادہ صندل سفید ہر ایک نو ماشہ ورق طلا ورق نقرہ یاقوت سرخ مشک خالص ہر ایک سوا دو ماشہ آملہ منقی عرق بید مشک یا بید سادہ مین تر کرکے خشک کرین ۵ تولہ گلسرخ سو تولہ دواؤن کو کوٹ چھانکر اور جواہرات کو علیحدہ باریک مثل غبار کرکے مربائے ہلیلہ کابلی ایکپاؤ پیسکر شہد خالص آدھ سیر مین بطریق معہود معجون تیار کرین اور ۴ ماشہ سے شروع کرکے آٹھ ماشے تک ہمراہ عرق مناسب استعمال کرین ۱۲ جعفر علی عفی عنہ

باب امراض سینہ اور پھیپھڑہ کے بیان مین

فصل امراض پھیپھڑہ مانند کھانسی اور ضیق النفس یعنی دمہ کے بیان مین دوائین کھانسی کی علاج قرنفل کالی مرچ پوست انار اجمود بانسے کی پتی کٹائی کی جڑ ببول کی چھال سنجار سفید نمک سنگ نمک سانبھر ہر ایک ٹانک افیون دو ماشہ سب کو کوٹ پیس کے مقدار چنے کے شیرۂ ادرک مین گولی باندھین اور گولی منھ مین رکھین اور عرق اسکا نگلجاوین وہ کھانسی کہ سردی اور تری سے ہو دور ہوجاویگی دیگر جوکھار ڈیڑھ ٹانک مرچ تین ٹانک پیل چھ ٹانک انار دانہ بارہ ٹانک پرانا گڑ چوبیس ٹانک سب کو پیس کے گولی باندھین اور ایک گولی صبحکو ایک شام کو منھ مین رکھین اور عرق اسکا نگلجاوین اور اگر بجاے انار دانہ کے پوست انار یا بہیڑہ داخل کرین زیادہ مفید ہی دیگر ہرقسم کی کھانسی دفع ہووے کاکڑا سینگی کوٹ پیس کے مقدار مرچ کے گولی بناوین اور منھ مین رکھین دیگر واسطے مرض پھیپھڑہ کے کہ بچون کو اکثر ہوجاتا ہی اور اس سے دم چڑھتا ہی اور اسکو ڈبہ کہتے ہین علاج اسکا جلاب دینا ہی اور یہ ضماد بھی مفید ہی صمغ عربی ایلکوہ ایلوا چھ ماشہ مور چھ ماشہ سب کو پیسکر گھیکوار کے پانی مین ملاکر سینہ پر ضماد کرین دیگر واسطے کھانسی کے درخت مدار کی پتی مرچ نمک سانبھر برابر پیس کے بقدر مرچ کے گولی باندھین ایک گولی کھاوین جو کھانسی سردی سے ہو اسکو مفید ہی اور دمہ اور تلی کو مفید ہی دیگر درخت مدار کے پھول کہ کھلے نہون ایک حصہ مرچ چار حصہ دونون کو ملاکر گولی باندھین دیگر مدار کے پھول کہ جنکا منھ بند ہو آدھ سیر اجوائن پاؤ سیر گڑ پاؤ سیر سب کو باہم پیس کے سایہ مین خشک کرین صبحکو ایک ہتھیلی بھر کھاوین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین کھانسی اور دمہ اور باؤ گولہ بلکہ سب امراض سینہ دور ہوجاوینگے دیگر مدار کی پتی تازی نکلی ہوئی ہمراہ بنگلہ پان مصالحہ دار کے کھاوین اس طرح کہ فصل جاڑے مین پہلے روز ایک پتا دوسرے روز ڈیڑھ تیسرے روز دو پتے چوتھے روز ڈھائی پانچوین روز تین پتے پس چالیس روز تک ہر روز تین پتے کھاوین کھانسی دمہ وغیرہ سب دور ہوجاوینگے لیکن ترشی اور شیرینی اور روغن تلخ سے پرہیز کرین دیگر دمہ کو مفید ہی ریوند چینی ایلوا سہاگہ بریان سب کو برابر

ف اس مرض کے لیے کریلے کی پتی کا عرق ایکسا چمچہ نیم گرم دینا بالخاصہ مفید ہی دو تین مرتبہ کے استعمال سے یہ شکایت بالکل جاتی رہتی ہی ۱۲ جعفر علی عفی عنہ

بیلکر شیرہ کسوندے مین مقدار چنے کے گولی باندھین صبح وشام ایک ایک کھلائین غذا کبوتر کا گوشت اور مثل اُسکے کھاوین اگر ریوند چینی نہ ملے تو ریوند خطائی ملائین مجرب ہی دیگر جرجرہ بجاے تنباکو حقہ مین رکھکر کھینچین اور حقے مین پانی نہ ڈالین دیگر بھکر مول بھارنگی منقی ملیٹھی ثمر - اگر سب کو کوٹ چھانکر شہد مین ملائین اور دو ماشہ سے چار ماشہ تک استعمال کرین دمہ اور کھانسی دور ہو دیگر السی باریک کرکے دو چند شہد یا قوام مصری مین ملاکر کھاوین یا تین تولے السی قوام مصری مین جوش کرکے کھلاوین دیگر سیپی کو جلاکر شیرہ ادرک مین پیسین اور مقدار چنے کے گولی باندھکر کھلاوین دیگر درخت پیا بانسہ خاردار مع جڑ اور پتی لاکر سایے مین خشک کرین اور کوٹ پیس کے رکھ چھوڑین اور ہر روز ایک کف کھاوین دمہ اور بلغمی کھانسی دور ہو جاوے دیگر برہم راکس کو سایہ مین خشک کرکے پیس لین او مقدار آدھا ماشہ یا کم و زیادہ گڑ مین دیوین بلغم کٹکر نکل آویگا دمہ اور بلغمی کھانسی کو مفید ہی جاننا چاہیے کہ دوا مذکور کو گڑ مین رکھکر گولی بناوین اور کھاوین دیگر فقط پتہ گاے کا نگلجاوین اور غذا گاے کے گوشت کا کباب بناوین ایک روز مین ضیق دفع ہو جاوے دیگر ایلوا مرچ دونون برابر لیکر کوٹ پیس کے ادرک کے شیرہ مین ملاکر مقدار کالی مرچ کے گولی باندھین ہر صبح ایک گولی کھاوین دیگر نیلہ تھوتھا ایک ماشہ گڑ مین گولی باندھکر نگلجاوین اگر ضرورت جانین تو اُسپر تھوڑا پانی پیوین سات روز تک اس دوا کو کھاوین تین روز تک گرمی اور بیقراری اور دست واقع ہوئین لیس چاہیے کہ جو شخص اس دوا کو کھاوے حتی الوسع بیقراری کو سنبھالے اسوقت کہ زیادتی قے اور دست سے بیقرار بہت ہووے اسوقت کھچڑی مونگ چاول کی بہت گھی کے ہمراہ کھاوے بعد تین روز کے کسی طرح کی بیقراری نہوگی اگر ضیق بیس برس کا ہو جاتا رہیگا دیگر بڑی کٹائی کی جڑ کو ٹکڑے کرکے پاؤ سیر پانی مین جوش کرین جس وقت تمام پانی مقدار پیالہ قہوہ خوری کے رہے اُسوقت اُتار لیوین اور پلاے کے پیوین ضیق اور کھانسی دور ہو جاوے گی دیگر چربی بکری کے گردے کی اور روغن چمیلی کا برابر لیکر آگ پر جوش کرین اور اوپر سینے کے ملین سینے کو نرم کرکے اس قابل بنادیگا کہ اخلاط کثیف نرم ہو کر کھانسی کے ساتھ باہر آوین دیگر خاک جنگلی کبوتر کی ہڈیون کی مقدار دو رتی کے ہمراہ پان کے کھاوین ضیق دور ہووے دیگر درخت جھڑ جھڑیکا نمک تھوڑا تھوڑا دیوین سینے سے بلغم دور کرتا ہی اور ضیق اور کھانسی دور ہوتی ہی اور طریقہ اُن درختون سے نمک نکالنے کا مقدمہ مین مذکور ہوا

اور خاک تھوہر کی سب خاکون سے بہتر ہی اور یہ بھی ہو سکتا ہی کہ خاک تھوہر اور درخت چرچرے کی
دونون باہم ملاکر دین دیگر پرانی کھانسی کو دور کرتی ہی اور بلغم کو سینے سے بطریق قی کے دفع کرتی ہی جھٹ کٹائی کے
چند ٹکڑے کرین اور ایک ایک ٹکڑا نمک ملاکر کھاوین دیگر لسنے کا پھول منھ مین رکھین دیگر مغز تخم
مین پھل پیسکے ایک ماشہ ہر روز کھاوین دیگر مغز گھیکوار دو سیر اجوائن پاؤ سیر پہلے مغز گھیکوار کو مٹی کے
برتن مین بچھاوین پھر اُس پر اجوائن بچھاوین اسی طرح تہ بتہ رکھین پس سرپوش بند کرکے ماش کے
آٹے سے مضبوط بند کرین اور گل حکمت کرکے آٹھ پہر تک نیچے اُسکے نرم آنچ کرین بعدہ سرد کرکے
گھیکوار سے اجوائن کو نکال کر سایہ مین خشک کرین ایک ماشہ ہر روز کھاوین خلط غلیظ سینے سے
باہر کرتا ہی قبض کو بھی دفع کرتا ہی دیگر جو ہے کا پتہ گڑ مین لپیٹ کر کھلاوین دو تین روز مین ضیق دفع ہووے
اگر جنگلی ہو تو بہتر ہی اور قبل دوا کے کھانے کے بد پرہیزی خوب کرین تا مرض خوب زیادہ ہو اور دوسرے
روز دوا شروع کرین غذا سات روز تک گیہون کی روٹی خشک بے نمک کھلاوین اور جماع سے پرہیز
کراوین دیگر کھانسی کو مفید ہی انار کے چھلکے تین حصے سونٹھ دو حصے نمک سنگ ایک حصہ کوٹ چھانکر
تیار کرین اور تھوڑا تھوڑا چاٹین دیگر کھانسی کو مفید ہی انار کے چھلکے جلا کر تھوڑا نمک ملا کر منھ مین
رکھنا اور اُسکا عرق نگلنا بھی مفید ہی دیگر ضیق النفس یعنی تنگی دم کو مفید ہی مکڑی کا جالا انڈے
وغیرہ سے پاک کرکے گڑ مین گولی باندھکر کھاوین لیکن گرمی بہت کریگا دیگر ضیق النفس اور کھانسی
کہ کسی دوا سے نہ جاتی ہو فائدہ کرتی ہی درخت انکول کے اندر کی چھال رائی تل لہسن پُرانا
گڑ ہر ایک ڈیڑھ تولہ لیکر کوٹ پیس کے گولی باندھین ایک گولی کھلاوین قی بہت آویگی اور آخر
قی مین بلغم غلیظ مثل چھپکلی کے نکلیگا ایک پہر تک قی جاری رہیگی پھر تھوڑے عرصے تک ٹھہر ٹھہر کے
قی آویگی شام کو بالکل موقوف ہو جاویگی چوتھے روز کمزوری اور حرارت اور پیٹ کا درد بہت اور پیاس
شدت سے ہوگی پانچوین روز قریب ہلاکت ہو جاویگا اگر بچ گیا بچ گیا ورنہ ہلاک ہو جاویگا غذا
سات روز تک چنے کی روٹی بے نمک اور بے روغن کھائے پھر چودہ روز تک کھچڑی کم نمک اور
بے نمک کی کھائے دیگر اسبغول ہر صبح ہتھیلی بھر کھاوین اُسی قدر شام کو بھی کھاوین بہت نون تک ضیق
بیس برس کی دفع ہوگی چنانچہ ایک مہینے مین کمی ظاہر ہوگی تین چار مہینے مین مرض بالکل جاتا رہیگا

ایسی دوا جسمین نقصان کا احتمال ہو ہرگز استعمال نہ کرائی جاوے ۱۲ مصحح

پھر احتیاطاً ایک دو سال تک استعمال کریں دیگر مرچ سیاہ نجی بھنا ہوا چنا پوست دور کیا ہوا سب کو
برابر کوٹ پیس کے شیرہ ادرک میں گولی باندھیں اور کھاویں کھانسی کو بہت مفید ہے دیگر ضیق النفس
کو فائدہ کرتی ہے سہاگہ بریان ایکتولہ باریک کر کے چار تولہ شہد میں ملادیں سوتے وقت دو تین
اُنگلی چاٹیں دو تین روز میں صحت ہوگی دیگر بارہ سنگھا جلا ہوا کہ سفید ہوگیا ہو ایک ماشہ پیس کر
شہد میں گولی باندھکر کھاویں دوسرے روز دو ماشے اسی طرح ہر روز ایک ماشہ بڑھاتے جاویں
ایک تولہ تک اگر زیادہ کرنے سے حرارت ہو تو اسی قدر ترکیب سے ایک ماشہ کم کریں دیگر چھوٹے ٹکڑے
کدو کا گودا نکالیں اور اجوائن سجی نمک سنگ و نمک سیاہ سب کو برابر لیکر لدوے مذکور میں بھریں
پھر مغز مذکور کو بھر کر سرپوش کریں اور گل حکمت کر کے آگ میں جلادیں کہ تمام کدو جلجاوے بعدہ جلی
ہوئی دوا کو نکال کر روز ایک چٹکی کھلادیں دیگر دو ماشہ تھوہر کا دودھ آٹے میں ملا کر اسکی گولی
بناویں اور بھونیں اور جسے دوا دینا منظور ہو تو تین روز قبل نرم غذا دیویں چوتھے روز آدھا اس
دوا کا مرد جوان صاحب قوت کو کھلادیں جبکہ سات دست آویں وہی خشکہ دیویں اگر اس سے
بھی موقوف نہو تو وہی خشکہ زیادہ کھلاویں بعدہ نصف دوا باقی کو بھی کھلادیں تین روز تک
شوربا کبوتر کا خشکے کے ہمراہ کھلاویں پانچ چھ روز غذا نرم دیویں درمیان دوا کھانے میں چند
روز پرہیز ہوا سے لازم ہے یعنی محفوظ گھر میں بیٹھیں بہت آدمی اس دوا سے مرض ضیق النفس والے اچھے
ہوگئے ہیں اللہ کی مدد سے دیگر کھانسی یا ضیق کہ بسبب نزلے یا رطوبت کے ہو نفع کرتی ہے اگر مادہ بہت ہو
پہلے پاک کرلیویں اسلیے کہ نزلہ کا بند ہونا باعث آفات کا ہوتا ہے اجوائن خراسانی دو حصہ افیون ایک حصہ
بہدانہ کے لعاب میں پیسکر مقدار باجرہ کے گولی باندھیں وقت سونے کے ایک گولی کھلادیں موافق
قوت اور طبیعت مریض کے دیگر کہ ضیق اور پرانی کھانسی کو فائدہ دیوے منقول قرابادین معصومی
سے ہے تخم حنظل بھنگرہ مرچ سیاہ دیودار گندھک صاف کی ہوئی سونٹھ سب کو برابر کوٹ پیس کے سفوف
کریں ایک درم ہمراہ شہد کے پانی کے دیویں دیگر سرد کھانسی کو فائدہ دیوے لونگ نمک سیاہ ایک
ایک تولہ لیکر آدھا ہر ایک سے بریان کر کے کوٹ پیسکے پانچ سات حصہ کریں ایک حصہ پانی کے
ہمراہ کھاویں دیگر کھانسی خشک و ترکہ ہوائے ناپاک سے ہوتی ہے بغیر نزلہ کے قے اور ضعف لاتی ہے
اور باعث ہلاکی بچوں اور بڈھوں کی ہوتی ہے یہ دوا فائدہ کرتی ہے ملیٹھی چھلی ہوئی نو ماشہ سپستان

تیس دانہ پوستہ ساڑھے تین ماشہ نشاستہ سات ماشے سونٹھ ساڑھے تین ماشہ شکر دس درم یعنی تین تولہ سب کو جوکوب کرکے آدھ سیر پانی مین ڈال کر رات بھر تر کرین صبح کو جوش کرین جب کہ ڈیڑھ پاؤ پانی رہجاوے چھان کر مصری اور نشاستہ داخل کرکے مثل حریرے کے پکا دین بعدہ سونٹھ پسی ہوئی ملا کر نیم گرم مثل قہوہ کے پیوین تین روز تک جیسی کھانسی ہوگی دفع ہو جاویگی اگر مرض بچہ ہو دوا موافق اُسکے دیوین دیگر ضیق اور کھانسی بلغمی کو مفید ہے اور ہمراہ کھانسی کے مادہ سینہ سے نکالتی ہے پھٹکری ببول ہر ایک ایک تولہ لیوین پہلے پھٹکری کو بھونکر ببول کو ساتھ اُسکے ملاوین تا یہ بھی پکجاوے جس وقت پھٹکری لادہ ہو جاوے اُتار کر باریک کرکے نوتوطریہ باندھین موافق ضرورت کے جو مناسب ہو اور ایک پوڑیہ کھلانے سے کف بہت آتا ہے کھانسی اور ضیق پُرانی کو بہت مفید ہے لیکن طبیبون نے پھٹکری کے کھلانے مین کم اجازت[1] دی ہے حق یہ ہے جبتک دوسری دوا سے مطلب بر آوے پھٹکری کو استعمال نہ کرین اور وقت زیادتی رطوبت کے دینا درست ہے کیونکہ یہ خشک ہے خشکی سینہ کو مفید ہوگی۔

فصل دودھ کی زیادہ کرنیوالی دواؤن کے بیان مین نمک سنگ زیرہ سفید دانہ الائچی بڑی ببول ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ پیس کے پیالہ بھر گاے کے دہی مین ملاکے ہر صبح ایک ہفتہ تک کھاوین دودھ زیادہ ہوگا دیگر سفید زیرہ لودھ برنج ساٹھی ہر ایک سات ماشہ کوٹ پیس کے گاے کے دودھ مین حریرہ پکا کر کھلادین دودھ زیادہ ہوگا دیگر گرچ گاے کے دودھ مین جوش کرین اور گاے کا گھی ملا کر کھاوین جاننا چاہیے کہ جو دوا منی زیادہ کرتی ہے وہی دودھ بھی زیادہ کرتی ہے **فصل دودھ کے کم کرنے مین** آٹا گیہون اور باقلہ کا ہمراہ پانی اور گھی کے گوندھکر عورت کی چھاتی پر ضماد کرین اور اگر گرم مزاج ہو لعاب اسبغول کے ساتھ طلا کرین

---

[1] چونکہ پھٹکری پھیپھڑے کو ضرر پہونچاتی ہے اس واسطے اطبا اس کے استعمال سے حتی الوسع احتراز کرتے ہین اگر مصلحات کے ساتھ استعمال کرایا جاے تو جائز ہے ۱۲ مصحح [2] سفوف جو دودھ کو زیادہ کرے تخم شلغم تخم ترب تخم پیاز تخم گندنا آرد جو بادیان زیرہ سفید ہموزن لیکر کوٹ چھان کر صبح و شام نو ماشہ ہمراہ گاے کے دودھ کے استعمال کرائین اور تھوڑے چنے گاے کے دودھ مین بھگو کر کھلائین اور وہ دودھ بھی پلائین مجرب ہے ۱۲ مصحح

اور کلّے پائے مسور اور تھوڑا زیرہ ملا کر پکا دین اور کھلا دین **فصل** چھاتی کے چھوٹا کرنے اور سخت کرنے کے اور کھڑی رکھنے کی تدبیر مین جو عورت کہ اول اُسکو حیض ہو وہ خون لیکر چھاتی پر ملے چھاتیان اُسی طرح رہین گی دیگر لٹکی ہوئی چھاتی کو کھڑا رکھے بڑی گنجائی کہ برسات مین ہوتی ہے چالیس عدد ایک بوتل مین رکھے آدھ سیر نمک اُسمین ڈالین اتنے عرصہ تک کہ نمک اور گنجائی ایک ہو جاوے بعدہ چکنی مٹی ملا کر سات روز چھاتیون پر ضماد کرین دیگر سنگ مقناطیس یعنی چنبک کا پتھر اسگند زیرہ سفید سب کو برابر لیکر کوٹ پیس کے چاول ساٹھی مین خمیر کر کے چھاتیون پر ضماد کرین لیکن پہلے ضماد کرنے کے چند سوئی چبھو دین کہ کچھ تھوڑا خون نکل آوے ضماد کر کے چھاتیون کو مضبوط باندھین اور چاہیے کہ دن رات مین دو تین مرتبہ دوا مذکور ضماد کرین یعنی صبح کو دوپہر کو اور سونے وقت اور سوئی کا چبھونا ایکمرتبہ کافی ہے دیگر کٹ دار چینی گوند کیکر کا سب کو برابر لیکر پیس کے گائے کا مسکہ ملا کر ضماد کرین اور سینہ بند مضبوط کسین چند مرتبہ مین سختی آجاویگی دیگر زیرہ پانی یا سرکہ مین پیسکر تین رات دن چھاتی پر ملین دیگر پوست انار شیرین ایک سیر سرسون کا تیل تین سیر دھ سیر پانی مین ملا کر جوش کرین جبکہ پانی جلکر خالص روغن رہجاوے نیمگرم چند مرتبہ چھاتی پر ملین اور یہ روغن سستی ذکر کو بھی مفید ہے **فصل** جس عورت کی چھاتی چھوٹی ہو یا بالکل ظاہر نہو اُسکی تدبیر یہ ہے کہ چربی بیل اور بھینس کی برابر ملا کر جوش کرین اور نیمگرم چھاتی پر ملین چھاتی ظاہر ہوگی دیگر اسگند بیل دار چینی الائچی بڑی سب کو برابر لیکر باریک کر کے بھینس کے مسکے مین ملا کر نیمگرم چھاتی پر ضماد کرین۔

باب امراض جگر و تلی پیٹ پسلیون اور درد کمر اور امراض بادی مانند لقوہ فالج جھولہ وغیرہ کے

فصل تسکین دینے دردون مین دوائی کہ سردی کے دردون کو تسکین دیتی ہے لوبان پانی کے ساتھ پیسکر عضو پر ملین اور آگ سے سینکین دوا کے خشک ہوتے ہی درد دفع ہوگا دیگر ایک شخص کو داہنے جانب جگر مین درد اُٹھتا تھا اور سر معدہ تک پہونچتا تھا اور بیقراری سے رات دن گذارتا تھا اور آٹھ پہر تک یہ دورہ رہتا تھا ہر چند وہ شخص جلاب لیتا اور قے کرتا تھا مگر کچھ نفع نہوتا تھا اور ہر ہفتہ مین دو تین مرتبہ اس مرض مین مبتلا ہوتا تھا ایک فقیر نے کہا کہ انڈے کی سفیدی

زردی دور کرکے لیوین شہد ڈیڑھ تولہ پیاز کا پانی ڈیڑھ تولہ لعاب ملیٹھی کا ڈیڑھ تولہ ملا کر پیے اور
غذا روٹی اور دو پیازہ کھاوے چند مرتبہ اس دوا کو کیا صحت پائی دیگر چار دانہ کہ اکثر امراض کو
نافع ہے یعنی مالکنگنی تخم بنواڑ باچی ہر ایک تین عدد تخم ہالون ہموزن ایک دوا کے ادویہ مذکورہ سے
سب کو پاک کرکے باہم ملاوین بغیر کوٹنے کے نہار صبحکو ہتھیلی بھر کھاوین ہمراہ پانی کے بغیر چابنے کے
اور اگر واسطے قوت باہ کے استعمال کرین تخم باچی دور کرکے تینون تخم کو کھاوین کافی ہے دیگر دوا کہ
مرض استسقا کو مجرب ہے منڈوہ کہ غلہ مشہور ہے آٹا اسکا ہمراہ پانی پتی کچنار کے خمیر کرکے روٹی بنے نمک
پکا کر بہت گھی کے ساتھ کھاوین اور بجاے پانی کے ہر کام مین یعنی نہانے اور وضو کرنے اور پینے
مین پانی کچنار کی پتی کا استعمال کرین دو ہفتہ کے عرصے مین اس دوا کا اثر تمام ظاہر ہوگا

فصل بیماری تاپ تلی مین دوائین کہ تاپ تلی کو گلاتی ہین اور یہ مرض تاپ تلی کا بہت برا
ہوتا ہے عرق گندھک آملہ سار کا مقدار چار رتی کے ہمراہ پانی کے ملا کے پیوین اور شروع ایک
رتی سے کرین آہستہ آہستہ بڑھاوین چار رتی سے زیادہ نہ کرین کہ غایت درجہ چار رتی ہے
دیگر سونٹھ پیپل مرچ آنبہ ہلدی جواکھار حلیتہ کمیلہ سب کو برابر پیسکے شیرہ گھیکوار مین مقدار بیر جنگلی
کے گولی باندھین ایک گولی ہر صبح نہار کھاوین تاپ تلی کٹ جاوے گی دیگر نوسادر
سوا دو ماشہ ہمراہ پانی مولی کے پیوین اور مولی اور تل برابر گرم کرکے تلی پر ضماد کرین تین روز
مین گلجاوگی مجرب ہے دیگر سہاگہ بھنا ہوا ایک حصہ رائی تین حصہ دونون باریک کرکے تھوڑا
تھوڑا کھاوین تاپ تلی دور ہوگی دیگر انجیر چار عدد سرکہ مین تر کیے ہوئے ہر صبح کھاوین اور تاپ
تلی کو انگوٹھے سے ملتے جاوین اس طرح پر کہ تھوڑا تھوڑا درد ہووے دیگر لیمون کا پانی ڈیڑھ تولہ
سفید پیاز کا پانی ڈیڑھ تولہ ہر دو باہم ملا کر پیوین ہر صبح چودہ روز تک اسی طرح عمل کرین اور سواے
نرم چیز کے مثل کھچڑی اور دال اور خشکہ اور قلیہ وغیرہ کے کوئی دوسری چیز نہ کھاوین دیگر سورن
کہ اسکو زمین قند کہتے ہین ہر روز نو ماشہ لیکر تین چار ٹکڑے کرین اور ہر ٹکڑے کو گھی مین تل کے
نگلجاوین چودہ روز تک اسی طرح کرین اور بادی اور ترشی سے پرہیز کرین پرانی تاپ تلی
گلجاویگی دیگر لہسن کو کوٹ کے چھ تولہ شیرہ نکالین اور چھ تولے گھی اور ساڑھے چار تولہ گڑ
اور گیہون کا آٹا ملا کے حریرہ بناوین پس شیرہ لہسن مذکور کو پہلے پیوین ایک روز مین مرض

تاب تلی دفع ہوگا دیگر چونا بلا بجھا یا باریک پیسکر شہد مین ملاوین اور تلی پر ضماد کرکے اُسپر ریڑی کا
پتا باندھین دیگر تلی اور تپ چوتھیہ کو مفید ہے اور باؤ گولہ کو دور کرے سونٹھ ستوہ سہاگہ بھونا ہوا
نمک سیندھا ہیرا ہینگ سب برابر لیکر کوٹ پیسکے اور درخت سہجنہ کے جڑ کے شیرہ مین مقدار
بیر کے گولی باندھین ہر روز صبح ایک اور شام کو ایک دیوین دیگر سہاگہ بھنا ہوا ایلوا ہر دو برابر
لیکر ہمراہ گڑ کے گولی باندھین موافق حاجت کے جسقدر کہ چاہین بیس روز تک دیوین بلکہ
ایک مہینہ تک اگر متواتر نہو سکے تو ایک یا دو روز درمیان دیکر کھاوین ہر روز تین چار مرتبہ دست
آوینگے اور تمام امراض ضیق اور شکم کو مفید ہے اور چاہیے کہ دوا کو کھانیکے بعد ایک ساعت انتظار کرکے
دوا اندر کو کھلاوین بعد اُس کے کوئی چیز نہ کھاوین مگر تھوڑا پانی گلاب کا اور ترشی اور بادی
سے پرہیز کرین دیگر اجوائن زنگی ٹھر ہر ایک پاؤ سیر باڑنگ آدھ پاؤ سہاگہ نو ماشے نکچھکنی ڈیڑھ
تولہ پرانا گڑ چار سیر مغز گھیکوار ایک سیر سجی نو ماشہ لوہے کا میل چھ سیر سب کو کوٹکر چھ سیر پانی مین
ڈالکر ایک برتن مین رکھکر ایک گڑھا کہ نیچے اُسکے لید خشک بھری ہو اُسمین برتن کو رکھکر اوپر بھی
لید سے بند کردین چودہ روز تک چھوڑ دین بعدہ لید اوپر کی دور کرکے دو ہفتہ تک بقدر پیالہ
قہوہ خوری کے نکال کر پیوین اور برتن کو اُسی گڑھے مین رہنے دین سختی تاب تلی کی دور ہو جاویگی
بفضلہ تعالی دیگر اجوائن آدھ سیر پوست ہلیلہ کلان آدھ سیر لوہے کا میل تین پاؤ بیلے ٹھر
اور لوہے کو تھوڑا کوٹ کے ایک چکنے برتن مین کہ جسمین پانی نہ ٹپکتا ہو رکھین اور اُسپر بارہ سیر
پانی ڈالکر سرپوش مضبوط بند کرین بعدہ ایک گڑھے مین کہ لید اُسمین بھری ہو جیسا کہ اوپر
مذکور ہوا اکیس روز دفن کرین بعد اسکے باہر نکالکر صاف کرکے شیشے مین رکھکر ڈیڑھ تولہ صبح
شام یا کم و زیادہ نوش کرین تاپ تلی دفع ہو دیگر اجوائن سوا سیر سونٹھ اور تج خراسانی آدھ
پاؤ عاقرقرحا تین تولہ نکچھکنی نو ماشہ جو چیز کہ لائق کوٹنے کے ہو جو کوب کرکے مثل عرق سولف کے
کھینچین صبح اور شام موافق عمر کے تین تولہ پیوین تمام امراض شکم اور پیٹ پھولنے کو بہت نافع ہے
دیگر مہوکہ جانور مشہور ہے مانند کوے کے اور رنگ اُسکا سُرخ مائل بزردی ہوتا ہے گوشت اُس کا
ہمراہ مصالح کے پکاکر کھاوین سختی تلی کی دور ہوگی اور باہ زیادہ ہوگی دیگر سجی مقدار چھ ماشہ کے
اگر جوان آدمی ہو اگر چھوٹا ہو دو تین ماشے لیکر باریک کرکے پرانے گڑ مین ملاکر اکیس روز تک کھلاوین ترنگی

اور بادی سے پرہیز کرین تاپ تلی دفع ہو جاوے گی دیگر آدمی کا پیشاب ہر صبح تھوڑا پلادین دیگر چرونجی
اور بھلانوان کھلاوین بشرطیکہ موافق آوے دیگر سختی تلی کو دور کرتی ہے اگرچہ تمام پیٹ مین پھیلی ہو
علاج یہ ہے سیدھے ہاتھ کی رگ اسیلم پر بتی یا کپڑا یا کاغذ جلاکر داغ دین تھوڑی مدت مین اس سے
پیپ اور پانی ٹپکے گا نفع عجیب ہوتا ہے اگر سختی داہنی جانب ہو بائین جانب داغ دیوین اگر
بائین طرف ہو داہنی جانب داغ کرین اور اسیلم رگ ہے درمیان چھنگلیا در اس کے پاس کی انگلی کے
کہ جسکو خنصر او بنصر کہتے ہین دیگر نوسادر سہاگہ شورہ قلمی کالی مرچ سب برابر لیکر تھوڑا مغز گھیکوار شامل
کرکے مریض کو کھلاوین دوسرے روز تھوڑا مغز گھیکوار زیادہ لیوین تیسرے روز اس سے زیادہ لیوین
سات روز اسی قدر کھلاوین مجرب ہے دیگر اجوائن بقدر برداشت طبیعت صبح و شام کھلاوین دیگر نسوت
ترپھلہ بھلانوان سب کو برابر لیکر ہموزن انکے نمک سنگ پیس کے تھوہر کے دودھ مین گولی باندھین پھر
ایک شاخ تھوہر کی خالی کرکے اسمین گولیون کو بھرین بعدہ گل حکمت کرکے آگ مین جلادین جب کہ
خوب جل جاوے نکالکر موافق حال مریض کے ہمراہ آب گرم کے کھلاوین باؤگولہ اور ورم جگر کو بھی مفید ہے

فصل پشت کی بیماری مین آملہ کی گٹھلی نکالکر بن بیائی بچھیا کے پیشاب مین تمام رات تر
کرین اور صبحکو پیسکر کمر پر ملین اور اوپر سے نیمگرم نیم کی پتی باندھین اگر صرف نیم کے پتے گرم کرکے
باندھے جاوین بھی فائدہ ہوتا ہے یعنی ورم جاتا رہتا ہے دوائی کہ درد کمر کو دور کرتی ہے اور قوت لاتی ہے سونٹھ
مغز ارنڈ کا ہر ایک ایک تولہ گھی گاے کا اور مصری ہر ایک اٹھارہ تولہ دودھ گاے کا آدھ سیر پہلے سونٹھ و
مغز ارنڈ کو گھی مین بریان کرلیوین پھر دودھ ملاکر جوش کرین جسوقت گاڑھا ہو جاوے مصری ملاکر رکھ چھوڑین
موافق حال مریض کے کھلاوین فائدہ مرض بند کشاد مین دوائین کہ سب مرضون کو نفع کرتی ہین اور
درد کمر کو بھی مفید ہین جن کا ذکر ہو چکا ہے وہان سے دیکھکر علاج کرین دیگر دسمول کو جوش کرکے
کھاوین درد کمر دور ہوگا ۔

باب ان دواؤن کے ذکر مین کہ جو امراض بادی کو مفید ہین مانند لقوہ و تشنج و عرق النساء و استرخاد جھولہ وغیرہ کے

دوائی کہ لقوہ اور درد کمر کو دور کرتی ہے چھال درخت سہجنہ کی سوا تین تولہ لہسن پونے دو تولہ میتھی اور

گڑ تھہر ایک ساڑھے آٹھ تولہ گیہون کی بھوسی سترہ تولہ دودھ گاے کا ڈیڑھ سیر گھی بقدر ضرورت سب کو ملا کر مانند کھیر کے پکا دین اور کھلا دین دیگر گیہون کو مدار کی پتی جوش کی ہوئی کے پانی مین پکا کر خشک کر کے کھلا دین دیگر چھال سفید کنیر کی اور گھنگچی سفید کی دال اور دھتورہ سیاہ کی پتی ہر ایک سات ماشہ پیس کے ٹکیہ باندھکر پاؤ سیر تلی کے تیل مین پکا دین یہانتک کہ وہ ٹکیہ جل جاوے اور دھوان موقوف ہو جاوے پس روغن کو باحتیاط نکال رکھین دھوپ مین فالج اور جھولہ پر ملین دیگر جس شخص کے ہاتھ پیر دکھتے ہون اور کھنچ گئے ہون اسکو مفید ہے پہلے روز ایک دانہ مغز رینڈی کا کھاوے دوسرے روز دو کھاوے اسی طرح سات روز تک بڑھاتے جاوین بعد سات روز کے ایکدانہ کم کرتے جاوین بہت نافع ہے دیگر اجوائن باریک پیس کے تلی کے تیل مین ملا کر ہاتھ پیر مین ملین گرفتگی اعضا کی دور ہوگی دیگر کرنج کی پتی پانی مین جوش کر کے بھپارہ دیوین پھر اسی پتی کو اعضا پر باندھین ہوا سے محافظت کرین درد شانہ اور کمر اور ورم زانو کو فائدہ ہوگا فائدہ کرنج ایک درخت ہے جس کے پتے دھتورہ اور لیمون سے مشابہ ہین اور پھل مثل املی کے ہوتا ہے مگر املی سے چھوٹا دیگر اسپند کو تل کے تیل مین جلا کر پیسین کہ ایک ذات ہو جاوے اور اعضا پر ملین اور بعضے اسپند کو سرسون کے تیل مین جلاتے ہین اور ورم یعنی جھوتھ بھی داخل کرتے ہین کیسا ہی درد شدید ہو دور ہوتا ہے اور جھولہ مارے ہوئے کو نفع بخشتا ہے دیگر درد کولھا اور درد زانو کو مفید ہے میتھی اجوائن ہالون کلونجی سب برابر لیکر ایکجا کرین صبح کو حسب قدر کہ تین انگلیون مین آوے موافق برداشت کے پھانک لین کچھ کوٹنے کی احتیاج نہین دیگر جس شخص کے ہاتھ پیر بائی سے بیکار ہو گئے ہون فائدہ دیتی ہے تیل السی کا و تیل سرسون کا و تیل رینڈی کا و تیل تلی کا ہر ایک آدھ پاؤ عرق دھتورہ مع پتی و جڑ و پھلی کا ایک سیر سب ملا کر نرم آگ پر جوش کرین جب عرق جلکر خالص تیل رہجاوے عضو پر ملین اور اوپر اسکے مدار کا پتا یا دھتورہ کا پتا یا ارنڈ کا پتا باندھین دیگر عرق النسا یعنی رینگن کو مفید ہے سونٹھ سنبوہ پاؤ سیر باریک پیس کے ایک تولہ پارے مین ملا دین یہان تک کہ دونون ایک جزو ہو جاوین پس اس سے تھوڑا لیکر دو تین مرتبہ ملین دیگر رینگن کو مجرب ہے مہندی اور صابون دونون ملا کر ضماد کرین دیگر رینگن سخت کو کہ قریب ہلاکت ہو اور کسی دوا سے صحت نہ ہوتی ہو اور نیند بھی نہ آتی ہو نفع کرتا ہے پوستہ بقدر برداشت کے پانی مین تر کر کے پانی اسکا پیوین کہ تھوڑا نشہ کریگا دوائی کہ تمام امراض بادی اور بلغمی کو فائدہ دیوے اور تاپ تلی کو تحلیل کردے اور ہر بادی مرض کو مفید ہو

شیرہ ادرک آدھ سیر مغز گھیکوار آدھ سیر دارچینی نو ماشہ سب کو ملاکر شیشہ مین رکھکر دن کو دھوپ مین رکھین اور شب کو نزدیک آگ کے رکھین بعد ایک ہفتہ کے بقدر ایک پیالہ قہوہ خوری کے پیوین اگر تیزی آفتاب کی نہو دو ہفتہ تک دھوپ مین رکھین اور اثر اُسکا ایک سال تک خراب نہین ہو سکتا ہے دیگر امراض بلغمی اور بادی کو مانند تلوار کے کاٹتا ہے دودھ گاے کا تین سیر مصری آدھ سیر مغز گھیکوار ڈیڑھ سیر دارچینی تین تولہ پہلے مغز گھیکوار کو دودھ مین ڈالکر دو تین جوش دیوین بعدہ مصری اور دارچینی ملاکر جوش دیوین تاکہ قوام حلوے کا سا ہووے بعد اُسکے گھی گاے کا آدھ سیر داغ کرکے داخل کرین ہر صبح تین تولہ یا کم و زیادہ کھاوین دیگر کہ جھولا اور درد اعضا اور ہاتھ پیر سے بند ہو جانے کو بہت نافع ہے پیپل پونے دو تولہ تیز پات چار تولہ موصلی سیاہ رتن جوت ہر ایک چار تولہ مالکنگنی پونے دو تولہ جمالگوٹہ پونے دو تولہ باریک پیس کے مقدار چنے کے گولی باندھین اور دھوپ مین خشک کرین پہلے دن ایک گولی دوسرے روز دو گولی تیسرے روز تین پھر تین گولی ایک ہفتہ تک دیوین غذا گیہون کی روٹی اور گھی اور ساٹھی کے چاول اور موٹھ کی دال گوشت اور شیرینی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر امراض بادی اور بلغمی کو مفید ہے کچلہ اندراین کی جڑ کالی مرچ ہر ایک تین تولہ کوٹ پیسکے پاؤ سیر قوام شکر مین ملاکر رکھین اور بقدر چنے کے گولی باندھین اور ایک گولی پانی کے ہمراہ کھاوین اور طریقہ کچلے کے پیسنے کا مشہور ہے کہ اول کچلہ کو پانی مین تر کرین بعدہ ناخن سے اُسکا باریک پوست چھیلکر خشک کرکے کوٹین اور دوائین ملائین واسطے درد سردی کے جو بہت پرانا ہے مجرب ہے اور بھوک بھی بڑھاتا ہے اس دوا کا استعمال جاڑے مین نہایت مناسب ہے فائدہ کچلہ کھانے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے کچلہ کو بھونین اور پیسکر رکھین پھر روز بینتالیس روز تک آٹھوان حصہ ایک کچلہ کا کھاوین بعد اُس کے ساتوان حصہ ایک کچلہ بینتالیس روز تک کھاوین پھر چھٹا حصہ پھر پانچوان حصہ پھر چوتھا حصہ پھر تیسرا حصہ پھر نصف حصہ پھر دو تہائی یا تین چوتھائی پھر سارا ایک کچلہ ان سب کو بینتالیس روز کھانا چاہیے چنانچہ ایک سال مین کچلہ موافق مزاج کے معتاد ہو جاوے پھر اگر چاہین ایک کچلہ اور بڑھاوین ورنہ ایک ہی ہمیشہ کھاتا رہے کافی ہے اور پرہیز کچھ نہین بھوک اور امراض بادی کے دفع کرنے مین بے نظیر ہے **فصل** درد ہوک مین ہوک ایک درد ہے کہ پہلو کے نیچے بسبب بادی کے ہوتا ہے دوا اُسکی یہ ہے درخت مدار کی جڑ کا پوست ایک حصہ اور سجی چوتھائی حصہ دونوکو

لڑکے کے پیشاب مین پیسین اور ہوک مین لگاوین اور آفتاب مین بیٹھین اگر آفتاب نہو تو جنگلی اُپلے سُلگاوین اور اُس سے سینکین دیگر کالی مرچ سات عدد گاے کے پتہ مین رکھکر تین روز سایہ مین خشک کرین پتہ غلیظ ہوجاویگا ہوک پر ملین اور پُرانی روئی رکھکر باندھ دیوین اور تین روز تک نہ کھولین درد کے کھینچنے مین لاجواب ہے دیگر جاںفل مصری سونٹھ تینون برابر لیکر پیسین اور نو ماشہ کی مقدار کھلائین جاننا چاہیے کہ ہوک جو ساتھ تپ کے ہو علاج اُسکا بہت احتیاط سے سمجھکر کرنا چاہیے اسواسطے کہ استعمال ان دوائیون کا درد ذات الجنب اور ذات الصدر مین کہ درد پہلو اور درد سینہ کو کہتے ہین نہایت منع اور مضر ہے دیگر زفت رومی کپڑے مین رکھکر آگ کی گرمی دکھاکر جس جگہ درد ہو باندھ دیوین لبشرطیکہ وہان ورم نہو نہایت مفید ہے۔

باب دوائون بھوک لانیوالی و امراض معدہ و امعاو مقعد و ذکر و جلاب کی دوائون مین

فصل بھوک لانیوالی اور ملین دوائون کے بیان مین ہڑ بہیڑہ چیتہ سنا مکی نمک لاہوری ہموزن سب کو کوٹ پیس کے سفوف کرے دیگر بھوک لاوے اور دستون کو بند کرے انار دانہ دو تولہ مصری سوا چار تولہ مرچ سیاہ دانہ الائچی دارچینی ناگیسر سونٹھ پیپل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سب کو باریک کرکے رکھین وقت ضرورت بقدر چار ماشے یا کم و زیادہ کھاوین دیگر بھوک لاوے اور دستون کو بند کرنے مین مشہور ہے ساتھ حب اچترک کے چیتہ تین تولہ مرچ سیاہ عاقرقرحا ہر ایک ڈیڑھ تولہ ہنکوت چار عدد پرانا گڑ سب دوائون کے برابر بعضے بجاے عاقرقرحا کے بیل ہول ڈالتے ہین طریقہ بنانے کا یہ ہے کہ ہنکوت سے قند اور تخم لین اور سب دوائون کو کوٹ چھانکر ہمراہ قند کے گولی باندھین تخم ہنکوت اس طرح لیتے ہین کہ ہنکوت گڑ کے ہمراہ تر کپڑے مین باندھین تاکہ نرم ہو پوست اُسکا دور کرین اور اندر این کا مغز لیکر دوامین شریک کرین دیگر کھنگی معدہ کی قوت دینے والی دارچینی سونف مصطگی بڑی الائچی مصری سب کو کوٹ پیسکے بعد کھانے کے دو تین ماشہ کھاوین اگر لڑکا ہو ایک ماشہ کھلاوین دیگر خاکسار دارچینی کی سونٹھ شہد باہم ملاکر معدہ پر لگاوین درد معدہ دفع ہوگا دیگر شنگرف ڈیڑھ تولہ لیکر کسی مٹی کے برتن مین نرم آگ پر رکھین اور تین سیر ادرک سے شیرہ نکال کر قطرہ قطرہ شنگرف پر ٹپکاوین کہ تمام شیرہ جذب ہوجاوے نکال کے رکھ چھوڑین پان کے ہمراہ مقدار

ایک چاول کے کھاوین دونی بھوک ہوجاویگی دوائی کہ بھوک لاتی ہی اور قوت باہ زیادہ کرتی ہی ایک
بیسہ لیکر برابر اس کے قلعی لیوین پہلے قلعی کا پتر باریک بنا کر بیسہ پر لپیٹین اور گھریہ بنا کر اندر اسکے درخت
سرس کے اندر کی چھال ساڑھے تین تولے اس گھریہ کے نیچے بچھاوین اور اسی قدر چھال اوپر گھریہ کے
رکھین کہ سب چھال نیچے اوپر کی آٹھ تولہ وزن مین ہوجاوے اس گولہ کو باندھکے منھ اسکا بند کرکے
ایک کپڑوٹی اوپر سے کرین بعدہ ایک گڑھا گز بھر طول وعرض کا جنگلی اپلون سے پر کرکے وہ گولہ مذکور
درمیان مین رکھکر شب کو آنچ دیوین صبحکو قلعی اور بیسہ کو نکالکر کہ وہ کھیل ہوگیا ہوگا ہمراہ پندرہ عدد
لونگ کے پیسکر ایک رتی اس سے موافق حال اور فصل کے کھلاوین دوائی کہ کھانے کو ہضم کرے
اور قبض کو دفع کرے کمیلہ پاؤسیر زعفران پیپل کالی مرچ آملہ سونٹھ بنسلوچن چھوٹی الائچی ہر ایک ڈھائی
ماشہ شہد خالص تین پاؤ مصری آدھ پاؤ گلاب تین پاؤ تیل بادام کا دو ماشے پہلے کمیلہ کو صاف کرکے
چار پہر تنہا کھرل کرین اسکے بعد جیسا کہ دستور ہی معجون بنائین اور صاف کرنا کمیلہ کا دو طرح پر ہی ایک
وہ ہی کہ ریزے اس کے چنکر لاوین کہ خاک آلودہ نہو دوسرا یہ ہی کہ کمیلہ کو پانی مین ڈالین جو کچھ پانی
کے اوپر آوے اُٹھالیوین اس صورت مین ضائع بہت ہوتا ہی سوتے وقت مقدار سات ماشہ کے
قدرے پانی کے ہمراہ معجون مذکور کو کھلاوین دیگر واسطے قبض شکم کے اور پیٹ کے کیڑون کے اور
بواسیر اور کھانسی کے مفید ہی شنگرف میٹھا تیلیا جائفل پیپل مرچ تخم دھتورہ سہاگہ بھنا ہوا ان سب کو
برابر لیکر عرق برگ دھتورہ مین ایک پہر پیسکر مقدار چھوٹی مرچ کے گولی باندھکر کھلاوین بفضلہ تعالےٰ
فائدہ ہوگا دوائی کہ جس شخص کا پیٹ بڑھ گیا ہو مثل استسقا کے صورت ہوگئی ہو شہد ڈیڑھ تولہ چار تولہ
پانی مین ایک مدت تک پلاوین یہ مرض اکثر بچون کو ہوجاتا ہی۔ دوائی کہ گرانی معدہ کو دور کرے
اور بھوک لاوے موتھ قسم اول سات عدد مثل صندل کے پیسین اور سات کوری کنکریون پر ضماد کرین
اور کنڈے کی آگ پر سینکین اور ایک کنکری نہار منھ کھلاوین دوائی کہ بھوک لاتی ہی لاہوری نمک
نمک سیاہ ہلیلہ زرد چترک تنتریک دھنیا سب کو برابر لیکر باریک پیسکے عرق لیمون مین گولی باندھین
اور کھلاوین دیگر لونگ دارچینی چھوٹی الائچی بڑی مرچ پیپل دھنیا باڑنگ اجوائن ترپھلا تنتریک
چوک نمک سونچل اناردانہ نمک سیندھا نمک سانبھر نمک دریا جواکھار اجمود سونف کنکول سُرخ
سب کو برابر لیکر عرق لیمون مین گولی باندھین دیگر سونٹھ پیپل کالی مرچ ترپھلا تج اجوائن سونف

سونچر نمک سنگ سبکو برابر پیسکے سفوف کرین دیگر پیپل دھنیا زیرہ سیاہ نمک سیاہ پوست لیمون کا
تالیسر ناگیسر ہر ایک سات ماشہ تج دانہ الائچی چھوٹی ہر ایک دس ماشہ نمک دریا سوا دو تولہ املبید
ساڑھے چار تولہ انار دانہ چودہ ماشہ سب کو سفوف کرکے کھلادین دیگر لیمون کا عرق پانی مین ڈال کر
اور نمک سنگ ملاکر نوش کرین گرانی پیٹ کی دور ہووے دیگر دست لاوے اور غذا ہضم کرے ہڑ بہیڑہ
سنار سونٹھ نمک سونچل زیرہ ہر ایک تین تولہ پیپل ڈیڑھ تولہ کوٹ پیسکر سفوف تیار کرین ہڑ سونٹھ ہموزن
نمک سیندھا موافق مزہ ۔ اور تھوڑا سا چیتہ یا پیپل یا دونون بڑھالین اور ان سب دواؤن کی
برابر مویز منقی کہ دانہ اسکا دور کیا ہو لیکر باہم ملادین دیگر کہ بھوک بہت لاتی ہے بجاے کسیر کے ہم
پارہ ڈیڑھ تولہ نرمہ کے پھول سو عدد سہاگہ چار ماشے پہلے پارہ کو عرق کھٹ کٹائی مین کہ اُس کو
جنگلی بیگن کہتے ہین دو روز تر کرین تیسرے روز پارے کو باہر نکال کر ایک گاڑھے کپڑے مین دو تین
مرتبہ چھانین تاکہ تری اُسمین نہ رہے بعدہٗ آفتاب مین خشک کرین اور پھر پارہ اور سہاگہ ناریل کی
گولی مین نیب کی لکڑی سے حل کرین یہانتک کہ سب پھول حل ہوجاوین میعاد پیسنے کی چار پہر
ہے بقدر مرچ کے گولی باندھین اگر گولی نہ بندھے تھوڑا تھوڑا بہت عمدہ گلاب داخل کرکے باندھین
بعد کھانا کھانے کے دو گولی کھاوین ترشی اور بادی سے پرہیز رکھین جاننا چاہیے کہ پھول نرمہ کے
منھ بند ہے ہون یعنی بے کھلے ہون تو بہتر ہے دوائی کہ بھوک لاتی ہے اور آلائش شکم خوب نکالتی ہے
ہڑ بہیڑہ آملہ نمک سیاہ سنار مکی ہر ایک برابر لیکر عرق لیمون مین گولی باندھین وقت حاجت بقدر
ایک تولہ کم و زیادہ گرم پانی کے ہمراہ سوتے وقت کھاوین دیگر بھوک لاتی ہے اور بادی شکم کی
دور کرتی ہے اور جو مرض کہ سردی سے ہو اُسکو بھی دور کرتی ہے مرچ سیاہ پیپل عاقرقرحا ہر ایک دس
ماشہ سونٹھ کباب چینی سہاگہ بریان کچھناگ چیتہ ہر ایک سات ماشہ سب کو کوٹ چھان کر ہمراہ
عرق بھنگرہ کے دو پہر کھرل کرین اور برابر مونگ کے گولی بنادین دو گولی پان مین رکھکر کھاوین دیگر
بھوک لاتی ہے اور کھانا ہضم کرتی ہے سونٹھ سات ماشہ سونف ڈیڑھ تولہ ہینگ چھ ماشہ سب کو
کوٹ پیس کے عرق لیمون مین قرص بناکر اوپر توے کے یا کورے سکورے کے کہ نیچے اُسکے آگ
ہو رکھکر سُرخ کرین اور بقدر حاجت استعمال کرین دیگر بھوک زیادہ لاتی ہے نمک سانبھر نمک سیندھا
نمک سونچل نمک پان کاج لون نمک کھاری نمک گجراتی نمک کوکنی جواکھار سب کو برابر لیکر

نوسادر سب دواؤن کے برابر باریک کرکے چینی کے پیالہ مین رکھین اور عرق لیمون کاغذی اُس مین اسقدر ملائین کہ دو انگل اوپر ہو سر پیالے کا جب عرق خشک ہوجاے باندھکر آفتاب مین رکھین اور عرق اُسی قدر ڈالین اور خشک کرین جبکہ تین مرتبہ خشک کر چکین مٹی کے برتن مین رکھکر گل حکمت کرین لیکن ایک برتن دوسرا اُس کے منھ پر کج بند کرین کہ منھ دونون کا ملجاوے نیچے اُس کے آنچ تیز کرین دو پہر تک اور کپڑا چند تہ پانی مین ترکر کے اوپر کے برتن مین رکھین جبکہ کپڑا گرم ہوجاوے دوسرا سرد کرکے رکھین بعد دو پہر کے برتن کو اُتارلیوین اور جو کچھ اوپر کے برتن مین آکر چمٹ جاوے چھوڑالیوین تھوڑی دارچینی اور جائپھل اور مانند اُسکے ملاکر تھوڑا کھلادین دیگر دوائی کہ نام رکھا گیا ہے ساتھ گولی گندھک کے کہ واسطے بھوک لانے کے نفع کثیر رکھتی ہے گندھک دودھ مین صاف کرکے مرچ باؤبڑنگ اجمود جواکھار ہر ایک تین تولہ کالا نمک پیپل سمندر رکھین ہر ایک ڈیڑھ تولہ سیندھا نمک تین دام یعنی ساڑھے چار تولہ پوست ہلیلہ زرد چھ تولہ سب کو کوٹ چھان کر عرق ادرک مین پیسین بعد خشک ہونے کے لیمون کے عرق مین ایک رات دن گھسین اور گولی بقدر جنگلی بیر کے بنادین دیگر گولی کہ بھوک لاتی ہے اور معدہ کو بلغم اور ریاح سے صاف کرتی ہے زنگی ہڑ چار ماشہ ہلیلہ زرد پانچ ماشہ سونٹھ پلپل چھڑ دس ماشہ مصطگی دس ماشہ نمک ہندی دس ماشہ ایلوا اسواد و تولہ سب کو ملاکر گولی باندھین پھنکی کہ بھوک لگاتی ہے اور معدہ اور آنتون کو قوت بخشتی ہے اور دستون کو فوراً بند کرتی ہے انار دانہ پاؤ سیر سونٹھ زیرہ سفید ایک ایک تین تولہ تسوت کالا زیرہ تتریک ہلیلہ زرد بہیڑا ہر ایک ڈیڑھ تولہ نمک سنگ چار تولہ سب کو کوٹ چھان کے باریک کرین بقدر ایک تولہ قبل کھانے کے یا بعد کھانے کے استعمال کرین دوائی کہ بھوک خوب لگاتی ہے پوست ہلیلہ زرد نو تولہ نمک سنگ سات ماشہ شیطرج دس ماشہ پیپل سوا تولہ کوٹ چھانکر سفوف تیار کرین اور تین ماشہ ہمراہ گرم پانی کے پھانکین دوا کہ بھوک بڑھاتی ہے آنا سماق کا آملہ اجوائن سونٹھ نخ پیپل کالی مرچ الائچی زیرہ کرمانی لونگ سب کو برابر کوٹ پیسکے دوگنا اُسکی مصری ملاکر صبحکو ہتھیلی بھر کھاوین دوائی کہ پیاس کو بند کرے پتی نیب کی کوٹ پیسکے غلولہ باندھین بعدہ غلولہ کو آگ مین ڈالین جبکہ گرم ہوجاوے پانی مین بجھاوین چند مرتبہ اس پانی کو پلاوین دیگر پتی کنیر کی صندل کلیسر تل ہر چہار برابر لیوین اور ہمراہ کانجی کے پیسین اوپر سر کے طلا کرین فصل ہکہک یعنی ہچکی کے بیان مین مسکہ ڈیڑھ تولہ کلونجی تین ماشہ پہلے کلونجی کو پیسکر مسکہ کے ہمراہ ملاکے کھلادین بعد تھوڑے عرصے کے کھانا کھلادین ہر قسم کی ہچکی دفع ہوگی دیگر کالی مرچ

اکیس دانہ سونف نو ماشہ کاسنی نو ماشہ پیسکے کھلادین دیگر مسکہ تین تولہ مصری ڈیڑھ تولہ دونون باہم ملاکر کھلادین ہچکی اور خشک کھانسی دور ہوگی دیگر ماش سیاہ بجاے تنباکو بلا پانی کے حقہ مین بھر کر کھینچین دیگر چرکسا مکھی کا دودھ لڑکی والی عورت مین پیسکے ناک مین دو تین قطرے ٹپکا دین دیگر بھوسی چنے اور بھوسی ارہر کی بجاے تنباکو حقہ مین بھر کر پیوین دیگر کالی مرچ تنہا یا ہمراہ اجوائن کے جلادین اور دھوان اسکا ناک مین لین دیگر جو شخص کہ اس مرض مین مبتلا ہو اسکو ایکبارگی ڈراوین جس طرح ممکن ہو ہچکی دور ہو جاوے گی اگر بعد کھانا کھانے کے فوراً ہچکی لاحق ہو بہترین تدبیر قے ہے اور سانس کا روکنا بعض اقسام مین مجرب ہے دیگر خاک مور کے پر کی اور خاک پرانے ٹاٹ کی باہم ملاکر ہمراہ پانی کے دیوین ہچکی فوراً موقوف ہو جاوے گی مقدار انتہائی چار ماشہ دونون ہون چھینک لانا بھی مفید ہے دیگر ریشہ ناریل کا جلادین اور پانی مین ڈال کر ایک ساعت چھوڑین پھر تھوڑا پانی لیکر قدرے بھنگ اُسمین پیسین اور صاف کرکے پلاوین دیگر کلی انار کی پتی تلسی کی اور دوب باریک پیسکے دو تین قطرے ناک مین ٹپکادین ہچکی بند ہو جاوے گی خاصکر جب کہ دوا اثر کرنے کے بعد چھینک آجاوے

فصل باے گولہ اور ڈکار کے بیان مین

نمک سنگ پیپل سونٹھ مرچ سیاہ زیرہ کالی زیری اجمود ہینگ بریان سب برابر لیکر پیسین پہلے کھانے کے اور بعد کھانے کے کھلادین باؤ گولہ دفع ہووے دیگر کہ ڈکار دور کرتی ہے نمک مولی کا ایک ماشہ پان کے ہمراہ مفید ہے اور طریقہ نمک مولی کے نکالنے کا پہلے مذکور ہو چکا ہے دیگر نفخ شکم اور سختی اور قبض اور ریاح کو مفید ہے ترکچور کوٹ کے بقدر چنے کے گولی باندھین و آملہ کفدست کوٹکر صبحکو پانی کے ہمراہ کھاوین بعد چار گھڑی کے دو گولی کھلاوین بعد دو چار گھڑی دو گولی کھلاوین یہانتک کہ تمام دن مین سولہ یا بیس تک گولی کھلاوین اسی طرح تھوڑے روز مداومت کرین

فصل سحیق

اور سنگرہنی مین فرق دونون مین یہ ہے کہ سحیق مین براز رقیق منہضم نکلتا ہے اور سنگرہنی مین کچا کھانا نکلتا ہے دوائی کہ سحیق کو دور کرتی ہے مغز بیل ایک تولہ پوست اندر جو دو تولہ سونف ایک تولہ ہلیلہ زنگی ایک تولہ اسپغول آدھا تولہ مصری تین تولہ پہلے ٹھیکر روغن مین بھونین اور سواے اسپغول[ف] کے سب کو کوٹین اور باہم ملادین خوراک سات ماشہ سے ایک تولہ تک اور بعضے اسپغول کو بھی کوٹتے ہین دیگر پکھان بید مغز بیل مرور پھلی گل سپاری رال

ف کتب طب مین اسپغول کا پیسنا ممنوع لکھا ہے۔ بعض اطبا کا خیال ہے کہ پیسنے سے اسپغول مین سمیت آجاتی ہے۔ اس لیے اسپغول کو مسلم استعمال کیا جاتا ہے ۱۲ مصحح

گٹھلی انبہ کی شکرتری ہر ایک ڈیڑھ تولہ سب کو چار حصہ کرین ایک حصہ اسمین سے کسی کو دیدین باقی کو
موافق حال کے تین دن یا کم و زیادہ مین کھاوین دیگر دستون کو بند کرے مائین کوٹ کے بقدر تین ماشہ
ہمراہ پان کے کھاوین دیگر تخم سارٹھے چھ تولہ کوٹ کے ڈیڑھ تولہ شکر مین ملاوین اور نو حصہ کرین ہر صبح
ایک حصہ ہمراہ دہی کے کھاوین اگر دست بہت ہون تو ایک حصہ اور بھی شام کو کھائین دیگر افیون خالص
و چونا برابر لیوین اور برابر موٹھ کے گولی باندھین یا بقدر مسور کے موافق حال کے صبح کو ایک شام کو
ایک کھاوین کہ دستون کو اور پیچش خونی اور بلغمی کو جلد بند کرے مجرب ہے دیگر رال ڈیڑھ تولہ کو کنار
بھونا ہوا ایک عدد کوٹ پیسکے ہتھیلی بھر کھاوین دیگر رال بیل گل سپیاری چھوارا سونف ہر ایک
نو ماشہ کوٹ پیس کے پانچ گولی بناوین صبحکو ایک اور شام کو ایک کھاوین دوائی کہ سنگرہنی کو مفید
ہے سنگدانہ مرغ لونگ ہر ایک ایک تولہ باریک کرکے ایک خوراک کرین اور تین روز تک کھاوین اگر
گرمی کرے سب دوا کی تین خوراک کرلین فائدہ علاج کلی ہے تمام امراض مین خصوصاً واسطے دستون ہر قسم
کے اور پیچش مین کم کرنا غذا کا ہے ایک شخص ساٹھ برس کا کہ اسکو شدید پیچش تھی اور ورم ہاتھ پیر مین ظاہر
ہوا ہر چند دوا کی فائدہ نہوا تین مہینے گذرے جبکہ پوستہ پانی مین عرق نکالکر کھاتا تھا اثر اسکا رہتا تھا
یعنی دستون مین کچھ تخفیف رہتی تھی مگر وہی حال پھر ہوجاتا تھا مجبوراً اسکو غذا سے باز رکھکر فقط کباب لوبے کا
کھلاتے تھے اول روز ایک لوبہ و بتدریج سات لوبے دیتے تھے اور اجوائن تین انگلی بھر اسکو کھلاتے
تھے اور پانی فالسہ کا بھی کبھی کبھی پلاتے تھے اس تدبیر سے بالکل اچھا ہوگیا دیگر زحیر و پیچ اور دستون کو
نافع ہے قہوہ کو ریگ مین بریان کرین مانند چنے کے اور کوٹ پیسکے دیوین لیپ کہ دستون کو موقوف کرے
جائفل پرانی گٹھلی آم کی مغز بیل ہر ایک بقدر مناسب لیوین اور افیون تھوڑی داخل کرین اور پیٹ پر
لیپ کرین دیگر دوا کہ سہل ہے اور نفع بہت رکھتی ہے پیچش اور دستون کو بند کرنے مین مولی کے بیج بھونے
ہوئے چھ ماشہ کوٹ کے برابر اسکے شہد ملاکر کھلاوین دیگر کہ دستون کے بند کرنے مین مفید ہے مغز بیل
اور موچرس اور گٹھلی پرانی انبہ کی ہر ایک ڈیڑھ تولہ جائفل ایک عدد افیون بقدر چنا سب کو سفوف
کرکے وقت حاجت ایک ہتھیلی بھر یا کم و زیادہ کھلاوین دیگر مغز تخم انبہ پرانا اور سونف برابر لیکر نو ماشہ
ساتھ شکر پرانی کے تناول کرین دیگر انار کچا کہ قریب پکنے کے ہو محض کچا نہو دو ٹکڑے کرین پھر ایک
جائفل لیکر اندر اس کے خالی کرین اور افیون اسمین بھرین بعدہ جائفل کو انار مین کہ اندر اس کا

موافق ضرورت خالی کیا گیا ہو رکھکر دونون ٹکڑون کو باہم ملاکر سُرخ ناڑے سے خوب مضبوط باندھین
کہ جدا نہو اور گھی مین بھونین جبکہ نیم پختہ ہو نکال لین پس کوٹ پیس کے نو ماشہ جوتری آمین ملادین اور
مقدار بیر کے گولی باندھین صبح کو ایک گولی کھاوین پیچش اور خون اور دستون کو دفع کرے اس گولی کو
حب الرمان بھی کہتے ہین دیگر سونٹھ سونف ہر ایک برابر نیم برشتہ کرکے ہمراہ پانی کے موافق حاجت
کے کھاوین دیگر سانگری کی پھلی حسب معمول پکاوین اور ہمراہ خشکہ تناول کرین دیگر کتیرا بقدر ضرورت لیکر
تھوڑے پانی مین تر کردین صبح اور رات کو تھوڑی شکر ملاکر کھاوین دیگر سونٹھ سونف مغز بیل ہر ایک
نو ماشہ مصری سفید دس ماشہ سب کو کوٹ پیسکے پہلے روز سات ماشہ دوسرے روز دس ماشہ تیسرے
روز ڈیڑھ تولہ ہمراہ پانی کے کھلاوین دیگر تخم ریحان مٹی کے کورے برتن مین ڈالکر اوپر سے دو تین قطرے
تلی کے تیل کے ڈالکر آگ پر رکھین جبکہ سرخ ہووے پانی ملاکر نوش کرین پیچش اور دستون کو بہت مفید
ہے دیگر ہڑ بڑی سونف سونٹھ برابر لیکر آدھا بھونکر کوٹ پیسکے بقدر ضرورت کھلاوین اسہال و پیچش کو دفع
کرے اور مادہ شکم کو تحلیل کرے اگر بجائے بڑی ہڑ کے زنگی ہڑ ڈالین تو زیادہ فائدہ ہوگا اس ہڑ کو روغن
مین بریان کرکے ملاوین اور شکر اضافہ کرین صرف زنگی ہڑ بریان اور شکر بھی پیچش اور خون کے بند کرنے
مین عجیب ہے دیگر پیچش کہ لڑکون کو ہوتی ہے اسکو مفید ہے گل دھاوا لودھ دھنیا مغز بیل کا ہو اندر جو
شیرین سب برابر لیکر کوٹ کر کپڑے مین چھانین ایک ماشہ یا زیادہ موافق عمر کے شہد مین ملاکر کھلاوین
اگر چاہین جوش دیکر دوا کو پلاوین اس صورت مین دوا کو صرف جوکوب کرلوین دیگر واسطے دفع
کرنے ہرے پاخانہ بچون کے پتی نیب کی ہلدی برابر لیکے گولی باندھین اور پاخانہ کے مقام مین
رکھین دیگر کہ اسکو دھانا پاچک اور دھنیا پاچک بھی کہتے ہین دست کچے اور پکے کو مفید ہے موتھ
دھنیا مغز بیل کاہو سونٹھ ہر ایک تین تولہ لیکر جوکوب کرین اور پانچ حصہ کرکے ہر روز ایک حصہ تین پاؤ
پانی مین جوش کرین جبکہ آدھا پاؤ رہے دیوین اور اس پھوک مین اور پانی ڈالین اور رات کو جوش
کرکے پلاوین اسی طرح پانچ روز دو وقت دیوین اگر خون بند ہوجاوے تو سونٹھ موقوف کرین اور بواسیر
خونی مین بجائے سونٹھ کے تخم قرطم یعنی کڑ ملاوین دیگر دودھی سبز پیسکر ایک پیالہ پلاوین دست موقوف
ہون اگر خون کے دست آتے ہون تو مغز بیل اور موچرس بھی ملاوین دیگر چھال انبہ کی باریک کرکے
دہی کے ہمراہ ملاکے زیر ناف طلا کرین دست بند ہوجاوینگے دیگر کچا انار مٹی مین لپیٹ کے گرم بالو

مین رکھین کہ پکجاوے پھر مٹی دور کرکے پانی اُسکا نچوڑ کر نوش کرین دیگر لیمون کو دو ٹکڑے کرکے تخم اُسکے نکالین اور قدرے سہاگہ بھنا ہوا بھرین اور دونون پھانکون کو باہم ملا کے آگ پر رکھین کہ پکجاوے پھر اتار کر نوش کرین دیگر زنگی ہڑ کو گھی مین بھونکر کوٹ پیس کے شکر ملا کے بوزن نو ماشہ کھلاوین دیگر گٹھلی جامن کی ساڑھے چار تولہ کوٹ پیس کے برابر اُسکے شکر ملا کے صبح شام ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ کھلاوین تین روز مین دست بند ہوجاوینگے پیچش اور خون اور بلغم تینون ترکیبون سے دور ہوجاوے دیگر دستون اور بادی بواسیر کو دور کرے ہینگ سہاگہ سونٹھ نمک سیندھا برابر لیکر کوٹ کے عرق چھال درخت سہجنہ مین ملا کے مقدار بیر کے گولی باندھکر ایک صبح ایک شام ہمراہ پانی سرد کے کھلاوین دیگر دستون خونی اور صفرا اور بلغم کو بند کرے اتیس لودھ ناگیسر بنسلوچن موتھا پوست انار گٹھلی انبہ کی ہر ایک آٹھ ماشہ موچرس گل دھاوا مغز بیل ہر ایک سوا تولہ کوٹ پیس کے سفوف کرین نو ماشہ یا کم و زیادہ کھلاوین دیگر سونف دھنیا مصری کوٹ پیسکے بقدر یکدست یعنی ہتھیلی کھلاوین خون اور بلغم دور ہووے اور تپ کو بھی مفید ہے دیگر کہ دستون کو فوراً موقوف کرے جس طرح ہو یعنی فقط خون آتا ہو یا بلغم آتا ہو یا پاخانہ فقط تمام اقسام کو مجرب ہے سہاگہ قسم اول بریان کرکے ایک ماشہ شنگرف دو ماشہ افیون خالص چار ماشہ تینون کو پیسکے بقدر مرچ سیاہ کے گولی باندھین ایک گولی دیوین جوان آدمی کو لیکن دست اگر رات کو زیادہ آوین شہد مین گولی باندھین اگر دستون کی زیادتی دن مین ہو عرق لیمون مین گولی باندھین دیگر کہ پیچش اور خون اور بلغم اور درد اور پھولنا پیٹ کا کہ ساتھ گرمی کے ہو مفید ہے زنگی ہڑ کو گھی مین چکنا کرکے لوہے کے برتن مین بھون کے ایک تولہ سونٹھ گرم بالو مین چھپا کر پانچ ماشہ سونف ٹھیکری مین بھون کے پانچ ماشہ دھنیا بریان کرکے تین ماشہ مروڑ پھلی مصری دو تولہ سب کو پیس کے ہمراہ مصری کے ملا کے موافق ضرورت کے چھ ماشہ سے ایک تولہ تک ساتھ لعاب ریشہ خطمی یا ساتھ عرق پتی بارتنگ کے دیوین یا سوا اس کے جو چیز مناسب حال مریض کے ہو دیوین دیگر بہنگوت ساتھ پانی کے پیس کے دیوین دست خون کے موقوف ہوون دیگر پیچش اور دست اور درد شکم کو فائدہ دیوے مرچ سیاہ دیو پوست انار برابر لیکر ہر ایک کو بھونین اور قدرے اُس سے ساتھ پانی کے دیوین دیگر کہ واسطے پیچش اور خون اور بلغم کے مجرب ہے اسبغول گٹھلی انبہ رال سفید شکر ہر چار کو برابر پیس کے ساتھ پانی کے ہتھیلی بھر نہار منہ کھلاوین اگر پیچش جلد جلد ہو وقت شام کے بھی اُسی قدر کھلاوین اور احتیاط کرین کہ اسبغول

اسی طرح بے کوٹے ثابت ملاوین اگر فائدہ نہ کرے کوٹ کے دیوین اہل تجربہ دیتے ہین اگرچہ طبیبون نے
منع کیا ہے کہ اسبغول کوٹ کے نہ کھاوین ۵۱ دیگر پیچش اور دست اور بلغم کو فوراً فائدہ کرے تخم املی کا پوست دور
کرکے لیوین پس پانچ عدد تخم چھلے ہوئے لیکر اندر لیمون کے دکہ سر لیمون کا تراش کر اور تخم لیمون کے دور
کرکے اسفوف تخم املی کا بھرین جیسا کہ مشہور ہے بعدہ اس کو آگ پر رکھین تا جوش آئے اور اسی طرح
عرق اس کے کو چوسین دیگر دستون کو کہ کسی دوا سے فائدہ نہو موقوف کرتا ہے ہڑ اجلائن زیرہ ہر ایک
سوا دو تولہ علیحدہ علیحدہ بریان کرکے بعدہ سب کو ملاکر کوٹین اور ڈیڑھ تولہ اس سے ہمراہ دہی کے کہ پانی
اسکا کپڑے سے چھانکر نکال لیا ہو ملاوین اور قدرے نمک سنگ شامل کرکے کھاوین بعدہ تین لقمہ
خشکہ اور دہی کے کھاوین اور گرم پانی ٹھنڈا کرکے پیین دیگر دستون خونی وغیرہ کو دور کرے رال کتھ
مغز بیل تینون کو برابر کوٹ چھان کے بقدر ضرورت دین دیگر خونی دستون کو مفید ہے انار کچا بیج نکالا ہوا
زیرہ سفید کو اسمین بھرین اور اس انار کو خمیر مین لپیٹ کے پکاوین بعدہ خمیر دور کرکے کوٹین اور چار پانچ
عدد پتی جامن کی داخل کرین اور سب کوٹ کے مقدار بیر کے گولی باندھین اور موافق ضرورت کے
استعمال کرین دیگر پیچش اور دستون کو دور کرے گا پوست اندرونی درخت مہوے کا کوٹ کے چھ تولہ
شیرہ اسکا لیوین اور ایک برتن مین رکھ کے آگ پر چڑھاوین اور تین ماشہ سونٹھ باریک پیس کے
اس شیرہ مین ملاوین جبکہ دو تین جوش آ دین اتار لین اور نیم گرم پلاوین ترشی اور بادی سے پرہیز
کرین مجرب ہے دیگر دست خون کے اور پیچش دور کرے سولف سونٹھ کو کنار تینون کو برابر لیکر آدھا
بھون مین بھربھیس کے رکھین ساڑھے تین ماشہ یا زیادہ صبحکو گڑ اور گھی ملاکر کھاوین دیگر گٹھلی چھوارے
کی گھسکر ڈیڑھ تولہ ہمراہ تھوڑے دہی کے کھلاوین خون جو جلد جلد آتا ہو فوراً موقوف ہو جاوے دیگر تیواج
خطائی یعنی کالا کورہ کو ٹکے نو برس کے لڑکے کو ایک ماشہ دہی مین ملاکر کھلاوین دیگر ملتانی مٹی لعاب
بہدانہ کے ساتھ یا صرف ملتانی مٹی کھلاوین پیچش دور ہوتی ہے دیگر کوڑی جلاکر ڈیڑھ تولہ یا تین تولہ شہد مین
ملاکر کھاوین اگر نمک لاہوری تھوڑا سا ملاوین بہتر ہو دست دستگراہنی اگرچہ ساتھ زیادتی کے ہو مفید ہے اور پر
اسکے چاول پرانے دہی کے ساتھ نوش کرین اور طریقہ جلانے کوڑی دستگراہ کا یہ ہے کہ مٹی کے کورے برتن مین رکھ کے

۵۱ وجہ ممانعت کی یہ ہے کہ اسبغول کٹا ہوا بوجہ اپنی زیادتی لزوجت کے آنتون مین چپک جاتا ہے اور بلا کوٹے دینے مین
اس کا احتمال نہین ہے ۱۲ اسید جعفر علی نگینوی

منھ اسکا گل حکمت کرکے تنور گرم مین رکھدین بعد سرد ہونیکے باہر لادین اگر جلکر سفید ہوجاے بہتر ورنہ دوبارہ
جلاوین دیگر دستہاے خونی کو مفید ہے جالفل ایک عدد باریک تراش کے سفیدی بیضۂ مرغ مین ملاکر
کھاوین غذا مین دہی اور خشکہ دین اور لڑکے کو تھوڑا تھوڑا دیوین دیگر سنگرہنی کو مفید ہے سنگ بصری دو تولہ
بیج لیمون کے پکا کے جاوتری دو تولہ دونون کو لیکر باریک پیسین تین ماشے بڑے آدمی کو دیوین پہلے دو ماشہ
سے شروع کرین طریقہ پکانے سنگ بصری کا لیمون مین یہ ہے کہ لیمون کے دو ٹکڑے کرین اور آگ پر رکھین اور
سنگ بصری کو لیمون مین ڈالین کہ سب جذب ہوجاے اور اگر سنگ بصری زیادہ ہو تو ہر پانچ ماشہ
سنگ بصری کو ایک لیمون کا عرق کافی ہوگا اور بڑے برتن مین پکالین دیگر سنگ بصری کو دو تولہ پتی انار مین
آنچ دیوین کہ سرخ ہوجاے گلاب مین سرد کرین اسی طرح اکیس مرتبہ گلاب مین بجھاوین اور پتی مین رکھین بس
دو رتی ساتھ دو ماشہ بارتنگ کے کھلاوین غذا کدو بدون گھی اور خشکہ سنگرہنی کو مجرب ہے دیگر سنگ بصری
تین تولہ دہی جبکہ سیر بھر سنگ بصری کو آگ مین گرم کر [illegible]ن بار دہی مین سرد کرین پھر پیسکے دس ماشہ
جاوتری اسمین ملاوین اور باریک کرکے رکھین اور ایک ماشہ مریض کو دیوین کہ پانی سے اتار جاوے
اور چند لقمہ روغنی روٹی کھلاوین سات برس کی سنگرہنی دفع ہو دیگر سنگ بصری زرد لشت جسقدر چاہین
آگ مین سرخ کرین اور گلاب مین سرد کرین اسی طرح اکیس بار کرین اور اگر ایک سوایک بار کرین تو بہت
اچھا ہے بعد پیسکر اتنی ہی جاوتری ملالین اور ہر روز دو ماشہ کھاوین تین روز تک یا سات روز تک
اس سے معدے مین گرمی ظاہر ہوگی غذا مرغن کھچڑی کھاوین اور اگر ہضم کرسکین بہت سا گھی کھاوین
ورنہ چند لقمے مرغن ضرور کھاوین سنگرہنی کو دفع کرے دیگر جائپھل ایک چھوارا دو عدد افیون ایک ماشہ
سب کی سات گولی باندھین اور ایک گولی نہار منھ کھلاوین دیگر سنگرہنی دفع کرے بکری کا دودھ آدھ پاؤ
پیالہ مین ڈال کر آدھا لیمون کاغذی اسمین نچوڑین اور نوش کرین دیگر پیچش اطفال شیرخوارہ دستواسکے
دفع ہوجاے جائپھل پوستہ ایک ایک عدد چاقو سے تراش کر ڈیڑھ تولہ گھی مین بھونین کہ سرخ ہوجاوے پھر
کوٹ کے تھوڑا اس سے کھلاوین دیگر آمس اگر بڑی گرہ ہو مثل صندل کے گھسین ورنہ پانی مین پیسین چھوٹے
کو ایک ماشہ بڑے کو چھ ماشہ کھلاوین دستون کو موقوف کرے دیگر آملہ کو دہی یا پانی مین گھسین اور گرد
ناف کے مانند دائرہ کے طلا کرین کہ کنارے اسکے بلند ہون پھر عرق ادرک درمیان مین بھرین اور ایک
ساعت ٹھہر جاوین مثل پانی کے جو دست آتے ہین فوراً بند ہوجاوین امتحان دوا کو بادشاہ جملہ دوائی کہتے ہین

دیگر آم کے جڑ کی چھال سرکہ مین پیس کے اوپر پیٹ کے طلا کرین دیگر بکری کے دودھ مین مغز بیل خام
ڈال کے جوش کرین پھر اسمین اندرجو گل دھاوا اسپندھی برابر لیکر چاول کے دھوون مین پیسکر اس
جوشاندہ مین شریک کرین اور تھوڑا سا شہد ملا کر نوش کرین خونی دست فوراً بند ہو جاوین دیگر
چھال درخت اکورہ چاول کے دھوون مین پیسکے شہد ملا کر کھلائین کہ مثل دریا کے جاری ہو بند
ہو جائے دیگر رسوت اتیس اندرجو گل دھاوا اسپندھی سب برابر چاول کے دھوون مین پیسکے
ساتھ شہد کے کھلاوین دیگر کلی انار کی نئی نرم ببول برابر لیکر سونف تھوڑی بھون کے سب دوا کے
برابر پوستہ جلا کر کوٹین اور دیوین پیچش لڑکون کی دفع ہو جاوے دیگر پیچش قوی ساتھ حکم اللہ کے دفع
کرے مجرب ہے آملہ سونف ہر ایک ڈیڑھ تولہ پانی مین پیسکے چھانین مقدار دانہ جوار کے افیون حل کر کے
کھلائین اگر مریض لڑکا ہو وزن افیون کم کرین اور افیون کھانیوالے کو افیون زیادہ دیوین دیگر سنگرہنی کو مفید
ہے کاسنی اسپغول رال مغز بیل مغز تخم انبہ مغز تخم جامن نمک سونچل ناگرموتھہ پوستہ سونٹھ سب دوائین ہموزن
اسپغول کے کوٹین اور ایک ہتھیلی بھر صبح کو کھاوین دیگر سنگرہنی اور مروڑ پیچش کسی قسم کی ہو دفع ہو جاوے
دیکامالی کہ دوا مشہور ہے مگر کوٹ کے ایک لیمون کے دو ٹکڑے کر کے تخم دور کر کے خوب بھرین اور لیمون
کو آگ پر رکھین کہ گرم ہو جاوے اور بیمار کو دونون ٹکڑے چوساوین دیگر پیچش و دست بند ہو جاوین
مردار سنگ سوا دو تولہ کافور چار رتی ساتھ تیل چنبیلی کے گولی باندھین اور ایک گولی کھلاوین اگر زیادہ
کھلاوین درد قولنج پیدا کرے اور صورت ہلاکت پیش آوے دیگر سنگرہنی اور خون و بلغم کو دفع کرے پیچش
ہر قسم کی کہ ہو دور ہو جاوے شنگرف افیون لونگ جائپھل داڑھی درخت پیپل کی مغز تخم انبہ مغز تخم جامن
گل ملتانی پرورش موچرس گل دھاوا جاوتری ستوہ گونہ بری کہ ہندی دوا ہے زیرہ سفید مصری سبکو
برابر کوٹ پیس کے عرق پان مین کھرل کرین کہ ایک ہی ملجاوے مقدار چنے کے گولی باندھین موافق
حاجت ایک گولی یا زیادہ ساتھ پانی چاول ساٹھی کے کھلاوین بعضے لڑکون کو دو گولی دی گئی ہین
لیکن پہلے کم کم دیوین دیگر سنگرہنی اور پیچش اور خون اور بلغم کو نفع دے مرجان سترہ ماشہ عنبر اشہب
مشک ہر ایک دو ماشہ رال سنگجراحت الائچی چھوٹی ہر ایک چار ماشہ گلاب تین تولہ گلاب مین
سب دوا کھرل کرین کہ خشک ہو جاوے اور ایک ایک ماشہ کی قرص باندھین صبح و شام ایک قرص
ساتھ گلاب کے دیوین دیگر دست خون و بلغم و پیچش ہو سب ہو جاوے زیرہ سفید کوٹ پیس کے ساتھ شکر سفید کے

کھلاوین دیگر زیرہ سفید بریان ساتھ وہی کے کھلاوین دیگر پیچش وسنگرہنی اگرچہ مزمن وپرانی ہو نفع کرے اندرجو کڑوا موچرس گل دھاوا سونٹھ ہر ایک ایک حصہ بھنگ تہائی حصہ سب دوا کو کوٹ پیس کے ڈھائی ماشہ صبح کو ہمراہ پانی کے دیوین سات روز تک غذا دال ارہر وخشکہ دیوین اور کچھ نہ دیوین دو دن مین نفع ظاہر ہوگا اور ہفتہ بھر مین بالکل آرام ہوجاوے گا اسہال دموی اور بلغمی اور صفراوی سب کو مفید ہے اور اگر مریض ضعیف یا بچہ ہو تو کم مقدار مین دین اس دوا کا نشہ دو گھنٹہ تک رہتا ہے کچھ خوف نہ کرین البتہ بھنگ کو بھون لینا چاہیے دیگر کامرس چورن واسطے دور ہونے سنگرہنی کے کشتہ ابرک ستر ماشہ گندھک ساڑھے تین ماشہ سہاگہ پونے دو ماشہ فلفل دراز مرچ سیاہ سونٹھ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹ پیس کے ہر روز صبح کو شہد ملا کے کھلاوین سنگرہنی اور کھانسی دفع ہوجاوے دیگر وہ گولی کہ بہت قابض ہے موبرس منقی سات دانہ گٹھلی انبہ کی پرانی ایک عدد افیون چار رتی سب کو نرم کوٹ کے باہم ملا کے سات گولی باندھ کے ہر روز ایک گولی کھلاوین دیگر بہت دنون کے دست دور ہوجاوین گے اور معدہ کو قوت ہو بیل ایک تولہ مصری ایک تولہ باریک کرکے سات روز تک کھلاوین نہایت مفید ہے سفوف کہ واسطے دست وپیچش اور مروڑ وغیرہ وضعف معدہ کو نافع ہے بھنگ سبز ساتھ روغن بنفشہ یا بادام کے چرب کرکے تھوڑا عرق ہری دوب کا اور تھوڑا شیرہ اجوائن کا باہم ملا کے بھنگ مین ملاوین اور ہاتھ سے ملین اور برتن مٹی کے کہ جس مین پانی نہ لگا ہو آہستہ بھونین پھر اتار کے سرد کرین پھر شیرہ مذکور کے ساتھ بھنگ کو بھونین اسی طرح سات مرتبہ بھونین پھر پیس کے بھنگ بھونی ہوئی ڈیڑھ تولہ لیکر مصطگی رومی ساڑھے چار ماشہ سونٹھ کہ آدھی بھونی اور آدھی کچی ہو ساڑھے چار ماشہ کوٹ کے سب کو ایک مین ملاوین ساڑھے تین ماشہ وقت حاجت ہمراہ باسی پانی کے کھلاوین اور غذا مین احتیاط رکھین دیگر بھنگ خالص جس طور سے کہ لکھا گیا سوا تولہ مصطگی انار دانہ پوستہ نیم بریان ہر ایک دو ماشہ زنجبیل بھونی ہوئی پیپل دھنیا بھنا ہوا ہر ایک چار ماشہ صمغ عربی ایک ماشہ سب کو کوٹ پیسکے چار ماشہ سفوف مذکور ہمراہ پانی کے صبح کو کھلاوین دیگر واسطے دستون خونی و بلغمی کے مجرب ہے سہاگہ بریان دو ماشہ شنگرف چار ماشہ افیون مصری ایک ماشہ سب دواؤن کو خوب پیسکے ملا کے آدھی کو ساتھ شہد کے آدھی دوا کو ساتھ عرق لیمون کے بقدر ماش کے گولی باندھین اگر مریض کو وقت رات کے دست بہت آوین گولی شہد والی کھلاوین اگر دن مین دست بہت آوین گولی

لیموں والی ساتھ آب سرد کے کھلاویں دیگر مائیں رال گل دھاوا ہر ایک ایک تولہ باریک کرکے
ساڑھے چار ماشہ ساتھ پانی سرد یا مٹھے کے کھلاویں قبض ہو جاوے دوائے غذائی یعنی وہ دوا کہ پیٹ
کو بند کرے انار کچا چھ عدد پانی میں پیسیں اور کڑھی بنا کر چاول کے ساتھ کھلاویں دیگر گوند ببول دس ماشہ
خشک پیسیں اور گیہوں کے آٹے میں ملا کر روٹی پکاویں ساتھ گھی گائے کے چرب کرکے کھلاویں یا پانی میں
پکا کے چاول ڈال کے کھلاویں دست بند ہو جاوینگے دیگر مجرب ہے مؤلف گنج بادآورد کا مغز بیل کوٹکے
ساتھ تین لقمہ چاول ساٹھی کے اور گائے کا دہی ملا کر کھلاویں پہلے تھوڑا پانی پوست کا پی لیویں اور
یہ دوا کھاویں عجیب دوا ہے وہ گولی کہ واسطے دستکبد اور غیر کبد کے مجربات شیخ بوعلی سینا سے ہے مازو و مائیں
ہر ایک نو ماشہ افیون ساڑھے چار ماشہ گوند ببول سوا ماشہ کوٹ پیس کے برابر مرچ سیاہ کے گولی باندھکر
کھلاویں ایک برس کے لڑکے کو ایک گولی اور بڑے کو تین چار گولی تک کھلاویں اگر افیون کھاتا ہو دس
گولی تک دیویں کہ درد جاتا رہے دیگر واسطے دستوں کے جو بیاض محمد یوسف سے نقل کیا ہے سونٹھ سونف
خشخاش موچرس رال سفید مغز بیلگری ہر ایک ڈیڑھ تولہ مصری چھ تولہ سب کو آدھا بھونا آدھا کچا
کوٹ کے چھ ماشہ ہمراہ پانی سرد کے کھلاویں اور غذا دال مونگ اور خشکہ دیویں دیگر پیچش کو فائدہ کرے
ببول کا گوند کتیرا تین تولہ اسبغول تین تولہ شکر ڈیڑھ تولہ سب پیسکے سات ماشہ صبحکو ہمراہ آب سرد کے کھلاویں

فصل بیان مغص (مروڑ) میں درد آنت کا خواہ ساتھ قبض کے ہو خواہ بلا قبض اور پیٹ کے درد
کو ہندی میں سول کہتے ہیں درد آنت کا کہ ساتھ قبض کے ہوتا ہے اسکو عربی میں قولنج کہتے ہیں دوائی
کہ سول پیٹ کی دور کرے پتی درخت بیل ڈھائی لیکر صاف کرکے پیسیں اور ساتھ گڑ کے کھلاویں
دیگر سونٹھ چھال جڑ درخت ارنڈ ہر ایک ڈیڑھ تولہ ہینگ نمک سونچل ہر ایک ایک ماشہ ارنڈ کی جڑ
اور سونٹھ کوٹ کر پاؤ بھر پانی میں جوش کریں جبکہ آدھ پاؤ رہے اتار لیں اور ہینگ اور نمک کی
گولی بنا کر کھاویں اور یہ جوشاندہ پلاویں دیگر تیل چنبیلی کا گرم کرکے روئی بھگو کر پیٹ پر رکھیں
درد جاتا رہے گا دیگر ماش کا آٹا ایک سیر منفصل ایک پاؤ نمک سانبھر ایک پاؤ ہینگ ڈیڑھ تولہ
ان سب کا خمیر کرکے دو روٹیاں تیار کریں ایک روٹی توے پر ڈالیں جب ایک طرف سے پکجاوے
تو کچی طرف سے پیٹ پر باندھیں جب سرد ہو جاوے تو دوسری روٹی پیٹ پر باندھیں یہاں تک
کہ درد جاتا رہے دیگر شیرہ پتی ارنڈ کا برابر اس کے تلی کا تیل ملا کر گرم کرکے پیٹ پر ملیں درد فوراً

جاتا رہیگا باذن اللہ اگر درد بسبب ورم کے ہو یہ دوا نہ لگاوین دیگر لکڑی ارنڈ کی جلا کے خاک اُس کی ہتھیلی بھر کھلاوین باد شکم وسول جاتا رہے گا دیگر تخم کرفس انیسون سونف اجوائن بوزن برابر لیکر کوٹ کے چار ماشہ کھلاوین درد آنتون کا دور ہوجاوے اگر سبب درد کا سردی ہو یا ریح یا بائی ہو سب جاتا رہیگا دیگر واسطے دور ہونے قولنج کے عجیب ہی خصوصاً جو قولنج کہ عرصہ سے ہوا ہو اجوائن زیرہ سیاہ انیسون سونف ہر ایک ساڑھے چار ماشے سب کو کوٹ کے صبح کو کھلاوین اوپر اُس کے آدھ سیر اونٹنی کا دودھ کہ اُسی وقت دوہکر جوش کیا ہو پلاوین چند روز پرہیز کامل رکھین اور بدن کو اخلاط خام سے پاک رکھین دیگر تخم میتھی تخم سویا ہر ایک دو تولہ یا کم وزیادہ موافق مزاج لے کر جوش دیوین اور صاف کرکے روغن گاؤ دو یا تین تولہ گرم کرکے پلاوین قولنج دفع ہو مجرب ہے۔

فصل دواؤن مسہلہ کے بیان مین یعنی جلاب دینے کی اصل یہ ہے کہ جو قانون در باب جلاب طبیبون نے لکھے ہین اُس پر لحاظ رکھنا چاہیے اور جبتک ہلکی دواون سے کام چلے ادویہ قویہ پر جرأت نہ کرین خاصکر زہریلی دواون سے حتی الامکان پرہیز کرنا چاہیے بدرجہ مجبوری دینا چاہیے اور واسطے سخت مزاجون کے ترپھلہ ترکٹہ ہرتال گندھک پارہ سہاگہ زہر جھناک سب برابر لیکر اسی قدر مغز جمالگوٹہ ملاکر پیسین بقدر مرچ سیاہ گولی باندھین ایک گولی دیوین اوپر اُسکے تھوڑا پانی سرد پلاوین جبکہ بند کرنا دستون کا منظور ہو کلتھی کو پکاکر خشکہ کے مثل کھلاوین پارہ یا جمالگوٹہ وغیرہ کو مدبر کرلین طریقہ مدبر کرنے کا اوپر مذکور ہوچکا ہے وقت حاجت دو تین قطرہ مصری کے شربت مین ملاکے دیوین تین چار دست بفراغت بلا اذیت آوین گے دیگر جمالگوٹہ ڈیڑھ تولہ آملہ چھ تولہ ہر دو عرق لیمون مین کھرل کرین کہ عرق اکتیس لیمون کا خرچ ہووے پھر چنے برابر گولی باندھین ایک گولی صبح کو کھلاوین اور سبزی جمالگوٹہ کی پہلے دور کرلی ہو دیگر گیہون کا آٹا رالہ[1] کا آٹا دونون ہموزن لین اور گول سینڈھ کے دودھ مین ترکرین اور گولیان بنالین اور رینڈی کے تیل مین پکالین املی کے بیج کے برابر کھالین دست بکثرت آجاوین گے جمیع اقسام گولہ کو مفید ہے اور اگر کم دست منظور ہون تو چنے کے برابر گڑ کے ہمراہ کھلاوین اگر دست زیادہ آجاوین دہی چاول کھلاوین دیگر جمالگوٹہ لید مین پکاکر (جیسا کہ متعارف ہے) پاک کرکے تیل نکال لین دیگر تخم سرس پہلے روز ایک عدد کھائے

[1] رالہ مرہٹی مین کنگنی اور چینا کو کہتے ہین ۱۲

اور ہر روز ایک زیادہ کرتا رہے کہ سو دانے تک پہونچے پھر ایک کم کرتا جاے کہ چالیس دانے رہجائیں اسیقدر کھایا کرے قبض اور خشکی کہ مزاج مین ہوگی چالیس روز کے کھانے مین دفع ہو جاے گی دیگر شیافہ یعنی پاٸخانہ کے مقام پر دوا بتی مین لگا کر اندر رکھنا بلغم نکلے گا دباؤ گولہ کو فائدہ ہوگا مویز منقی تین تولے کشمش مصری بادام ہر ایک ڈیڑھ تولہ بوماد ان (برنجاسف) سونف ہر ایک ایک ماشہ توتیا چار رتی جائپھل چھ رتی سب دوا کوٹ کے ایک کرین آخر کو توتیا پیس کے ملاوین وشیاف تیار کرین وقت ضرورت کام مین لاوین واگر نو ماشہ مغز تخم ارنڈ بھی ملا دین قوی ہووے دیگر کہ بہت جلد عمل کرے اگر قند سیاہ تانبے کے برتن مین رکھکر آگ پر پگھلا دین پھر نمک پیس کے اُس مین ڈالین اور کسی چیز سے پھیرین پھر تھوڑا نمک اور ڈالین کہ گڑ جم جاے پس سرد کر کے شیاف بنا دین اور عمل مین لاوین دیگر اگر کھانا کھانے سے پہلے دس دانہ انجیر خشک کھائین اجابت ملین ہو اور نیم برشت انڈا قبل طعام کھانا بھی یہی اثر رکھتا ہے دیگر پارہ کو ساتھ عرق پتی ساگون کے پیسین اور ناف پر ملین دست لاتی ہے دیگر مسہل کہ بآسانی طبع کو نرم کرے ہندی مین اُسکو سوکھار کہتے ہین سنا مکی ڈیڑھ تولہ انیسون مغز بادام گڑ سیاہ ہر ایک تین تولہ کوٹ پیس کے ملا کے تین خوراک تیار کرین وقت سونے کے کھلاوین مسہل زیرکی کہ دوا مشہور ہے اور عوام چھار مرچائی کہتے ہین اور عربی مین حب النیل کہتے ہین کوٹ پیس کے بوزن پونے دو ماشہ یا کم و زیادہ موافق طبیعت کے برابر اس کے شکر سفید ملا کے ساتھ گرم پانی کے کھلاوین دست خوب آدین گے لیکن بعضے شخصون کو متلی و کرب لاتا ہے اگر اسکی اصلاح کر کے کھلاوین متلی اور کرب نہین لاتا ہے اور اصلاح اسکی یہ ہے کہ کالے دانے کو بھونین اور روغن بادام مین یا سوا اس کے چرب کرین اور بعضے چھلکا اوپر کا نکال ڈالتے ہین بعد اسکے بھونتے ہین اور چرب کرتے ہین اور اہل یونان کہتے ہین کہ اسکو ساتھ ہڑکے یا مثل اس کے ملا کے دیوین کہ وہ دیر مین عمل کرتا ہے وہ چیز جو جلد عمل کرے ملا کر دینا چاہیے تا جلدی اثر کرے اور اہل ہند بلا دوسری دواؤن کے ملاے استعمال کرتے ہین اور اگر چاہین کہ رنگ دوا کا بدل جاے تھوڑے گلاب کے پھول ملاوین دیگر حب النیل یعنی کالا دانہ کوٹین اور بھونین اور گلقند آفتابی باریک پیس کے اسمین ملاوین تا معجون ہو جاے گولی بنا کر ساتھ پانی گرم یا گلاب کے کھلاوین خوب فائدہ کرتا ہے اور متلی نہین ہوتی اگر چاہین کوئی جوشاندہ بھی اس کے ساتھ شریک کرین دیگر حب اوپر ناف کے ضماد کرین دست لاے بیٹ کبوتر کی

شہد مین ملا کے ناف پر ضماد کرین جبکہ چاہین بند ہو جاوے دوا اُٹھا لین دیگر قہوہ مسہل سنا بغیر کوٹی
ہوئی نو ماشہ خواہ تیرہ ماشہ دو شیشہ عرق گلاب مین مثل قہوہ کے جوش دیکر پلاوین مسہل تمام خلطون کا
ہے ساتھ سہولت کے دست لاتا ہے اور ساڑھے چار ماشہ لڑکون کو بھی دے سکتے ہین اگر گلاب موجود نہو
گلاب کے پھول سنا کے ساتھ جوش کرکے دیوین کہ یہ مصلح اسکا ہے دیگر قبض اور سدہ کو کہ پیٹ مین لڑکے
کے پڑجاوے دفع ہو سونف و مینگنی چوہے کی برابر لیکر پانی مین پیسکر نیم گرم نیچے ناف کے ضماد کرین اوپر اسکے
پتے مولی کے یا پان بنگلہ رکھ کے کپڑے سے باندھ دیوین ڈیڑھ پہر بندھا رہنے دیوین جو سدہ کہ پیٹ
مین ہوگا نکل جاوے گا دیگر ترکیب ایجاد ہندی ہربار کہ اوپر اُس کے پانی نیم گرم دیوین دست آوین
شنگرف سہاگہ سونٹھ پیپل ہر ایک پونے دو ماشہ چوکھ جمالگوٹہ سودھا ہوا ہر ایک سات ماشہ سب کو
ملا کے گاے کے دودھ مین پیسین بقدر گھنگچی کے گولی باندھین و خشک کرین اور ایک گولی کھلاوین طریقہ
سودھنے شنگرف یا اور دوا کا کہ بدون اس کے کھلانا درست نہین شنگرف کو شیرہ لیمون یا شیرہ گاؤ مین ایکروز
پیسین اور خشک کرین پھر داخل دوا کرین سودھنا جمالگوٹہ کا یہ ہے کہ بھینس کے گوبر مین پانی ملا کر اور
جمالگوٹہ کو پوٹلی مین باندھکر جس برتن مین کہ گوبر بھرا ہو جمالگوٹہ کی پوٹلی لٹکاوین اور ایک پہر تک
اُس گوبر کو آگ مین پکاوین بعدہ چھلکے اور سبزی جمالگوٹہ کی دور کرکے استعمال مین لاوین اور سودھنا پارے
کا یہ ہے کہ پارے کو مغز گھیکوار مین ڈال کے کھرل کرین اور مغز دور کرکے پارہ نکال لین اور استعمال مین لاوین
اور اگر کپڑے سفت مین پارے کو دو تین مرتبہ نچوڑین قائم مقام سودھنے کے ہے کہ سیاہی اسکی دور ہو جاتی ہے
بہتر یہ ہے کہ اول پارے کو کپڑے مین چھان کے مغز گھیکوار مین کھرل کرین اور گندھک کو باریک کرکے
تپچے مین رکھکر گھی تھوڑا ملا کے آگ پر رکھین کہ گندھک مثل پانی کے ہو جاوے اُسوقت گاے کے دودھ
مین ڈالین پھر گندھک اور پارہ بجلی کرکے داخل دوا کرین اور غذا اس دوا پر دہی ساتھ چاول کے
کھاوین دوائی کہ بلغم لبستہ کو نکالنے اور جو امراض نیچے بدن کے ہون اور درد و بیر کا جو عرصہ سے
ہو دور کرے ہر بڑی ہلدی نمک لاہوری تینون کو ہموزن کوٹ پیس کے اندرائن کے
پھل کے شیرہ مین تین روز کھرل کرکے بقدر جھربیری کے گولی باندھین خوراک موافق مزاج
کے ایک گولی سے سات گولی تک ہے طریقہ کھانے کا اس کے یہ ہے کہ پہلے دوا کھاوے بعد دو تین
گھڑی کے کھچڑی ساتھ گھی بہت کے استعمال کرے کہ گھی مصلح اس کا ہے

فصل دوائے قے لانیوالی کے بیان مین کڑوی ترئی کے بیج اکیس دانہ اکیس مرچ دونوکو پانی مین پیسکے نیم گرم پلائین بعد اس کے چند لقمہ غذا کے کھلاوین اور یہ قاعدہ مقرر ہے کہ قے نہار منھ نہ کرنا چاہیے اور خاصیت اس دوا کی وہ ہے کہ قے ساتھ فراغت کے لاتی ہے اور سینہ کو بلغم لزج سے پاک کرتی ہے اور کھانسی اور ضیق اور درد زانو اور پیر کو نفع تمام دیتی ہے اور فائدہ قے کا بیچ کتابون طب کے لکھا ہے موافق اسکے دینا چاہیے اور جسکو کہ قے نہین چاہیے اسکو احتیاط رکھنا چاہیے دیگر نیلا تھوتھا دو تولہ سہاگہ ایک تولہ دونون کو نرم پیس کے مولی کے پتے کے عرق مین چنے برابر گولی باندھین ایک گولی یا زیادہ عرق لیمون مین دین قے باسانی آوے گی ضیق کو مفید ہوگا بلغم حنجرہ کا اور فم معدہ کا نکلے گا دیگر مین پھل کے بیج پانی مین پیسکے کھلا دین قے جلد آوے گی مرد جوان کے واسطے دو ماشہ سے چھ ماشہ تک اور لڑکے کو موافق سن کے ایک ہتھیلی بھر دیگر کہ قے فراغت سے آوے اور بے تکلیف سوئے کے بیج چھ تولہ آدھ سیر پانی مین جوش کرین کہ آدھا رہے ڈیڑھ تولہ جوز القی یعنی مین پھل ساتھ تھوڑے نمک کے پیسین اور شہد مین ملائین اور سوئے کے جوشاندہ مین ملاوین اور بقدر حاجت آب گرم ڈالین اور تھوڑا شہد بھی ملاوین اور پلاوین قے ہوگی **فصل** دوائین کہ قے اور متلی کو دفع کرین مغز ریٹھا پانی مین تین گھڑی تر کرین جتنی کہ نرم ہو جاے تھوڑا تھوڑا چاٹ جاوین جب اس کے ٹکڑے حلق کے نیچے جاوینگے قے اور متلی جاتی رہے گی دیگر کیوڑہ کچری چھوٹی باریک پیس کے مقدار مٹر کے پانی مین گولی باندھکر کھلاوین اگر ایک گولی کفایت نہ کرے دوسری گولی دیوین زیادتی متلی کی ایک ساعت مین جاتی رہے دیگر مور کے پر کو جلادین اور خاک اسکی شہد مین ملا کے دیوین متلی جاتی رہے دیگر کو نیل نیب کی کچی بتی بھی آمین ہون پھوپھل گرم مین رکھین کہ گرم ہو جاے پس پیسکے پلادین ہوک دفع ہو جاوے گی دیگر ساٹھی کے چاول پانی مین تر کر کے پانی اس کا پلادین زیادتی قے کو کہ بعد شراب کے ہو موقوف کرے دیگر گلاب کے پھول بیج پھوپھل کے گرم کر کے پانی مین سرد کرین وہ پانی پلادین دیگر ٹاٹ کہ اس سے شلیتہ اور سوا اس کے بناتے ہین جلادین اور راکھ اسکی پانی مین ڈالین کہ نیچے پانی کے بیٹھے اور پانی صاف اس کا لیکر پلادین دیگر دریائی کہ اسکو اطلس کہتے ہین سبز رنگ لیوین اور جلادین اور خاکستر اسکی پانی مین ڈالکے پلاوین دیگر کہ قے موقوف کرے دانہ الائچی چھوٹی ناگیسر کنول گٹہ موٹھ کھیل دھان چندن ملیپ

کلان سب کو برابر کوٹ پیس کے تھوڑا تھوڑا شہد اور شکر ملا کر کھلاوین چاہیے کسی خلط سے قے ہو بند ہو جائے دیگر تہوع اور قے کو دور کرے ناریل کے چھلکے کا ریشہ چھری سے جدا کر کے بمقدار تھوڑا لیکر تین چار سنگریزہ نرم کہ نہر مین پیدا ہوتے ہین اور اس سے چونا بناتے ہین بہت سے پانی مین جوش کرین جبکہ آدھا رہے اُتارین اور پانی کو سرد کر کے پلاوین مجرب ہے دیگر قے کہ بسبب حرارت کے ہو دور ہو جاوے سماق دھنیا خشک زیرہ گلاب کے پھول کا بنسلوچن سب برابر کوٹ پیسکے پانی مین دیوین قے بند کرے دیگر کہ قے صفراوی دور ہو جاے بارتنگ چار ماشہ پانی مین ملا کر پلاوین دیگر انار دانہ ترش مویز منقی ساڑھے سترہ ماشہ زیرہ کرمانی ساڑھے تین ماشہ تینون کو کوٹ کے دس ماشہ کھلاوین قے بند ہو جائے دیگر غثیان لازم کو دور کرے مغز جھربیری پتی تلسی مصری ہر ایک ڈیڑھ تولہ مرچ نو ماشہ کوٹین اور باریک کرین اور سب کو سات مرتبہ آگ پر گرم کر کے پانی مین سرد کرین اور تھوڑا اس پانی سے اور تھوڑا شہد دوائی پیسی ہوئی مین ملاوین جس طرح گولی بنائی جاتی ہے بقدر جھربیری کے گولی تیار کرین اور ایک گولی کھلاوین

فصل وہ دوائی کہ کیچوے پیٹ کے باہر کرے اجوائن مغز کرنجوہ پلاس پاپڑہ کمیلہ بابرنگ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ باریک پیس کے ساتھ گڑ کے ملالین اگر مرد جوان ہو اور غلبہ گرمی کا ہو مجموعہ دو خوراک کرلین اور اگر لڑکا ہو موافق مزاج چار یا پانچ گولی بنا کر دین پیچھے کھانے پینے کے ایک گولی ہمراہ شربت بتاشہ کے کھلائین اور سلاوین کیڑے مر جاوین گے دیگر لڑکے کی مقعد مین چھوٹے کیڑے کہ جسکو چنے کہتے ہین دور ہون ارنڈ کے درخت کی کونپل نرم نرم ہاتھ سے ملین اور مقعد کے مقام پر باندھ دین کیڑے مر جائینگے دیگر تربد ایک درم خشیرک دو درم نرم کوٹ کے ساتھ پانی گرم اور شہد کے پلادین سب قسم کے کیڑون کو دور کرے دیگر کرم چھوٹے یعنی چنے دفع ہون شیرہ پتی بھنگرہ سیاہ کا اور شیرہ پتی دھتورہ کا اور شیرہ پان کا سبکو ملادین اور ہر روز دو مرتبہ انگلی سے پاخانہ کے مقام پر لگادین یا بتی ساتھ اُسکے آلودہ کر کے رکھین تین روز مین سب کیڑے باہر نکل آئینگے دیگر سم گھوڑے کا جلاوین خاکستر اُسکی شہد مین ملا کر کھلاوین دیگر نیب کی پتی بابرنگ کمیلہ ہر ایک سات ماشہ کوٹ پیسکے ایک تھیلی بھر کھلادین سب قسم کے کیڑے مر کر گرجاوین گے اور چاہیے کہ قبل اس کے کباب کھانے کی خواہش ہو دونون

سوراخ ناک کے ہاتھ سے مضبوط بند کر کے کباب کو کھلادین اس کے بعد دوا کھلادین ۔

فصل بیان ہیضہ مین

عوام اسکو باسی بھات کہتے ہین کپڑا زنگا ہوا نیل کا جلادین خاکستر اسکی ساتھ پیشاب آدمی کے ملاکر پلادین اگر بیہوش ہو تو ہوش مین آوے اور تنہا پیشاب بھی آدمی کا بھی فائدہ کرتا ہی دیگر چونا چنے برابر گولی بناکر ہلدی باریک کر کے چونے پر لپیٹ کر دو گولی کھلادین اور تلی کا تیل جا بجا اس مین ملاکر تمام بدن مین ملین دیگر گوند ببول ایک ماشہ کھلادین ہیضہ کو باز رکھے چرمدار کی کالی مرچ ہموزن لیکر مثل مرچ سیاہ کے گولی باندھکر کھلادین شدید ہیضہ کو مفید ہی اور شراب اور پیشاب بھی ہیضہ کو فائدہ دیتا ہی دیگر روٹی گیہون کی بہت دن کی رکھی ہوئی صاحب ہیضہ کو کھلاوین دیگر چھوٹی الائچی کا چھلکہ پانی مین تولہ دو تولہ جوش کر کے صاحب ہیضہ کو پلاوین دیگر واسطے ہیضہ لاعلاج کے مفید ہی بڑی چیونٹی سرخ سر اگر نہ ملے کالی چیونٹی پیس کر ساتھ ایک ماشہ مصطگی اور شہد کے ملاکر کھلادین دیگر نرسبی کوٹ کے یا تراش کے کھلادین صاحب نشے والے کو زیادہ دے دین ۔

باب امراض مقعد یعنی جاے ضرور کے بیان مین

فصل باہر آنے مقعد یعنی کانچ کے بستان روغن مین جلاکر حل کر کے کانچ پر لگادین مفید ہی دیگر کنول گٹہ کی پتی تر ہو دو ماشہ نو ماشہ گڑ مین ملاکر گولی باندھین اور صبح کو کھلادین دیگر راسنا کوٹ پیس کے ہمراہ دودھ یا پانی کے ملاکے اوپر کانچ نکلی ہوئی کے رکھین اور پٹی باندھ دیوین اگر درد شدت سے ہو بھنگ کوٹ پیس کے لگادین اور جن لڑکون کے بیٹھنے بڑھ گئے ہون وہ بھی اس دوا کے استعمال سے آرام پاتے ہین دیگر نوا صیر کو مفید ہی بلی کی پسلی آب سرد مین پیسین اور

ف اس مرض مین اگر ناخن سیاہ پڑجائین یا پیشاب بند ہوجاے یا تشنج (اینٹھن) اعضا مین ہووے یہ علامتین خراب ہین اور بخار کا آنا یا نیند آنا اچھی علامت ہی اگر خراب علامات بھی ظاہر ہون تب بھی طبیب مایوس نہو اور اخراج مادہ مین کوشش کرتا رہے اور جبتک معدہ غذا سے بالکل پاک نہوجاے غذا ہرگز نہ دی جاے اور جب تنقیہ معدہ کا بالکل ہوجاے تو ہلکی غذا سے مثل ماء الزلال یا آبجو کے شروع کرے اور رفتہ رفتہ غذا بڑھاتا جاے واللہ اعلم ۱۲ سید جعفر علی نگینوی ۔

طلا کرین دیگر دوا کہ کانچ نکلنے کو مفید ہے مریض پیشاب اپنے کو کسی برتن مین رکھے وقت پاخانہ پھرنے کے آب دست اُس سے لیوے تین مرتبہ پھر پانی سے پاک کرے تین روز مین آرام ہو جائیگا دیگر دوا کہ باہر نکلنے کانچ کو دور کرے چھلنی کا پوست جلا کے تھوڑا تھوڑا کانچ پر چھڑکین باہر نہ آوے گی دیگر بیج گل مہندی کے کوٹ کے چھڑکین اور لنگوٹ باندھین۔

فصل بواسیر مین۔ بواسیر دو طرح پر ہے ایک وہ کہ کنارے مقعد کے گوشت بڑھجاے خون نکلے یا نہین دوسرا وہ کہ مقعد پر کچھ معلوم نہ ہو لیکن شکم قراقر کرے کبھی کبھی دست خون کے آدین اور اسکو یونانی بواسیر بادی کہتے ہین اور عوام بواسیر بادی کو یہ کہتے ہین کہ زیادتی گوشت کی مقعد پر ظاہر ہو لیکن خون اُس سے نہ نکلے کھچڑی چاول سفید اور دال مونگ دھوئی ہوئی جسقدر کھائی جاے سات روز تک بے نمک کھاوے ساتوین روز پاخانہ کے مقام پر دانے مثل خشخاش کے ظاہر ہونگے انکو خوب دھوئے اور ضعف سے نہ ڈرے پھر وہی کھچڑی سات روز کھاوے بواسیر بفضل الٰہی دور ہو جاوے گی دیگر دوائی کہ خون بواسیر کو دور کرے اگرچہ کہنہ ہو سرمہ سُرخ ڈیڑھ تولہ زنگی ہڑ چھے تولہ بعضے تین تولہ ڈالتے ہین جدا جدا پیسکے پندرہ تولہ گڑ مین ملا دین اور بقدر جھربیری کے گولی باندھین ایک صبح کو اور ایک شام کو کھلا دین صبح کو ساتھ گھی کے اور شام کو ساتھ پانی کے اسی طرح اکیادن روز تک کھلا دین اور دو ہفتے تک ترشی اور بادی سے پرہیز رکھین غذا مین دو پیازہ اور روٹی کھاوین بعد تین روز کے عرق برگ پان سے لیکر ایک گولی حل کر کے روئی اسمین تر کر کے باسور پر رکھکر لنگوٹ باندھین اور سات روز تک کرین ایک عامل کا بیان ہے کہ دوا سات روز مین بواسیر کو گرا دیتی ہے ضرورت اکیادن روز کی نہین ہوتی اور ساگ چولائی اور روٹی خوب روغن مین تر کر کے کھلاتے رہین دیگر کیچوون کو روغن زیت مین جوش کرین اور قدرے سرکہ ملا کے مرہم بنا دین کپڑا پشمینہ کا اس مین تر کر کے بتی رکھین دیگر کھال شغال یعنی سیار کی اپنے پاس رکھے باسور نہو دیگر ساگ تجھوے کا یا بیج اسکے تلی کے تیل مین بھون کے کھلا دین قبض بواسیر کا دور ہو جاوے گا دیگر چند بجھولی کے تیل مین رکھکر شیشہ مین چالیس روز نیچے آفتاب کے

اسی کو خوب کوٹ کر پکالین اور وقت خواب مبرز پر باندھکر لنگوٹ کس لین چند روز کی مداومت سے یہ مرض بالکل جاتا رہے گا مجرب ہے ۲، سید جعفر علی نگینوی

رکھیں اور وہ تیل بواسیر پر طلا کریں دیگر ناگیسر اور مصری برابر لیکر دو ماشہ تناول کریں خون بواسیر کا بند ہو جائیگا اور درد ٹھہر جاویگا دیگر کچلہ کو جلادیں اور دھواں اسکا مقعد پر پہونچا دیں درد دفع ہو اور خون بند ہو دیگر کہ مسوں کو بٹھاوے اور نرم کرے اور درد کو سکون دے راسن وکھنگ ہر ایک چھہ تولہ میدہ گیہوں کا تین تولہ میدہ کو تل کے تیل میں بھونیں اور دوا باریک کرکے ملادیں اور پانی ڈال کے حلوے کے مانند پکا دیں اور مقعد پر باندھیں پھر لنگوٹ کسیں دیگر پھٹکری آدھہ پاؤ لیکر کاغذ سفید میں لپیٹیں اور جنگلی اپلے کے شعلے میں رکھیں تاکہ جوش مار کے خشک ہووے پھر اسکو باریک پیسیں اور پاؤ بھر روغن گاؤ میں ملا دیں اور نیب کی لکڑی (ایسے ظرف میں جسمیں دو تین روز دہی بنایا گیا ہو) سے دو تین روز گھسیں تاکہ سرخ ہووے اور خوشبو دیوے روئی اسمیں ترکر کے مقعد پر رکھیں اور لنگوٹ کھینچیں ایک دن رات بندھا رکھیں اسی طرح ایک ہفتہ تک عمل میں لاویں جملہ گوشت بڑھا ہوا گھلکر دفع ہو جاتا ہے اور اگر اسکے استعمال سے پہلے سوئے کے بیج پانی میں پکا کر مقعد پر باندھیں دو دن رات بعد اسکے مرہم مذکور لگا دیں جلد فائدہ بخشے مجرب ہے دیگر چونا مثل چھوٹے بیر کے گولی باندھکر کھلا دیں دیگر ہڑ بہیڑہ بڑی مائیں بکائن کے بیج برابر لیکر کوٹ کے دونی شکر ملا کر ہتھیلی بھر صبحکو کھلا دیں بواسیر خونی و بادی کو فائدہ بخشے دیگر چھال کرا کہ مشہور ہے اور نہایت تلخ ہوتی ہے کوٹ پیس کے دو ماشہ یا تین ماشہ تنہا یا ساتھ پانی یا شہد کے تین ہفتہ کھاویں خون بواسیر بالکل دفع ہو جاوے پرہیز ترشی اور بادی چیزوں سے کریں اور اگر شکم ملائم ہو گوشت بھی کھلا دیں دیگر پتے مدار کے بجائے کلوخ یعنی ڈھیلے کے لیویں بواسیر کو نافع ہے دیگر نیب کا تیل اوپر بواسیر کے ملنا نفع رکھتا ہے روغن تخم سودہ بھی ملنا اوپر بواسیر کے نفع رکھتا ہے دیگر شیرہ دھتورہ سیاہ کا ساتھ تلی کے تیل کے جوش کریں جب شیرہ جلجاوے اور روغن باقی رہے روئی آلودہ کرکے اوپر بواسیر کے رکھیں دیگر رسوت پوست کرا اندر جو ایس برابر لیکر کوٹ پیس کے شہد میں معجون بنا کر رکھیں اور تھوڑی معجون مذکور ساتھ دھوون چاول ساٹھی کے کھلا دیں دیگر کالی زیری ساڑھے چار تولہ آدھی بھونی آدھی بلا بھونی دونوں ملا کر تین حصہ کریں ہر ایک روز ایک حصہ کھلا دیں اور اس کے چاول ساٹھی کے ساتھ دہی کے دیویں دیگر چھال سرس تگر میٹھی صندل سرخ آنبہ ہلدی تخم بکائن بھنگ ہر ایک ڈیڑھ تولہ دودھ پھٹانی نو ماشہ سب کو کوٹ کے دو حصہ کریں ایک حصہ کو آدھ سیر دودھ گائے کا ڈال کے جوش کریں اور بھپارہ لیویں دوسرے حصہ کو گائے

کے گھی مین ملا کے ٹبدی باندھ کے سینک کرین اور باندھ دیوین درد اور ورم دور ہوجاتے دیگر کہ بواسیر کو
گرادے ایک ہفتہ مین مجرب ہی زخم حیات لاوین اور سایہ مین خشک کرین اور کوٹ پیس کے ہر رات
چھ تولہ ہمراہ گڑ کے کھا کر سو رہین اور صبحکو ایک ہتھیلی بھر اس دوا سے ہمراہ پانی کے کھاوین اور ترشی اور
بادی سے پرہیز کرین ایک ہفتہ مین بواسیر کو آرام ہوجاویگا زخم حیات ایک گھاس ہی کہ اوپر زمین کے
پھیلی ہوتی ہی اور نیچے اسکے تمام زمین چکنی معلوم ہوتی ہی اور یہ درخت گیہون کے کھیت مین اور کنارے دریا
کے بہت ہوتا ہی اور اسکی دو قسمین ہین ایک وہ کہ پتی چھوٹی اور بہت باریک ہو اور مطلوب یہی ہی دوسری وہ کہ پتی اسکی چھوٹی
ہو نسبت اول کے چوڑی ہو یہ کام کی نہین ہی دیگر کہ درد مقعد کو دور کرے کائی پانی پر کی لاوین اور اوپر مقعد کے
باندھین کہ گرمی اور درد دور کرے مجرب ہی دیگر املی کے بیج آگ مین ڈال کر بقدر ایک ماشہ کے پوست اسکے سے
کہ نہ جلا ہو جمع کر کے سفوف کرین اور ساتھ تین ماشہ دہی چکہ کے سات روز تک نہار کھاوین اور ترشی اور بادی اور
جماع سے پرہیز کرین بواسیر بند ہوجاویگی دیگر کہ خون بواسیر کو بند کرتی ہی آزمودہ ہی پوست املی
کے بیج کا کوٹ کے پیس کے مقدار چنے کے گولی باندھ کے تین روز تک یا زیادہ دیوین دیگر بواسیر خونی اور
بادی کو دور کرے پتی انبہ کی اور پتی آملہ کی اور پتی جامن کی اور مصری ہر ایک تین تولہ دودھ گاے کا کہ
ایک رنگ ہو آدھ سیر تینون کو کوٹ پیسکے شیرہ نکالین بغیر پانی ملانے کے اور اگر شیرہ بلا پانی کے
نہ نکلے تو تھوڑا دودھ داخل کرین پھر دودھ ملا کر پیوین یا فقط شیرہ ان تینون کا پیوین اور بعد اسکے
دودھ پیوین سات روز تک اسی طرح کرین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر تحلیل مسہاے باسور
مین مجرب ہی چمڑا گھونس کا کسی برتن مین جلاوین اور ایک کپڑا اُس کے منھ پر بند کرین تو دھوان اُس برتن
سے باہر نہ نکلنے پاوے اور دھوان اُسکا باسور تک پہونچاوین جس طرح مشہور ہی دیگر واسطے بند کرنے
خون اور دور کرنے کا بیخ اور بواسیر کے مجرب ہی درمیان چھنگلیا اور اُسکے پاس کی اُنگلی کے داغ دین
کپڑے کی بتی سے اور بعد اُسکے کپڑا بھگو کے اسجگہ ہمیشہ باندھین کہ خود بخود تراوش ٹھہر جائے اور بہتر یہ ہی
کہ داغ اوپر رگ اُسلیم کے دیوین کہ پاس چھنگلیا کے ہوتی ہی دیگر بواسیر کو فائدہ کرے اور خون کو بند
کرتی ہی کوے کی ہڈی کو جلا کر دھوان اُسکا مقام بواسیر مین دیوین دیگر زیادتی بواسیر کو دور کرتی ہی جڑ سناٹکی کی
ہمراہ عرق لیمون کے گھسین اور بواسیر پر ملین دیگر وہ گولی کہ حق بواسیر مین ایک بزرگ سے منقول ہی شورہ قلمی
بیج رسوت نگر کوٹی ہر ایک چھ تولہ سب کو کوٹ پیس کے عرق بھنگرہ مین اچھی طرح گولی بناوین اور صبح کو ایک

گولی کھاوین دیگر شورہ نرم کرکے اوپر دانون بواسیر کے ضماد کرین ایکساعت مقعد کو نرم آگ پر رکھین اور
چند روز اسی طرح کرین دانہ بواسیر کے مرجھا کر گر پڑینگے آزمودہ ہی دیگر کہ واسطے خون بند کرنے کے مجرب ہی
مرغ کا انڈا جوش کرین اور پوست جدا کرکے جسقدر کہ ہاضمہ کو ضرر نہ کرے ہمراہ پودینہ کے کھاوین
دیگر کہ خون بند کرتی ہی بلہل کہ دواے مشہور ہی اس کو لیوین اور ایک جوش دیوین اور پانی جوش کیے ہوئے
سے آب دست لیوین اور پتے جوش کیے ہوئے کے تئین پھر پکاوین جیسا کہ ساگ کو پکاتے ہین اور ہمراہ
خشکہ کے بقدر مناسب کھاوین خون زیادہ آتا ہوا بند ہو جائے دیگر خون بواسیر کو بند کرتی ہی
پوست پھل بکائن کا ڈیڑھ تولہ کالی مرچ تین تولہ مصری نو تولہ کوٹ پیسکے دو ماشہ صبح اور تین ماشہ
شام کو کھاوین بادی اور ترشی سے پرہیز کرین اور اگر دفع کرنا قبض کا منظور ہو بتھوہ کا ساگ کھاوین
دیگر سبز پتی انبہ کی ملکر بجاے تماکو کے حقہ مین رکھکر کھینچین بواسیر دور ہوگی خونی ہو یا بادی دیگر بواسیر کے
خون بند کرنے مین مجرب ہی گوکھرو سبز لیوین اور پتی نرم اسکی مع گوکھرو نرم گھی مین نمک ڈالکر پکاکر کھاوین
مفید ہی اور اگر گوکھرو نرم لائق ساگ کے نہون تو انکا عرق کھینچکر استعمال کرین دیگر ناگیسر تین تولہ
پھٹکری نو ماشہ شکر سفید پونے چار تولہ کوٹ پیس کے چودہ پڑیان باندھین صبح ایک شام ایک
ساٹھی کے پانی کے ساتھ کھاوین دو تین روز مین نفع ہوگا لیکن جو شخص کہ کھانسی خشک رکھتا ہو اور
پھیپھڑہ اسکا ضعیف ہو اسکو پھٹکری نہ دینا چاہیے کہ یہ پھیپھڑے کو بہت مضر ہی دیگر بائین ہاتھ
کی خنصر و بنصر یعنی چھنگلیا اور اس کے پاس کی انگلی کے درمیان داغ دینا واسطے بند ہونے
خون بواسیر کے مجرب ہی اور داغ کرنا جگہ جوڑ ہنسلی پر واسطے بواسیر بادی کے مجرب ہی اور بائین ہاتھ کے
انگوٹھے کی جڑ سے پشت کی طرف چھ انگل مونڈھے کی طرف ناپین اور جس جگہ چھٹی انگلی پہونچے
وہین اس بتی سے داغ دین اور داغ پختہ چاہیے یعنی خام نہو اور بعد داغ دینے کے دو تین روز مرہم خر
زخم پر رکھین تو زخم تراوش یعنی بہا کرے بعد اس کے پرانی روئی پانی مین تر کرکے زخم پر رکھتے رہین اور
جو آلائش کہ زخم سے نکلے پاک کرین اور پھر روئی صاف لعاب منہ سے تر کرکے زخم پر رکھین دو تین
مہینے اسی طرح داغ کو خشک نہونے دین یعنی تراوش بند نہونے پائے بعدہ جب زخم کو خشک کرنا
چاہین یہ دوا کرین یعنی تیل چنبیلی کا روئی تر کرکے اوپر زخم کے رکھین اور چاہیے یہ داغ کہ بعد سولھوین
مہینے کے چارشنبہ کے دن ہو اور بعد داغ کے نفع جلد حاصل ہوگا اور خون بند ہو جاوے گا اور

کیسی ہی بواسیر ہو اس دوا سے دفع ہو گی لیکن برسون مچھلی اور دودھ اور بیگن اور مثل اسکے سے پرہیز کرین اگر اتفاق سے کسی کو یہ بیماری پھر ہوئی سبب اسکا یہ ہوگا کہ چیزین منع کی گئی مذکورہ کھائی ہین آزمودہ ہے دوائی کہ بند کرنے خون بواسیر مین آزمودہ ہے نواب افراسیاب خان سے نکل چکیند کہ دو ماہندی مشہور ہے باریک کوٹین اور بقدر تین چار ماشہ کے گھی اور شکر مین ہر ایک ایک تولہ ہو حلوا ایکا کے کھاوین دیگر تن آدھ سیر چونا نو تولہ عالمگیری تن کو کھرل مین ڈال کے دستہ سے ہلاوین تو بھوسی اس کی نکل جاوے بعد اس کے ڈھائی پاؤ پانی مین جوش دیوین جبکہ ڈیڑھ پاؤ پانی رہجائے اُتار لین اور چونا قدرے اس پانی سے حل کر کے نرم آگ پر رکھین اور پانی بچے ہوئے تن کو تھوڑا تھوڑا بیچ اس کے ڈالین تو تمام جذب ہو جاوے اور چونا گاڑھا ہو جاوے پس بقدر جھربیری کے گولی باندھین اور ایک گولی دہی کے ہمراہ صبح کو کھاوین بادی اور ترشی سے پرہیز کرین بواسیر خونی اور بادی کو دفع کرے اور زیادتی گوشت کو تحلیل کرے اور ایک ہفتہ کھاوین اور اگر بعد دو تین مہینے کے پھر جاری ہووے پھر ایک ہفتہ کھاوین دوسری بار یہ شکایت نہ ہوگی اور چونا چاہیے کہ بھبکا ہوا ہو جو ہمراہ پان کے کھاتے ہین۔

بیان امراض گردہ و مثانے مین

فصل جلن پیشاب اور سنگ گردہ مین۔ واسطے جلن پیشاب کے نا کنج کی ٹکیان کہ ترکیب اس کی مشہور ہے ساتھ شیرہ تخم خیارین کے اور کاسنی کے پیوین جلن پیشاب کی جو سبب گرمی اور پھوڑے کے ہو دور ہو جاوے دیگر گوکھرو ہلیلہ بلیلہ آملہ مرچ سونٹھ پیپل ہر ایک ساڑھے چار تولہ موتھا ڈیڑھ تولہ گوگل ساڑھے دس تولہ پہلے گوکھرو کو چھ گنے پانی مین جوش کرین جب چوتھائی پانی رہجاوے پس ہلاوین اور درمیان اس پکنے کے گوگل چھوڑ دین اور پکاوین تو مانند حلوے کے ہو جاوے نیچے اتار کر باقی دوائین کوٹی ہوئی اسمین ملاوین اور وزن نو تولہ یا کم موافق حال مریض کے دیوین جلن پیشاب کی جس قسم کی کہ ہووے دور ہو جائے خصوصاً اس شخص کو کہ سردی سے ہووے اور جاننا چاہیے کہ دوائین جلن پیشاب کی پرمیہ مین ذکر ہو چکی ہین دیگر سنگ مثانے کے تئین دور کرتی ہے مجرب ہے کلتھی تین ماشہ سونف چار تولہ جو کوب کر کے بقدر چار پیالہ پانی مین جوش کرین جس وقت کہ ایک پیالہ

رہے صاف کرکے ڈیڑھ تولہ سنگ نمک نو ماشہ روغن گاؤ ملا کے تھوڑا تھوڑا پیوین کہ سنگ گردہ و مثانہ
گرپڑے دیگر پتھری گردہ اور مثانہ کو مفید ہے مغز تخم ٹینٹھہ ساڑھے چار تولہ عالمگیری پلا دین اور ٹینٹھہ کا چھلکا
چڑھے پر باندھین دیگر سنگ گردہ کو مفید ہے مسکہ مین سہاگہ بریان کو اسقدر پیسین کہ قابل گولی بنانیکے
ہو جاوے اور گولی باندھکر حسب ضرورت دین دیگر پیشاب کی جلن اور خونی پیشاب کو مفید ہے آملہ
ایک تولہ ہلدی ایک تولہ شہد ایک تولہ سب دواؤن کو کوٹ چھان کر ہمراہ شہد کے کھاوین یہ ایک
خوراک ہے اسی طرح سے سات دن تک یا زیادہ تک کھلاوین اور اگر مزاج مین گرمی ہو بجاے شہد
کے شکر ملالین واقعی ایک تولہ ہلدی بہت زیادہ ہو جاتا ہے کہ پہلے تین چار ماشہ ہلدی آملہ اور
شہد سے علاج کرین اور حسب مزاج اضافہ کرین دیگر کہ سنگ گردہ اور مثانہ کو گرادے تین روز
تک دوا دیجاوے شکر سرخ آدھ سیر پانی ڈیڑھ سیر شکر کو پانی مین ڈال دین اور چھان لین اور یہ
شربت پلا دین دیگر درد گردہ کو فوراً نفع دے چوڑا برتن تانبے کا قلعی دار آگ پر رکھین اور عرق بیدمشک
اُسمین ڈال دین اور ایک تولیہ کے دو مین تہ کرکے اس عرق مین ڈال دین جب گرم ہو جاوے مقام
درد کو اس سے سینکین جب تک یہ تولیہ ٹھنڈا ہو دوسرا تولیہ اس عرق مین ڈال دین اور اسی طرح
سینکتے رہین دیگر گردہ پر جونک لگاوین اور سینگی کھچوائین بہت نافع ہے دیگر کہ خونی پیشاب کو نفع دے
مولی کا عرق ڈیڑھ تولہ اور ڈیڑھ تولہ عرق گلاب ملا کر تین روز تک پیئین اور گرم غذا سے پرہیز کرین
دیگر واسطے زخم مثانہ و بیماری کے مہندی دھنیا زیرہ سفید آملہ ملیٹھی تخم خیارین تخم کاسنی بربارا
گوکھرو ریوند چینی نشاستہ ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھانکر ہموزن اس کے شکر ملا کر نگاہ رکھین اور
سات ماشہ ہمراہ آب سرد کے دین اور ترشی اور گرم چیزون سے پرہیز کرین دیگر گل ٹیسو پانی مین جوش
کرین اور اُسکا بھپارہ مثانہ کو دین اور اس کے پانی سے تریڑا کرادین تاکہ سنگ مثانہ پھسل جاوے
فصل پیشاب رکنے اور پتھری کے بیان مین دو ماشہ پاکم پارہ لیکر سوراخ ذکر مین ڈال دین فوراً
پیشاب آجاوے اگر پیشاب بوجہ پتھری اور سوجن کے رکا ہو دیگر لیمون کے دو ٹکڑے کرکے اسکے بیج
نکال ڈالین اور اسمین شورہ قلمی بھر دین اور چاقو کی نوک سے نیچے تک پہونچا دین پھر لیمون کو آگ پر
رکھین جب جوش آجاوے اتار لیوین اور ٹھنڈا کرکے ناف پر اور اُسکے گرد مین پیشاب فوراً آجاوے
دیگر مولی کا کھار ناف پر رکھین پیشاب کھلجاوے اور اگر دو رتی کھاوین سنگ مثانہ دفع ہو دیگر تیل

رینڈی کا ساڑھے چار تولہ گرم پانی مین ملاکر پیوین پیشاب صاف ہوگا یہ دوا اُسوقت دیوین
کہ کوئی دوا فائدہ نہ کرے دیگر کنگھکنی تین ماشہ یا کم وزیادہ لیکر پیسین اور گھی مین ملاکر دین اور
اوپر سے ایک چمچہ دہی کا پلادین دیگر صعتر پانچ تولہ ہینگ تین ماشہ دونون کو ٹکر آدھے پیالہ پانی
مین جوش کرین جسوقت کہ چھ پیسہ بھر باقی رہے صاف کرکے دیوین اور جانین کہ رعایت مزاج کی
ضروری ہے جو چیز کہ گرم ہے جب تک مزاج سرد نہ ہو دینا نہ چاہیے دیگر پیشاب جاری کرتا ہے
مجرب ہے حکیم ابراہیم گیلانی سے شورہ قلمی اور رائی ہر ایک آدھ سیر شاہی باہم پیس کے پانی
کرکے صبح کو پلاوین کہ بند پیشاب جاری کرنے مین عجیب ہے دیگر کہ بند پیشاب کو کھولے بھینس کے
کان کا میل مریض کی ناف پر ملین فوراً پیشاب لائے مجرب ہے **حکایت** اکبر بادشاہ کا
پیشاب بند ہوا تھا اور کسی دوا سے نہ جاری ہوتا تھا آخرالامر حکیم مصری نے تین تولہ
شورہ قلمی پانی مین پیس کر پلایا اور بعد دو گھڑی کے دو مرتبہ پھر دیا اللہ تعالیٰ نے شفا بخشی
فصل دوائون سلسل البول یعنی پیشاب ٹپکنے کے بیان مین کالے تل اجوائن برابر پیسین
اور گڑ مین ملاکر گولی باندھین مقدار نو ماشہ کے کھلاوین دیگر ناگرموتھ چار ماشہ باریک کرکے
کھلاوین دیگر سیلان البول کے تئین کہ بسبب ضعف گردے کے ہو ماسوا اسکے ہو فائدہ دیتی درخت
لسوڑھے کی نرم یعنی کونپل چند عدد دیگر ہمراہ شکر سرخ کے کھاوین دو تین روز مین دفع ہو دیگر
مصری ناگیسر پیپل زیرہ سفید انار دانہ لونگ سب کو باریک کرکے ہمراہ شہد کے کھاوین دیگر مرغ کے
انڈے کا پوست گائے کے گھی مین بھون کر پیسین ایک درم یعنی ساڑھے چار ماشہ ہر روز کھاوین
فصل اُن دوائون مین کہ مرد کی سستی اور شہوت عورت کی توڑین پھٹکری بھونی ہوئی ایکماشہ
یا دو ماشہ ہمراہ شربت مصری کے ملاکر ہر صبح کو کھلادین دیگر وہ برگ کہ گیندے کی قسم سے ہے تخم اسکے لیکر
کوٹ پیس کے نو ماشہ کھلاوین دیگر سپاری چھالیہ درخت کیلہ مین دو ہفتہ تک رکھین اس طریق پر کہ درخت
کے تئین خالی کرین اور بعد دو ہفتہ کے نکالین اور عورت مستی والی کو دیوین شہوت کم ہوگی دیگر دھونی کہ
بند کشاد یعنی مقام پیشاب کا بڑھاوے اور سوزاک کو مفید ہے اسپند کو کسی برتن مین جلاکر چادر سر پر تانین
اور مرد قضیب اسکے دھوئین پر رکھے جلد پیشاب آویگا دو تین روز تک اسی طرح کرتے رہین فائدہ ہوگا اور
کہا ہے کہ اسپند کو سنیچر کے دن لاوین اور اتوار سے دھونی شروع کرین منگل تک۔

باب ان امراض مین کہ مردون کیواسطے مخصوص ہین اور عورتون کو بھی بعض مرض اُس سے لاحق ہوتا ہے

فصل - دواؤن سیلان منی اور سوزاک اور پرمیو اور بندکشاد اور سرعت انزال کے بیان مین دوا کہ سیلان منی اور سوزاک اور پرمیو اور بندکشاد کو نفع دے بیضۂ مرغ لیکر اُس کی سفیدی علیحدہ کرین اور زردی محفوظ رکھین بعدہ مشک اور زعفران اور لونگ اور جاوتری ہر ایک دو رتی پیپل مرچ سیاہ چار رتی سب کو باریک پیسکے زردی مذکورہ مین ملاوین اور انڈے کو ماش کے آٹے مین رکھکر گرد تی کرکے لٹکا رکھین اور صبحکو کھلاوین اسی طرح تین روز تک کرین دیگر واسطے سیلان منی کے مفید ہے تبتریک چار ماشہ سریالہ ڈیڑھ تولہ ہلدی آدھ ماشہ عناب چار عدد دو عدد عناب سے بیج جدا کرین اور دو عناب مین گٹھلی باقی رکھین پھر ہر ایک دوا کے تین حصہ کرکے ٹکرا یکجا کرکے پانچ حصہ کرین اور ایک حصہ صبحکو ہمراہ دودھ بکری کے کہ ڈیڑھ پاؤ ہو پیوین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر بندکشاد اور پرمیو کو مفید ہے سرپالی تین تولہ رال تین تولہ شکر سرخ چھ تولہ کوٹ پیسکے سات حصہ کرین ہمراہ گاے کے دودھ کے یا ساتھ بکری کے دودھ کے ہر صبحکو ایک حصہ کھاوین سات روز تک دیگر دھوئی لینا اسپندکا کہ فصل مستی مردون اور عورتون مین مذکور ہے واسطے بندکشاد اور سوزاک کے مفید ہے استعمال کرین دیگر ست سلاجیت ست آفتابی ست گرج دانہ چھوٹی الائچی ونال کھاناد گند حک آنولہ سار ہر ایک ایک مثقال یعنی ساڑھے چار ماشہ مصری دوچند خوراک حسب حال مریض دیگر میدہ لکڑی صمغ بلاس پا ٹرہ ساوی کوٹ پیسکے یک کفدست صبحکو ہمراہ دودھ بکری کے کھلاوین غذا روٹی بے نمک ساتھ بہت گھی کے اکیس روز تک دیوین کہ پرمیو بھی جاتا رہے دیگر گل کیکر چنے بھونے ہوئے شکر سفید ہر ایک نو ماشہ صبحکو کھلادین دیگر بندکشاد و سیلان منی کو دور کرے ثعلب مصری مغز تخم سرس لاکھ دھوئی ہوئی ہر ایک دو تولہ کوٹ پیسکے پاؤ بھر دودھ عرق بڑ کا پانی مین ملاوین اور کھرل کرین تا غلیظ ہو پس بقدر جھڑ بیری کے گولی باندھکر صبحکو ایک دیوین سات روز تک مجرب ہے اور بعضے نقرہ کشتہ اور سونا کشتہ دیا قوت و مروارید ہر ایک چھ ماشہ اس دوا مین زیادہ کرتے ہین دیگر السی بھونی ہوئی تھیلی

ع بڑ جس کو لکھنو مین برگد کہتے ہین ۱۲ مصحح

پھر کھلاوین دیگر ثعلب مصری پانچ ماشہ کوٹ چھانکر ساتھ پاؤ بھر دودھ گاے کے دیوین اوپر اسکے
بعد دو گھڑی یہ سفوف بمقدار دو تولہ استعمال کرین تالمکھانہ کھیر کا گوند شکر سفید برابر لیکر
کوٹ پیسکے سفوف کرین اور پیچھے اس سفوف کے چار تولہ چنے کہ رات کو پانی مین تر کیے ہون نوش
کرین سرعت انزال و بند کشاد دور ہو جاوے دیگر گاے کا دودھ ایک سیر یا آدھ سیر بسبب مزاج اور
دودھ سے دو چند پانی خرمہ چار عدد چھال جڑ اونٹ کٹارہ ڈیڑھ تولہ پانی اور دودھ اور چھوہارے کو
خوب پکاوین اور چھال کو لتہ مین باندھکر دودھ مین ڈالدین اور جوش کرین تاکہ پانی جلجاوے اور
دودھ رہجائے بہت مبہی اور مقوی بدن ہے دیگر کائی تالاب کی مٹی کے برتن مین رکھکر آگ پر رکھین تا
خشک ہو جائے برابر اسکے شکر ملاوین اور بمقدار چار ماشہ یا زیادہ صبحکو دیوین سیلان منی دور ہووے
دیگر حلوا کہ پٹھیکو مضبوط کرے درد گردہ و کمر کو دفع کرے اور منی کو گاڑھا کرے تخم املی ایک تولہ گوند ڈھاک
ایک تولہ نشاستہ ایک تولہ نبات سرخ تین تولہ گھی چار تولہ اول گھی کو گرم کرین اور اسمین نشاستہ بھونین
پھر املی کے بیج اور ڈھاک کا گوند باریک کرکے ڈالین اور مصری کو پانی مین گھول کر ملادین اور پکادین
کہ حلوا ہووے یہ ایک خوراک ہے تین روز بلکہ پانچ روز اسی طور کھلادین و حسب مزاج کم و زیادہ کرین
دیگر کہ پرمیو عورتون کو نفع دیوے دودھی چھوٹی سایہ مین خشک کرکے زیرہ سفید گوکھرو ہر سہ برابر کوٹ کے
برابر اسکے شکر سفید ملا کے ایک تولہ تین وقت صبح ظہر شام کو کھلاوین پرمیو سرخ و سفید دور ہووے دیگر
کچیلہ و مرچ سیاہ مساوی لیکر کوٹ کے دو پہر یا چار پہر کھرل کرین اور ساتھ پانی کے بقدر جوار گولی باندھین
اور سایہ مین خشک کرین پہلے ایک گولی کھلاوین اور ہر روز ایک گولی زیادہ کرین نوین روز نو گولی ہوجاوین
پھر ایک سال تک نو گولی مقرر کرین اگر کوئی ایک سال تک اس دوا کو کھاوے از سر نو جوان ہووے
اور پرمیو اور درد کمر کو تھوڑے دنون مین دفع کرے لیکن یہ دوا سرد مزاجون کو نافع ہے اور کچیلہ خوب
باریک نہین ہوتا ہے اسکو پانی مین تر کرکے ورق ورق چھری سے کاٹین پھر سایہ مین خشک کرکے کوٹین
کہ یہی طریقہ اس کے کوٹنے کا ہے دیگر اجوائن گلو ہلیلہ بلیلہ ہر ایک سوا گیارہ ماشہ جوکوب کرکے آدھ سیر
پانی مین جوش کرین جس وقت آدھ پاؤ پانی باقی رہے ڈیڑھ تولہ شہد ملاکر شیر گرم پلاوین بند کشاد دور
ہو گا دیگر تالمکھانہ ڈھاک کا گوند نشاستہ برابر لیکر کوٹین اور مساوی اسکے شکر سرخ ملاکر کھاوین دیگر نیا
تالمکھانا نو ماشہ کپڑے مین چھان کر کیلے مین بھرین اور رات بھر رکھین صبحکو وہ کیلہ مع دوا بھری ہوئی کے

کھاویں دیگر راوند خطائی چودہ روز تک ساتھ شربت مصری کے کھاویں اور غذا سوائے خشکہ اور گھی اور شکر کے اور کچھ نہ دیویں پرمیو جس قسم کا ہو دور کرے پہلے روز ایک ماشہ راوند کھلادیں دوسرے روز ایک ماشہ زیادہ کریں جب سات ماشہ تک پہونچے چودہ روز تک سات ماشہ کھلادیں اور کبھی موافق برداشت کے زیادہ کریں اور یہ دوا سوزاک کو اور جو شخص خون کا پیشاب کرتا ہو اسکو بھی نافع ہے دیگر واسطے خون کے پیشاب کرنے اور سوزاک کے مجرب ہے راوند خطائی ڈیڑھ تولہ کوٹ پیس کے تین حصہ کریں اور ہر حصہ کہ سات ماشہ کا ہو پانی سے گولی باندھیں اور نیچے حلق کے گولی اتاریں پیچھے اسکے سات تولہ مصری کا شربت گاڑھا نوش کریں تین روز تک دیگر کہ سوزاک اور سیلان منی کو مجرب ہے دھنیا خشک سونف ہر ایک نو ماشہ کو کنار ساڑھے چار ماشہ تینوں دوا کو جو کوب کر کے اس پیالہ میں کہ جسمیں پانی نہ لگا ہو ڈیڑھ پاؤ پانی ڈال کر شب کو رکھیں اور صبحکو بغیر ملے ہوئے چھانکر نوش کریں ایک شخص بیماری سخت رکھتا تھا بارہ روز تک اس نے اس دوا کو نوش کیا صحت پائی باوجود اسکے کچھ پرہیز نہ کیا ترکیب اندری جھاڑ یعنی برلائے والی مادہ کی بول سے یعنی پیشاب سے اور پاک کرنے والی آلات تناسل کی نئی مولی کی آدھ سیر کوٹیں چار پانچ پیسہ بھر عرق نکلے گا اسمیں مقدار ایک ماشہ یا دو ماشہ کے شورہ قلمی ملا کر تین روز تک نوش کریں یہ دوا بڑی پیشاب لانیوالی ہے دیگر سوزاک اور سیلان پیپ قضیب کو دور کرے لونگ عاقرقرحا گوکھرو گوگل کافور چنیاں افیون خالص گرم ہر ایک ساڑھے چار ماشہ لیکر کوٹیں اور انتیس گولی باندھیں ایک گولی کو پھینک دیں اور باقی چودہ روز تک ایک صبحکو اور ایک شام کو کھلادیں مگر شام کو ساتھ پانی کے کھاویں اور غذا گیہوں کی روٹی بے نمک ساتھ بہت گھی کے کھاویں دیگر واسطے سوزاک کے مفید ہے کباب چینی ساڑھے سات ماشہ بنگ یعنی قلعی کشتہ ڈیڑھ تولہ لیکر باریک پیسیں اور اس کے برابر مصری ملادیں اور نو ماشہ اس دوا سے ہمراہ تین تولہ دہی کے ملا کر صبح کو کھاویں ترشی اور بادی سے پرہیز کریں دیگر واسطے پرمیو اور سوزاک کے کہ کسی دوا سے دور نہ ہوتا ہو دور کرے پھٹکری بریان ایک ماشہ اور مصری ایک ماشہ دونوں کو باریک کر کے جس وقت پیشاب کریں اس وقت نوش کریں اور اوپر اس کے دودھ اور پانی کہ برابر ہیں اسکو لسی کہتے ہیں پیویں اور یہ سب پانچ روز تک کریں مگر وقت پیشاب کرنے کے بہت جلد فائدہ ہوگا اور اگر سات روز تک دیویں بہت خوب ہے اور مرض پرانے کو دور کرے اور اگر مریض جوان ہو

دو ماشہ پھٹکری دیسکتے ہین مثلاً ڈیڑھ تولہ پھٹکری بریان اور ڈیڑھ تولہ مصری کے سات حصہ کرکے
روزانہ چار ماشہ دین جب وقت پیشاب کا وقت ہو اسی وقت دوا کھائین اور فوراً لسی پیوین لسی
پاؤ بھر تک پی سکتے ہین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر اُرد یعنی ماش چھلے ہوئے اور مغز تخم املی
برابر لیکر بھونین اور ہموزن اُسکے شکر ملاوین ہر صبح کو ایک ہتھیلی بھر ساتھ دودھ گاے کے کھاوین پرمیو
اور پیشاب ٹپکنے کو نافع ہے اور بند کشاد کو فائدہ دیوے دیگر دوائی کہ زخم اندرونی قضیب کو بھر لائے
نیلا تھوتھا تین ماشہ پھٹکری چھ ماشہ دونون کو پانچ سیر پانی مین جوش کرین جب وقت تین سیر پانی
باقی رہے شیشہ مین بھر رکھین اور تھوڑا اس سے لیکر قضیب مین ٹپکاوین اور اگر زخم تک ٹپکانے
سے دوا نہ پہونچے پچکاری سے دوا پہونچاوین شروع مین دو تین دن خون آوے گا اس سے نہ ڈرین کہ یہ
علامت زخم کے صاف ہونے کی ہے اور اگر درد بہت ہووے عورتون کے دودھ سے پچکاری لیوین
تا درد جاتا رہے اور پھر اس دوا کو کام مین لاوین زخم خشک ہو جائے گا دیگر دوائی کہ جلن پیشاب کو
نفع دے اور حرارت کو دور کرے صندل زرد اور سفید اور سرخ ہر ایک دو رتی کاسنی کافور ہر ایک
چار رتی مصری دو تولہ مصری کو پانی مین حل کرکے اور دواؤن کو باریک کرکے ملاوین اور نوش کرین مجرب ہے
دیگر واسطے سیلان منی اور مذی اور ودی کے مجرب ہے تخم املی بھونین اور پوست دور کرکے برابر شکر سفید ملا کر ہمراہ
دودھ کے ایک ہتھیلی بھر کھاوین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر کہ واسطے زخم مثانے اور زخم احلیل یعنی زخم ذکر
کے اور خون آنے پیشاب مین مجرب ہے مہندی اور دھنیا خشک زیرہ سفید آملہ ملیٹھی تخم خیارین
کاسنی سروالی گوکھرو ریوند چینی گلاب کے پھول نشاستہ ہر ایک ایک تولہ کوٹ پیسکے برابر سب کے
شکر سفید ملا کے چھ ماشہ ہر روز کھلاوین ترشی اور بادی اور گرم چیزون سے پرہیز کرین دیگر سیلان
منی اور مذی اور ودی کو دور کرے تخم سداب یعنی تتلی کے بیج کوٹ کے برابر اس کے شکر ملا کے ہر صبح
ایک تولہ کھلاوین دیگر کہ بند کشاد اور سیلان منی کو دفع کرے پوستہ سونٹھ گوکھرو گل دھاوا
ٹھرزنگی ہر ایک تین تولہ شکر یا مصری برابر دواؤن کے کوٹ پیس کے چھ ماشہ یا زیادہ موافق
حاجت کے ساتھ پانی کے دیوین دیگر سیلان منی اور مذی اور ودی اور سرعت انزال کو دور
کرے اگر عورت کو دیوین تو اسکی فرج کو تنگ کرے ایک بیضہ مرغ یا جس قدر منظور ہو سفیدی
زردی اسکی دور کرے اور پردہ بھی اسکا نکال کے پوست سخت اسکا ظرف چینی مین رکھکر

عرق لیموں کا اسمین اس قدر ڈالین کہ ایک انگل اوپر رہے اور منھ ظرف کا بند کر کے چھوڑ دین جب
آب لیموں جذب ہو جاوے پھر آب لیموں ڈالین اسی طرح تین مرتبہ آب لیموں جذب کرائین بعد
اس کے مٹی کے برتن مین رکھکر گل حکمت کرین اور جنگلی اپلون مین گڑھے گز سوا گز مین آنچ دیوین
پھر نکالکر دو مرتبہ اور اسی طرح آنچ دیوین چھلکا بیضہ کا سفید ہو جائے گا احتیاط سے رکھین اور
دو رتی اس سے ساتھ شہد کے ملا کے کھلا وین اور ترشی سے پرہیز کرین دیگر کہ بندکشاد کو دور کرے
بکھان بید سیبی کتھہ گل ارمنی پوست درخت سنبھل مصری چنے بریان الائچی خورد ہر ایک ایکماشہ
سب کو کوٹ پیس کے سات گولی باندھین صبح کو سات روز کھلا وین دیگر برائے بندکشاد یادگار از
سید شاہ عبد اللہ قادری گھنگچی سفید عرق برگ کریلہ مین پیس کے فتیلہ موافق مرضی بنا کر گھنگچی بمائیدہ
فتیلہ پر لیپ کر کے ایک ساعت سوراخ ذکر مین رکھین بندکشاد دور ہو جاوے دیگر برائے سوزاک
دو ہفتہ کھاوین مجرب ہے کباب چینی ڈیڑھ تولہ باریک کر کے دہی کو پارچہ مین باندھکر لٹکا دین کہ
پانی ٹپک جاوے اور چکہ دہی رہجاوے کباب چینی ملا کے مثل چٹنی کے چٹا دین سوزاک دفع ہو
اور اگر مرد خون کا پیشاب کرتا ہے ایکدم بدستور دوا مذکو رکھاوے خون دفع ہو جاوے ترشی اور بادی
سے پرہیز رکھے دیگر برائے سوزاک و جریان و ورم مجرب ہے شورہ قلمی بڑی الائچی چھلی ہوئی ہر ایک
ڈیڑھ تولہ دونون دوا کوٹ پیسکے چھ پڑیان باندھین ایک صبح اور ایک شام کو ہمراہ پانی کے کھلا دین
تین روز تک چوتھے روز چاول ساٹھی دو تین پیسہ بھر پانی مین تر کرین صبحکو پانی اسکا پلا دین اگر
چاول بھی پیسکے دیوین تو بہتر ہے تین روز تک چاولوں کا پانی دین نمک سے اور ترشی سے پرہیز رکھین
دیگر بندکشاد کو دفع کرے املی کے بیج آدھ پاؤ باریک کر کے ساڑھے چار تولہ تبلوجن اور برابر اسکے
شکر ملا کر رکھ چھوڑین اور ایک تولہ ہمراہ دودھ گاے کے کھلا وین دیگر ہلدی چھ ماشہ آملہ ایک تولہ رات کو
پانی مین بھگو کر صبح کو پانی مین دو تولہ شہد ملا کر پلا وین دیگر کہ سوزاک اور بندکشاد کو مفید ہے صمغ ناگوری تخم
ببول زیرہ سیاہ ہر ایک اکیس ماشہ کوٹ پیسکے برابر اس کے شکر ملا کے دو تولہ پاؤ بھر دودھ کے
ساتھ کھلا وین وقت سونے کے چھ ماشہ دیوین تین روز تک دیگر سیلان منی اور سرعت انزال کو
فائدہ دیوے تخم تلی دس ماشہ تخم کرفس دس ماشہ تخم فرنجمشک سات ماشہ چنبیلی کی جڑ سات ماشہ
کلی انار کی گلاب کے پھول ہر ایک سوا دو تولہ کوٹ پیسکے نگاہ رکھین اور سات ماشہ دہی ملا کر

کھلاوین دیگر سفوف بندکشاد ثعلب مصری چھ تولہ اسگندھ چھ تولہ جاوتری چھ تولہ لونگ آٹھ ماشہ عاقرقرحا دو ماشہ مصری ساڑھے نو تولہ کوٹ پیس کے بیس خوراک کرین اوپر اس کے دودھ گلے کا سوا سیر جوش کرکے جبکہ تہائی رہے پلاوین دیگر سنگھاڑہ نشاستہ گوند ناگوری بالچھڑ گوند ڈھاک سونٹھ ہر ایک ڈیڑھ تولہ چنے بھنے ہوئے پونے دو تولہ ماٸین دانہ الائچی چھوٹی کشتہ قلعی ہر ایک سات ماشہ شکر دس تولہ ملاکے چھ ماشہ کھلاوین۔

فصل ادویہ قوت باہ مین بچہ مرغ کہ نر ہو اور جفتی نہ کھائی ہو آٹا گیہون کا گھی مین ملاکے گولیان بناکر چودہ روز تک کھلاوین کہ خوب موٹا ہو ہرتال طبقی ایک تولہ لیکر اکیس حصہ کرین اور ایک حصہ ماش کے آٹے مین ملاکے جوار کے برابر گولی باندھین اور ایک گولی روزانہ اسکو کھلاوین اور سوائے آرد ماش اور جوار کچھ نہ دیوین اور پانی دینے کے خبرگیران رہین کہ پیاسا نہ رہے بعد اکیس روز کے ذبح کرکے آلایش پاک کرکے سیر بھر گاے کے گھی مین دم پخت کرین بعد اس کے شہد خالص کسی ظرف مین اسقدر بھرین کہ مرغ دم پخت کو چھپالیوے اور سات روز تک زمین مین دفن رکھین پھر نکالکر ڈیڑھ تولہ گوشت اسکا لیکر ساتھ تھوڑے شہد کے جو اسمین پڑا ہوا ہے کھلاوین اور واسطے خوشبو کے دارچینی ملاوین تو مضائقہ نہین وقت کھانے کے ترشی اور بادی سے پرہیز کرین غذا مرغن ہمراہ گوشت کے کھلاوین اور اس مدت تک کہ مرغ کو دوائی کھلائی جاے درمیان مین آواز دیوے تو اسی روز ذبح کرکے کام مین لاوین غرض یہ ہے کہ مرغ اکیس روز تک زندہ رہے اور تمام ہرتال کھالیوے تو بہت مفید ہے اور بہتر یہ ہے کہ تین چار مرغ تیار کرین تاکہ اکیس روز تک انمین سے کوئی تو زندہ رہے اور اگر ایک ہفتہ سے کم مین مرغ مرجاوے یعنی ذبح کرلیا جاوے تو وہ مفید نہین ہے اس لیے کہ اس مدت مین دوا کا اثر پورا نہو گا اور ترکیب نسخہ کی ناتمام رہے گی

ترکیب مدان مودک واسطے قوت باہ وغیرہ کے مفید ہے مشک چار ماشہ عنبر دو ماشہ زعفران دس ماشہ گلاب ڈیڑھ پاؤ عاقرقرحا موچرس موصلی سیاہ و سفید بہمن سفید اسگند کوٹھ اجمود بہیڑا سونٹھ بلائی کند کشنیز ناگرموتھا گج پیپل تسلوچن گجراتی چھال سنبھل کھجور انار دانہ زیرہ سیاہ سفید بھارنگی کنول گٹہ سنگھاڑہ مرچ کائپھل گوکھرو پیپل نیرنج تخم فلفلمویہ تالیسپتر تخم کونچ تخم اوٹنگن تل گرچ تالمکھانہ کباب چینی انیس مصطگی رومی اسپند اجوائن خراسانی دارچینی لونگ

جاوتری ہر ایک چودہ ماشہ کنکرن تین تولہ بجیسار ساڑھے سات تولہ سار کہنہ سوا دو تولہ کشتہ ابرک سوا دو تولہ روپ رس سوا دو تولہ شکر ڈیڑھ سیر دودھ گائے پانچ سیر جرونجی آدھ سیر جائپھل تین تولہ ناریل آدھ سیر چھوارہ کشمش ساڑھے سات تولہ سب دوا کو علیحدہ کوٹ پیس کے رکھین اور میوہ کو علیحدہ اور لعاب دار چیز کو علیحدہ پہلے دودھ کا کھویا بنا کر چولھے سے اُتارلین جبکہ نیم گرم رہے دوا ایسی ہوئی کو ملا دین اور کفگیر سے چلا دین پھر شکر اور میوہ ڈالین بعد اس کے دوا خوشبو دار مثل دارچینی کے آمیز کرین پھر ابرک اور روپ رس اور سار کو ڈالین اور گلاب سے گولی بقدر مُنڈی کے باندھین دو گولی صبح کو کھلا دین ترشی اور بادی سے پرہیز رکھین دیگر کہ نہایت اثر دیتا ہے پارہ گندھک آملہ سار بھلانوان بھنگچی سفید بیر بہوٹی چھال بیج کنیر سفید چربی شیر خراطین مالکنگنی کیسر لونگ دارچینی میل کان کا مشک ہر ایک دو تولہ چربی سور کی چھ تولہ سم گھوڑے کا پاؤ سیر گل بریا سولہ عدد پارہ اور گندھک اور بھلانوان کو تین سیر عرق لیمون مین سولہ پہر کھرل کرین اور ساتھ سب دواؤن کے آتشی شیشہ مین مانند چوئے کے ٹپکالوین جسقدر کہ سینک مین آوے پان مین رکھکر کھلا دین اور چودہ روز طلا بھی کرین دیگر کہ باہ بہت لاوے یہان تک کہ پیدائشی نامرد بھی مرد ہو جاوے اور بیچ ایک روز کے مرد سست کو اور برازالۂ بکارت کے قادر کرے وقت عصر کے اس کو عمل کرے سیماب ایک ماشہ دارشکنہ دو ماشہ اینٹ پرانی تین ماشہ ہلدی ایک ماشہ کالی زیری تین ماشہ سب دواؤن کو سوائے پارے کے پیسین بعد اس کے پارہ کو ملا دین اور چار پہر کھرل کرین بعد اس کے پارہ دوا سے نکال کے چار انگل کی لکڑی گیہون کی کہ جسمین جوف ہو یعنی خالی ہوتی ہے پارہ کو بقدر ایک رتی کے بھر کے سوراخ پیشاب مین چار انگل کی لکڑی کے رکھین اور دوسری طرف لکڑی کے جلا دین کہ پارہ بسبب آگ کے مجری بول مین آوے پھر ایک ٹبرے پر اکڑو بیٹھ کے دودھ گائے کا اسقدر کسی برتن مین بھرین کہ ذکر ڈوب جاوے اور ذکر کو ڈبو کر دم اوپر کو کھینچین تاکہ تمام دودھ راہ ذکر سے اوپر کو کھینچ جاوے اسی دن فائدہ دے دیگر کہ تقویت باہ کو اثر تمام دیتا ہے اور سلطان الدوا ہے مغز پستہ مغز بادام مغز چلغوزہ جوز بویہ ہر ایک پاؤ سیر مغز تخم خربوزہ مغز تخم تربوز ہر ایک آدھ سیر جرنجا لوگھو نگچی سفید بہجبند لونگ نشاستہ دارچینی ہر ایک آدھ پاؤ الائچی چھوٹی چھ تولہ عنبر اشہب تین ماشہ شراب دو آتشہ سوا سیر سب دواؤن کو کوٹین اور شراب دو آتشہ

مین ملاکر ساتھ روغن زردی انڈے مرغ کے ایک سو بیس گولی باندھین پہلے آدھی گولی کھلائین بعد اسکے ایک گولی چار دن مین دیگر جس کسی کو کہ باہ نہو سفید ہو تخم دھتورہ سیاہ پندرہ پھل پوست بیخ کنہر سفید آدھ سیر دونون کو جوکوب کرکے ملالین اور پوٹلی مین باندھکر دس سیر دودھ گاے مین چار پانچ جوش دیوین اور پوٹلی کو ملین پھر پوٹلی نکال کے دودھ کا دہی بناکر گھی نکالین اور تھوڑا اطلا کرین اور سینک مین ذرا سا لگاکر ساتھ پان کے کھاوین دیگر اگر دو مہینہ برابر کھاوین قوت بینائی کی از حد زیادہ کرے اور شکن بدن اور علامت پیری دور کرے وباہ و نعوظ و امساک و تقویت ہضم کو فائدہ دیوے اور فساد معدہ اور خشکی پائخانہ کو دفع کرے بھنگ آٹھ پل کہ جسوقت (چاند منزل نثرہ مین ہو اور وہ تحویل چاند کی برج سرطان مین ہے) لاوے اور شکر سفید چالیس پل سب کو باہم ملادین اور ہر روز دس ماشہ کھلاوین پل آٹھ تولہ کا ہوتا ہے اور صاحب کتاب گنج باد آورد نے اسکو اپنے مجربات سے لکھا ہے دیگر کہ نامردون کو اپنے حال پر لاوے افیون پوست ہر ایک تین درم اجوائن سونٹھ جائپھل عاقرقرحا لونگ پیپل مرچ سیاہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ اجوائن خراسانی مالکنگنی ناگرموتھہ ہر ایک تین تولہ سبکو کوٹ پیسکے پوست کے لیے ہوئے پانی مین خمیر کرکے گولی باندھین اور سات ماشہ تک کھلاوین دیگر وہ دوا کہ جب منہ مین رکھین قوت باہ زیادہ کرے علک رومی ساڑھے تین ماشہ مشک خالص سوا چار ماشہ لونگ کتھ ہر ایک پونے دو ماشہ باریک کرکے سونٹھ کے مربے کے شیرہ مین گولی بقدر چنے کے باندھین بروقت ضرورت منہ مین رکھین اور عرق اسکا چوسین دیگر حب امساک شنگرف چھ ماشہ کبابہ چھ ماشہ جند بیدستر لونگ عاقرقرحا مصری شہد ہر ایک چھ ماشہ ان سبکو کوٹ کے افیون ایک تولہ ملاکے ساتھ شہد یا مصری کے بقدر چنے کے گولی باندھین وقت حاجت ایک گولی چھ گھڑی پیشتر کھلاوین امساک ہوگا اور جبتک فارغ نہو کھانا اور پانی نکھاوے دیگر گوکھرو شکر گاے کے گھی مین ساتھ شہد کے ملاکے کھاوین اور اس کے اوپر گاے کا دودھ پلاوین اسی رات قوت بہت ہوگی دیگر ابرک سیر بھر درمیان آگ کے رکھکے پھونکین جبکہ سرخ ہو عرق درخت سرس مین ڈالین کہ سرد ہوجاوے بعدہ نکال کے ملین جب مثل آٹے کے ہوجاے تین تولہ سونٹھ کوٹ پیسکے اسمین ملادین اور ہمراہ شہد کے نہار کھاوین بہت مقوی ہے دیگر تقویت ذکر مین نادر ہے روغن چنبیلی ساڑھے دس ماشہ فرفیون ساڑھے تین ماشہ مشک

ساڑھے چار رتی سب ادویہ کوٹ پیسکے روغن مذکور مین حل کرین اور گرم کر کے وقت حاجت کے دونون
فوطے اور قضیب کو اسمین چرب کرین اور بعد ایک لحظہ کے صاف کر کے جماع کرین دیگر یہ دوا باہ
لانے والی اور بھوک پیدا کرتی ہی اگر اس دوا کو کوئی ایک سال کھاوے اکثر امراض بلغمی دور ہون
اور تازگی تمام بدن مین ظاہر ہووے آنولہ ہلیلہ ہر ایک ساڑھے نوے درم تخم پنواڑ بیس درم
بھنگرہ ساٹھ درم جڑ مجیٹھ بائیس درم پرانا گڑ ڈھائی سیر سب دوائیون کو کوٹ پیسکے گڑ مین ملا کر
تین سو ساٹھ گولی باندھین اور ہر روز ایک گولی کھاوین ایک سال تک ہر مہینے مین نفع
ظاہر ہوگا دیگر بیضۂ مرغ چار عدد مغز حلوان ایک عدد بانی گوشت کا جوش کر کے دس درم
عرق اور رس آب پودینہ ہر ایک دس درم سب کو ساتھ روغن گاے کے ملا کر بطریق خاگینہ کے
پکاوین جس وقت اتارین لونگ دارچینی فلفل گرد ہر ایک تھوڑا اسمین ملاوین اور کھاوین اوپر
اسکے دو ہتھیلی یا ایک ہتھیلی اجوائن کھاوین یہ عمل مہتر سلیمانؑ کا ہی اور صاحب گنج بادآورد نے
بھی یہی کہا ہی دیگر تخم دھتورہ دودھ آکھ مین خوب تر کر کے خشک کرین اور بطریق چودے کے
ٹپکاوین یہ دوا سخت کرنے والی ذکر کی اور قوت باہ لانے والی ہی دیگر گل گڑھل سرخ خشک کرین
اور کوٹ پیسکے نو ماشہ کھلاوین امر باہ مین نادر ہی دیگر واسطے کمی شہوت اور زیادہ کرنے قوت کے
اور ہونے قوت باہ کے بہت مفید ہی گندھک آنولہ سار ساتھ عرق لسکھپرہ کے پیسین تاکہ گاڑھی
ہو پھر اور عرق مذکور ڈالین اور اسی طرح چار پت تک کرین اور اگر ایک ہی پت مین کفایت کرے
تو بھی روا ہی اور معنی پت کے گاڑھے ہونے کے ہین اور لسکھپرا سفید بہتر ہوتا ہی ورنہ سیاہ ڈالین مقدار
ایک چاول کے دو ہفتہ کھاوین دیگر کہ باہ لاوے اور سیلان منی کو دفع کرے تال مکھانہ اور
میدہ ہر ایک ساڑھے سات تولہ سونٹھ تخم اوٹنگن مغز تخم کونچ موچرس موصلی سیاہ ہر ایک تین تولہ
جوز بویا دارچینی ہر ایک ڈیڑھ تولہ بیل بیجبند سرخ و سیاہ یعنی بیج کنگھی کے ہر ایک نو ماشہ گھی
پاؤ بھر شکر پاؤ بھر دودھ بھر ایک سیر اصل نسخہ مین مٹھاس کم ہی اگر کچھ زیادہ کرین تو مضائقہ نہین
دیگر واسطے قوت باہ کے بے نظیر ہی پوست خشخاش چیتہ شکر سرخ ہر ایک دو سیر کوٹ پیس کے ہر روز
ہتھیلی بھر کھاوین دیگر سمندر پھل لونگ ہمراہ پانی کے پیسکے قضیب پر طلا کرین اور پتے ارنڈ کے
اوپر باندھین سستی ذکر کی ایک ہفتہ مین دور ہو جاوے گی دیگر چربی شیر کی چنبیلی کی جڑ کا پوست

کنیر سفید کی جڑ کا پوست لونگ کیکڑہ کلان پان لگیری چار رتی سب دواؤن کو کوٹ پیسکے چربی کو پگھلاکے اسمین ملادین
اور بطریق چوے کے عرق ٹپکاوین اور سر آلت کا چھوڑکر ملین بعدہ اوپر اسکے پان بنگلہ باندھین
نہایت طاقت ہوگی دیگر جونک نو عدد آدھ پاؤ تیل تلی کو اونچ ساڑھے تین ماشہ بیٹ ابابیل
کی ساڑھے تین ماشہ مصطگی رومی گھونگچی سرخ ہر ایک اکیس ماشہ روغن مذکور ظرف آہنی مین ڈال کر
آگ پر رکھین اور ایک ایک جونک اسمین ڈالتے جاوین اور اپنے آپ کو اس کے دھوئین سے
بچائین کہ ضرر کرتا ہی جبکہ جونک پک کر کالی ہو جاوین بعدہ دوائین کوٹی ہوئی اسمین ملادین
بعدہ بیٹ ابابیل کی اسمین ملاوین اور سات روز تک رات کو قضیب پر ملین سستی قضیب
دور ہوگی دیگر جڑ سینبھل کی جڑ چڑچڑہ کی جڑ سفید کنیر کی اونٹ کٹاری کی جڑ ٹنکن پھکنی ہر ایک
پاؤ بھر دودھ گاے کا دس سیر بس دواؤن کو ٹکڑے کر کے دودھ مین جوش کرین جس وقت
ایک سیر رہے اُتار لیوین دودھ مذکور سے گھی نکال کر ملین اور پتا ارنڈ یا بنگلہ پان اوپر اس کے
باندھین اور یہ عمل صبح اور شام کرین ایک ہفتہ مین نامرد مرد ہوگا دیگر ضماد واسطے قوت باہ کے
بہت تاثیر رکھتا ہی جوز القی کہ ہندی مین مین پھل کہتے ہین لیوین ایک حصہ چھال اور دو حصہ بیج
اس کے لیکر بار یک کوٹین اور تل کے تیل مین کھرل کرین تین پہر یا زیادہ تک بعدہ طلا کرین
دیگر پوست جڑ کنیر سفید کلی کنیر سفید کی ہر ایک تین تولہ کافور افیون ہر ایک چھ ماشہ تخم دھتورہ
اسگندھ ہر ایک ایک تولہ سب کو کوٹ پیس کے ہمراہ عرق چھوٹی کٹائی کے گولی باندھین بقدر
نخود کے ہر روز تین گولی پانی کے ساتھ حل کر کے قضیب پر ملین سستی اور جلق زدہ کو مفید ہی دیگر بام مچھلی
کو پانی مین پکاوین تا گاڑھی ہو جربی اُسکی جو اوپر آوے ہتھیلی سے نکال کر رکھ چھوڑین اور ذکر پر ملین
موٹا اور لمبا ہووے دیگر گانجہ جس کو بعض آدمی مثل تماکو پیتے ہین ہمراہ روغن رینڈی کے کھرل کرین
اور کپڑے پر لگا کر لیپ کرین سات روز تک اگر بجاے روغن رینڈی کے تل کا تیل ڈالین تو روا ہی اگر
کچھ جلن ہوگی دیگر طلا کہ قضیب کو سخت کرتا ہی پتہ گاے کا اور پیاز نرگس عاقرقرحا مونیج سبکو
برابر لیکر کوٹ کے ساتھ تیسنہ کور کے ملاوین وقت مجامعت کے قضیب پر ملین دیگر زفت رومی

---

۱ اگر کسی تیز دوا سے دانے پڑ جائین تو دو تین روز اس دوا کو ترک کرین اور دانون کے خشک کرنے کے واسطے مکھن
تا امکان استعمال نہ کرین بلکہ بجاے مکھن کے گرد تیل استعمال کرین ۱۲ اسید جعفر علی عفی عنہ

بکچوہ ساڑھے تین تین ماشہ کاٹ کر اور خشک کر کے رکھ چھوڑین اور خون چمگادڑ کا روغن زیت مین
داخل کر کے تین روز تک کھرل کرین جسوقت چاہین کہ استعمال کرین قضیب کو موٹے کپڑے سے
رگڑین اور گرم پانی سے دھووین یہانتک کہ سُرخ ہوجاوے پس چودہ روز تک طلا کرین اور جماع
سے پرہیز کرین بہت نافع ہے دیگر کہ اسکو لنگ لیپ کہتے ہین۔ سونا مکھی عاقرقرحا بچھناک پیپل مول سنبل
سنکھیا پوست اناری جڑ کا اور پوست سفید کنیر کی جڑ کا لونگ اجوائن خراسانی گھونگچی پھٹکری
مینھل جائپھل پارہ ہر ایک ایک تولہ تخم رینڈی کے چھلے ہوئے دو تولہ کوٹ پیسکے عرق گھیکوار
مین تین روز تک کھرل کرین اور بقدر چنے کے گولی باندھ کے شیشہ مین مانند چووے کے ٹپکاوین
بعد چھ مہینے کے کام مین لاوین اور طریقہ استعمال یہ ہے کہ گھاس کی پتی لیکر اوپر رگ کے کہ نیچے ذکر
کے ہے خط کھینچین اور پتے ارنڈ کے رکھ کے کچے تاگے سے سات روز تک باندھین اگر نامرد ہوویگا
مرد ہوجاوے گا دیگر اگر اوپر ذکر کے ملین اتنا مضبوط کرے کہ جبتک نہ دھوئین نرم نہوگا کافور
سہاگہ ہر ایک ایک ماشہ لونگ بارہ عدد مرچ سولہ عدد باریک کر کے ہمراہ پانی کے گولی
باندھین وقت حاجت کے پانی مین گھسکر طلا کرین دیگر سانڈہ مینڈھک بڑا ایکگرا ہر ایک ایک
عدد جونک چھ عدد بیر بہوٹی کیچوے زہر مہرہ میٹھا گھونگچی سفید چربی شیر چربی سور جڑ کنیر سفید ہر ایک
اکیس ماشہ مغز سر خانگی چڑیا کا پچیس عدد سب کو قیمہ کر کے دواؤن کو کوٹ کے اور چڑیون کے سر
کا مغز لیکر سب کو شیشہ مین گل حکمت کرین اور مانند چووے کے ٹپکاوین دیگر دوا قوت دینے والی
بھلانوان کٹائی کے پھل کا پانی پوست درخت انار کا پانی سب کو ایک جگہ کر کے سب دواؤن
کے چوتھائی روغن کے ساتھ اوپر آتش نرم کے جوش دین جب پانی جلجاوے اور روغن اسکا رہجاوے
پس طلا کرین دیگر کپڑا بارہ گرہ لیکر آکھ کے دودھ مین ایک رات دن ترکرین بعدہ نکال کے
سایہ مین خشک کرین جب خشک ہو تو تھوہر کانٹے دار کے دودھ مین ایک رات دن پھر ترکرین
پھر نکال کر خشک کرین بعدہ روغن گاؤ دونون طرف کپڑے مذکور کے طلا کرین اور اس کپڑے کی دو
بتیان بنا کر جلاوین اور بتیون کو ترچھا رکھین اور تھالی کانسہ کی نیچے اس کے رکھین تا روغن اس
کپڑے کا تھالی مین ٹپکے پس وہ روغن کسی برتن مین رکھ چھوڑین اور سر آلت کو چھوڑ کر ملین اور پتے
ارنڈ یا پان بنگلہ اسپر باندھ کے تمام شب رکھین صبح کو گرم پانی سے دھوئین اور اگر اس جگہ پادہ سری

جگہ روغن لگے اور آماس کرے تو دہی سے دھووین اسی واسطے جواوپر قضیب کے ملین پان اسکے اوپر
رکھکر ہر طرف تاگے سے باندھین تو روغن دوسرے عضو پر نہ پہونچے اکیس روز مین نفع ہوگا دیگر ترکیب
پتہ مچھلی رو ہو کا ایک عدد پھل بڑی کٹائی کا ہاتھ سے نچوڑ کے پانی نکالین اسمین پتہ مذکور ملادین
اور چار رتی کافور داخل کرین اس مجموعہ کو کسی ظرف مین ڈال کے ہاتھ سے خوب ملادین یہانتک
تک کہ خشک ہوکر گولی بندھنے کے لائق ہوپس اس سے شافہ لقدر جو کے بنا کر رکھ چھوڑین وقت
حاجت کے ایک اس سے پیشاب کے مقام مین رکھین بعد ایک ساعت کے قوت باہ کمال ہوگی
دیگر سرسون سفید کٹ کٹائی بڑی اسگند کی جڑ برابر لیوین اور کوٹ کے پانی مین ملاوین اور اوپر قضیب کے
طلا کرین جس وقت قریب خشک ہونے کے ہوئے مل کے دوا کو دور کرین ایک دن مین تین چار
مرتبہ اسی طرح کرین سطبر و دراز ہوگا اگر سرسون سفید دستیاب نہو سرسون زرد بجاے اسکے
ڈالنا چاہیے دیگر کاسُپھل بکری کے دودھ مین پیسین اور لیپ کرین اور تمام شب چھوڑ دیوین اور
صبح کو ساتھ پانی گرم کے دھوئین دیگر چربی سور جنگلی کی کہ ران سے نکالی ہو پاؤ سیر زعفران ڈیڑھ تولہ
افیون نو ماشہ تینون کو تانبے کے بے قلعی برتن مین رکھین اور دستہ تانبے یا لکڑی نیب سے
کہ سر مین اسکے پیسہ چپکا ہو گھسین تا سب ایک مین ملجاے تھوڑا اس سے ذکر پر لگا کر کپڑا باندھین
اسی طرح ایک روز درمیان دیکر لگاتے رہین بہت فائدہ ہوگا دیگر گاؤ زبان پوست بیخ کنیر سفید نرگس
کی جڑ مویز منقی عاقرقرحا مساوی لیکر جو کہ کوٹنے کے لائق ہے کوٹین اور جو پکانے کے لائق ہے پکادین
اور ہمراہ شہد کے گولی باندھین اور رات کو ایک گولی شہد مین حل کرکے قضیب پر طلا کرین نہایت
مقوی ہے اور بیس روز مین سستی دور کرے دیگر جڑ کنیر سفید جڑ دھتورہ سیاہ مساوی لیکر شراب دو آتشہ
مین ایک سو آٹھ تپ دیکر رکھین اور وقت حاجت کے شراب مین گھسکر طلا کرین اور تپ کے
معنی اوپر بیان کرچکے ہین دیگر کہ جلق لگائے ہوئے کو بہت مفید ہے دودھ کھیٹر کا لاکر اس مین بھلاون
اور پوست بیخ انار اور پوست جڑ کنیر سفید تینون کو برابر کوٹ کے اس دودھ مین ملادین اور
جوش کرین اور صنامن دیکر دہی بنادین صبحکو گھی نکالین اور وقت حاجت کے تھوڑا اس سے
لیکر برابر اس کے زیرہ کٹائی چھوٹی کہ زرد ہو گھسکر روغن مین ملاوین اور کپڑے پر طلا کرکے اوپر
قضیب کے رکھین دیگر ترکیب زیرہ کی کہ ضرر نہ کرے پارہ حبہ سفید یعنی گھونگچی سم الفار کالی زیرہ

زرنیخ یعنی ہرتال مالکنگنی کنیر سفید کی جڑ بے بجھا چونا کیچوا ایک عدد سب دوا کوٹ کرکے کیچوے مین رکھکر اندر برتن کے رکھین اور گھوڑے کی لید مین دو ہفتہ دفن کرین اور گاے کے دودھ مین پیس کے گولی باندھکے کام مین لائین اور اگر کیچوا تر نہو تر کر لیوین کہ اونچے نیچے آلات کو برابر کرے حلقی کو آبحیات ہے اور کجی کو دور کرے دیگر بادنجان یعنی بیگن جنگلی ایک عدد پیل دراز مینیٹھ عدد بیگن مین چبھو دین اُس کے بعد بیگن کو لٹکا دین جب خشک ہو جاے تیل تل کا آدھ سیر آہنی برتن مین جوش کرین اور اُس بیگن کو اُسمین ڈالین جس وقت تیل جوش مین آدے چار پانچ سیر شاہی کیچوے کہ برسات مین ہوتے ہین لیکر ان کو بھی اس تیل مین ڈالین تاکہ کیچوے جلجاوین پھر دو پوتھی لہسن چھلکہ دور کرکے تیل مین ڈالین بعدہ سب کو کھرل کرین اور شیشہ مین رکھین چودہ روز تک ایکماشہ اوپر ذکر کے ملین اور پتے درخت تمہ کے یا لسوڑہ کے باندھ کے کپڑا باندھ دیوین پھر قدرت الٰہی مشاہدہ کرین دیگر چمگادڑ خانگی سات عدد تلی کا تیل سیر بھر مصطگی رومی ایک تولہ تیل کو گرم کرکے چمگادڑ کے پیر ناک کان کاٹ کے ڈالدین اور خوب جوش دین تا خوب پک کر ہرا ہو جاوے پھر مصطگی ملاکر خوب جلاوین پس باہر لاکر شیشہ مین رکھین مقدار ایک چاول بیڑہ پان مین رکھ کے کھلادین ہر روز مین پندرہ بیڑے دیوین اگر گرمی کرے بیڑہ کم کھلادین سات روز تک اکیس بیڑہ دیوین بعد اس کے ایک صبحکو ایک شام کو ایک دوپہر کو اگر سات روز مین مطلب حاصل نہ ہو سات روز اور دین دیگر مالکنگنی دو سیر گھونگچی سفید دو سیر تخم دھتورہ دو سیر روغن سرسونکا آدھ سیر دودھ بھیڑ کا ڈھائی سیر عاقرقرحا دو سیر شاہی گھونگچی کو چکی مین دلکر دال اُسکی نکالین سب دوا کو باہم ملاکے ساتھ دودھ اور گھی کے ملاکر پتال جنتر مین روغن کھینچین اور روغن مذکور برگ پان مین کھلاوین اور بقدر دو گھونگچی آلت پر ملین اور پان باندھین سات روز مین نفع کامل ہوگا دیگر مینڈھک کلان تین چار عدد لیکر بڑے برتن مین کہ جس سے نکل نہ جاوین بقدر پاؤ سیر یا زیادہ کیچوے اُس مین ہر روز ڈال دیوین کہ مینڈھک اُس کو کھایا کرین اور پانی بھی کسی ظرف مین لیجا کر مینڈھکون کو پلادیا کرین چالیس روز تک ان کو بند رکھین بعد چلے ان کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے جس طرح ممکن ہو روغن نکالیں سہل طریقہ روغن نکالنے کا یہ ہے کہ ان کو پانی مین جوش کرین کہ خوب حل ہو جاوین اور تمام شب پانی جوش ہونے کو احتیاط سے رکھ چھوڑین

کہ روغن اوپر پانی کے آجاوے جسکو ہاتھ سے کاچھ لیوین اور کسی برتن مین رکھین اور اوپر قضیب کے
طلا کرین واسطے گندگی اور قوت باہ کے بے نظیر ہے دیگر اندر جو سات ماشہ بھیڑ کے دودھ
مین ترکرکے رات کو پیس کے شیر گرم قضیب پر لیپ کرین اور اوپر اُسکے کپڑا باندھ کے
سو رہین صبح کو گرم پانی سے دھوئین چند رات کو اسی طرح طلا کرین ذکر بڑھ جاوے گا
فصل واسطے بڑے ہونے آلت کے سب حکیم اتفاق راے رکھتے ہین کہ جبتک آدمی نشو و نما
رکھتا ہے یعنی بڑھتا ہے قضیب بھی بڑھتا ہے اور تجربہ سے بھی ایسا ہی ظاہر ہوا کہ جو دوا قبل وقت نشو و نما
مین کیجاوے طول مین ذکر کی زیادتی ہوتی ہے اور بعد نشو کے پہنائی و گندگی ذکر کو کچھ زیادہ
فائدہ نہین ہوتا ہے وہ دوا کہ ذکر کو بڑھاوے سہجنہ جنگلی کی جڑ کہ نرم و چھوٹی ہوتی ہے
ٹکڑے ٹکڑے کرکے سایہ مین خشک کرکے پیسین اور بھوسی اجوائن و ماش سیاہ باریک پیس کے
ہر ایک برابر بیخ سہجنہ کے سب کے برابر گڑ ملادین اور چھوٹے لیمون کے برابر گولی بنادین اور ہر صبح
ایک گولی نوش فرمادین اگر چھ مہینے تک کوئی شخص استعمال کرے دونا ذکر عریض و دراز ہوگا دیگر
ہر رات کو قضیب مین دودھ تازہ بہت ملین بعد اس کے کیچوے خشک گھس کے اوپر اس کے
ملین بڑا اور موٹا ہوگا دیگر عاقرقرحا سات ماشہ عرق پیاز کاندہ تین تولہ مین پیسین اور حمام مین جاکر
قضیب کو گرم پانی سے ملین یہانتک کہ سُرخ ہوجاے بعدہ کیچوے کو تل کے تیل مین جوش کرکے
طلا کرین موٹا اور دراز ہوگا دیگر گھگرن کیچوہ آدھ سیر کنیر سفید کی جڑ کا چھلکا پاؤ سیر سم گھوڑے کا
سیر بھر ساندہ چار عدد کاکڑا سینگی ڈیڑھ تولہ بیر بہوٹی ڈیڑھ تولہ کیکڑا دو عدد گھونگچی سفید دارچینی
لونگ عاقرقرحا جائپھل ہر ایک ڈیڑھ تولہ زعفران نو ماشہ دودھ مدار کا ڈیڑھ تولہ جونک چار عدد
مالکنگنی ڈیڑھ تولہ نافہ ہرن کا دو عدد نافہ گھوڑے کا ایک عدد نافہ بیل کا ایک عدد بطریق
پتال جنتر روغن کھینچین ساتھ پان بنگلہ کے لیپ کرکے باندھ دین دیگر کنونچہ کی جڑ بقدر پور
اُنگلیوں کے کاٹین اور وقت صحبت کے منھ مین رکھین جبتک منھ مین رہے انزال نہو دیگر کیچوے
مٹی سے پاک کرکے بام مچھلی کہ جسکو مارماہی کہتے ہین برابر لین اور ٹکڑے ٹکڑے کاٹین اگر دونون
چیزین تین تین تولہ ہون تلی کا تیل ڈیڑھ تولہ اُسمین ملادین اور لوہے کے برتن مین ہوا مین تین دن
اور رات دھوپ اور شبنم مین رکھین کہ ایک ذات ہوجاوے پھر اوپر قضیب کے ملین دیگر

مغز گھونگچی سفید ریگ ماہی افیون کافور بھیم سینی کیچوا جو قے سے نکلا ہو ہر ایک برابر لیکر باریک پیسین اور چھوٹی بھٹ کٹائی کے شیرہ مین ملاکر گولی باندھین بقدر زیرے کے اور ایک اس سے بیچ سوراخ قضیب کے رکھین جبکہ سوراخ مین حرکت معلوم ہو عورت کے ساتھ صحبت کرین جماع مین دیر نہ کرین تاکہ ضرر نہ کرے اور قبل رکھنے زیرے کے تھوڑا روغن بادام سوراخ ذکر مین ڈالین بعد صحبت ذکر کو روغن مین رکھین یادہی مین کہ اصلاح زیرے کی ہے اور جاننا چاہیے کہ دوا نہایت قوی ہے نازک مزاجون کو نہین چاہیے مگر احتیاط تمام یہ ہے کہ تھوڑی دوا رکھکر دور کرے اصلاح اسکی جیسا لکھا گیا کرے لیکن سخت مزاجون کو آبحیات ہے اور ذکر بہت بڑا ہو جاتا ہے مجرب ہے دیگر کیچوا کہ جو قے سے نکلا ہو بڑی کٹائی سب چار چار ماشہ کافور بھیم سینی دو جو تینون کو باریک کرکے برابر زیرے کے گولی باندھین اور تھوڑی اس سے بڑی وقت جماع کے چھوٹی گولی مقام مین پیشاب کے رکھین اور بڑی گھسکر کے اوپر قضیب کے طلا کرین اور اصلاح اسکی وہی ہے کہ جو اوپر ذکر کیگئی اور کیچوا کہ جو قے سے نکلا ہو شراب مین گھسکر بقدر زیرے کے باندھین یہ دوا وہی عمل کرے گی لیکن سمجھکر کام مین لادین جیسا کہ کہا گیا دیگر بیج کالے دھتورے کے باجی بیج بنواڑ کے برابر اور بیج ارنڈ کے تین گنا سب کو ایک جگہ کرکے مقدار کھرنی بڑی کے گولی باندھین ایک یا دو گولی کھاوین دیگر خصیہ خرگوش مین سوراخ کرکے کمر مین باندھین جبتک اسکو جدا نہ کرین منزل نہ ہون گے دیگر درخت بھنگ مع جڑ اور پتی اور بیج کے پیسکر سایہ مین خشک کرکے کوٹ پیس کے ساتھ شکر سرخ کے تھوڑی کھاوین امساک لاوے دیگر جڑ سفید کنیر کی سایہ مین خشک کرین اور پیسین اور باریک کپڑے مین چھان لیوین بعدہ پوستہ بغیر کا چھیلا ہوا یعنی جسمین سے افیون نہ نکالی گئی ہو پانی مین ترکرکے خوب ہاتھ سے ملین اور یہ پانی جڑ کنیر مذکور مین ملاوین اور بقدر چھوٹے بیر کے گولی باندھین وقت حاجت ایک گولی پانی مین حل کرکے اور سر آلت کو چھوڑکر طلا کرین اور بعد خشک ہونے کے مجامعت کرین امساک لاوے دیگر ہینگ پیسکر شہد مین ملاکر طلا کرین اور اوپر سے کپڑا باندھین قضیب موٹا اور دراز ہوگا دیگر ہرتال سنکھیا بچھناک نوشادر برابر کوٹ پیس کے روغن گاؤ مین ملاوین اور تھوڑا سا پارہ داخل کرین اور سب کو ملاکر کپڑے پر ملین اور بتی بناکر ایک طرف سے جلاوین جو گھی کہ اس سے ٹپکے لیوین اور رکھین تھوڑا اس سے لیکر اوپر قضیب کے

ملین اور غذا نان اور پنیر کھاوین آلت کو بڑا کرے اور اونچے نیچے آلت کو برابر کرے دیگر سات مکھی لیکر پر اسکے دور کرین کتھا سفید کافور ہر ایک چار رتی لیوین اور تینون دوا کو ملا کے اوپر ذکر کے طلا کرین امساک لاوے مجرب ہے دیگر آزمودہ محمد تقی بن امانت خان پیاز نرگس بیس عدد دارچینی سیلانی پانچ تولہ عاقرقرحا چھ تولہ مویز منقے دس تولہ پتہ گاے کا پانچ عدد اور پیاز جنگلی کھرل کرکے لیپ کرین پوست بیشک جدا کرنا ہے دیگر نادر ہے برادہ ہاتھی دانت پاؤ بھر اور شراب انگوری تین تولہ ملا کر آدھا آدھا دو کپڑون مین باندھین پھر دو سیر گاے کا دودھ ملا کر ہانڈی مین رکھین اور اوپر اسکے رکابی مٹی کی بند کرین اور بیچ مین رکابی کے ایک سوراخ بڑا کرین اور گرد اس سرپوش کے جو کہ ہانڈی پر رکھا ہے ماش کے آٹے سے خوب مضبوط کرین اور نیچے دیگ کے نرم آنچ کرین اور ایک پوٹلی اس سوراخ پر رکھین جسوقت پوٹلی گرم ہو اس سے آلت آہستہ آہستہ چارون طرف سینکین پھر دوسری پوٹلی اس کے اوپر رکھین اور اس سے سینکین اور اسی طرح سات روز تک چاہیے کرنا آلت کو سخت کرے اور شہوت کو زیادہ کرے اور جلق والے کو برابر کرے مجرب ہے اسباب قضیب کے بڑے کرنے کے اول آلت کو کپڑے موٹے سے اسقدر ملین کہ سرخ ہوجاے بعد اس کے تیل مناسب خصوص تیل چونٹی کا طلا کرین تو جبر و نگٹون کی بند کرے اور جذب ہووے اور بعد اسکے زفت طلا کرین تو خون بستہ ہو جاوے اور چاہیے کہ یہ عمل بار بار کرے دوسرا یہ کہ قضیب کو گرم پانی سے دھوئین اور تیل بلسان سے بار بار چرب کرین تیسرے یہ کہ روغن زیتون کی ہمیشہ مالش کرین چوتھے یہ کہ پانی کرفس مین بار بار دھوئین پانچوین یہ کہ بکری کے گھی مین چند مرتبہ چرب کرین اور کیچوے خشک تیل چنبیلی مین گھسکر ملین اور طبیبون نے کہا ہے جس عضو کو موٹا کرنا چاہین پہلے اسکے تئین مالش دیکر گرم پانی اس کے اوپر ڈالین اور ساتھ آہستگی کے اوپر اسکے دوا ملین پھر زفت اوپر اس کے طلا کرین جس وقت کہ نفع حاصل ہو استعمال دوا کا موقوف رکھین اسواسطے کہ جو کچھ جذب ہوا ہے ساتھ تحلیل کے نہ جاوے دیگر قوت دار کرنے اور بڑے کرنے ذکر مین نہایت مفید ہے اور جلق والے کے تئین فائدہ دیتا ہے سانڈہ گھونگچی سفید بیر بہوٹی لونگ جنگلی تیل زیتون کالا بچھو ہر ایک پانچ ماشہ سمندر سوکھ پانچ ماشہ ریگ ماہی دس ماشہ پوست جڑ کنیر سفید کی پانچ ماشہ بیج مولی کے پانچ ماشہ دودھ تھوہر خاردار کا تین تولہ دودھ مدار کا ڈیڑھ تولہ مینڈھک کے

سرکا پانی جسقدر کہ نکلے چربی شیر کی پانچ ماشہ چربی سور جنگلی کی پانچ ماشہ جونک پانچ عدد سب
دواؤن کو کوٹ پیسکے دودھ کھوہر اور دودھ مدار مین تین روز تر کرین بعدہ تین روز تک شراب
مین تر کرین بعد ازان شیشہ مین ڈال کے مانند چودے کے ٹپکا دین اور ایک ہفتہ رکھ چھوڑ دین
پھر بوقت شب قضیب پر ملین اور برگ تنبول لپیٹ کے اوپر اس کے کچا دھاگا باندھین اس طرح سے
تین رات برابر دوا لگا دین پھر تین روز درمیان دیگر دوا استعمال کرین پھر تین روز فصل دیگر دوا
استعمال کرین اگر زخم ہوجاے تو وہی لگا دین اندلیشہ نہ کرین دیگر مدار کی جڑ بھنگ کی جڑ کنیر سفید
کی جڑ تینون کو برابر لیکر کوٹ پیسکے ساتھ عرق دھتورہ کے گولی باندھین اور سایہ مین خشک کرین
وقت ضرورت اپنے پیشاب مین گھسکر قضیب پر ملین ممسک ہے دیگر گندھک ہرتال چیونٹی بڑی
سیاہ تینون کو برابر لیکر پہلے گندھک کو ساتھ سرکہ کے پیسین اور پانی اسمین ڈال کر تھوڑی دیر چھوڑ دین
تاکہ گندھک نیچے بیٹھ جاے اور پانی اوپر کا گرا دیوین پھر گندھک کو دوبارہ ساتھ سرکہ کے پیسکے
پانی ڈال کر اسی طرح تین مرتبہ عمل مین لاوین بعد اس کے تینون دوا کو ایک جگہ پیسکے گولی لانبی
باندھکے شیشہ گل حکمت کیے ہوئے مین رکھ کے بطریق چودے کے روغن ٹپکا وین پیشاب کا مقام
چھوڑ کر ملین نفع عجب ہے دیگر حلواے نکھیکنی نکھیکنی سیر بھر گھی سیر بھر نکھیکنی کو پانچ سیر دودھ مین جوش
کرین تاکہ شیر جذب ہوجاوے بعد اسکے سیر بھر روغن زرد مین بھونین بعدہ سیر بھر شکر اور ایک سیر شہد
ڈال کر قوام کرین اور بعدہ یہ دوائیان ملا دین دارچینی لونگ کلنجن کباب چینی ہر ایک تین ماشہ
مشک ڈیڑھ ماشہ صبح کو پیسہ بھر کھا دین نہایت فائدہ کرے گا۔ دیگر اندر جو شیرین ڈیڑھ تولہ کوٹ کے
پاؤ بھر دودھ بکھری مین دو پہر کھرل کرین اور رکھ چھوڑ رین اور وقت ضرورت لیپ کرین دیگر مالکنگنی
قسم اول پاؤ بھر جڑ کنیر سفید کی ساڑھے سترہ ماشہ گھونگچی سفید اندر جو کڑوا کالا بچھو بیر بہوٹی ہر ایک ڈیڑھ
تولہ زہر تلیہ زہر بلدیہ سنکھیا زرد اور سفید ہر ایک نو ماشہ جائپھل جوتری لونگ ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ دودھ بکھری کا پاؤ بھر سب دوا سواے لونگ بیر بہوٹی بیج کنیر سفید کے جوکوب کرکے رات کو
دودھ مذکور مین تر کرین صبح کو آتشی شیشہ گل حکمت مین مانند چودے کے ٹپکا دین اور طریقہ لگانے کا
یہ ہے کہ اول روغن ملین اور اس کے اوپر کپڑا باریک لپیٹ کر پان باندھین کچھ کھال اُدھڑے گی
اور اسی درمیان مین تج اور ثعلب مصری اور موچرس وزن برابر کوٹ پیسکے صبح اور شام نو ماشہ ساتھ

دودھ گاے کے یا پانی کے کھلادین اور جماع و ترشی سے پرہیز کرین واسطے حلق زدہ کے مفید ہی اور رگہاے شست کو مفید ہی اور جو کوئی کہ ازالہٗ بکارت سے عاجز ہو قادر ہو جاے

فصل ادویہ امساک بیر بہوٹی ڈیڑھ تولہ تلی کا تیل ساڑھے سات تولہ بیر بہوٹی تلی کے تیل مین جلادین اور حل کرین قبل مجامعت دونون پاؤن کے تلوے مین ملین انگلیان چھوڑ کے اور بعد تین گھڑی کے قربت کرین دیگر پوست بیج کتائی سفید سات ماشہ تخم اوٹنگن کافور ہر ایک ڈیڑھ تولہ پیسکے ایک ماشہ کی گولیان باندھین ایک گولی واسطے لیپ کے کافی ہی جبتک دودھ نہ پوین انزال نہووے دیگر خون کنجشک خانگی ساتھ آٹے مسور کے ملادین اور چارپائی پر بیٹھ کے پیر کے تلوے مین ملین جبکہ خشک ہو مجامعت کرین جبتک کہ چارپائی سے نہ اترین پاؤن زمین پر نہ رکھین منزل نہ ہون دیگر افیون مصری گوگل بھیسا باریک کر کے دودھ درخت گولر مین ملا کے ناف اور حوالی اس کے طلا کرین مفید ہی دیگر امساک زیادہ ہووے جائپھل ایک عدد باریک کر کے تخم دھتورہ اجوائن مسلم سب اکٹھا کر کے پوٹلی باندھکے ایک سیر دودھ مین لٹکادین کہ آدھ سیر یا قدر کم رہے پلادین جبکہ نشہ آئے مجامعت کرین جبکہ ترشی کھاوے خلاص ہو جاے دیگر لونگ جائپھل سیاہ مرچ زعفران مصطگی جاوتری دارچینی سونٹھ ہر ایک سات ماشہ کافور ساڑھے تین ماشہ کوٹ پیسکے دونے شہد مین ملا کے وقت ضرورت بقدر چنے کے کھادین مجرب ہی دیگر مرچ سپید اجوائن ہر ایک پانچ تولہ افیون ڈھائی تولہ زعفران سوا تولہ بالچھڑ عاقرقرحا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ شہد سہ چند دواسے لیکر معجون بنادین مقدار خوراک آدھ ماشہ قبل مجامعت کے دیگر شنگرف عاقرقرحا افیون برابر لیکر کوٹ پیسکے ساتھ افیون کے ملا کے عرق پان بنگلہ ملا کے مقدار چنے کے گولی بنادین بعد مغرب ایک گولی کھلادین ساتھ دودھ کے اور چاہیے کہ درمیان کھانے کے اور دوا کے فصل تین پہر کا ہو تاکہ پیٹ نہ بھولے رات کو اشتہا ہو تو دودھ نوش کرین اور کچھ نہ کھادین اگر مقدار چنے سے زیادہ کھانا چاہے تو عادت سے بڑھاوے اور واسطے خوشبو کے تھوڑی لونگ و جائپھل اسمین ملادین دیگر لونگ عاقرقرحا موصلی سفید موصلی سیاہ جائپھل افیون تخم اوٹنگن زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مشک ایک ماشہ کوٹ پیس کے شہد مین ملا کے دو ماشہ موافق مزاج و عادت کے کھادین دیگر کپڑا باریک و سنگین لیکر کھلی ببول کو توڑ کر اسکی تری مین کپڑا تر کرین اسی طرح سات مرتبہ کرین اور خشک کرین

وقت ضرورت تھوڑا کپڑا دودھ مین دھوئین اور وہ دودھ نوش کرین اگر دودھ موجود نہو پانی کفایت
کرتا ہے مجرب ہے اگر عورت تھوڑا اس کپڑے سے فرج مین رکھے تنگی پیدا ہو دیگر کلپہ کنیر سفید کی جڑ کا چھلکا
دھتورہ سیاہ کے پتے تینون برابر شراب مین کھرل کرکے لیپ کرین امساک ہوگا اگر چاہین کہ
جلد منزل ہو جاوے بعد لیپ کرنے کے جو ایک گھڑی گذرے گرم پانی سے دھووین دیگر کہ امساک
لاوے اور فوراً باہ پیدا ہو گومے کے بیج باریک پیس کے ناف پر ملین بقدر نیم ماشہ مجرب ہے
دیگر کہ امساک لاوے اور قوت باہ زیادہ کرے شنگرف آنبہ ہلدی ست گلو تینون بوزن مساوی
باریک پیسین اور گوند ببول سے گولی باندھین جھڑبیری کے برابر اور خشک کرین پھر گولیون
کو اندر سے خالی کرکے ایک رتی پارہ بھر کر جسقدر کہ گولی سے دوا نکلی ہے بھر کے سوراخ بند کر دین
اور خشک کر رکھین ایک گولی قبل ضرورت کے کھاوین اگر زیادتی باہ کی منظور ہووے
تو ہمیشہ اس دوا کو کھا دین اور جب انزال منظور ہو تمک منھ مین رکھین

فصل وہ ادویہ جو لذت دیتی ہین جماع مین سوار چینی کبابہ عاقرقرحا مویز منقی ہر ایک
نو ماشہ مشک خالص تھوڑی سی سب دوا کو جوکوب کرکے ساتھ شہد اور سونٹھ کے ملاوین اور
وقت حاجت کے قدرے اس سے ساتھ لعاب دہن کے اوپر ذکر کے ملین اور جماع کرین دونون
لذت پانیوالے ہون گے دیگر بال سر آدمی کے باریک پیس کے ساتھ روغن چنبیلی کے ملا کر وقت
جماع تھوڑا اوپر ذکر کے ملین دیگر دل ہدہد کا خشک کرکے شکر مین کھاوے شہوت زیادہ کرے
جس عورت کے ساتھ نزدیکی کرے دیوانی ہووے دیگر بیر بہوٹی روغن گاؤ مین بھونین اور وقت
جماع کے تھوڑا اس سے اوپر قضیب کے ملین دیگر بال سر عورت کے جو کنگھی مین ٹوٹتے ہین جلاکر
شہد مین ملا کر اوپر ذکر کے ملین اور اس عورت سے جماع کرین دیوانی مرد کی ہووے دیگر پارہ
زعفران کافور گاؤ لوچن سب کو عرق دھتورہ مین پیسکر اوپر ذکر کے طلا کرین اور جماع کرین عورت
فریفتہ ہوگی دیگر عاقرقرحا سونٹھ دارچینی برابر کوٹ پیس کے اس پانی مین کہ گوند ببول اس مین
حل کیا ہو ملا کر شہد ملاوین اور گولی بنا کر رکھین وقت حاجت کے منھ مین رکھین جب وقت
کہ گوند پگھلے اوپر ذکر کے طلا کرین لذت تمام ہووے دیگر کبوتر کی بیٹ تمک سنگ باریک پیسکر شہد مین
ملاوین اور قضیب پر طلا کرین دیگر ایک سیاہ مرچ صندل کیساتھ پیسکر ذکر پر طلا کرین بہت لذت ہوگی

فصل امراض فوطے مین دوائی کہ فتق کو مفید ہے یعنی آنت کہ خصیہ مین اتر آتی ہے اسکو دفع کرے بیروزہ خشک باریک کرین اور پانی مین افیون کے حل کر کے اوپر کپڑے کے طلا کر کے خصیہ پر لپیٹین اور ایک پہر آفتاب کے نیچے بیٹھین اور تمام دن تک لگا رہنے دین صبحکو آہستہ جدا کر کے اور دوا لگا دین یہان تک کہ سب آنت اوپر چڑھ جاوے اور خصیہ اپنی اصلی صورت پر ہو جاوے دیگر کہ ورم خصیہ کو دور کرے ایک خصیہ مین ہو خواہ دونون خصیہ مین سونٹھ و نبولہ و تل سیاہ سب کو کوٹ پیسکے گاے کے پیشاب مین پکا کے نیمگرم ضماد کرین تین روز مین ورم برابر ہو جاوے دیگر کہ ورم سخت خصیہ کا دفع ہو جاوے اندر جھوے کا ہرے دھنیے کے شیرہ مین پیسین اور طلا کرین دیگر کہ بھنگ کو پانی مین تر کرین اور دونون خصیہ اُسمین رکھین دو تین مرتبہ مین صحت ہو گی دیگر اگر ورم سیدھے خصیہ مین ہو رگ اسلیم ہاتھ اُلٹے پر داغ دین اگر ورم اُلٹے خصیہ مین ہو تو سیدھے ہاتھ مین داغ دین رگ اسلیم درمیان چھنگلیا اور اُس کے پاس کی انگلی کے واقع ہے اور داغ بافتہ کے کپڑے سے دینا چاہیے دو روز مین آماس خصیہ کا جاتا رہتا ہے دیگر عرق بھلانوان کہ جسکو شہد کہتے ہین نکال کر اس مین تاگا تر کرین جس طرف کہ ورم خصیہ ہو خلاف اُس کے چار انگل اوپر گھٹنے پاؤن کے تاگے کو لپیٹین اور اسی طرح ایک تاگہ اور عسل بھلانوان مین تر کر کے درمیان بازو اُس ہاتھ کے کہ جس کے خلاف خصیہ مین درد ہو لپیٹین جبکہ عسل تاگے سے علیحدہ ہو کر جلد پر چمٹ جاے تاگے کو علیحدہ کر لیوین اور جس جا کہ عسل بھلانوہ چپکا ہو چونہ اوپر اس خط بھلانوان کے کہ جو جلد مین معلوم ہوتا ہے لگا دین فائدہ اسکا یہ ہے کہ ورم پیدا نہ کرے گا اور اکثر بعد چند ساعت خارش اس محل مین ظاہر ہوتی ہے چاہیے کہ کھوپرہ اس مقام پر مل دیوین اور روغن مغز کھوپرہ کا بھی کہ خارش دور ہو جاوے گی اور ورم و درد ایک ساعت مین جاتا رہے گا مجرب ہے دیگر کہ خصیہ مین ریح جمع ہووے اور ورم کر لاے لفع بخشنے مغز تخم رینڈی پانی مین پیسین اور چاندی کے برتن مین گرم کر کے ایک روز مین دو تین بار اوپر خصیہ کے طلا کرین مجرب ہے

باب اُن امراض کے بیان مین کہ مخصوص ساتھ عورتون کے ہین

فصل وہ دوائین کہ فرج کو تنگ کرین اور حیض کو لاوین اور بند کرین اور سوا اسکے. دوائی

استحاضہ یعنی بہت خون کا آنا رحم سے موقوف کرے تالمکھانا چھوہارا سوت لودھ موتھا ان سب دوائون کو کوٹ پیسکے صبح کو چھ ماشہ ساتھ چار ماشہ شکر کے ملاکے ہمراہ پانی چاول ساٹھی کے کھلاوین دیگر لید گدھے کی خشک کرکے کوٹ پیسکے کپڑے مین پوٹلی باندھکر عورت پیشاب کے مقام پر رکھے خون بند ہوجاوے گا دیگر جنطیانا رومی کو ٹکر مہندی کی پتی مین ملاکے ہاتھون پر باندھین دیگر سنگجراحت تین تولہ گوند ڈھاک ڈیڑھ تولہ چھوٹی مائین نو ماشہ مصری تین تولہ کوٹ پیس کے سفوف کرین خوراک ہتھیلی بھر ساتھ پاؤسیر دودھ گاے کے دیوین تین روز مین نفع ہوگا دیگر لید گدھے کی مٹی کے برتن مین جلاوین اور راکھ اسکی رحم کے منہ پر رکھین خون بند کرے گی دیگر کہربا نو ماشہ گل ارمنی سترہ ماشہ کو ثمین ساتھ عرق بارتنگ کے یا عرق ادرک مین یا پانی سماق مین یا لعاب بہدانہ یا آب کتھہ مین ملاکر کھلاوین دیگر گوند ڈھاک بارتنگ تخم شاہسفرم بریان ہر ایک نو ماشہ قدرے روغن گل مین چرب کرکے گولی بناوین اور کھلاوین دیگر سرمہ پیسا ہوا گلنار جفت بلوط سب کو کو ثمین ساتھ پانی حب الآس کے ملائے فرزجہ کرین دیگر فوفل یعنی سپیاری ایک عدد بانسہ سات ماشہ رال سات ماشہ کوٹ پیسکے صبح اور شام ساتھ پانی سرد کے ایک ہفتہ کھلاوین خون حیض اور اسہال خون اور خون بواسیر بند ہوجاے دیگر میل بدن آدمی کہ حمام مین جمع ہوتا ہے بتی مین لگاکر پیشاب کے مقام پر رکھین خون بند ہوجاتا ہے دیگر واسطے تنگی فرج کے چھال ببول چھال انار چھال مولسری تینون پیس کے کپڑا ترکرکے عورت اپنے مقام پیشاب پر رکھے دیگر واسطے فراخی فرج باکرہ کے جڑ اونٹ کٹارہ کی پیسکر ناف پر ملین فرج کشادہ ہونے دیگر ماسور کا حریرہ کرکے کھلاوین خون حیض کا بند ہوجاے دیگر شہوت عورت کی کھودیوے کافور تین ماشہ سہاگہ دو ماشہ ساتھ بنگلہ پان کے کھلاوین دیگر کاہو کے بیج نتلی کے بیج برابر کوٹ پیس کے سترہ ماشہ ساتھ شیرہ خرفہ سیاہ کے دیوین فائدہ کامل ہوگا اس دوا مین عورت مرد یکسان ہر برابر فائدہ ہوتا ہے دیگر نیلوفر مع جڑ کے بید کے پتے ہرے گلاب کے پتے اسپغول اجوائن کافور سفوف کرکے بقدر حاجت کھلاوین دیگر نیلوفر کی جڑ خشک تین تولہ گلاب کے پھول ساڑھے سترہ ماشہ صندل سفید سات ماشہ کافور نو ماشہ یہ سب دس خوراک ہین دیگر کہ فرج عورت تنگ کرے ڈھاک کی کلی (یعنی وہ شگوفہ جو کھلا نہ ہو) سایہ مین خشک

کرکے کوٹ پیس کے مصری برابر ملاکر نو ماشہ سے ڈیڑھ تولہ تک کھلادین تین ہفتہ مین اثر ہوگا اورچالیس روز مین فائدہ کلی ہوگا دیگر ناگرموتھا واسطے تری رحم کے اور بند کرنے منھ رحم کے مفید ہے خواہ پلائین یا حمول کرائین دیگر کیوڑے کے پھول کو چینی کے برتن مین جھاڑین یا اوپر کاغذ کے جو کچھ مانند غبار کے اس سے نکلے قدرے عورت اپنی فرج مین چھڑکے مجرب ہے دیگر اردی ڈیڑھ تولہ لونگ ایک ماشہ اردی کاٹ کر خشک کرین اور دونون کو باریک کرکے پانی مین برابر لونگ کے گولی بنادین اور ایک گولی پیشتر جماع سے ایک گھڑی کھلادین دیگر پھلیارہ ایک حصہ سلارس دو حصہ باہم ملاکر فرج مین ملین مثل باکرہ کے ہوجاے دیگر انار کچا تین تولہ پھلی ببول کی چھوٹی ہو کچی رنبیا کہ جس مین ترشی نہ آئی ہو پھل درخت بڑ کا کہ خرد ہو چار دن دوا ایک ایک سیر سایہ مین خشک کرکے کوٹ پیسکر چالیس روز کھلادین ساتھ پانی کے اوپر اسکے نان مرغن دیوین نوروز تک ترشی و بادی نہ دیوین باکرہ ہوجاوے دیگر کپڑا شیرہ پھلی ببول مین ترکرکے فرج مین رکھین دیگر درخت کیکر ببول کی چھال جوکوب کرکے دو وزن پانی مین تر کرکے جوش کرین حتی کہ نصف رہجاے چھان کر شیشہ مین رکھین جبکہ حیض آوے ایام حیض مین بعد پیشاب کے اس پانی سے استنجا کرین ہر حیض مین ایسا ہی کرتے رہین تاوقتیکہ حیض آئندہ آوے باکرہ ہوجاویگی دیگر اسپنج کہ جس کو ابر مردہ کہتے ہین ایک ٹکڑا لیکر دو تین گھڑی پیشتر صحبت سے بدن مین رکھین وقت صحبت نکالین ضیق و نرمی وگرمی ہوگی دیگر املی کے بیج کوٹ چھانکر قدرے فرج عورت مین ڈالین تنگی وگرفتگی تمام آوے گی دیگر مازو پھل ڈیڑھ تولہ آٹے کے غلولہ مین رکھکر پکادین پھر باہر لاکر مثل سرمہ کے پیسین دوا ایک ماشہ مشک اول پیس کے بھی ملادین اور کپڑے باریک مین چنے برابر گولی یعنی پوٹلی تیار کرکے بعد ایام حیض تین رات دن عورت اپنے بدن مین آٹھ ماشہ رکھے اگر ایک ہفتہ صبح و شام رکھے تو بہتر ہے بعد اس کے پاس شوہر کے جاوے مانند باکرہ کے ہووے دیگر مازو پھٹکری فقاح اذخر چنبیلی کی پتی برابر لیکر پیسکر بتی بناکر رکھین یا سب دوا کو جوش کرکے اس کے پانی مین عورت بیٹھے دیگر مردار سنگ سرمہ سیسہ نرم کوٹ چھان کر ساتھ شراب تیز کے ملاکر بتی رکھین دیگر اذخر مکی ایک حصہ مازو دو حصہ پیسکر کپڑا اسمین ترکرکے خشک کرکے وقت ضرورت تھوڑا اس سے عورت اپنے بدن مین رکھے دیگر گھوڑی کی پیوسی (جو پہلی بار بیائی ہو)

لیکر اسمین سفید کپڑا نیم پرانا تر کرکے خشک کرکے وقت ضرورت بدن مین رکھے اتنی دیر رکھے کہ کپڑا سب تر ہو جاوے پھر عورت نزدیکی مرد سے کرے مثل باکرہ کے ہوگی دیگر کالے تل سات ماشہ گوکھرو چودہ ماشہ شہد چودہ ماشہ آدھ سیر دودھ ملاکر عورت ہر روز استعمال کرے مانند بکر کے ہوگی دیگر مازو دکا فور اور شہد باہم ملاکر فرج مین طلا کرے اگرچہ بڈھی ہو جوان ہو جائے دیگر کف دریا ٹہر کے بیج کی گٹھلی مساوی ملاکر پیسین اور عورت فرج مین ملے تنگی بہت ہوگی اگر سوراخ رحم تک پہونچادے جلد فائدہ ہو دیگر کہ تری فرج کی دور کرے اقاقیا گلنار مازو سک ہر ایک سات ماشہ پھٹکری سنبل الطیب ساڑھے تین ماشہ کوٹ پیکر مثل شافہ استعمال کرین دیگر اگر کسی عورت کا بکر زائل ہوگیا ہو انت باریک کبوتر کی خون کبوتر سے بھرین اور مازو پھٹکری ناگرموتھا سنبل الطیب مشک وسک ہر ایک ساڑھے تین ماشہ لونگ نو ماشہ باریک کرکے انت مذکور کو اسمین لت کرکے استعمال کرین فائدہ کمال ہوگا اور خون بھی جاری ہوگا دیگر بیر بہوٹی ساتھ گھی گاے کے ملاکر تین روز فرج مین ملین نہایت مفید ہے دیگر کہ فرج تنگ کرے وسیلان منی بے اختیاری سے آتی ہو بند کرے تتلی خشک پودینہ تخم سنبھالو ہر ایک دو درم کسیلا دو درم تخم کاہو نیلوفر ہر ایک ڈیڑھ درم گوگل ایک درم جنیہ گوند حل کرکے اور دوا خشک کرکے کوٹ پیس کے باہم ملادین اور عورت کے شافہ کرین دیگر دوائی کہ حیض نفاس کو جاری کرے اور مشیمہ کو کہ مثل ٹکڑے گوشت کے ہوتا ہے باہر نکالے اور بچہ کو گرادے ادویہ کہ مشیمہ کو باہر نکالے یعنی مضغہ گوشت جو رحم مین قرار پاتا ہے ترکشہ ببر بھارنگی کوٹ چھان کر ساتھ روغن گاے کے کھلادین دیگر سونف بابے ٹرنگ چار چار ماشہ بیر زہ گجراتی ڈیڑھ تولہ کوٹ چھان کر ابتداے حیض مین تین روز تک دیوین یہ سب تین خوراک تین دن کی ہے دیگر شکر سفید تخم چرچرہ ایک ایک تولہ چونا بے بجھا آدھا ماشہ ابتداے حیض سے تین روز تک کھلادین اور یہ تین دن کی خوراک ہے دیگر تخم ریحان ساتھ شربت کے کھلادین دیگر مولی اور گاجر کے بیج ہر ایک ہتھیلی بھر کھلادین دیگر وہ دوا کہ سختی و آلائش رحم کی پاک کرے بچہ زندہ و مردہ فی الفور گرادے و حیض بند کو جاری کرے دودھ مدار کا لیکر روئی اسمین تر کرکے رحم کے منہ پر رکھین چونکہ دودھ مدار کا ورم پیدا کرتا ہے کہنہ کھال وہان کی نکلجاتی ہے الغرض عورتین نازک مزاجون کے قابل نہین ہے دیگر کہ حیض جاری کرے درخت نیب کہنہ کی چھال دو تولہ سونٹھ چار ماشہ قند سیاہ کہنہ دو تولہ نیم کی چھال دو تولہ

کو نکر جوش کرکے گڑ ملا کر پلادین دیگر اجوائن چند روز کھلادین حیض جاری ہو دیگر حیض لفراغت آدیگا
قند سیاہ کسی برتن مین آگ پر چڑھادین جبکہ قوام سخت ہو کر بتی بن سکے تھوڑا بیروزہ خشک باریک
کرکے اُسمین ملادین اور بتی بنا کر دہن رحم مین رکھین دیگر زمہ کی پتی آدہ پاؤ ایک سیر پانی مین جوش
کرین جبکہ لقدر پینے کے ہو گڑ پانچ چھ تولہ حل کرکے پلادین خون لفراغت آدیگا دیگر نبولہ خالص
جوش دیکر تین روز تک پلادین ایام جاری ہون گے دیگر ایلوا تیس مرکی بندال برابر لیکر کوٹ کر
ساتھ شراب کے پیسکر شافہ کرین دیگر کہ پانی رحم کا جذب کرے اجمود باٹرنگ بیروزہ خشک ہر ایک
ڈیڑھ تولہ تخم سویا نمک لاہوری دو ماشہ شہد لقدر ضرورت شہد گرم کرین دوا کوٹ چھان کر ملا کر
روئی تر کرکے شافہ کرین دیگر باد رحم کو دور کرے سونف انیسون کرفس تپی تتلی پودینہ ہر ایک ڈیڑھ
تولہ شہد چھ تولہ کو گرم کرلین اور دوا کوٹ کر اسمین ملادین لقدر گٹھلی چھوہارے کے اور روئی پرانی دوا
مین تر کرکے شافہ بنا کر دین دیگر کہ سیلان رطوبت رحم کو دفع کرے دودھ گاؤ پانچ سیر مازو بڑی مائین
چھوٹی مائین ہر ایک چار تولہ سپاری کے پھول دھاوا کے پھول ہر ایک ساڑھے سات تولہ ڈھاک
کا گوند آدھ پاؤ سپیاری سُرخ پاؤ سیر شکر سفید آدھ سیر دودھ کو آگ پر جوش کرین اور سپیاری نرم
کوٹ چھان کے داخل کرین اور کفگیر سے چلادین اور شکر اور کوٹی ہوئی دوا مین ملا کر قوام کرین اور لقدر حاجت کھلادین
اور جو دوا واسطے سیلان مردون کے اوپر لکھی گئی ہے اس جگہ بھی مفید ہے دیگر اگر فرج عورت سے پانی
جاری ہو مغز سنکوت لقدر جنگلی بیر کے ساتھ پانی کے کھلادین پاک و پاکیزہ ہو جاوے۔

فصل واسطے منزل کرنے عورت کے اور سوا اس کے جو کہ لذت لادے اسپند سوختنی باریک
پیسکر شہد مین ملا کر اوپر قضیب کے ملین جب خشک ہو نزدیکی کرین دیگر کافور قیصوم سینی نو ماشہ سہاگہ
بھنا ہوا ڈیڑھ تولہ شہد مصفی ساڑھے تین ماشہ سب کو ملا کر قضیب پر ملین جب خشک ہو جاوے
مجامعت کرین دیگر گھوڑے کا لعاب سرسون سفید اور پاک مٹی ملا کر قضیب پر طلا کرین دیگر نمک
سنگ و بیٹ کبوتر کی شہد مین ملا کر قضیب پر ملین دیگر ددھی اور پان ساتھ چونے کے عورت کو کھلادین
دیگر کافور ایک حصہ چونا دو حصہ آپس مین ملادین اور عورت کو کھلادین فی الفور منزل ہووے دیگر
پتہ مرغی کا ساتھ مردار سنگ کے ملا کے قضیب پر طلا کرین دیگر پتہ چڑیا کا شہد مین ملا کر ذکر پر ملین۔
دیگر پارہ ساتھ پانی گوبھی کے اور عرق پان بنگلہ یکجا کرکے گولی بنادین پھر جو عورت کہ ایک گولی

کھاوے فوراً انزال ہوجاوے دیگر کچور مادہ دو رتی بکری کے دودھ مین کہ تازہ ہو خوب پیسین پھر کافور ایک رتی ملاکر پھر پیسین وقت ضرورت استعمال کرین دیگر نسخہ مطابق گنج باد آورد سہاگہ ایک جزو کافور ایک جزو شہد چھ حصہ حشفہ چھوڑ کر طلا کرین دو تین مرتبہ دخول کرنے مین منی عورت کی گرجائے گی اور لذت سے بیہوش ہوجائے گی دیگر درد رحم کہ شروع حیض مین یا بعد بچہ ہونیکے یا بعد جماع کے ہوتاہے موقوف کرے اور مانع حمل ہو اور بچہ گرادیوے۔ پتی نیب کی گرم کرکے رحم پر باندھین یعنی مثانہ درد زائل ہوگا اور وہ عورت کہ حیض آنے مین مبتلا درد کی ہو چند روز زراوند خطائی کھلادین دیگر درد جو وقت جماع لاحق ہوتاہے دور کرے اور مانع حمل ہے مازو باریک پیسین اور روئی تر کرکے رحم کے منہ پر رکھین قبل جماع کے دیگر بھنگ باریک کرکے روئی لت کرکے اندر فرج کے رحم کے منہ پر رکھین دیگر پوستہ پانی مین تر کرکے قدرے پانی اسکا نوش کرین درد رحم سب طرح کا دور ہو دیگر درد رحم کہ پانی گندے سے ہو اور کسی طرح سے آرام نہو دور ہو بابرنگ کف دریا ہر ایک ایک حصہ بیر وزہ خشک نمک لاہوری ہر ایک دو حصہ سب کو کوٹ پیکر تین پوٹلی بقدر بیر جنگلی کے باندھین اور نیچے رحم کے رکھین سب گندہ پانی دور ہو تین روز عمل مین لادین

فصل واسطے آسان ہونے بچے کے اور سوا اس کے۔ بال آدمی کے سر کے جلاکر راکھ اسکی گلاب مین ملاکر عورت کے سر پر ملین دیگر اہل سات ماشہ اشق ہینگ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ سب ایک خوراک ہے دیگر کوئی دوا برابر اس کے نہین جند بیدستر یہ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ دار چینی آہل ہر ایک سوا دو ماشہ سب کو کوٹ کر ساتھ شہد کے ملادین اور نو ماشہ ساتھ ماء العسل یا شراب پرانی کے پلادین دیگر سات ماشہ گوبر گاے کا ساتھ پانی کے کھلادین ایک ساعت مین مرا ہوا بچہ گرجاوے دیگر اسگند کوٹ پیکر شروع حیض سے ساڑھے تین ماشہ سے سات ماشہ تک کھلادین اور غذا مین دودھ اور خشکہ دیوین اور بعد ایام حیض کے جماع کرے البتہ حمل ہووے دیگر ہڈی سر آدمی کی باریک پیسکر تھوڑے ساتھ دودھ بکری کے عورت کو کھلادین بعد پاک ہونے حیض کے قربت کرین دیگر کہ معین حمل ہے اور بانجھ پن کو دور کرے ریشہ درخت تاڑ کا کوٹ کر تین ماشہ گڑ مین ملاکر تین گولی باندھین جس روز سے کہ حیض سے پاک ہووے ایک گولی اسکو کھلادین اور جماع کرین اور تین روز تک دیوین ایک ایک گولی اور جماع کرین بانجھ جس طرح کا ہو دور کرے اور اگر عورت

کوحمل مین خون جاری ہوا ور خوف گرجانے کا ہو دھاتکی (آ) تولہ اور نیلوفر ہموزن پیسکر ساتھ
شہد اور دودھ گاے کے ملاکر کھلادین خون بند ہو دیگر تخم گاجر سونف تخم مولی باٹرنگ سونٹھ نرکچور
آنبہ ہلدی ہرایک سات ماشہ جدا جدا جوکوب کرکے تین حصہ کرین اور ایک حصہ صبحکو دیگ گلی
مین ساتھ سیر بھر پانی کے جوش کرین جس وقت آدھ پاؤ پانی باقی رہے پُرانا گڑ چار یا پانچ تولہ اسمین
ڈال کر چھانین اور ڈیڑھ تولہ گھی گاے کا یا سوا اس کے اسمین ملادین اور پلادین پھر اس دوا مین
آدھ سیر پانی ڈال کر شام کو جوش کرین جبکہ آدھ پاؤ سے کچھ کم رہے ساڑھے چار ماشہ گڑ پرانا
اسمین ڈال کر چھانین اور ملالین اور دو ماشہ گھی ملاکر پلادین تین روز تک دو وقت دیوین
اور یہ دوا اس طرح شروع کرین کہ تیسرا روز طہارت کا ہو یعنی جس عورت کو خون چھ روز تک آتا ہی
اسکو چاہیے کہ بعد تین روز کے دوا شروع کرے جس روز کہ ایام حیض تمام ہووین وہ دوا بھی ختم ہو جاے
جس عورت کو تین روز ایام حیض ہون وہ اول دن سے یہ دوا شروع کرے اور جبتک کہ ایام حیض
ہون ترشی اور بادی سے پرہیز رکھین عنایت خدا سے فرزند نرینہ پیدا ہوگا دیگر موز منقی ہر ہیٹرہ آملہ ہو
تاڑ کی بکرٹی تل دودھی گل دھاوا دارچین کی چھال ناردان (دانہ انار) قند سپید سب برابر کوٹ پیسکر
باہم ملاکر گولی بناکر کھلادین اور طلا بھی کرین اور بعد آٹھ روز کے جماع کرین حاملہ ہوگی دیگر نمک سنگ
عرق بھنگرہ داڑھی درخت بڑکی کرڑوا تیل ہرایک ساڑھے تین ماشہ سب کو کوٹ کر کھلادین شروع
حیض سے تین روز تک فرزند نرینہ پیدا ہو دیگر جس کو حمل گرجانے کا خوف ہو فائدہ کرے ملیٹھی لودھ
برابر پیسکر نو ماشہ چھٹانک بھر بکری کے دودھ مین ملاکر نو ماشہ شہد ڈال کر پلادین دیگر حمل کہ قبل
کامل ہونے بچے کے گرجاتا ہی ایک تاگا نو تار کا سر سے ناخن پیر تک عورت کے لیکر پیازادر دھتورہ
سیاہ کی جڑ سات ٹکڑے کرکے تاگے مین باندھکر کمر عورت مین باندھ دے بچہ نہ گرے گا دیگر کہ جینے
سے اس کے حمل قائم ہوتا ہی نرکچور سونٹھ باٹرنگ ہرایک ڈیڑھ تولہ نیم کوب کرکے تین حصہ کرین ایک
حصہ کو دو سیر پانی مین جوش دین اور ایک مرتبہ پانی چھان کر پھینکدین اور تین تولہ گڑ پرانا ملاکر جوش
دیکر شیر گرم پلادین تین روز تک بہتر ایام پلانے کے یہ ہین کہ روز ایام حیض سے فراغت ہو جیسا کہ اوپر
کہا گیا ہی دیگر اگر عورت بچہ جننے سے باز رہے فائدہ کرے لکڑی لقمچ کی کہ جس سے رنگریز کپڑا رنگتے ہین
بیج لودھ پٹھانی نبر دمیدہ کرکے ہمراہ روغن وشکر حلوا تیار کرین آٹھ روز کھلادین بعد آٹھ روز کے

عورت مرد کے پاس جاوے انشاءاللہ تعالیٰ لڑکا ہوگا چیز بادی سے پرہیز کرے دیگر زندہ بچھو طالع عقرب مین پکڑکر کپڑے مین لپیٹ کر عورت اپنے پاس رکھے اسقاط حمل نہوگا دیگر کہ حمل نہ قائم ہو گھونگچی کوٹ پیسکر بقدر چار ماشہ ہمراہ شکر تین روز تک کھلادین لڑکا نہوگا دیگر کہ بہ حمل فائدہ کرے گل ناگیسر گاے کے گھی مین بعد حیض کے تین روز عورت کھاوے غذا شیر برنج دودھ گاے کا کہ جس کا بچہ نر ہو بعد فراغ جماع کرے دیگر حمل قائم ہو کڑوی ترئی سبز چھلکا اسکا دور کرے پیسکر بعد فراغ حیض تین روز متواتر فرج مین ملین اور دھو دین بعد اس کے عورت سے صحبت کرین دیگر وہ دوا کہ حمل کو منع کرے نمک سنگ کڑوے تیل مین چرب کرین بعد فراغ جماع کے عورت اپنے رحم مین رکھے اگر پانی منی کا قرار پا گیا ہوگر جاوے دیگر بیٹ صحرائی کبوتر کی نو ماشہ پانی مین ڈال کر رات کو نگاہ رکھے صبحکو وہ پانی عورت پیوے ایکروز یا تین روز عورت عقیمہ ہوجاوے دیگر اگر بیٹ کبوتر صحرائی ایک ماشہ ہمراہ شکر کھلادین یہی عمل کرے دیگر اگر وقت جماع آلت کو تلی کے تیل مین چرب کرین رحم نطفہ قبول نہ کرے گا دیگر اگر بعد جماع کے قدرے نمک سنگ بدن اپنے مین رکھے اور سات قدم ایک پیر پر کودے منی کہ رحم مین ہو نغزش کرے دیگر مازو تخم مورد برابر لیکر کوٹ کر پانی مین ملاکر شافہ کرے اور قبل جماع کے عورت اپنے بدن مین رکھے حمل نہ قائم ہو دیگر گھونگچی عجیب خاصیت رکھتی ہے بعد حیض کے ایک گھونگچی کھالیوے ایک برس تک حاملہ نہو بدستور جسقدر کہ کھالیوے اُتنے ہی سال تک لڑکا نہ ہو دیگر تخم پلاس و پوست انار سات ماشہ چار پیالہ پانی مین جوش کر کے ایک صبح پلادین خون حاملہ بند ہو جاوے دیگر جوارش کہ گرنے بچے کو منع کرے زرنجو رد درنج عقربی مروارید کہربا عود خام ہر ایک ساڑھے تین ماشہ چھڑیلہ بالچھڑ ہر ایک ستر ہ ماشہ کوٹ پیسکر تین حصہ شہد ملاکر ہر صبح کو نو ماشہ کھلادین دیگر میل کان آدمی کا بقدر دانہ باقلہ کے ساتھ پشمینہ سیاہ رنگ کے اوپر گردن عورت کے باندھین جبتک بندھا رہے گا عورت کو حمل نہ ہوگا دیگر بہمن سرخ و سفید ہر ایک برابر کوٹ پیسکر ساتھ شہد یا قند کے قوام کرین یا ہمراہ گلقند کے ملاکے ڈھائی تولہ کھلادین دیگر کہ بچہ کو گرادیوے بیخ بسکھپرا بقدر بالشت یا آٹھ انگل کاٹ کے ایک جانب اُس کے باریک کر کے قدرے ایلوا اور کلونجی پتہ گاے مین حل کر کے طلا کرین اور خشک کرین اُسی جانب باریک کو قم رحم مین درآوے دوسری طرف بیخ بسکھپرا دھاگا باندھ کے ران پر باندھین اور اسی طرح رہنے دین تاکہ بچہ گر جاوے

چار پانچ روز عمل مین لاوے دیگر موٹی کے بیج تین تولہ کوٹ کے سیر بھر پانی مین جوش کرین جبکہ پاؤ بھر
پانی باقی رہے چھانین اور تین تولہ گلاب ملا کر پلادین اگر ایک روز مین اثر نہ کرے تین روز
تک دیوین ہے دیگر کہ تری رحم اور مضغہ گوشت کو باہر لادے اور بچہ مرا ہوا اور زندہ گرادیوے تھوڑی
پھٹکری لیکر اوپر ٹھیکری کے رکھکر بھونین جب جوش آوے تھوڑا انجیر باریک کرکے اُس مین ڈالین
اور اُتارین اور لکڑی سے ملادین اور مانند گٹھلی چھوہارہ کے گولی بنادین وقت ضرورت کے
ایک گولی منہ رحم مین رکھین تین روز تک درد اور سوجن ہوگی خوف نہ کرین مجرب ہے دیگر کہ بچہ فی الفور
گرادیوے شنگرف سرخ آدھ سیر ڈیڑھ سیر پانی مین حل کرکے جوش کرین بچہ گرادیوے اور سنگ گردہ اور مثانہ بھی گرادیوے
اگر ایک روز مین فائدہ نہ دیوے تو دو تین روز دیوین عمل کامل کرے دیگر مغز بندال مغز ترئی تلخ مغز
ارنڈ مغز تخم کدوے تلخ زنگار سیاہ دانہ مغز تخم خربزہ تلخ ہر ایک ڈیڑھ تولہ لیوین اور باریک کرکے
تین حصہ کرین پھر ساڑھے دس ماشہ بھروزہ ملادین اور تین بتی بنادین ایک حصہ اس دوا سے بتی
مین لگادین اور شافہ کرکے دہن رحم مین رکھین پھر تخم شیر ماہی تین تولہ لیوین پھر تپ سیوتی والا
برگ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ تینون دوا جوکوب کرکے تین حصہ کرین ایک حصہ پانی مین جوش کرین
اور صاف کرکے شیر گرم پلادین اور تین روز تک شافہ مذکور کرین اور یہ جوشاندہ پلادین فوراً حمل گرادیوے
دیگر بچہ کو گرادیوے چنبیلی کی جڑ ساتھ شہد کے عورت کھاوے اور پیشاب کے مقام پر رکھے دیگر پیاز نرگس
ساتھ ماء العسل ایک تولہ دو ماشہ کے کھاوے تخم ہزارہ ساتھ شہد کے کھانا بھی عمل کرتا ہے دیگر کلونجی باریک
کپڑے مین پوٹلی باندھ کے عورت کے بدن مین رکھے حاملہ نہ ہوگی دیگر شورہ نو ماشہ نہار کھلادین
ایک ساعت مین اگر مردہ بچہ ہووے گرادیوے دیگر ارنڈ کی کونپل رینڈی کے تیل مین لاکر رحم مین
بطریق شافہ رکھین اسقاط حمل ہوجاوے دیگر سقمونیا ساتھ پانی تلی کے پیسین اور تھوڑا اوپر قضیب کے
ملین اور جماع کرین گرادیوے دیگر تل پانی مین ایک رات بھگودین اور وہ پانی پلادین اسقاط
کرے اور ایام حیض بند کو کھول دیوے دیگر زخم فرج کو کہ استعمال دواؤن گرم اور تیز سے
ہوجاتا ہے اور درد اور سوزش اور سختی کو فائدہ دیوے چربی بط اور مرغ کی ہر ایک ساڑھے
چار ماشہ اقاقیا سفیدہ کاشغری مردار سنگ کچا دھویا ہوا کتیرا خطمی ہر ایک ایک تولہ دو
ماشہ چربیون کو گھلا کر روغن لیوین اور سب دواؤن کو پیسکر ملادین اور بتی بنا کر

عورت کے جسم مین رکھین ۔

باب یرقان اور چوتھے روز کی تپ اور تپ مزمن و تپ صفراوی و تپ بلغمی و تپ لرزہ مین

واسطے یرقان (کانور) کے پلاس کے پھول تین تولہ شب کو پانی مین تر کرین اور صبح کو صاف کر کے پلاوین بہت نفع کرتا ہے یادگار میر جیون و میر سیف الدین دوا کہ واسطے تپ کے اصل علاج کتب یونانی مین لکھا ہے موافق اس کے تنقیہ مادہ کا اور بجھانا حرارت کا کرنا چاہیے مگر اس جگہ ترکیبین کثیر النفع ذکر کرتا ہون مین دیگر وہ دوا کہ تپ مزمن کو دور کرے براسب یعنی ایک خشک چیز کہ اگلے پیر مین گھوڑے کے ہوتی ہے چنے برابر اور افیون ایک رتی پتی نیب کی ڈھائی عدد سب کو قند مین ملا کر تین گولی باندھین پہلے آنے تپ کے تین گھڑی ایک گولی کھلاوین جب کہ تپ آوے ایک گولی اور دیوین اور کبھی ہوتا ہے کہ تیسری گولی کی نوبت آتی ہے اور اگر مریض زور آور ہے سب دوا کی گولی بناوین اور افیون کھانے والے کو دو نی کر دیوین اور آدھی پتی نیب کی طول مین لیوین عرض مین نہ لیوین دیگر کہ سب تپون کو دور کرے خصوصاً بلغمی اور سوداوی کو چونہ گھونگھا دہرتال ہر ایک تین تولہ نیلا تھوتھا نو ماشہ سب کو مغز گھیکوار مین دو پہر کھرل کرین پھر دو سکورے گلی مین رکھکر دھان کی بھوسی سے گل حکمت کر کے آدہ کھار مین کہ جس مین بہت آگ ہو رکھین جب سرد ہو نکال کر دوا سکوردن سے باہر کرین دو ڈھائی رتی واسطے مرد جوان کے دینا چاہیے اور اس دوا کو شکر مین یا برگ تلسی مین کوٹ پیکر دینا چاہیے اور ترشی اور بادی اور روغن سے پرہیز کرین مجرب ہے لیکن تپ محرقہ مین ہرگز نہ دینا چاہیے کہ ہلاکت کو پہونچاوے اور بعضے شخصون کو اس دوا کے کھانے سے قے ہوتی ہے اور یہ علامت نیک ہے جلد فائدہ ہوتا ہے اور چوتھے روز کی تپ کو دور کرے چونہ گھونگھا سے یہ مراد ہے کہ گھونگھے کو آگ مین جلا دین کہ جل کر سپید

سلمٰی (بخار) کی بہت سی قسمین ہین اور ذرا سے فرق مین بڑا تغیر ہو جاتا ہے اس لیے طبیب کو لازم ہے کہ بخار کے علاج مین تساہل نہ کرے ہو راسباب و علامات پر کامل غور کر کے نسخہ لکھے اُن بخارون مین کہ جنمین مسہل کی ضرورت ہو ایام بحران کا خاص خیال رکھے یون تو ہر مرض کا علاج آسان نہین ہے مگر بخار کا علاج سب سے زیادہ مشکل ہے ۱۲ مصحح

ہو جاوے دیگر دھنیا پھول ٹیسو ہر ایک ڈیڑھ تولہ چنے کی بھوسی تین تولہ سب کو کوٹ پیسکر تین حصہ
کریں ہر صبح کو ایک حصہ ہمراہ پانی کے اُتاریں چوتھے روز کی تپ کو دور کرے دیگر عرق گھنگرہ جنگلی
اور بھوسی اجوائن اور دودھ گاے کا اور گڑ چار برس کا پُرانا ہر ایک ڈیڑھ تولہ بختہ اجوائن کو
پانی میں پیسین شیرہ اُس کا لیکر دونوں شیرہ ملادیں گڑ اس میں سب حل کر کے صاف کر کے
پلادیں تپ چوتھیا کو دور کرے دیگر تپ اور لرزہ دور کرے پھٹکری اور مصری برابر لیکر پیسین موافق
حال کے آدھے ماشہ سے دو ماشہ تک دیویں اور پھٹکری بھونی ہوئی بہتر ہے لیکن جن شخصوں کو کہ
کھانسی خشک ہو اور سینہ میں خشکی ہو یہ دوا نہ دینا چاہیے اور اکثر لوگوں کو اس دوا سے دست
جاری ہو جاتے ہیں اور فوراً تپ زائل ہوتی ہے دیگر مومیائی سہاگہ بریان نیلہ تھوتھا بریان
افیون مصری ہر ایک برابر لیکر بارہ پہر تک کھرل کریں اور پتہ بکری کا دو عدد جب خشک ہو
دوا اور ڈالیں اسی طرح بارہ پتہ پہر تک بارہ پتہ ڈالیں اور کھرل کریں بقدر جوار کے گولی باندھیں
دو گھڑی پیشتر آنے سے تپ کے ایک گولی کھلادیں تپ پُرانی دور کرے اور بجاے مومیائی کے
ایلوا بھی ڈال سکتے ہیں اور اگر قبل جماع کے دو تین گولی کھلادیں باہ و امساک لادے اور اگر
تھوڑی ناخن پر گھسکر پانی سے آنکھ میں لگادیں روشنی زیادہ کرتے دیگر دھنیا دو گھڑی پانی
میں تر کر کے پیسین اور برابر اُس کے اسپند ملادیں اور اوپر پیشانی کے طلا کریں تپ کو دور کرے
دیگر چوتھیا یعنی تپ چوتھے روز کو نہایت مفید ہے سونٹھ تنگار وغیرہ کو طحال میں بیان کیا ہے
کھلادیں دیگر اسبغول املی بیج دور کر کے شکر سُرخ ہر ایک تین تولہ پہلے اسبغول میں پانی
ڈال کر پلادیں بعد ایک گھڑی کے آب تمر ہندی شکر سے میٹھا کر کے پلادیں غذا چاول
اور دہی شیریں کریں تین روز اسی طرح کھاویں تپ اور لرزہ دور ہو دیگر کاسنی دھنیا
ہر ایک چار ماشہ اجمود تین ماشہ پیپل دو ماشہ سب کو نیم کوب کر کے پانچ تولہ
پانی میں تر کر کے صبح کو پانی اُس کا پلاویں اور چار تولہ پانی اور اُسمیں ڈال کر واسطے شام کے
رکھیں اسی طرح دو وقتہ تین روز تک پلاویں دیگر کاسنی دھنیا خشک سونف زیرہ ہر ایک
تین ماشہ سب کا شیرہ کر کے پلادیں بعدہ رات کو بھگو کر رکھا کریں دیگر گرچ اور دھنیا صندل
سُرخ مغز کنول گٹہ پوست اندرونی درخت نیم کا ہر ایک پانچ ماشہ جو کوب کر کے تین پاؤ پانی

مین جوش کرین جس وقت آدھ پاؤ پانی باقی رہے چھان کر پلادین بخار کی گرمی کو دور کرے اور جو
مرض کہ پینے شراب سے ہوا ہو اسکو بھی مفید ہے پانچ روز یا سات روز تک دوا کام مین لادین مجرب ہے
واسطے تپ کے دیگر کہ تپ وبائی کو مفید ہے کسم گرج چندن ناگر موتھ زرد چوب دھما ماناگیسر کھیر کی
لکڑی مجیٹھ بھبٹ کٹائی سب برابر لیکر کوٹ کر پلادین ایک تولہ اس سے آدھ سیر پانی مین جوش
دین اور جوش دینے وقت دس پتی نیم کی ڈالین جبکہ آدھ پاؤ پانی رہے چھان کر پلادین اور اس دوا
جوش کی ہوئی مین پانی ڈالکر واسطے شام کے رکھین تین روز تک دیوین اور اگر مریض لڑکا ہو چھ ماشہ
یا قدرے کم دوا لیکر پانچ عدد پتی نیم کی ڈال کر دیوین دیگر کہ تپ سردی اور سنپات کو مفید ہے اور درد
شکم اور امتلا کو بھی مفید ہے پارہ شنگرف سے نکالا ہوا گندھک بچھناک اصلاح کیا ہوا جمالگوٹہ
گوبر مین پکایا ہوا اور چوک پانچون چیزین برابر وزن لیکر پیسین اور آب خیری مین مسور برابر
گولی بنادین اور ایک گولی استعمال کرین اور طریق صاف کرنے پارہ کا شنگرف سے اور
اصلاح جمالگوٹہ وبچھناک بدستور سابق کے کہ جو ہم فائدون مین لکھ چکے ہین کرین دیگر تپ لرزہ
کو مفید ہے بڑی الائچی کے دانے مرچ سیاہ بقدر ضرورت پیسکر دیوے دیگر تپ لرزہ کو دور کرے
خشخاش تین تولہ مصری ڈیڑھ تولہ پیسکر جوش کر کے پلادین دیگر جملہ تپ کو مفید ہے سرسون ہلدی
پیپل لہسن مرچ تج آنبہ ہلدی باؤبڑنگ ہڑ آنولہ ہر ایک برابر لیکر کوٹ پیسکر دودھ بکری مین
کھرل کرین کہ ایک مین ملجاوے بقدر چنے کے گولی باندھین وقت تپ آنے کے پانی مین
گھسکر آنکھ مین لگادین دیگر کہ تپ سرد کو دور کرے مونگ چاول پکادین اور پیپل پیسکر ملاکر ایک
پیالہ پلادین اوپر سے لحاف اوڑھ لیوین پسینہ نکلے گا دیگر وہ تپ کہ ساتھ مواد اور درد پیٹ کے
ہو دور کرے بلغم اور ریح کو دفع کرے اور بھوک بڑھاوے املتاس پیپل ناگر موتھ کٹکی ہڑ برابر لیکر
کوٹ کے جوش کرین اور بقدر ضرورت کے پلاوین دیگر جملہ تپون کو مفید ہے کہ جو ناغہ دیکر آتی ہے
اور بواسیر اور دمہ کو بھی فائدہ کرے سندی جوا کھار پیپل مول ہر ایک ساڑھے تین تولہ کوٹ
پیسکر پانچ سیر گاے کے گھی مین پکادین بعد اس کے عرق اور رک اور پانی دہی کا برابر وزن
گھی کے ملاکر خوب جوش کرین کہ گھی رہجاوے پانی جلجاوے وقت حاجت تھوڑا اس گھی
سے کھلادین دیگر واسطے تپ اور لرزہ نئے اور پرانے کے مفید ہے چند کرنجوے لیکر آدھی دور تک

سوراخ کرین یعنی خالی کرین اور سنکھیا باریک پیسکر سوراخ مین بھرین اور منھ اسکا چونہ اور کتھ سے
محکم بند کرین اور گل حکمت کرکے گجپٹ کی آنچ دیوین بعد سرد ہونے کے سب کرنجودن کو توڑین سنکھیا
جسقدر کہ رہگیا ہو باہر نکال کر ایک چاول برابر عرق پان مین گولی باندھین ایک گولی کھلادین
اوپر اُس کے شیر برنج تناول کرین اور کوئی چیز نہ کھادین ایک روز مین صحت ہوگی دیگر تپ چوتھے
روز اور سرد تپ کو مفید ہے سمندر پھل مرچ سیاہ تلسی کی پتی تینون کو برابر لیکر کوٹ کر مقدار ایک ماشہ
یا کم زیادہ موافق سن مریض اور مزاج کے دیوین ایک گھڑی بیشتر تپ آنے سے ایک گولی ساتھ
پانی کے کھلادین کسی چیز کا پرہیز نہین سمندر پھل جو کہ پتلا اور دراز مثل چھوہارے کی گٹھلی کے ہو وہ
بہت اچھا ہے دیگر جاڑے کی تپ کو مفید ہے پلھل کی پتی سیدھے ہاتھ کی کلائی کی پشت پر رکھکر
ایک ٹھیکری اوپر اُس کے جما کر کپڑے سے باندھ دیوین جلد دفع ہوجاوے دیگر کہ چوتھے روز کی تپ
کو دور کرے سیپ اور مین پھل برابر لیکر تھوڑی سی تلسی کی پتی ملاکر پیسین ایک گھڑی تک پھر سکورون مین
رکھکر گل حکمت کرکے جنگلی اُپلون مین چار پہر آنچ دیوین اور باہر لاکر مقدار دو رتی کھلادین تھوڑے
عرصے کے بعد غذا دین اور بہترین غذا اتھولی گیہون کی دودھ اور شکر ملاکر کھلادین بادی چیز
اور ترشی سے پرہیز کرین دیگر سنکھیا کسی برتن مین رکھکر دودھ گاے کا اس قدر ڈالین کہ دو تین انگل
اوپر سنکھیا کے ہو ایک رات دن بھیگا کرے صبح کو دودھ پھینکا دین دودھ تازہ اور ڈالین
اسی طرح اکیس روز تک کرین بائیسوین روز بڑی اینٹ پکی ہوئی لاکر ایک طرف اُسکے کھود کر مثل
پیالہ کے بنادین اور موٹائی اینٹ کی نیچے بقدر ایک انگل کے باقی رہے اور سنکھیا کے ٹکڑے
چنے برابر کرکے اس خالی کی ہوئی اینٹ مین رکھین اور ایک کٹورہ تانبے کا اوپر اُس کے بند کرین
کہ سب کو چھپا لیوے اور کنارے کٹورے کے کسی چیز سے بند کر دیوین اور اینٹ کو چولھے پر چڑھا کے
نیچے اس کے بیری کی لکڑی کی آنچ دین جیسا کہ گوشت پکانے مین آنچ دیتے ہین برابر آٹھ پہر تک
بعد اسکے اُتار کر سنکھیا نکال کر بقدر ایک چاول ساتھ چار رتی شکر کے صاحب تپ کو کھلادینا
اگر گرمی کرے دہی میٹھا کھلادین اور دہی مین پانی ملاکر کپڑے مین چھان لین اور وہ باقی دہی کا بھی
آدھ پاؤ پلادین آدویہ کہ تپ پرانی اور تپ بلغمی اور سوء القینہ کہ مقدمہ استسقا کو کہتے ہین اور
استسقا کو بھی مفید ہے ریوند چینی سات ماشہ حب بلسان عود قماری پوست بیرون پستہ

لونگ گلاب کے پھول دھنیا خشک سونف ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ پیسکر صبح کو
تین ماشہ ساتھ پانی کے کھلادین دیگر تپ چوتھیا کو مفید ہے چونہ تین ماشہ یا کم زیادہ پانی مین حل کرین اور ایک
لیمون اُسمین نچوڑین جو پانی صاف چونہ کا ہو پلادین اور تلچھٹ پھینک دین اور یہ دوا جسوقت
کہ اثر بخار کا معلوم ہو شروع کرین اور اگر ایکبار پلانے مین دوا کے فائدہ نہو تو ایک مرتبہ اور
پلادین دیگر واسطے تپ چوتھے روز کے مجرب ہے پوستہ موافق طبیعت مریض کے دس عدد سیاہ مرچ
کے ساتھ کوٹ کے پانی مین بقدر دس پیالہ قہوہ خوری ڈال کر جوش دین جسوقت کہ تین پیالہ
پانی باقی رہے صاف کر کے قبل بخار کے پلادین تین بار مین دور ہوجائیگا انشاء اللہ تعالیٰ ا
دیگر دھتورے سیاہ کی پتی ڈھائی عدد پان کگیر ڈھائی عدد سیاہ مرچ ڈھائی عدد باریک کوٹ کے
مرچ کے مانند گولی بنادین ایک صبح اور ایک شام کو ساتھ گرم پانی کے کھائین تین روز مین
دور ہوجاویگا اور پرہیز اسمین کچھ نہین ہے دیگر کہ تپ اور لرزے کو دور کرے کٹکی سولہ ماشہ لونگ
چھ عدد اجوائن دو ماشہ تینون کو باریک پیسکر تین حصہ بنادین ٹھیکری آگ مین گرم کر کے
تھوڑے پانی مین بجھاوین ایک حصہ دوا مذکور سے ملاکر پلادین تین روز تک اسی طرح کرین اور
غذا کھچڑی بے نمک اور بے روغن کھلادین مجرب ہے دیگر اُس تپ کو کہ ایک روز درمیان دیکر
آتی ہے جس کو تجاری کہتے ہین فائدہ بوٹے ملھ بیل مغز کرنجوہ ہر ایک ایک تولہ زیرہ سفید پتی ببول
ہر ایک چھ ماشہ دواؤن کو کوٹین اور ساتھ پانی کے بقدر فالسہ کے گولی بنادین ایک گولی صبحکو
ایک دوپہر ایک شام کو دیوین اسی طرح تین روز عمل مین لاوین ملھ بیل دار فلفل کو کہتے ہین
دیگر واسطے تجاری کے مفید ہے تلی کی ہری پتی دو ماشہ پان مین لپیٹ کر صبحکو مریض کو کھلاوین تین
روز تک دیگر واسطے تپ مرکب کے صفرا و بلغم سے مجرب ہے کاسنی دھنیا اجمود ہر ایک ایک تولہ
ملھ بیل چھ ماشہ جملہ تین حصہ کرین ایک حصہ پانی مین تر کر کے صبح کو پانی صاف اُس کا پلادین دوائی
کہ واسطے تپ سرد کے مجرب ہے ہرتال طبقی چونہ کتھہ تینون کو برابر ساتھ پان کے کھلاوین اور بقدر
کالی مرچ کے گولی بنادین اور ایک دیوین تین گولی مین تپ مزمن جاتی رہے لیکن یہ دوا نازک
طبعون کو نہین چاہیے کہ زہریلی ہے و بعضے ہرتال و چونہ کو برابر لیکر بدون کتھہ مغز گھیکوار مین پیسکر
بقدر آدھے ماش کے گولیان بنا کر ایک گولی سردی کی تپ مین ساتھ گرم پانی کے دیتے ہین اور

تپ گرم مین ساتھ سرد پانی کے دیتے ہین مجرب ہی تین روز مین تپ جاتی رہتی ہی دیگر واسطے تپ سرد کے جو روز آتی رہتی ہی کباب چینی کوٹ پیسکر بقدر تین ماشہ ساتھ پانی کے صبح کو دیوین واسطے تپ مرکب صفرا و بلغم کے سنا رکی دو ماشہ اجوائن تین ماشہ پیپل دو ماشہ آٹھ پہر پانی مین تر رکھین صبح کو پانی اُسکا پلاوین تین روز تک دیگر واسطے تپ کے جو سردی سے ہو نفع کرے اور ضعف کو دور کرے اور باہ کو قوت دے اور بھوک لاوے ہرتال طبقی ڈیڑھ تولہ مدار کا دودھ سوا سیر شیرۂ ہلیل ساڑھے سات تولہ برتن مٹی کا ایسا کہ اوپر سے پانی نہ جا سکے نیچے اُس کے گردی کرکے ہرتال رکھین اور دودھ مدار کا ڈھائی پاؤ مع دودھ اس برتن مین یعنی دیگ مین ڈالین اور منھ دیگ کا گردی سے خوب بند کرین اور ایک گڑھا بقدر سینہ کے اُس مین کنڈے بھرین او بیچ مین دیگ کو رکھکر آگ دیوین بعد ایک رات اور دن کے سرد ہو گا نکالین اور دودھ مدار کا جو باقی ہی پھر ڈال کر بطریق مذکور آگ دیوین پس نکال کر باریک پیسین بقدر ایک رتی ہمراہ پان یا تین تولہ دودھ کے دین اور بعد دوا کے دودھ اور چاول کھلادین اگر حرارت نہو جس قدر چاہین دودھ پلادین اور اگر کسی کو حرارت ہو دودھ مین پانی ملاکر پلادین فائدہ کرے گا مجرب ہی اور اعضاے رئیسہ کو بالخاصہ مفید ہی دیگر تپ چوتھے روز کو تین روز مین دور کرے پوست اندر درخت نیم کا ساڑھے سات تولہ آدھ سیر پانی مین جوش کرین جسوقت کہ آدھ پاؤ رہے صاف کرین پھر چقماق کو دو تین ٹکڑے کرین اور آگ مین گرم کرکے اسی پانی مین بجھادین تا کہ وہ پانی جلے جس وقت چار تولہ باقی رہے مریض کو پلادین اسی طرح تین روز دیوین دیگر کہ دور کرنے تپ چوتھے روز مین مجرب ہی ہینگ دو ماشہ نمک سنگ دو ماشہ دونون کو ایک سیر پانی مین جوش کرین جب کہ چھ تولہ رہے مریض کو پلادین دو تین روز مین تپ شدید دفع ہو جاے گی دیگر تپ چوتھیا کو مجرب ہی پلاس پاپڑہ سُرخ چھلکا اوپر کا دور کرکے مغز سپید اُس سے لیکر اتنا ہی مغز کرنجوہ ملائین اور پانی مین حل کرکے بقدر کالی مرچ کے گولی باندھین ایک گولی ساتھ باسی پانی کے کھلادین دیگر تپ سرد کو دفع کرے سیاہ مرچ ہلیل کی پتی دونون برابر عدد پیسکر بقدر کالی مرچ کے گولی باندھین تین روز تک ایک ایک گولی کھلادین دیگر تپ ولرزہ کو مفید ہی افیون ایک ماشہ مرچ دو ماشہ ست کیکر کی لکڑی کا چھ ماشہ تینون کو پیسکر مقدار ایک ماشہ یا کم چار گھڑی بیشتر آنے تپ کے ساتھ پانی کے قبلہ رو کھڑے ہو کر کھلادین غذا بعد دو پہر کے

دین نہار منھ یہ دوا نہ دین کہ تے لاتی ہے ایک خوراک کافی ہے ورنہ تین روز تک استعمال کرائین دیگر کہ تپ دلرزہ کو نفع دے بھنگ کی پتی پوستہ دونون کو کوٹ ہیبکر جس قدر کہ دو انگلی مین آدے کھلا دین دیگر واسطے تپ دلرزہ کے افیون دو ماشہ صندل زعفران سات سات ماشہ دارچینی تین ماشہ مرچ آٹھ ماشہ کوٹ ہیبکر دو رتی سے تین رتی تک گرم پانی کے ساتھ پلا دین دیگر نوسادر تین رتی مرچ دو دانہ کوٹ ہیبکر چوتھیے کے واسطے دین دیگر سب قسم کی تپ کو اور زکام نزلہ سرد کو مفید ہے بچھناگ جس کا اندر سفید ہوتا ہے اور باہر سیاہ ہوتا ہے لونگ اور چرائتہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ مرچ تین تولہ اول بچھناگ اور پیپل ایک پہر پیسین اور دوسری دوائین ملا کر پانی سے گولی بقدر موٹھ باندھین اور اگر پانی سے گولی نہ بندھ سکین تو گوند ببول ڈال کر گولی بنا دین پہلے آدھی گولی دین پھر ایک گولی انتہا تین گولی تک اور بچھناگ کو حاجت مدبر کرنے کی نہین ہے کھانے والا اسکا فی الفور قہوہ نوش کرے ورنہ خلل دماغ لاتا ہے معالجہ اس کا کاغذ کو پانی مین دھو کر دیتا ہے اور اگر تپ دق ہو غذا شوربا گوشت کا ہمراہ شیرہ بادام کے دین اور کبھی اس سے تپ زیادہ ہوتی ہے اندیشہ نہ کرین دیگر کہ تپ دق کو دور کرے اور کھانسی کو فائدہ بخشے کھار بانسہ کا کہ پھول اس کا سفید ہوتا ہے یعنی روسے کی کھار کتیرا گوند ببول ملیٹھی بقدر حاجت کھلائین ۔

باب آبلہ اور اورام اور ناسور کے بیان مین

دوائی کہ ورم کو کھول دیوے اور ریب اس سے دور کرے پان لگیری پانچ عدد سپاری کتھہ چونا بقدر پان کے لیکر باریک پیسین اور بارہ سنگھا پانی مین گھسکر دونا پان کا ملا دین اور تہائی حصہ بارہ سنگھے کا سہاگہ لیوین اور سب کو پیسین اگر ضرورت ہو تھوڑا پانی بھی شریک کرکے ٹکیہ باندھکر ورم پر رکھکر باندھ دین اور اوپر اس کے پان باندھ دین دیگر کہ ورم زیادتی گوشت کی کہ کسی جا بدن پر ہو دور کرے آملہ گڑ سیاہ مین تین تولہ گڑ پانی مین گھول کر آملہ اسمین ڈال کر تمام رات رکھین صبح کو چھانکر پلا دین دیگر چرائتہ سونٹھ پیسکر ورم پر لگا دین دیگر لسکھپڑہ ریندی کی جڑ کی چھال سونٹھ ورم کو تحلیل کرتی ہے دیگر لسکھپڑہ کچلہ کالی زیری مرچ نیم کی پتی ترنبی برابر لیکر پانی مین پیسکر طلا کرین دیگر ورم گرم کہ شروع مین ہو کم کرے اگر مکڑی مل گئی ہو تو اسکو بھی فائدہ کرے صندل سفید و سرخ کا لیپ کرین مردار سنگ

بھی مفید ہی کھلی ہلدی پانی مین پیسکر لگانا بھی مفید ہی دوا کہ دنبل کو پکا کر منھ کھول دیوے خمیر ترش تین حصہ بورہ ارمنی کبوتر کی بیٹ ہر ایک ایک جزو روغن زیتون مین ملا کر دنبل پر رکھین دوا کہ ورم کو ٹھلا دیوے خصوصًا ورم پستان کو دور کرے خاکستر جدوار کی ملین دیگر گوگل سنبل پانی مین پیسکر گرم کر کے طلا کرین اگر ورم شروع ہی کم ہو جاوے گا اگر کچّا شروع ہو گیا ہی پک جاوے گا دیگر دنبل کو پکا دیوے اور چاک کر دیوے سنبل پانی مین پیسکر گرم کر کے گرد دنبل کے طلا کرین اور سر پر اسکے گندہ بیروزہ رکھین دیگر گل ملتانی زیرہ سفید ہر ایک ڈیڑھ تولہ مرچ پانچ عدد نمک تھوڑا سا پانی مین پیسکر طلا کرین کبھی ان دواؤن کو انسان کے پیشاب مین پکا کر استعمال کرتے ہین اور یہ زیادہ مین مفید ثابت ہوتا ہی دیگر گوگل اور صابون پیسکر طلا کرین ورم تحلیل ہوتا ہی یا پکتا ہی دیگر خمیر اور نمک واسطے پکنے اور بہانے کے مجرب ہی دیگر نمک پیسکر اوپر دنبل کے چھڑکین اور لسوڑے کی پتی اوپر اس کے باندھ دین دیگر کھاد ریات اگر منھ کی طرف سے دنبل پر باندھین پکا دوے اگر پشت کی طرف سے پتی دنبل پر باندھین خشک کرے دیگر کہ ورم سخت کو دور کرتا ہی اور پکا دیتا ہی دھتورہ سیاہ کی پتی گرم کر کے باندھین اگر ابتدا ہی تحلیل ہو جاوے گا اگر مادہ سخت ہی پک جاوے گا اور پھوٹ جاوے گا بلکہ اگر پتہ مذکور کوٹ کر ضماد کرین جلد عمل کرتا ہی دیگر جوک کہ اونٹون پر ملتے ہین پانی مین پیسکر گرم کر کے ورم پر دو تین مرتبہ طلا کرین ورم بیٹھ جاوے دیگر مہیری کہ اہل ہند بناتے ہین پکانے ورم مین اثر تمام رکھتی ہی طریقہ اسکا یہ ہی کہ چاول کوٹ کر ساتھ آٹے جوار اور دہی کے پکا دین اگر قوی زیادہ چاہین آٹا میتھی کا اور سن کے بیج اور ایلوا نرم کر کے بقدر ضرورت ہمراہ چاول وغیرہ کے ملا کر پکا دین مثلاً اگر چھ تولہ آٹا جوار کا ہو ڈیڑھ تولہ آٹا میتھی کا ڈیڑھ تولہ سن کے بیج اور چار تولہ ایلوا ملا دین اس طرح کی مہیری بہت جلد ورم کو پکاتی ہی اور مجرب جراحون کی ہی کمی زیادتی اسمین دوا کی اوپر رائے طبیب کے ہی دیگر دوا کہ ورم کو بہت کھول دے چونہ کہ جس مین پانی نہ لگا ہو اور صابون کا پانی دونون باہم پیسکر ایک پہر مین تین چار بار رکھین دیگر کہ سخت ورم کو تحلیل کر دے اندر جو بھرے دھنیے مین پیسین اور لگا دین دیگر ورم کو زمانہ شروع اور زیادتی اور انتہا مین بعد پھوٹنے کے نفع دیوے اسگند ناگوری مثل صندل کے باریک پیسین اور دو مرتبہ طلا کرین اور اگر وہ بہت دن پانی مین تر رہے اسگند گھسا ہوا فائدہ زیادہ رکھتا ہی یعنی بطریق مرہم کے پانی مین پیسکر رکھین اور کام مین لا دین اور جب خشک ہووے تھوڑا پانی ڈالین دیگر کہ ورم کو تحلیل

کرے گوگل بھینسیہ ایلوہ آنبہ ہلدی تینون کو باریک پیسکر عرق لیموں مین لپکا دین اور کسی چیز سے
جلادین جسوقت مانند سریس کے ہو تو اتار کر رکھین اور طلا کرین دیگر ورم کو تحلیل کرے اور درد کو ساکن
کرے اجوائن باریک پیسکر عرق لیموں مین ڈالین اور نیم گرم اوپر ورم کے لگادین دیگر تھوہڑ تھیکوار کو
ایکطرف تراشین اور تھوڑی سی ہلدی اور سیاہ مرچ اور نمک پیسکر اوپر تھوہڑ کے چھڑک کر
گرم کرکے ورم پر باندھین جلد پکا دیتا ہی اور پھوڑ دیتا ہی اور کچھ گرمی کرے گا دیگر نیم کی پتی نیم گرم
کرکے شروع ورم پر باندھنا تحلیل کرتا ہی دیگر ورم زیر بغل اور کان کو جلد پکادے اور کھولدے
مستی نبات کہ مشہور ہی پتی اسکی لیکر برابر اُس کے پتی ارنڈکی لیکر کوٹین اور تھوڑا نمک ڈال کر نیم گرم
ورم پر جس طرح کیا جاتا ہی ضماد کر دیوین دیگر ورم بد[1] کو مفید ہی پیشاب لڑکے کا کسی برتن مین رکھین
اور صابون اور تھوڑا نمک اُسمین ڈال کے پکادین تاکہ گاڑھا ہو جاوے چند روز صبح اور شام تازہ
باندھین بغیر درد اور تکلیف کے پھوٹ کر ریم نکل جاوے گا بعدہٗ مرہم لگادین دیگر واسطے ورم
ہر جگہ کے مفید ہی میتھی ہالون برابر لیکر پیسکر ساتھ پانی کے لیپ کرین اور اگر چاہین کہ پک جاوے
گرم کرکے طلا کرین اور تھوڑی ہلدی بھی ملادین دیگر واسطے ورم اعضا اور یرقان یا غلبہ خون
کو جو بسبب ورم کے ہوتا ہی اور وہ ورم جو بعد تپ کے ہوتے ہین مجرب ہی ترپھلا سپید کی اندر جو سونٹھ مرچ پیپل
جوا کھار لکڑی انار کی سب برابر کوٹ پیسکر اور تہائی سب دواؤن کی میل لوہے کا ملا کر ساتھ
شہد قوام کیے ہوئے کے ملادین اور دو ہفتہ تک ایک ایک وقت کھلادین اور ترشی اور
بادی سے پرہیز کرین اور سرکہ پانی گرم مین ملا کر طلا کرین دیگر ورم تمام بدن کو یا جو عضو ورم کیے ہو
کسی مادہ سے ہو نفع دیوے امربیل پانی مین جوش کرین اور بپھارہ دیوین اور تمام بدن اس پانی
سے دھووین اور چند روز اسی طرح کرین ورم دفع ہو دیگر واسطے بد[1] کے مجرب ہی آٹا چنے کا ساتھ
مٹی کے ملا کر ٹکیہ بنا کر اوپر بد کے رکھین اور برگ نیب باندھین اور فقط برگ نیم بھی مفید ہی دیگر
رسولی یعنی سلعہ اوپر اُس کے پچھنا مارین تاکہ خون نکلے بعدہٗ پھٹکری ملین دور ہو دیگر مرہم داخلیون
استعمال کرین شروع مین ورم فوراً تحلیل کردے دیگر گھونگھی سپید اور نمک سنگ پانی لیموں مین
پیسین اور رسولی یعنی سلعہ کو اُسترے سے زخمی کرکے یہ دوا اوپر اُسکے طلا کرین تحلیل ہو جائے گا

[1] یہ وہ ورم ہی کہ چڈھے مین گٹھلی سی پڑجاتی ہی فارسی مین اسکو خیارک کہتے ہین اور اردو مین بد ۱۲

اور تمام ورم بلغمی اور بادی اور خونی کو اسی طرح کرین فائدہ دیوے دیگر تپی گکرونددے
کی لیکر اور روغن بابونہ ملا کر گرم کر کے سلعہ پر باندھین اور ایک دن مین دو بار اسی طرح
کرین اگر ورم پرانہ ہوگا اُمید ہے کہ سات روز مین بلغیر پکے اور پھوٹے تحلیل ہو جاوے
فصل دوائون نارو مین۔ صابون اور موم اور تیل تل کا لیکر مرہم بنا دین اور اوپر نارو
کے باندھین تاکہ بیٹھ جائے یا باہر نکل آئے دیگر پہلے گھی اوپر تمام ورم نارو کے ملین اور
بعد اُس کے پتا مدار کا اوپر اسکے قل کر گرم کر کے سینک وین یا باندہ دین بعد اس کے سہدئی
کہ ایک تپی ہی باریک کوٹ کے ساتھ پیشاب آدمی کے قرص بنا کر اوپر منہ نارو کے رکھین
جڑ سے نکل آوے دیگر آٹا ماش کا ساڑھے دس ماشہ ہینگ چار ماشہ دونون کو ملا کر تھوڑا
پانی ڈال کے خمیر کرین اور اوپر نارو کے ضماد کرین مجرب ہی لیکن اس جگہ قبل استعمال اس دوا
کے گھی لگانا اور سینک کرنا ساتھ پتے مدار کے ضرور ہی دیگر جمالگوٹہ پانی مین پیسکر اوپر نارو کے
ملین دفع کرے دیگر صابون آٹھ ماشہ عرق پیاز چار ماشہ کسی ظرف مین ڈال کر پکا دین
تو سخت ہوسکے بنا کر اوپر نارو کے ملین چند روز مین دفع ہو دیگر تھوڑا بیگین کاٹ کے خالی
کرین نمک سنگ وجمالگوٹہ ہر ایک ایک تولہ باریک کر کے اندر اُس کے بھرین اور ٹکڑا اسکا
رسی پر بند کر کے گل حکمت کرین اور خشک کر کے بھوبھل گرم مین پکا وین اور باہر لا کر اودیہ
مغز بیگین سے نکال کر ضماد کرین جبکہ خشک ہو تازہ پھر لگا وین تین روز مین سب نارو باہر
آوے گا دیگر کلونجی کوٹ کر چھاچھ مین پکا کر ضماد کرین تین روز مین دھاگا باہر نکل آوے گا
اگر ٹوٹا ہو وہ بھی باہر آویگا دیگر شروع مین چودہ روز تک ہینگ ڈیڑھ تولہ کھلا دین اور
بسکھپرہ سپید پانی مین گھسکر اوپر ورم کے طلا کرین نافع ہی دوبارہ نکلنے کو منع کرتا ہی۔

باب اکوتہ اور چھاجن اور زخم اور قرحہ مین

مفصل بیان ان امراض کا فصل مراہم مین ہی چند دوائیان یہان بھی مذکور ہوتی ہین وہ دوا
کہ جذام اور زخم قضیب دونو امیر کو مفید ہی اور سب زخمون کو خشک کرے آملہ کی راکھ لودھ
پھٹکری جلائی ہوئی برابر لیکر قدرے توتیا تھوتھا نگر گھی مین ساتھ اُس کے ملا دین پہلے اوپر زخم کے

تھوڑا گائے کا گھی ملین اور اوپر اسکے یہ دوا چھڑکین دیگر زخم کو جلد بھر لاوے سہاگہ بھنا ہوا الائچی اسپند تینون کو برابر پیسکر پان پر چھڑک کر دو تین پان زخم پر باندھین اگر پان لکڑی ہو تو اچھا ہے دیگر جوادہ عضو کے رکھین نرم کرے یہان تک کہ گانسی تیر کی بے تکلف نکل آوے اگر رات بھر بندھا رہے صبح کو تیر بلا تکلیف نکل آوے چوہا ایک جانب سے چاک کرکے ایک جانب سے باندھ دوین فائدہ دہ پانی جس سے زخم کو دھونا چاہیے چھال نیب کی یا سرس کی یا ببول کی یا جڑ جھاؤ یہ کی پانی مین جوش کرکے زخمون کو دھونا چاہیے تاکہ مادہ فاسد آگے نہ بڑھ جاوے وہ دوا کہ زخم پر چھڑکین بھر لاوے سور کا گوشت مع کھال کے آگ مین جلا کر خاک اسکی زخم پر چھڑکین دیگر زخم پرانے کو بھر لائے ہڈی سر آدمی کی دس تولہ کتھہ دس تولہ توتیا ایک تولہ ان تینون کو باریک پیسکر زخم پر باندھین دو تین روز مین برابر ہو جاوے گا وہ دوا کہ دو روز مین گوشت بھر لائے لہسن پک پوتھیہ جیتہ نیم کی تی ہر ایک ڈیڑھ تولہ چھ تولہ تلی کے تیل مین جلادین لہسن کو کوٹکر اور جیتیہ کو باریک کرکے اور تی کی ٹکیہ بنا کر ڈالین جبکہ دوا جل جاوے روغن چھان لیوین تلچھٹ اسکا واسطے گنج سر کے ضماد کرین دیگر کہ ناسور کو فائدہ دیوے گھوڑے کا سم جلا کر پہلے اسی کا تیل ناسور پر ملین پھر سم جلے ہوئے کو چھڑکین اور اگر زخم گہرا ہو تو بذریعہ تی دواء مذکور کو پہونچا وین اور خاکستر سم کی ساتھ دہی کے ملا کر ناسور مین رکھنا بھی فائدہ کرتا ہے چیندر سین جراح کہ بڑا نامی تھا اُس کا تجربہ کیا ہوا ہے دیگر دوائی کہ زخم تیر اور گولی اور نیزہ کو کھول دے اور مواد اندر جمع ہونے نہ دے ہلدی دو حصہ سجی ایک حصہ دونون کو باریک کرکے چھان کر ردی پرانی کہ اسکی گول ٹکیہ بنا کر دوائی پسی ہوئی روئی مین رکھکر کپڑے مین لپیٹ کے مثل پوٹلی کے بنائین پھر گائے کا گھی جسمین پہلے پیاز فراغ کر چکے ہون وہ اس پوٹلی کو گھی مین ڈالین اور گھی کو قدرے گرم کرین اور زخم کے منھ پر کپڑا اچھا کر اس روئی کی ٹکیہ سے سینکین بعد اس کے اس پوٹلی کو زخم پر رکھکر برگد کے پتے کی رگ نکال کر باندھ دین صبح اور شام نئی دوا رکھین اور احتیاطاً یہ ہے کہ آلِ جرم دوا سے زخم کے اندر نہ جاوے دیگر کہ اچھے کرنے زخم اور زخم آتشک مین مفید ہے بھنگ اجوائن باریک کرکے چار برس کے لڑکے کے پیشاب مین بھگا کر طلا کرین دیگر وہ دوا کہ زخم سر کو مفید ہے چنے کا آٹا مٹھی بھر قدرے توتیا بھون کر باریک کرکے دہی ترش مین ملادین اور ہاتھ سے پھینٹین تاکہ مثل خمیر کے ہو جاوے سر کے گنج اور جسم کے دانون پر طلا کرین بعد ایک پہر کے دھو ڈالین سات روز مین فائدہ ہوگا چاہیے کہ ہر روز بال مونڈ کر دوا لگادین دیگر کہ آبلہ اندر سر کے ہوتے ہین صحت دیوے چھال املی چھال لسوڑے کی پانی مین پیسکر طلا کرین دیگر واسطے

سعفہ یعنی دانہاے سر کے مفید ہے کوکو کہ مشہور اہل ہند ہے ایک چیز سُرخ ہوتی ہے پیسکر قدرے
اُس سے ساتھ دہی کے ملا کے طلا کریں دیگر کہ زخم بہنے والے کو مفید ہے کمل پُرانا جلا کر راکھ اُس کی
لیکر برابر اُس کے برگد کے پتون کی خاک کرڈوے تیل مین ملا کے ملین دیگر کہ زخم خبیثہ کو دور کرے
سوز طرف گلی مین جلادین اور ساتھ دودھ بھیڑی کے پیسکر طلا کرین اور تمام دن لگا رہنے دیوین
اور وقت شام کے دودھ مذکور سے دھووین اسی طرح تین چار روز کرین زائل کرے دیگر زخم سر کو
کہ عرصہ سے ہو دور کرے پتی ببول کی تانبے کے برتن مین ڈال کر آگ پر رکھین جب بھن جاوے
کوٹ پیسکر سرسون کے تیل مین یا سواے اُس کے ملا کر ملین دیگر اکوتہ اور چھاجن کو فائدہ دے
سیندور باریک کر کے لیمون مین بھرین اور رات بھر رکھین اور صبحکو ملین اول اکوتہ کو اُپلہ
جنگلی سے کھجلادین دیگر کہ کوتہ کو مجرب ہے سپیدہ رانگ کاکتھہ سیندور مردارسنگ پھٹکری ہر ایک
برابر لیکر باریک پیسین بعد اُس کے ساتھ سرکے کے یا ساتھ عرق لیمون کے ایک گھڑی تک کھرل
کرین جب سرکہ یا عرق لیمون جذب ہو جاوے قدرے روغن زیتون ملا کر شہد ڈال کر ملائین اگر
خاکستر سر آدمی مردہ کا ملا کر لگادین تو اور زیادہ عمل کرے دیگر زخم سر کو جو کہ تر ہو مفید ہے کیلہ مہندی
کی پتی مردارسنگ مازو انار کا چھلکہ ہلدی سب برابر پیسین اور موم روغن گل مین پگھلا کر دوا
ملادین اور سرکہ انگوری قدرے اضافہ کرین اور انگلی سے خوب لت کرین سر کے بال مونڈ کے دوا
ملین اگر روغن گل نہ ملے تل کا تیل کافی ہے اگر تل کے تیل کے ساتھ گلاب بھی ملالین تو بہتر ہے دیگر
واسطے اکوتہ کے صابون چونہ ملا کر لگادین دیگر واسطے اکوتہ بھلانوہ تلی کے تیل مین جلادین اور کسی
لکڑی سے گھوٹین تھوڑا سا نیلہ تھوتھا بھونا ہوا خاکستر مردہ کے سر کی ہڈی کا ملا کر طلا کرین دیگر
واسطے اکوتہ کے گیہون کا چوہ گرما گرم ملین طریقہ چوہ گیہون کا یہ ہے کہ گیہون کو دھو کر ہوا مین خشک
کرین اور پتھر صاف پر بچھاوین اور کسی لوہے کے ٹکڑے کو صاف سُرخ گرم کر کے اُسپر رکھین جو جلکہ
قریب جلنے کے سیاہ ہو جاوین گے گرما گرم ملین دیگر وہ اکوتہ کہ کسی دوا سے نہ جاوے پاخانہ آدمی کا
تازہ لیکر تین روز تک باندھین اگر صبح و شام ایسا کرین تو زیادہ مفید ہے دیگر ورم اور زخم کہ ایام برسات
مین بسبب رطوبت کے ہوتا ہے نفع دیوے ہلدی جلا کر اور چونہ برابر پیسکر نیم گرم تیل مین حل کر کے کپڑے
پر رکھکر استعمال کرین دیگر واسطے ناسور کے مفید ہے اگرچہ بہت دنون کا ہو کھر گاے کا اور چمڑا پرانا کہ
نیچے کفش کے ہوتا ہے یعنی تلہ دونون برابر لیکر جلا کر جس قدر ہو اور ایک چھپکلی لے کر تینون کو سرسون کے
تیل مین جلادین اور بٹے سے پیسین اور چھان کر چند قطرے ناسور مین ٹپکادین دیگر زخم سخت سودادی کہ

سنہ ایک ہزار نوے مین قرحۂ عالمگیری کے نام سے مشہور ہوا تھا تو تیا بیل کا مغز کتھہ یا برکوٹ پیسکر
وحس باندھین اور انکو طلا کرین دیگر کہ زخم قضیب کو جلد خشک کرے کمیلہ تلی کے تیل مین ملا کر لگا دین
دیگر کہ زخم کو خشک کرے اور درد کو دور کرے سیندور سہاگہ بھونا ہوا ہر ایک ایک حصہ بڑی الائچی
دو حصہ کوٹ پیسکر چھڑکین ہے دیگر واسطے اکوتہ کے مجرب ہے کھٹمل دو تین عدد اکوتہ پر ملین تین چالہ
مرتبہ دیگر جب زخم کے تہ پر رکھین منہ کھول دے سنکھیا سفید باریک کرکے روئی اُس مین لت
کرکے منہ زخم پر رکھین اگر سوزش کرے ساتھ عسل یا گھی کے ملا کر لگا دین دیگر وہ دوا کہ گوشت مردار
کو کہ چربی کے مانند زخم سے باہر نکلتا ہے صاف کرے بغیر درد کے پھٹکری بھون کے باریک کرکے چھڑکین
ایک روز مین فائدہ کرے دیگر ادویہ واسطے اکوتہ کے بکری کے پہلو کی ہڈی جلا کر باریک کرکے
تھوڑے آٹے مین خمیر کرین اور ایک رخی روٹی پکا کر محل اکوتہ پر روغن لگا کر اُسی طرف سے باندھین
دیگر دوا کہ اکوتہ کو دور کرے مکڑی کہ جس کے پاؤن بڑے ہوتے ہین آنکھ اُسکی نقطہ کے مانند درمیان
مین ہوتی ہے ساتھ قدرے مینگنی بکری کے جلا دین اور پیس کے تلی کے تیل مین ملا کر تین روز ملین
دیگر دوا کہ زخم سر کو دور کرے چھال درخت املی کی اور موٹی رگ پتی برگد سے نکال کر دونون کو
پانی مین پیسکر طلا کرین دیگر پتی تھل کی ساتھ گھی کے چرب کرکے قدرے گرم جانب پشت سے اکوتہ پر
باندھین دفع ہو جاوے دیگر ورم کو جو شروع مین ہو بٹھا دیوے زیادتی مین اگر لگا دین پکا دیوے
اوپر کے لگانے سے جو کہ ریم و چرک اندر ہوگا سب نکال دیوے زخم کو خشک کرے گوگل مین چھل
دونون کو باریک کرکے لتہ پر لگا کر رکھین دیگر کہ قرحہ کو اگرچہ ناسور ہو اچھا کرے کنگھی کی پتی اوپر زخم
کے اس طرح رکھین کہ زخم کے چارون طرف گوند لگا کر پتی کو چسپان کرین اگر کوٹ کر باندھین جب بھی
وہی فائدہ دیتا ہے لیکن ثابت رکھنا پتون کو بہت جلد فائدہ کرتا ہے دیگر قروح خبیثہ کو مفید ہے کالی
نجمودہ کی پتی ایک حصہ نیب کی پتی ایک حصہ قدرے نمک سیندھا سب کو کوٹکر باندھین سختی و جراحت سب دفع
ہووے دیگر چھاجن کہ پھٹنے جلد کو کہتے ہین فائدہ تمام ہو چھاجن پاؤن مین اور تمام بدن مین ہوتی ہے
لیکن ہاتھ مین زیادہ ہوتی ہے کٹ آدھ پاؤ مثل دلیہ کے کوٹین اور پتیلے بڑے مین مٹھہ کا پانی بھر کر دوا ڈال کر
آگ پر چڑھا دین کہ گرم ہو بقدر برداشت کے بس دونون ہاتھ پانی مین ڈال کر اس پانی مین
باہم ملین ایک پہر تک الا پانی گرم رہے بعد اُس کے ہاتھ نکال کر چار گھڑی گھی گاے کا ہاتھون سے

ملین پھر کپڑا لپیٹ کے نیچے بغل کے دو گھڑی رکھین تا کہ گرم رہین دو تین روز تک اگر بچھیے اس
ترکیب کے دونون ہاتھ پانی سرد سے تر رکھین تو بہتر ہے اور یہ ترکیب رات کو کرنا چاہیے اسیوقت
سو رہنا چاہیے اگر پہلے کوٹ کر پانی مین جوش کر لیوین کہ قوت اُس کی پانی مین آجاے بعد اسکے
آنچ کم کرین کہ پانی نیمگرم ہو جاوے بقدر برداشت کے ہاتھ اوس مین ملین تین روز سے زیادہ
حاجت نہین پڑتی ہے اور اگر تمام بدن مین چھاجن ہو اُسی قدر کٹ زیادہ لیوین اور بڑے
برتن مین جوش کرین اور اُس پانی مین بٹھلادین اور موافق ترکیب مذکورہ عمل کرین دیگر دودھ مدار کا
ایک قطرہ ملاکر تلی کے تیل مین ملاکر ہاتھ مین ملین ایک ہفتہ مین صحت ہو دیگر اگر نوسادر کڑوے
تیل مین ہیپ کے لت کرین اور ہاتھ پاؤن مین ملین اور گرم کرین ایک ہفتہ مین چھاجن دور ہو دیگر
کہ ناسور کو دور کرے مجرب ہے پارہ اُڑا ہوا ناسور پر چھڑکین دیگر خاکستر گرم کچھوے کی بھی فائدہ کرے
دیگر کھنکھجورے کو جلاکر خاک اسکی ناسور پر چھڑکین دیگر پتہ کالے سانپ کا لیکر جو کے آٹے مین ملاکر
گولی باندھکر سایہ مین خشک کر کے رکھین وقت حاجت باریک کر کے زخم پر چھڑکین اور اُس کے
پان رکھکر پٹی سے باندھین ایک ساعت مین بڑا زخم برابر ہو جاوے دیگر کتے سیاہ کی زبان بلی سیاہ
کا مغز آدمی کے سر کا مغز اول زبان کتے کی خشک سیخ پر لگا کر آگ مین بھونین اور پر کی جلد اُسکی کہ جو
نیم سوختہ ہو بھوسی کے مانند چھری سے چھیل کے علیحدہ کرین الغرض چھیلی ہوئی دو جز باقی تینون کو برابر
لیکر باہم ملاکر ساتھ آٹے کے خمیر کے گولی باندھ کے رکھین تھوڑا دوا سے زخم پر چھڑکین ایک ہفتہ سے
کم مین زخم برابر ہو جاوے دیگر کالے کتے کی زبان خشک باریک کر کے قدرے زخم پر چھڑکین نہایت
فائدہ پہونچے دیگر ترکیب نادر واسطے زخم خبیثہ کے جو نوک انگلی پر ظاہر ہوتا ہے اور دانہ سپید مانند نقطہ
کے اُسپر ظاہر ہوتے ہین سخت ایذا دیتے ہین بعضے عرب اسکو نملہ خبیثہ کہتے ہین اور ہندی مین لوگ
اسکو سانوہ کہتے ہین سیخ لوہے کی ایک بالشت زمین مین گاڑین پھر نکالکر دہی اُس سوراخ مین بھرین اور
سیخ آگ مین سُرخ کر کے اُس سوراخ زمین مین ڈالین کہ وہ دہی گرم ہو جاوے جس وقت وہ دہی نیمگرم
ہو جو سرا اُنگلی کہ بیمار ہے سوراخ مذکور مین رکھین جب کہ دہی سرد ہو جاوے پھر سیخ مذکور گرم کر کے دہی بھرے
ہوئے سوراخ مذکور مین رکھین کہ دہی گرم ہو جاوے پھر اُنگلی بیمار کو سوراخ مین رکھین اسی طرح تین مرتبہ
انگلی کو دہی مین رکھین اگر دہی کم ہو جاوے اور دہی ڈالدیوین بعنایت الٰہی بہت جلد فائدہ ہوتا ہے

دوائی کہ ناسور کو نفع کرے گیہون کو کوٹ کر مثل دلیہ پانی مین خوب پکا کر باندھ دیوین تھوڑی دیر مین اثر ہوگا ایک شخص کو زخم پہونچا اور ناسور ہوا جراحون نے اُسے چاک کیا بہت دوا کی کچھ فائدہ نہ ہوا ہر چند بتی شہد مین آمیز کرکے رکھا مگر عارضہ زیادہ ہوتا گیا آخرکار ایک دوست نے بتی ڈالنے سے منع کیا پہلے مسہل قوی دیکر دلیہ گیہون کا پکا کر باندھا اُسی روز نیند آئی اور آرام پایا ایک ہفتہ مین طاقت اُٹھنے کی حاصل ہوئی قدرے پانی نکلتا تھا پیپ سب بند ہوگئی ایک مہینہ مین پانی بھی بند ہوگیا اور صحت ہوئی الا دو وقت چاہیے کہ جو واسطے صبح کے دلیہ پکاوین شام کو اس مین سے رکھین اور اگر ہر وقت تازہ پکاوین تو بہتر ہے تھوڑا گرم باندھین اور دلیہ کو اس قدر پکاوین کہ کچا نہ رہے کیونکہ اگر کچا رہے گا بسبب رطوبت کے زخم مین ورم ہوگا دیگر واسطے زخم کے کہ بدبو آتی ہو سات روز مین فائدہ ہو اسگند ناگوری باریک پیسکر پانی مین ملا کر دو وقت طلا کرین ایک شخص کی ران مین ورم سخت ہوا بعد عرصہ کے منھ اُس کا ہوا اور خون ایک مدت تک نکلتا گیا اور گرد اُس کے گندہ ہوگیا کنارے اُس کے سخت ہوگئے بعد اس کے خون بند ہوکر زرد پانی آنے سے وہ صورت بد پیدا ہوئی کہ کسی دوا سے فائدہ نہوتا تھا آخر کو سات روز اسگند ناگوری پانی مین پیسکر ملا اول روز تخفیف ہوئی بعد دس روز کے بالکل صحت ہوگئی اور زخم بھر گیا دیگر کہ قرحہ یعنی زخم کو اصلاح کرے اور مواد اُسکا باہر لاوے اور ورم کو بٹھاوے نیم کی پتی کو کوٹ کے قدرے نمک اور آدمی کے پیشاب مین ملا کر طلا کرین دیگر ناسور پرانے کو مفید ہے انار کا چھلکا جلا کر خاک اُسکی لین اور برگد کے دودھ مین کپڑا یا روئی تر کرکے وہ خاک اسپر چھڑکین اور ناسور پر رکھین تاکہ خاک انار کی سامنے سوراخ ناسور کے ہو بعد دو تین روز کے جو پھاہا اُٹھا دین صحت ہو انشاء اللہ تعالیٰ دیگر کہ زخم جس قسم کا ہو بھر جاوے میٹھا پانی پانچ سیر نرم آنچ پر تانبے کے برتن مین جوش کرین جب پانچ پیسے بھر باقی رہے شیشہ مین رکھین وقت ضرورت قدرے پانی لیکر مردار سنگ زنگی ٹہر قدرے اُس پانی مین گھسین اور کپڑا نرم ریشہ ریشہ کرکے اس مین لت کرین اور زخم پر رکھین دیگر کہ باد خورے کو تین روز مین بلکہ ایک روز مین فائدہ دے کتے کا بچہ کہ چھوٹا ہو سر اسکا کاٹکر تنور مین رکھکر جلا دین اور کلہ اُس کا جدا کرکے مغز اُس کے سر کا لیکر باریک پیس کر رکھین قدرے مغز اُس کا زخم پر چھڑکین اور اگر زخم تالو مین ہو نلکی مین ڈال کر پھونکین ایک شخص کے تالو مین زخم تھا بقدر پیسہ بھر کہ راہ ناک کی اور تالو کی ایک ہوگئی تھی اس دوا سے صحت ہوگئی یہ عمل ماوراء النہر مین جاری ہے دوائی کہ جلے ہوئے کو فائدہ دیوے سوزش دور کرے املی کی چھال

جلا کر تلی کے تیل مین ملا کر طلا کرین دیگر گھاس پرانے چھپر کی کہ نہایت باریک ہو سرسون کے تیل مین ملا کر طلا کرین درد کو دور کرے اور جلی ہوئی جگہ پر بال نکالے گھاس جس قدر کہ پرانی ہو بہتر ہے دیگر گیہون کا آٹا پانی مین حل کر کے طلا کرین دیگر چونا کہ پان مین کھایا جاتا ہے چنبیلی کے تیل مین ملا کر جلی ہوئی جگہ پر لگاوین جلن دور ہوگی اور درد فی الفور جاتا رہے گا دیگر آگ سے یا پانی گرم سے یا گھی یا تیل سے جو کوئی جل جاوے اور جلے ہوئے باروت کے واسطے خاص ہے سفیدی بیضہ مرغ کی تلی کے تیل مین ملا کر طلا کرین دیگر عرق پیاز باروت کے جلے ہوئے پر لگانا مفید ہے عجائبات سے ہے اگر کسی جگہ زخم ہوگیا جلنے کی وجہ سے تفل پیاز کا کہ بعد نکلنے عرق کے رہتا ہے لگاوین دیگر واسطے جلے ہوئے باروت کے اگرچہ تمام کھال گر گئی ہو اسی وقت تسکین دیوے رال باریک کر کے گرم تیل مین ڈالین اور خوب لت کرین اور لگاوین روغن کہ تمام زخم خبیثہ کو دور کرے مانند اکوتہ کے اور سوا ہس کے فائدہ کرتا ہے تلی کا تیل سیر بھر بودھ پھانی اسپند پھٹکری ہر ایک تین تولہ نیلا تھوتھا سبز نو ماشہ پتی نیب پاؤ سیر سب دوا کو کوٹ کر قرص کر کے تیل مین جلا کر صاف کر کے رکھین پرانی ردی آلودہ کر کے زخم پر رکھین دیگر واسطے زخم کان کے مفید ہے اکثر لڑکون کو یہ عارضہ ہوتا ہے فائدہ دیوے اوڑن کہ ایک چیز سرخ رنگ ہے اور ہندو لوگ اسکو استعمال کرتے ہین ساتھ پیشاب لڑکے کے پانی مین ڈال کر ملین ایک ساعت سوزش ہوتی ہے بعد اس کے نہایت آرام ہوتا ہے دوائی کہ اکوتہ کو مجرب ہے چھالیہ چار عدد بھلانوہ چار عدد کتھہ نو ماشہ نیلا تھوتھا ایک ماشہ ہڈی سر آدمی کی ایک قطعہ تین چار انگلی مقدار سپاری وبھلانوہ واستخوان کو لینڈی نخاس گدھے مین علیحدہ علیحدہ جلاوین اور سب کو جدا جدا باریک کرین اور آدھ پاؤ گاے کے گھی مین ملاوین اور اکوتہ پر لگاوین اگرچہ کسی دوا سے فائدہ نہوا ہو اس دوا سے فائدہ ہوگا دوائی کہ اکوتہ کو فائدہ دیوے کچا سوختہ گیارہ تولہ پھٹکری پانچ تولہ کتھہ پانچ تولہ توتیا پانچ تولہ ساتھ گاے کے گھی کے مرہم بناوین تدبیر کیڑون کی جو زخم مین پڑ جاتے ہین پودینہ نہری اسپر لگاوین اور دوا کیڑے مارنے کی جو کہ کان کے کیڑون مین دیجاتی ہے یہان بھی استعمال کرین دوائی کہ اکوتہ کو نافع ہے سپاری ہلدی ہر دو جلائی ہوئی بانجی جلی ہوئی ہر ایک ڈیڑھ تولہ رال مہندی وکتھا پاپڑیا سہاگہ بھنا ہوا ایلوا پھٹکری بھونی ہوئی ہر ایک نو ماشہ دال مسور پوستہ جلا ہوا ساڑھے چار تولہ مرچ سیاہ ساڑھے چار ماشہ سب کو باریک کر کے سرسون کے تیل مین ملاوین پتے ڈھاک کے گرم کر کے انکی پشت کی جانب سے اکوتہ پر باندھین صبح کو بعد آٹھ پہر کے کھولین پھر پتے ڈھاک کے

باندھین بعد تین روز کے یہ تیل دوا کا استعمال کرین کہ نافع اور مجرب ہی دیگر کہ اکو تہ کو مجرب ہی کھلی تلی کی ریگ دریا کی دونون برابر باریک کے پانین ملا کر گاڑھا گاڑھا لگا دین از صبح تا شام دو دین روز مین دور ہو جاوے گا دواموٹی یعنی ولدار اس واسطے باندھتے ہین کہ جلد خشک نہو تر رہے ۔

باب دوائی برص یعنی سپید داغ اور چھیپ کے بیان مین

جاننا چاہیے کہ سپید داغ بہت مشکل سے جاتا ہی جبکہ تمام بدن مین ہو جاتا ہی اچھا نہین ہوتا ہی الا شروع مین کوشش سے فائدہ ہو جاتا ہی اس مرض مین گیر دایک سال تک کھانا بہت مفید ہی صفت طلا کہ مجرب ہی تھوہر کا دودھ کہ جسکی شاخین باریک ہوتی ہین سپید داغ پر ملین عضو سوج جائین گے اور سفیدی دور ہو جاوے گی بھلانوہ کا شہد بھی یہی عمل کرتا ہی دیگر ہر روز ایک سوپتی نیب کی پیسکر کھلاوین اور اُس موضع کو ساتھ پتی نیب کے دھوئین دیگر باجچی ڈیڑھ تولہ پیسکر کھلادین مجیٹھ وچیتہ وسہاگہ باریک کر کے ساتھ سرکہ انگوری کے طلا کرین دوائی کہ سفید داغ اور داد اور خارش کو مفید ہی نارجیل کی چھال سخت سیر بھر نیواڑ کے بیج اور گیہون ہر ایک چھ تولہ توتیا وچیتہ و نوسادر ہر ایک تین تولہ سواے گیہون کے سب کو جوکوب کر کے مٹی کی ہانڈی مین ڈالین اور ایک کورا پیالہ اُس دوا پر ڈھکدین اور ایک ہانڈی بقدر منھ دیگ کے رکھکر اندر ہانڈی کے پانی بھر دیوین اور سانس منھ دیگچہ کو مٹی اور کپڑے سے بند کر دیوین چولھے پر چڑھا کر آنچ کرین جو عرق پیالے مین جمع ہو گا ان مرضون پر ملین دوسری بار بھی اس دوا سے عرق لیوین فرق اول و دوم کا ہو گا دیگر نیواڑ کے بیج آملہ کے پانی مین کوٹ کر تر کرین صبح کو پیسکر سفید داغ پر طلا کرین ہر مہینے مین سات روز لگادین ایک روز ناغہ کرین دیگر اجوائن خراسانی بالون دونون دواؤن کو برابر لیکر بدن کو ٹے ملادین اول روز چار رتی ہمراہ دودھ گاے کے کھلادین دوسرے روز پانچ رتی اسی طرح چودہ روز تک ایک رتی بڑھادین پھر چالیس روز تک سترہ رتی ہر روز دیوین کہ چالیس روز تمام ہوئین اور چھال برنہ کی کہ دوائی ہندی ہی ہمراہ کالے تل کے پیس کر سفیدی پر ملین ہر روز تین بار فائدہ ہو گا دیگر چھپکلی ہمراہ گوشت بکری کے پکاوین پھر اُس چھپکلی کو نکال ڈالین اور بکری کے گوشت مین مصالحہ ڈال کر اور پکا کو مریض کو کھلاوین مگر بیمار آگاہ نہ ہو بعضے کھچڑی مین چھپکلی پکا کر اور نکال کر کھچڑی کھلاتے ہین الغرض

بہت آدمی فائدہ اس کا بیان کرتے ہین اللہ تعالیٰ ہر ایک شی پر قادر ہے دیگر ہرتال ورقی بغدادی
ایک حصہ بابچی دو حصہ ہر ایک جدا جدا سرمہ کے مانند دریا کے پانی مین چار پہر کھرل کرکے گولی
بنا کر رکھین اور وقت ضرورت پانی مین حل کرکے داغ پر اور داد پر طلا کرین دفع ہوجاے دیگر
سفید داغ اور تپ چوتھیا کو مجرب ہے اور باہ کو مفید ہے بچھناگ دھتورہ سیاہ کے بیج سفید کنیر کی جڑ
گانجہ کہ جس سے نشہ ہوتا ہے زنگار جملہ چھ دوائین کوٹ پیسکر رکھین وقت ضرورت ساتھ پانی تازہ کے گولی
بقدر ماش باندھکر کھلاوین اور مہینون اور برسون کھلادین کہ اکثر مرضون کہنہ کو مفید ہے سفید
داغ کہ مرض لا دوا ہے تین چار ماہ مین دور کرتا ہے بہتر یہ ہے کہ زنگار کو گھر مین بنالیوین طریقہ بنانے
زنگار کا یہ ہے کہ تانبے کا برادہ پاؤ سیر سرکہ انگوری مین تر کرکے اس طرح کہ سرکہ اوپر برادہ کے ایک
انگل ہو اور نوسادر تین تولہ باریک کرکے ملادین چینی کے برتن مین اگر بنادین تو بہتر ہے ہر روز نیچے
آفتاب کے رکھین رات کو کسی جگہ چولھے پر کہ نیچے اس کے تھوڑی آگ رہے اس طرح خوب بنتا ہے
پھر دوا داخل کرین وزن دوا برابر چنے کے دے سکتے ہین اگر گولی باندھکر رکھین تو بہتر ہے مگر جلدی
نفع یون ہوتا ہے کہ سفوف کرکے رکھین وقت حاجت ساتھ پانی کے گولی بنادین اور کھلاوین اگر
زنگار گھر کا نہ مل سکے بازار کا ملاوین شہوت اور بھوک کو بھی مفید ہے دوائی کہ سفید داغ کو مفید ہے
جمالگوٹہ اور رائی ہر روز پیسکر طلا کرین دیگر واسطے سفید داغ تمام بدن کے مفید ہے اور معتبر شخص کو
کہ اس مرض مین مبتلا ہوا تھا صحت ہوئی اور دوسرون کو بھی فائدہ کیا بت پاپڑہ ساڑھے چار تولہ اجمود
ڈیڑھ تولہ تالیس نو ماشہ عاقرقرحا بنسلوچن ہر ایک تین تولہ سب دوا باریک کرین اول روز ایک
ماشہ کھلاوین اسی طرح آدھ ماشہ ہر روز زیادہ کرین کہ چار ماشہ تک پہونچے چار ماشہ ہر روز کھاتے
رہین تا سب بیالیس روز دوا کھائی جاوے ترشی اور بادی سے پرہیز کرین اور چھ مہینے تک بعد اچھے
ہونے کے بھی نہ کھانا چاہیے دیگر واسطے سفید داغ کے مجرب ہے اسپند سوختنی تین تولہ سہاگہ توتیا مہادر
زعفران آملہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ اول آملہ و اسپند کو پانی مین تر کرین صبح کو ٹہرے کونڈے مین آملہ اور
اسپند کو آب مہادر سے باریک پیسین پھر سہاگہ و زعفران اسمین حل کرین اور طلا کرین دیگر چھال
درخت گولر لالہ کے بیج دونون کو کوٹ پیسکر ایک ہتھیلی بھر صبح کو سرد پانی کے ساتھ کھلادین چالیس
روز تک اور گولر جس قدر کہ چاہین کھلائین صبح کو چنے کی روٹی ساتھ بہت گھی کے اور رات کو جو کچھ

میسر آوے سفید داغ پرانا دور ہوجاوے اور یہ واسطے چھیپ کے اور وہ سیاہ داغ ہوتا ہے اور سفید بھی اور یہ مقدمہ برص کا ہے بہت جلد تدارک اسکا کرین مولی کے بیج باریک کرکے دہی کھٹے مین ملا کر طلا کرین اور دھوپ مین بیٹھین تاکہ خشک ہوجاوے دیگر سہاگہ بھونا ہوا مولی کے بیج دونون برابر لیکر پانی مین لیمون کے پیسین اور ملین دیگر باجی مولی کے بیج ساتھ سرکہ کے پیسکر لگادین دیگر شبنم کہ اوپر گھاس وغیرہ کے ہوتی ہے ملین اگر چنے کے ساگ پر سے لیکر لگادین بہت فائدہ کرے

باب داد کے بیان مین

اصل علاج اس کا تنقیہ مادہ سودا ہے اور یہ دوا بھی مفید ہے صندل سُرخ سہاگہ افیون تینون برابر ساتھ عرق لیمو کے گھسکر داد پر ملین اول مقام داد کو جنگلی اُپلے سے یا اور کسی چیز کھری سے کھجلا کر بعد اُس کے دوا لگادین آفتاب مین بیٹھکر دو مرتبہ سے زیادہ احتیاج نہوگی یہ دوا نہین چھوٹتی جبتک اچھا نہو دیگر ہر جگہ کے داد کو نفع کرے آملہ مدار کے پھول تخم پنواڑ پیسکر کھٹے دہی مین ملا کر لگادین الا خصیہ پر استعمال نہ کرین اگر مدار کے پھول نہون پتے اُس کے کافی ہین اگر دہی نہو مضائقہ نہین دیگر گندھک توتیا آملہ پنواڑ کے بیج ریگ بھتوڑی کہ جس مین چنے بھونتے ہین سب برابر لیکر پیسین اور کپڑے مین چھان کر پانی مین ملا کر داد و چھیپ پر طلا کرین ہر روز تین بار چھیپ پر ملکر آفتاب مین بیٹھین دیگر دوا کہ داد کو بخوبی دفع کرے سینڈ (کہ سہ دھارا نہو) کا مغز کوٹ کر نچوڑین اور پنواڑ کے بیج باریک کرکے ملا کر تین روز رکھین کہ جوش آوے پس داد کو چھیل کر یہ دوا ملین اور آفتاب مین بیٹھین اگر داد بہت غلیظ اور موٹا ہو پہلے پچھنے لگا کر خون کھینچ ڈالین دیگر پنواڑ کے بیج چلہ دہی مین ملا کر طلا کرین پہلے داد کو کسی چیز سے کھجلائین دیگر پنواڑ کے بیج پانی مین تر کرین اور صبحکو اس پانی مین جس مین آملہ تر کیے ہون پیسین اور داد پر ملین دیگر مین پھل باریک کرکے طلا کرین ساتھ پانی سرد کے دو تین بار دیگر سرس ملین اور نہ اُتارین جبتک کہ داد دور نہو دیگر نیلا تھوتھا ساتھ عرق لیمون کے پیسکر طلا کرین لیکن اس دوا سے ورم ظاہر ہوگا دیگر واسطے داد واکوتہ کے مفید ہے جنگلی اُپلے ایک سیر ہرتال ساڑھے سات تولہ تلی کا تیل ایک سیر روغن مین ہرتال کو حل کرکے ایک برتن مین گل حکمت کرکے بطرلق چوبہ پتال جنتر مین کھینچین دو تین مرتبے

حاجت زیادہ نہوگی دیگر اشق ساتھ سرکہ انگوری کے پیسکر طلا کرین دیگر کچلہ پارہ گندھک مینسل نیرہ سیاہ وسفید آنبہ ہلدی ہرتال ایلوا مرچ سیندور بابچی پنواڑ کے بیج سب مساوی لیکر کوٹ چھان کر سہ چند تیل مین ملالین اور لوہے کے برتن مین لوہے کے دستہ سے چار پہر تک کھرل کرین اسکو ماہر گھرت کہتے ہین دیگر واسطے داد اور کھجلی کھرے ہونے جلد اور فساد ظاہر کے مفید ہے ایک گھڑا مٹی کا لیکر جنگلی اپلہ اُس مین بھرین کہ چار انگل خالی رہے ایک کٹورا پھول کا پانی سے بھر کر اس کے اوپر بند کر کے ایک گڑھا کھود کر جنگلی اپلے بھر کر اس گھڑے کو رکھین اور آگ دین تھوڑی تھوڑی دیر مین اس پھول کے کٹورے کو اُٹھا کر جو اُس کے نیچے بھاپ کے ذریعہ قطرے پانی کے جمع ہون انکو جمع کرتے جاوین وہ گاڑھا ہوگا تھوڑا اوپر ملین بعد کھجلانے داد کے اگر گھڑا مذکور اُپلہ سے بھرا ہو چولھے پر چڑھا کر اوپر اُسکے پیالہ رکھکر عرق لیوین یہی عمل کرتا ہے دیگر واسطے داد کے مجرب ہے گندھک آملہ سار پنواڑ کے بیج سہاگہ کتھہ آملہ پانی مین برابر لیکر پیسکر ضماد کرین دیگر املی کے بیج پانی مین بلکہ عرق لیمون مین پیسکر طلا کرین دیگر ببول (مر) کہ وہ مشہور ہے ساتھ سرکہ تیز کے ملا کر داد کو کھجلا کر لگا دین دیگر چربی مرغ کی بارہ تولہ سیندور پندرہ تولہ اول چربی پگھلا کر سیندور اُس مین ملا دین اور نیم کے کھرل مین دستہ نیب سے سات روز کھرل کر کے نگاہ رکھین اور اوپر داد کے استعمال کرین مجرب ہے اودیہ داد کہ تمام بدن مین منتشر ہو کسی علاج سے نفع نہوتا ہو مجرب ہے دو تین دست بھی آتے ہین تھوہر خاردار پانچ سیر ٹکڑے گول کاٹین اور چاول جو بالی مین ہوتے ہین جسکو دھان کہتے ہین مٹکا بڑا لیکر پہلے ایک تہ تھوہر کی بچھاوین اوپر اسکے چاول یعنی دھان بچھاوین پھر تھوہر بچھاوین اسی طرح تہ بر تہ رکھین پھر پانی اسقدر ڈالین کہ سب چھپ جاوے اور منھ بند کر کے تین یا پانچ روز رکھین بعد اس کے دھان نکال کر ٹروے اُسکے بنا دین اور ہر روز دو تولہ انتہا تین تولہ کھلا دین چند مہینے دیوین کہ مادہ کو توڑے ساتھ مدد خدا کے جذام وسفید داغ کو بھی فائدہ کرے۔

باب اندر دوائی مسہ کے

چوک عرق لیموں مین پیسکر طلا کرین دیگر پان گیری کے رگون پر چونہ ملکے بتی کے مانند بنا کر مسہ پر ملین پہلے ناخن سے کھجلا لیوے تھوڑی مدت مین سب دور ہو جاوین اگر بڑے ہون دو تین روز مین سب قطع ہو جاوین

فصل چھاسہ کے بیان مین ترکچور پانی مین پیس کر طلا کرین آنبہ ہلدی کا بھی یہی اثر ہی دیگر مغز گھونگچی سفید تل کے تیل مین ملا کر ابٹن تیار کرین رات کو منھ پر مل کر صبح کو دھو دین دیگر مغز گھونگچی سفید نمک سنگ ہموزن لیکر پیسین اور پانی مین ملا کر رات کو ملین اور صبح کو دھو ڈالین جھیپ اور چھاسہ کو دور کرے دیگر خالی نمک سنگ بھی مفید ہی دیگر انزروت رومی عرق لیمون مین پیسکر رات کو لگا وین اور صبح کو پانی سے دھو ڈالین ایک ہفتے مین اثر چھاسہ کا کلیتہ نہ رہے گا۔

باب پھٹ جانے اور کھرکھرہ ہو جانے جلد کے بیان مین

دودھ بڑ کے درخت کا واسطے پھٹ جانے ہتھیلی کے مفید ہی ملین اور موم روغن لگا دین دیگر چھاجن کو دور کرے وہ مرض ایسا ہی کہ ہتھیلی ہاتھ مین یا پیر مین درشتی ہوتی ہی کھال اُسکی نکلتی ہی دودھ بکری یا گاے کا آدھ سیر لیکر تین جوش دیوین بقدر نو ماشہ سرکہ انگوری ڈالین سب دودھ پھٹ جائے گا کپڑے مین پانی اُس کا چھان کر شیشے مین بھر کر رکھین اور اُسکو ملین دیگر مدار کا دودھ مٹی کے برتن مین رکھین اور قدرے کالی مرچ پیس کر ملا دین اور پھر اُسکو ملین تو چھاجن دور ہو جاوے دیگر واسطے خشونت جلد کے کہ اُسکو چرم کہتے ہین نیلہ تھوتھا باوبڑنگ رال منیسل ہرتال کسیس لودھ کمیلہ گندھک آملہ سار چھال کنیر سفید پارہ گندھک آنبہ ہلدی سب تیرہ دوا برابر لیکر کوٹ پیسکر پارہ و گندھک کجلی کرکے سہ چند یعنی تگنے تلی کے تیل مین ملا دین خارش کسی قسم کی ہو اور داد اور اکوتہ اس کے ملنے سے دور ہو کجلی یہ ہی کہ پارہ اور گندھک کو تین روز آہنی برتن مین پیسین دوا کہ واسطے پھٹنے جلد کے مفید ہی منھدی پانی مین حل کر کے ضماد کرین بعد تین چار گھڑی کے دور کر کے ریندی کا تیل ملین عضو کو قوت ہو گی اور پھٹنے سے باز رہے۔

باب بیماری ناخون کے بیان مین

جس وقت سختی اور کجی ناخون مین ظاہر ہو پہلے تنقیہ بدن کا کرنا چاہیے اور یہ دوا لگانا چاہیے ہرتال مویز منقے دونون کو باریک پیسکر طلا کرین دیگر ساتھ روغن گل کے پارے کو ملا کر ملین جب کہ پارہ خاکستر ہو کر روغن مین ملجاوے اگر پارے کو پہلے مار لیوین تو بہتر ہی اور طریقہ مارنے پارہ کا یہ ہی

کہ عرق برگ پان مین حل کرین دیگر مسکہ بھیڑی کا ناخون پر ضماد کرین بعد اس کے مدار کی لکڑی جلادین
اور دھوان اُسکا ناخون مین پہونچادین۔

باب دوائی خارش کے بیان مین

گندھک آملہ سار چھ ماشہ صاف کرکے گڑ سیاہ تین تولہ گیہون کا آٹا تین تولہ پاو سیر تلی کے تیل مین حلوا بنادین اور کپڑے مین رکھکر نچوڑین اور روغن بدن پر ملین اور حلوا نوش کرین تین روز مین خارش جاتی رہے بہتر یہ ہے کہ گوشت نہ کھادین دیگر طریقہ صاف کرنے پارہ کا کہ دوائی کھجلی مین کام آتا ہے پارے کو مہندی کی پتی مین خشک ہو یا تر ہو تھوڑا پانی ڈال کر پیسین یا عرق لیمون مین بقدر پیسین کہ پارہ مثل خاکستر کے ہو جاوے دیگر شنگرف سرخ دو سیر شاہی روغن گاو دو سیر شاہی چوک ڈیڑھ سیر شاہی چوک کو پیسکر کپڑے مین چھانین سب دوا کو ملا کرین گولی باندھین اگر نہ بندھ سکے قدرے پانی ملا کر گولی باندھین بطور اُبٹن کے بدن پر ملین اور نیچے آفتاب کے بیٹھین جس قدر طبیعت مین آوے ٹھنڈے پانی سے نہلادین دوسرے روز اگر ضرورت ہو دوسری گولی کام مین لادین دو روز مین خارش دور ہو جاوے گی دیگر شورہ قلمی کڑوے تیل مین ملا کر خارش پر ملین دیگر پارے کو روغن گل مین ملا کر ملین الا پارے کو پہلے برگ پان مین کھرل کر لیوین دیگر مہندی کو گاے کے پرانے گھی مین ملا کر طلا کرین دیگر درخت بڑ کی پتی خشک لکڑی بھوہڑ کہ جو خشک ہو کر زمین پر گری ہو دو پوستہ تینون کو برابر لیکر جلادین خاک اُسکی سرسون کے تیل مین ملادین اور ملکر ایک ساعت نیچے آفتاب کے بیٹھین بعدہ غسل کرین دیگر رسوت پانی مین گھسکر ملین دیگر صابون پانی مین گھسکر ملین اور غسل کرین دیگر پانچ ماشہ گندھک انڈا مرغی کا ایک روغن تین تولہ کسی ظرف مین ڈالین اور زردی اور سفیدی انڈے کی اُسمین ڈال کر اوپر اس کے گندھک باریک کرکے ملادین اور پکادین تاکہ خاگینہ ہو بس اُس خاگینہ کو کھلاوین اور روغن کو بدن پر ملین اول روز خارش زور کرے گی اور دوسرے روز خشک ہووے گی اور تیسرے روز خشک ریشہ لاتی ہے تین روز تک موافق وزن اور ترکیب کے کھلادین دیگر گندھک کو آٹے خمیر کیے ہوے مین ملا کر روٹی پکا کر ہمراہ بہت گھی کے کھلادین تین روز مین خارش دور ہو اور گندھک کا وزن موافق آدمی کے ہر مرد بڑے کو چھ ماشہ چاہیے اور یہ دوا کھواے

مرد قوی اور دہقانی کے نہ چاہیے دینا وہ تیل جو کھرکھرے پن اور کھال کے پھٹنے مین بیان ہوا ہے وہ بھی بہت مفید ہی دیگر گڑ اجوائن برابر لیکر اجوائن پیسکر گڑ مین ملاکر نو ماشہ سات روز تک کھلادین خارش دور ہو دیگر سہاگہ بھونکر چنبیلی کے تیل مین ملاکر خارش پر ملین دیگر روغن چنبیلی کو عرق لیمون مین ہتھیلی سے ملاکر یہان تک کہ کف لاوے ملین بعد ایک ساعت کے غسل کرین دیگر اسپند اور مرچ کوٹ پیسکر روغن مین ملاکر خارش آبلہ دار پر ملین دیگر پارہ ایک تولہ روغن پانچ تولہ دونون کو کانسے کے برتن مین ڈال کر گھسین کہ خوب ملجاوے اور خارش پر ملین دیگر اجوائن دو حصہ نمک ایک حصہ ہلدی ایک حصہ تینون کو پیسکر پانی مین ملاکر بدن پر ملین اور سایہ مین خشک کر کے گرم پانی سے غسل کرین تین روز مین دور ہو مجرب ہی دیگر گندھک سادہ تین تولہ پارہ ساڑھے سات تولہ نیلا تھوتھا بریان نو ماشہ سب کو دو پہر کھرل کرین اور ساڑھے سات تولہ روغن مین ملاکر رکھین تھوڑا اُس سے ملین خارش دور کرے اور داد کو فائدہ دیوے اور چاہیے کہ بعد ملنے کے دو گھڑی گذرین سرد پانی سے غسل کرین چند روز مین دور ہو دیگر تیل چنبیلی ساڑھے سات تولہ دودھ مدار کا تین تولہ آنبہ ہلدی نو ماشہ پہلے تیل کو خفیف جوش دے کر دودھ مدار اور آنبہ ہلدی باریک کر کے تیل مین ملاکر آگ سے اُتار رکھین اور کام مین لادین تین چار روز تک بعدہ پانی مدار سے غسل کرین اور اگر دودھ مدار کا میسر نہو تو مدار کی تیل مذکور مین جلا کر تپی کو دور کرین صاف کر کے آنبہ ہلدی کوٹ کر اسمین ملادین تین روز تک آفتاب مین رکھکر بدن پر ملین چار روز سے زیادہ نہ گذرے گا کہ دور ہوگی مجرب ہی دیگر گندھک تخم پنواڑ آنبہ ہلدی اجوائن ہر ایک نو ماشہ لے کر جو کوب کر کے تین حصہ کرین ایک حصہ تھوڑے پانی مین بھگو کر صبح کو پانی اُس کا پلادین اور دوائی کو پیسکر تلی کا تیل یا مثل اُس کے ملاکر خارش پر ملین اور دھوپ مین بیٹھین بعد ایک گھڑی کے پانی گرم سے غسل کرین اور بعد غسل کے دہی چکہ اور چاول پیٹ بھر کر کھلادین اور اسی طرح دو روز دونون حصہ دوا مذکور سے کام مین لادین جس طرح کہ کہا گیا **فائدہ** باچی وغیرہ سے بعضے آدمیون کے بدن مین آبلے پیدا ہوتے ہین اس دوا سے پرہیز کرین دیگر گندھک آنبہ ہلدی باچی ہر ایک ڈیڑھ تولہ کوٹ کر تین حصہ کرین اور جس طرح کہا گیا ہی تین روز تک عمل کرین یعنے پانی اُس کا پلائین اور دوائی کو پیس کر گھی مین ملاکر بدن پر ملین اور دھوپ مین بیٹھین اور دہی چاول کھلادین دیگر افیون روغن گل

یا تیل تل مین جلاکر ملین دیگر روغن گل یا تیل چنبیلی جو بہم پہونچے اُسی قدر سرکہ انگوری اور گلاب
سب کو ملادین اول خارش کو پانی گرم سے دھووین اگر خارش خشک ہو بعدہ دوا خوب ملین
دیگر کالادانہ کوٹ پیس کر چھ ماشہ یا زیادہ ساتھ شکر کے ہمراہ پانی گرم کے تین روز دیوین خارش
جس قسم کی ہوجاتی رہے لیکن دست آتے ہین اور بعضے کو تے آتی ہے دیگر میتھی سرکہ کے ساتھ
اور روغن گل کے یکجا کر اوپر بدن کے ملین بعد تین گھڑی کے پانی گرم سے دھووین اور ایک نسخہ
مین جو اکھار بھی داخل ہے اتنا ہی نوسادر اور پارہ ایک حصہ گندھک نیلا تھوتھا دو حصہ
جو اکھار چار حصہ گاے کا گھی دو چند نوسادر ملاکر ملین دیگر خارش کہنہ کو مجرب ہے پارہ گندھک
ہر ایک تین ماشہ توتیا چھ ماشہ نوسادر ایک تولہ روغن گاؤ چار تولہ گھی کو ایک سو آٹھ پانی سے
دھووین اور دوا کوٹ کے مع کجلی کے گھی مین ملادین ایک پہر کھرل کرین تھوڑا بدن پر ملین لمحہ توقف
کر کے پانی سرد سے نہلادین اور داد اس دوا سے بھی جاتا رہتا ہے اور باد فرنگ کو بھی مفید ہے کجلی یہ ہے
کہ پارہ اور گندھک کو اکیجا کر کے خوب پیسین کم از کم ایک پہر فائدہ بہترین دوا واسطے خارشت کے
نہانا پانی گرم سے ہے حمام مین جلد جلد جانا اور دوا کہ بعد حمام کے ملتے ہین فائدہ بہت ہوتا ہے دیگر دھتورے
کا پھل سر اُسکا کھولکر ڈلی شنگرف اندر اُس کے کرین گل حکمت کر کے آگ مین رکھین یا تنور مین
رکھین کہ پک جاوے بعد اُس کے باہر لاکے پیسین اور ساتھ تلی کے تیل کے بدن پر ملین دفع ہو دیگر
ترپھلہ باونچی باریک کر کے ہر روز سات ماشہ کھلادین دیگر ہرتال ڈیڑھ تولہ چنے کا کھار ڈیڑھ تولہ
بیضہ مرغ ایک عدد سوراخ کر کے ہرتال و کھار اس مین ڈالین بعد اسکے تانبے کی ٹونٹی مصطگی ملاکر
سوراخ بیضہ بند کرین اوپر بیضہ کے لیپ کرین تین روز تک رکھین بعد اس کے مٹی کے برتن مین سوراخ
کر کے ٹونٹی بیضہ کو سوراخ سے باہر لاکے اوپر اس کے ایک برتن چھوٹا اُلٹا کرے بیضہ کو چھپا لیوے اور
اس چھوٹے برتن کو بڑے برتن مین ریگ بھر کر کے اس طرح بنادین کہ چار انگل اوپر برتن کے ہو نیس اس بڑے
برتن کو مینگنی سے بھر کر کے آگ دیوے اور نیچے ٹونٹی کے برتن چینی کا رکھین تاکہ روغن ٹپک کر جمع ہو
مقدار دو چانول ہمراہ پان کے کھلادین خارشت دور ہو اس طور سے بنانے کو پتال جنتر کہتے
ہین دیگر نیلا تھوتھا چار ماشہ پارہ ساڑھے تین تولہ مسکہ گاے کا تین تولہ پہلے توتیا کو ساتھ پارہ
کے کھرل کرین اور مسکہ ملادین اور ایک سو سات پانی سے دھو کر ملین مجرب ہے دیگر کہ خارشت کو

مفید ہے اور بدن کو نرم کرے پنواڑ کے بیج چھ تولہ آملہ تین تولہ برنج ساٹھی ڈیڑھ تولہ تینوں کو کوٹ پیس کے پانی میں ملا کے ملیں بعد تین گھڑی کے غسل کریں دیگر خارشت کو مفید ہے چنبیلی کا تیل تین پیسہ بھر کافور خالص ڈیڑھ ماشہ کافور کو پیس کے ساتھ روغن کے خوب ملیں وقت سونے کے مالش کریں بعد تین روز کے غسل کریں مفید ہے دیگر کہ اقسام خارش کو ساتھ دانوں کے اور بغیر دانہ عجیب الاثر ہے آملہ بغیر گٹھلی نکالا ہوا ہڑ زرد مع گٹھلی تین تولہ نوسادر پارہ مارا ہوا دس ماشہ سب کو تل کے تیل میں جوش کریں اور مع ثفل اس کے ملیں اور نزدیک آگ کے عضو کو رکھیں جس قدر کہ متحمل ہو دن اور مکرر طلا کریں اس دوا سے ایک رات میں خارشت جاتی رہتی ہے دیگر واسطے سب اقسام خارشت کے مفید ہے فی الفور نفع ہوتا ہے گندھک آملہ سار بابچی مردار سنگ ہلدی کتھ مہندی سیل کھڑی کہ دوا معروف ہے مشابہ سنگجراحت کے ہر ایک تین تولہ نیلا تھوتھا ڈیڑھ تولہ کوٹ پیس کے رکھیں ہر گاہ کہ تھوڑی اس دوا سے موافق موضع خارشت کے لیکر پارہ ملا کر روغن کڑوے میں حل کریں کھرل میں اور ملیں سفوف دوا کا اگر چھ ماشہ ہو دو ماشہ پارہ چاہیے اور تین تولہ تیل ہو اسی وزن سے استعمال کرتے ہیں

ادویہ **خضاب** چونہ و گل ملتانی و مردار سنگ تینوں برابر لیویں اور ساتھ پانی کے پیسیں اور اوپر بالوں کے طلا کریں اور انجیر کے پتے اوپر اس کے باندھیں ایک پہر کے بعد دور کر کے پانی سے دھوویں و روغن ملیں مجرب ہے چاہیے کہ یہ دوا دیر تک نہ رہے کہ بال کو مونڈ ڈالتی ہے کہ اس میں چونہ شریک ہے دیگر خاکستر لوہاروں کے گھر کی و صابون پانی میں حل کر کے سیسہ کے دستے سے چار گھڑی کھرل کریں پھر خضاب کریں دیگر مازو بھونے ہوئے کہ قریب جلنے کے پہونچیں تین تولہ سنگ رانسخ تین ماشہ نوسادر دو ماشہ تینوں کو کوٹ چھان کے لوہے کے برتن میں یا پتھر کے دستے سے خوب حل کریں اور بالوں پر ملیں اور بعد چار گھڑی کے پانی سے دھوئیں کہ رنگ جلد سے دور ہوئے دیگر مازو چار حصہ سنگ رانسخ دو حصہ نوسادر ایک حصہ پھٹکری آدھ حصہ مازو کو بھوبھل پھر بھوبجے میں جلادیں کہ خوب بھنے اور مثل کوئلہ کے ہو جاوے پس سب دوا کو جدا جدا پیس کے برتن لوہے میں رکھیں اور آملہ کو لوہے کے برتن میں دو تین جوش دیویں اور پانی لیکر دوائیں ملا دیں اور لوہے کے دستے سے خوب کھرل کریں اول بال کو صاف پانی سے دھو کر دوا ملیں بعد دو تین گھڑی کے پانی آملہ سے دھوویں پھر گرم پانی سے دھو دیں

علاج بالخورہ پہلے پانی آملہ سے اس جگہ کو دھووین پھر نوسادر باریک کر کے مسکہ مین ملا کے ملین ایک ہفتہ مین دفع ہوگا ترکیب خضاب گل ملتانی مردارسنگ چونہ تینون کو برتن لوہے مین دستہ لوہے سے ساتھ پانی آملہ کے خوب باریک کرین واسطے دور ہونے تیزی چونہ کے ایک دو روز رکھا رہنے دیوین بعد اس کے استعمال کرین بال خوب سیاہ ہون گے دیگر خضاب مجرب ایک فقیر سے سُنا گیا مازو پندرہ ماشہ توتیا گیارہ رتی نمک لاہوری سات رتی مازو کو بھونین بعد سب دوا کو لوہے کے برتن مین دستہ لوہے سے خوب باریک کر کے اوپر بال سفید کے ملین تین چار گھڑی مین رنگ سیاہ ہوگا بعد اس کے آملہ کے پانی سے دھووین دیگر نسخہ خضاب بابت شاہ نظیر گل لالہ کی پتی آدھ سیر لوہ چون آدھ پاؤ تلی کا تیل آدھ سیر لوہے کے برتن مین ڈال کے نیچے چولھے کے جو ہمیشہ گرم رہتا ہی کھود کر دفن کرین اکیس روز تک بعدہ نکال کر صاف کر کے شیشہ مین نگاہ رکھین وقت ضرورت بال کو پانی آملہ سے دھو کر روغن مذکور طلا کرین دیگر واسطے داڑھی کے بال کے کہ جلد آوین داڑھی کی جگہ پر جونک لگا کر خون کھینچین دیگر انڈے کا تیل چودہ روز جس جگہ کہ ملین بال نکل آوین اور طریقہ روغن نکالنے کا قرابادیون مین لکھا ہی دیگر تلی کا تیل بیضہ مرغ دونون کو یکجا کر کے بار بار ملین بال نکل آوین گے دیگر ہاتھی کے دانت کا برادہ جلا کر خاکستر کرین اور بکری کے دودھ مین ملا کر تمام سر مین یا جس جگہ بال نکالنا چاہین ملین دیگر خاکستر لوبان روغن زیتون مین ملا کر اوپر داڑھی کے ملین دیگر سیاہ دانہ یعنی کالا دانہ جلاوین اور پانی مین پیس کے لگادین دیگر وہ دوا کہ بال کو سیاہ کرے گل گڑہل سبزی اور سفیدی اسکی دور کر کے خشک کرین بھنگرہ سیاہ کہ جسکی پتی سیاہ ہوتی ہی جڑ سے کھود کر خشک کر کے باریک کرین کیوڑے کی جڑ پسی ہوئی اور کیلے کی جڑ پسی ہوئی ہر ایک چھ تولہ تلی کے تیل مین کہ وزن سوا سیر ہو ملا دیوین اور لوہے کی دیگ مین رکھ کر سرپوش آہنی سے اسکا منھ بند کر کے ایک گڑھا کمر برابر کھودین اور دو تین روز کوڑا وغیرہ بھر کر جلا دیا کرین کہ رطوبت اسکی خشک ہو جاوے بعد اس کے آدھے گڑھے مین لید گھوڑے کی خشک بھرین اور دیگ کو اسمین رکھ کر آدھا گڑھا جو باقی ہے لید سے پر کرین ایک بالشت کنارہ گڑھے کا کہ خالی ہو خاک سے بھر دیوین کہ گڑھا یکسان ہو جاوے چھ ماہ تک اس مین رکھین بعد اس کے نکال کے روغن کو بالون پر ملین وقت ملنے کے ہاتھ اور پاؤن

مین روغن گائے ملین تاکہ موضع سیاہ نہو دیگر گری انبہ پاؤ سیر گل سیاہ کہ میان کاواک انبہ
مین ہوتی ہے پاؤ سیر مالکنگنی ڈیڑھ تولہ جوا کھار ڈیڑھ تولہ چارون دوا کو باریک کرکے بقدر چہ ماشہ کے
گولی باندھین اور ہمراہ تلی کے تیل کے حل کرکے طلا کرین واسطے ایک سال کے کافی ہے

فصل دوائی کہ جلا دینے والی بدن کی اور بڑھانے والی اور رنگین کرنے والی بالون کی
دوائی کہ بدن کو جلا دیوے اور نرم کر دیوے اور بوے عرق بدن کو دور کرے صندل زعفران
اگر لودھ فستق اسگند بالاسب باریک کرکے اُبٹن تیار کرین دیگر کہ بالون کو دراز کرے اور کثرت سے
پیدا ہون دانت ہاتھی کے جلائے ہوئے رسوت برابر لیکر ساتھ پانی کے گولی باندھکر رکھین اور اوپر
بالون کے طلا کرین دیگر پتہ گاے کا جڑ بالون مین لگاوین بعد تین گھڑی کے ساتھ پانی کے دھووین
بال دراز ہون گے دیگر جس موضع مین کہ تین روز ملین اگر بال نہون نکل آوین کرم کہ ایک گھاس ہے
گرہ دار مانند نے کے اور پتی اسکی بڑی پھول اس کا کہ جس زمانہ مین پیدا ہوتا ہے مانند خوشے کے ہوتا ہے
اور وہ نیچے درخت کریل کے اور دوسرے درختون کے ہوتا ہے ہندوستان مین مشہور ہے پتی اسکی کوٹ کے شیرہ نکالین
اور خاکستر ہاتھی دانت ساتھ اس کے ملا دین اور ایک رات دن رکھین پھر استعمال کرین دیگر شیرہ
بھنگرے کا تلی کے تیل مین باہم ملا کر جوش دین جب روغن رہجاوے شیشہ مین رکھین پھر ہر رات کو سر پر ملین
بال بڑے ہون گے دیگر لیمون کا عرق اور آملہ کا عرق باہم پیس کے رات کو سر پر ملین اور صبحکو روغن
سر پر مل کر پانی سے دھووین متواتر ایسا کرین مال کثرت سے زیادہ ہون دیگر جو عورتین استعمال
کرین بدن اور رگون سے ان کے بوے خوش آوے ڈھاک کی کلی کہ منہ بند ہو سایہ مین خشک کرکے
کوٹ کے کپڑے مین چھان کر جس قدر کہ سفوف ہو آدھا اس کا قند یا مصری ملا کر کھلا دین دیگر
مور انبہ ملا کھلا جو ادھ حصہ جاوتری ایک حصہ ملا کر باریک کرکے صبح و شام ہتھیلی بھر یا کم و زیادہ
کھلا وین اعضا اور عورتون کے پسینے سے خوشبو آوے اگر دو ہفتہ مداومت کرین اثر خوشبو کا ظاہر
آوے والا چند روز زیادہ کھلا وین دیگر جو بالون کو اکھاڑ کر اس جا ملین تو بال سیاہ نکلین
جڑ چڑچڑے کی پانی مین گھس کے بالون کو اکھاڑ کر طلا کرین دیگر سنگ راسخ دانہ دہنگا زنگی ہڑ چارون
کو برابر لیوین پہلے ہڑ کو جوکوب کرکے پانی مین ایک رات دن تر رکھین باقی دوا کو ہڑ کے پانی مین
پتھر پر پیسین یعنی گھسین جس قدر کہ گھسا جاوے گولی باندھین اور سایہ مین خشک کرین اور

عندالحاجت بال سفید اکھاڑ کر اس گولی کو گھسکر بالون پر طلا کرین بحکم خدائے تعالیٰ بال سیاہ نکلین گے
دیگر کہ بالون کو نکلنے سے منع کرے اقلیمیا سفید آب ارصاص ہر ایک ایک جز پھٹکری نصف جز
سرکہ مین گھس کر بالون کو اکھاڑ کر طلا کرین منع اُگنے کو کرتا ہے۔

فصل مرہم مین اور جو کچھ کہ مناسبت رکھتا ہے زخم سے۔ وہ مرہم کہ زخم کو برابر کر لاوے تلی
کا تیل چھ تولہ موم سفید نو ماشہ کتھہ سفید چار ماشہ توتیا دو ماشہ خاکستر سیپی کی گیارہ ماشہ مرہم بناکر
سولہ مرتبہ پانی سے دھووین مرہم کہ بھر لاوے زخم کو باؤ تڑنگا کرنج نیب کی پتی سب کو کوٹ پیسکے
پانی مین قرص بناکر تیل مین بھونین اور روغن صاف کرکے استعمال کرین مرہم کہ واسطے برابر کرنے
زخم آدمی اور گھوڑے کے نہایت مفید ہے گوگل بھینسیہ صابون رال مائین خرد دیکامالی موم سفید
تلی کا تیل ہر ایک ایک مقدار لیکر مرہم تیار کرین مرہم کہ زخم کو جلد اچھا کرے اور درد کو مٹھائے
مسور آملہ سپیاری چھالیہ ولوپست ہر ایک ڈیڑھ تولہ لیکر جلادین اور پانچ دانہ مرچ سیاہ کے
توتیا ایک ماشہ اسمین ملاوین اور باریک کرین اور گھی مین ملادین اور کام مین لاوین مرہم کہ واسطے
زخم پیپ اور ناسور کے ہو دور کرے بھگندر کہ چھاتیون عورت پر ہوتا ہے اور واسطے گنج کے بھی مفید ہے
آملہ سہاگہ پھٹکری نیلہ تھوتھا سیندور کمیلہ مہندی سنگجراحت مردارسنگ کتھہ پاپڑیا ہر ایک ڈیڑھ تولہ
مرچ ایک دانہ ہلدی ایک ماشہ یا ایک گرہ تین دوا کو پہلے جلادین اور سب کو باریک پیسین
اور لوہے کے برتن مین تیل ملا کے ساتھ نیب کی لکڑی کے ملا کے کام مین لاوین اگر بسبب دیر
تک رہنے کے مرہم سخت ہو جاوے تھوڑا اور روغن ملادین تیزاب کہ ناسور و بھگندر و دلدو سفید
داغ کو مفید ہے اور سب مرض کو کہ گوشت مین ہو اور چاہین کہ اسکو فنا کرین کام آوے گندھک
آملہ سار شورہ قلمی پھٹکری سفید پھیر کسیس چار دن برابر لیکر دو شیشہ چھوٹے یا قرع انبیق مین تیزاب
ٹپکادین جس جا چاہین لگادین اگر سفید داغ پر لگانا منظور ہو روئی بقدر داغ کے تیزاب مین تر
کرکے رکھین کہ خشک ہو جاوے تمام تیزاب اس جا جذب ہو جاوے اگر حاجت پڑے دوسرے
بار لگادین اگر زخم پڑے ساتھ مرہم کے تدارک کرین اور یہ مرہم اس جگہ نفع دیتا ہے نیلہ تھوتھا
جلا یا ہو مصطگی رومی پھٹکری موم سفید چار دن برابر اور تمام دوا کے برابر گھی طلا کر مرہم تیار کرین اور
کام مین لاوین دیگر کہ ناسور کو فائدہ کرے پھٹکری شہد مین ملاکر استعمال کرین دیگر مرہم فرنگی کہ

واسطے اچھا کرنے زخم کے سریع الاثر ہی مردار سنگ ایک حصہ رال دو حصہ روغن بقدر حاجت
پہلے مردار سنگ کو باریک کرکے تیل مین بھونین اس قدر کہ رنگ اس کا سیاہ ہو جاوے پھر رال
ملاکر پکاوین کہ یہ بھی سیاہ ہو جاوے اور کام مین لاوین مرہم کہ زخم پرانا اور ناسور پرانے کو
فائدہ دیوے اور زخم تازہ کو بھی برابر کرے اگر اوپر ورم کے قبل منفجر ہونے کے رکھین تحلیل کرے یا
پکا دیوے سیپی جلا کے خاکستر کرین اور سہاگہ بھی بھونین اور دونون کو گاے کے گھی مین ملاکر لگاوین
حکم آبحیات کا رکھتا ہی درباب بھر جانے کے روغن کہ واسطے دفع ورم سوداوی اور سرطان ورمی
کے کہ معروف بچہ ہی اور رنگ زہی پھٹکری ساڑھے چار تولہ نیلہ تھوتھا نو ماشہ سنکھیا قسم اول ڈیڑھ تولہ
زرد ہو یا سفید تیل تلی کا آدھ سیر تیل کو کڑاہی مین گرم کرین اور پھٹکری و سنکھیا ہر ایک کو جدا جدا باریک
کرین پہلے ڈیڑھ تولہ پھٹکری اوپر اس کے چھڑکین تھوڑا تھوڑا ساتھ لکڑی نیم کے برابر پھیرین بعد اسکے
ٹکی پھٹکری کی اوپر ٹکی سنکھیا کی ڈالین اسی دستور سے لکڑی سے پھیرتے جاوین اتار کے نیلہ تھوتھا
پسا ہوا ملاوین اور دو گھڑی اور حل کرین پھر شیشہ مین نگاہ رکھین وقت ضرورت مرغ کے پر سے قرحہ
مین طلا کرین دستور یہ ہی کہ پہلے روز سوزش اور جلن ہوتی ہی اور اکثر دوسرے تیسرے جوش ہو گا تین روز مین
دفع ہو جائے گا بصورت سوزش تین روز مہلت دے کے پھر استعمال کرے الغرض جبتک جوش نہ
آوے نفع نہ کرے بعد جوش کرنے کے حاجت نہو گی ورم کہنہ دفع ہو جائے گا اور جب تیل ختم ہو جاوے
تو اسی دوا مین تلی کا تیل اور ملائین یہ دوا نہایت تحفہ ہی اکثر دیکھا گیا ہی کہ برسون ناک آدمیون کی
ساتھ ورم سخت کے مبتلا ہوتی ہی کسی دوا سے صحت نہین ہوتی ہی اس روغن سے نفع ہوتا ہی اور شفا
دینے والا اللہ تعالی ہی دوائی کہ زخم کو برابر کرے اور پھٹنے کو مفید ہی سہاگہ بھنا ہو گھی مین ملا کے لگاوین
مرہم کہ بھرنے زخم مین بہت مفید ہی موم کافوری سیندور بغدادی مردار سنگ ہر ایک ڈیڑھ تولہ رال
چار ماشہ توتیا ایک ماشہ گھی ساڑھے چار تولہ اول گھی کو داغ کرین اور موم اس مین چھوڑین اور
مردار سنگ پسا ہوا ملاوین اور اتار کے خوب لت کرین پھر گرم کرکے توتیا ملاوین اور لت کرین پھر گرم
کرکے سیندور ملاوین اور خوب ملاوین پھر اتار کے پانی ڈالین کہ سرد ہو جاوے وقت ضرورت
کے کام مین لاوین اور چاہیے کہ برتن لوہے کا ہو مرہم واسطے پکانے زخم کے سریع الاثر ہی انجول
فلفل رال سیندور ہر ایک چھ ماشہ توتیا بریان تین ماشہ گھی آدھ پاؤ یہ ادویہ کوٹ پیس کے

گھی مین کہ پگھلایا ہوا ہو ملادین اور بڑے برتن مین رکھ کے پانی سے اکیس بار دھودین اور ہر مرتبہ
خوب کف مال کرین مجرب ہے دیگر جامۂ حیض کو جلاکر زخم پر چھڑکین برابر ہو جاتا ہے دیگر اندراین کی جڑ
و کنیر کی زخم پر باندھین گانسی تیر کی کہ گھسی ہو نکل آوے دیگر ماہی جھینگہ پیس کے زخم کے منھ پر باندھین
گانسی نکل جاوے گی دیگر بتہ گاے کا روغن مین پکا کے زخم پر ٹپکاوین نیزہ و کانٹا و ہڈی کہ ٹوٹی ہوئی
ہو باہر لاوے واسطے زخم چھری و تلوار کے کوئی چیز مجرب تر برادہ آبنوس سے نہین ہے دیگر زخم کہنہ کو فائدہ
دیوے کاغذ جلا یا ہوا اندراین کی جڑ جلی ہوئی نوسادر جلا ہوا گل سرخ جلا یا ہوا کمیلہ ایلوا برگ نیب
دھاوہ زیرہ خراسانی لکڑی جھاؤ کی جلائی ہوئی سیندور برگ کیکر جلا یا ہوا برابر شہد مین ملادین
اور محل زخم پر طلا کرین یا اوپر کاغذ یا پتے کے رکھ کے ضماد کرین دیگر نبی باجرے کی میٹھے تیل مین پیس کے
اوپر زخم کے ملین علاج واسطے دفع ہونے درد زخم کے گڑ اگر زخم پر باندھین درد دفع ہو جاوے اگر زخم
بند ہو کھل جاوے اور پیپ باہر آوے اور اگر زخم پرانا ہو تین روز باندھنے مین فائدہ ہو دیگر لہسن
کوٹ کے تھوڑے قدرے تھوک ملا کے زخم پر رکھین درد دفع ہو جاوے دیگر نبی ترئی کی ترہون یا
خشک پانی مین پیس کر زخم پر باندھین درد جاتا رہے اور زخم جلد بھر جاوے دیگر ہر طرح کے زخم کو فائدہ
دیوے نیلہ تھوتھا و جز کتھہ سفید تین جز توتیا کو بھون کے کہ خاکستر ہو کتھہ کو باریک کر کے دونون کو
باہم ملا کر ہاون دستہ مین ساتھ میٹھے تیل کے یا کڑوے تیل کے ملا کر خوب پیسین اور گولیان باندھین
وقت حاجت عرق لیمون مین یا پانی مین پیس کے ملین فائدہ دیوے دیگر واسطے زخم بندوق کے و ناسور
اور جس طرح کا کہ زخم ہو اور قرحہ خبیثہ کو مفید ہے کتھہ سرخ پانچ تولہ تلی کا تیل پانچ تولہ پانی کنوین کا
پانچ تولہ پھٹکری ایک تولہ تین ماشہ توتیا ایک تولہ تین ماشہ رال پانچ تولہ اول پانی اور تیل کو یکجا
کر کے کانسے کے برتن مین ایک پہر کامل ہاتھ سے مالش کرین کہ مثل دہی کے ہو جاوے بعد اس کے
اور دوا کوٹ پیس کے ہر ایک کا وزن کر کے روغن ڈال کے پھر وہ پھر اسی برتن مین ہتھیلی سے مالش
دیوین کہ سب دوا یکجا جمع ہو وین بعد اس کے برتن چینی یا چاندی مین نگاہ رکھین اور اوپر زخم کے
استعمال کرین بعد مین چار روز کے پٹی باندھین اور جو کچھ کہ پیپ وغیرہ ہو پاک کر دے پھر اسی پٹی کو
باندھ دیوین یا دوسری پٹی کو مرہم سے آلودہ کر کے اوپر اس کے رکھین رات کو نمک سے گرد زخم سینک
کرین نفع عظیم ہوگا ساتھ حکم خدا کے شیخ محی الدین سے لکھا گیا دیگر مرہم حیات بابت سخاک نسر نگی۔

سنگ بصری سفیدہ کاشغری گل مختوم گل ارمنی مردار سنگ ہر ایک ڈیڑھ تولہ نخپتہ موم کافوری نیم پاؤ روغن گل آدھ پاؤ سب دوا کو باریک کرکے اور موم کو روغن گل مین کہ گرم کیا ہو ڈالین اور دوا مین ملا کے خوب ہتھیلی سے ملین سب زخمون کو نفع دیتا ہے ایک پٹی دو روز تک کافی ہے۔

فصل مرہمون مین اور جو کچھ کہ ساتھ زخم کے تعلق رکھے مرہم سیاہ کہ زخم کو اصلاح دیوے سیندور گجراتی چھ تولہ کمیلہ ساڑھے سات تولہ مرچ سیاہ ڈیڑھ تولہ نیلہ تھوتھا آٹھ تولہ چار ماشہ موم تین تولہ روغن پاؤ بھر سب ادویہ باریک کرکے روغن مین ملاکر لوہے کے برتن مین جلادین کہ سب جلجادین زخم پر رکھین مرہم کہ زخم اور ناسور اور قرحہ کو نہایت مفید ہے روغن زرد سیر بھر شاہی شنگرف چار سیر شاہی مردار سنگ دو سیر شاہی نیلہ تھوتھا ایک سیر شاہی بھونا ہوا اور وزن سیر شاہی کا ایک تولہ نو ماشہ کا ہوتا ہے اور بعضے چودہ ماشہ کہتے ہین ہر ایک ایک جدا جدا پیسین اور گھی کو تانبے کے برتن قلعی دار مین سو پانی سے دھووین پہلے نیلہ تھوتھا ملادین بعدہ مردار سنگ اور شنگرف اور اس مرہم کو چینی کے برتن مین رکھین یا لکڑی کے مرہم کہ واسطے دور کرنے ناسور اور زخم پرانے اور بھر لانے اس کے نافع ہے اور مجرب ہے شنگرف ایکجز موم زرد تین جز گھی چھ جز نیلہ تھوتھا بریان چوتھائی جز پہلے گھی کو گرم کرکے اور موم کو گھی مین پگھلا کے شنگرف اور نیلہ تھوتھا باریک کرکے اس مین ڈالین اور خوب ملادین بقدر حاجت کے لیکر کام مین لاوین اور گرمی مین بجائے شنگرف کے مردار سنگ استعمال کرین (یادگار شیخ نعمت اللہ) مرہم کہ سوزش اور جلے ہوئے اور ہاتھ پیر پھٹے ہوئے کو فائدہ دیوے رال باریک کرکے تل کے تیل مین ملاکر سات پانی سے دھووین اور مرہم بناوین مرہم کہ زخم کو جلد بھر لاوے زردی مائل پتی درخت بڑکی جلادین اور خاکستر اسکی موم روغن مین ملاکر کام مین لاوین مرہم بول کہ دوائے ہندی ہے مشہور سرخ و سیاہ زنگار ہر ایک دو ماشہ پیروزہ خراسانی چار ماشہ موم سفید ڈیڑھ تولہ گھی تین تولہ تین ماشہ پیاز دو سیر شاہی کہ جس کا ساڑھے تین تولہ ہوا پہلے پیاز کو باریک کاٹ کے گھی مین بھونین اور پیاز نکال کر پھینک دیوین اور گھی لیکر اس مین موم چھوڑین بعدہ ادویہ پسی ہوئی ملاکر لگاوین زخمون کو بھر لاوے اور قرحہ کو پاک کرے اور بد گوشت کو قطع کرے مرہم کہ سب زخم اور قرحہ اور ناسور کو دور کرے گا گھی بول سرخ مردار سنگ شنگرف موم ان ادویہ سے مرہم بناوین جیسا کہ مشہور ہے مرہم کہ جلے ہوئے آگ کو اور جلن زخم کو فائدہ دیوے موم

کافوری اور رال ہر ایک ڈیڑھ تولہ نیلا تھوتھا بقدر نخود گھی چھ تولہ قرص برگ نیم مقدار ایک پیسے کی جلا کے مرہم بنا کے کام مین لاوین **دوائی** کہ خون جراحت اور زخم کو بند کرے اگرچہ زیادہ ہو مقراض کہ قسم کپڑے سے ہے اسکو جلا کے ساتھ خاکستر اپلے جنگلی کی ملا کے زخم پر خوب چھڑکین اور باندھین دیگر پھیپھڑا کسی حیوان کا ہو خشک کر کے جلاوین اور خاکستر اسکی زخم پر چھڑکین خون بند کرے **فائدہ** جسوقت کہ زخم شریان مین پہونچے اور شریان قلب سے آگی ہو اور کبد کو گئی ہو اور خون کسی دوا سے بند نہووے شریان کو داغ دین کہ داغ اس مقدمہ مین مجرب ہے اور داغ احتیاط سے دینا چاہیے کہ سوائے زخم شریان کے اور کوئی رگ داغ نہ کھاوے اور نشان خون شریان کا یہ ہے کہ اچھلکر نکلتا ہے اور سرخ خالص ہوتا ہے اور رقیق القوام دیگر سہاگہ بریان باریک پیسکر زخم پر چھڑکین دیگر ہلدی باریک پیسکر زخم پر رکھین اور اسپر ہاتھ رکھے رہین تھوڑی دیر بعد آہستہ آہستہ اٹھالین دیگر ہلدی بریان زخم پر چھڑکین اور ہاتھ رکھے رہین یہان تک کہ خون رگ یا دیگر زخم کا بند ہو دیگر بھنگ کو بھونین اور باریک پیسکر ایک تھیلی مین بھرین اور جہان سے خون بہتا ہو وہان تھیلی مذکور باندھین دیگر مرغ کا پر باریک اور نازک لین اور مصطگی رومی برابر اس کے لیکر دونون ملا کر زخم پر باندھین دیگر گرد زخم موم سے حلقہ باندھین ایک ٹھیکری کوری کہ جسمین پانی نہ لگا ہو آگ مین گرم کر کے سامنے زخم کے لاکر اوپر اس کے گھی ڈالین کہ قطرے روغن زرد کے زخم پر گراوین کہ اس عمل سے خون بند ہوتا ہے دیگر نیلا تھوتھا باریک کر کے زخم مین بھرین اور باندھین اگر خون کسی طرح سے بند نہ ہو حکم داغ کا دیوین دیگر بانس کو جلا کے خاکستر اس کی باریک چھان کے زخم پر چھڑکین فوراً خون بند کر دیوے دیگر کپڑا جلا ہوا اور چمڑا باریک کاٹ کے جلا کے اور رائی جلا کے رکھین دیگر چونا پھٹکری دم الاخوین ایلوا چینی سرمے کے مانند پیسین خون بند کرے دیگر گھوڑے کی لید تازہ گرما گرم اوپر زخم کے باندھین اگر خون نہ بند ہوتا ہو اسی وقت ٹھہر جاوے اور جسوقت خون زخم کا شکم مین پہونچے سات روز تک ایک قدح پانی میٹھے کا لین اور ڈیڑھ تولہ جوا کھار اسمین ملا کر پلا دین

فصل دواؤن پسینہ لانے والی روغن بابونہ تنہا اوپر بدن کے ملین اور کوئی چیز اوڑھین بہت پسینہ آوے گا دیگر عاقرقرحا تیل تلی مین پکا کے اوپر بدن کے ملین اور کوئی چیز اوڑھین پسینہ بہت آوے گا دیگر رس ادرک کا اوپر بدن کے ملین اور کچھ اوڑھین دیگر پاشویہ کرنا اور بخارہ

اس کا بدن پر پہونچانا عرق لاتا ہی مجرب ہی دیگر شیرہ قصب الجیب اوپر ہاتھ پیر کے ملنا پسینہ لاتا ہی خصوصاً لڑکون کو بخار مین۔

فصل دوائین سیت مین یعنی کثرت عرق کی خصوصاً کہ ہتھیلی اور تلودن مین ہو بگین کو ساتھ تھوڑے پوستے کے پانی مین جوش کرین اور اس کے پانی مین ہاتھ پیر تر کرین دیگر مونگ سبز کو اوپر ٹھیکری کے بھونین اور اس کو دونون ہاتھ سے ملین دیگر اونٹ کٹاری کی جڑ سایہ مین خشک کرین اور پیس کے ہمراہ شہد چھہ ماشہ کے سات روز کھلادین دیگر پانی بیجون کا کہ جو ٹھنڈے ہوتے ہین پسینہ نکلنے کو منع کرتا ہی گشنیز خشک چاول سفید دو مرتبہ دھوئے ہوئے سماق پاک کیا ہوا ہر یک بائیس ماشہ ساتھ تین گنا پانی کے جوش کرین جس وقت تہائی حصہ باقی رہے صاف کرکے ایکوزن پچیس مثقال پلادین پسینہ بند ہو جاوے گا۔

تدبیر ہڈی ٹوٹی کے بیان مین پہلے دیکھنا چاہیے کہ ہڈی ٹوٹی ہی یا جوڑ سے ہٹ گئی ہی جو امر کہ ہو اپنی جگہ پر بٹھادین اور فی الفور روغن ملین اول روز پٹی روغن مین تر کرکے اس عضو پر لپیٹین اور جس جانب کو عضو ہٹا ہو گدّی رکھکر باندھین تاکہ عضو کو مضبوط کرے پس موافق جگہ کے لکڑیان باندھین جیسا کہ متعارف ہی اور دو تین روز نہ کھولین تیسرے روز آہستہ سے کھولین اور میدہ لکڑی باریک کرکے سفیدی بیضۂ مرغ مین حل کرکے کپڑے باریک پر طلا کرکے عضو پر باندھین اور اوپر پٹی اور تختی وغیرہ باندھین اسی طرح تیسرے روز کھولین نئی دوا باندھین کہ زم ہو جاوے پھر تھوڑا تھوڑا حرکت دیوین۔

ادویہ ضربہ وسقطہ یعنی چوٹ کسی عضو پر یا کسی عضو کو بائی نے پکڑا ہو یا پتلا ہو گیا ہو یا ہڈی ٹوٹ گئی ہو یا اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہو اگر ہڈی اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہو تو اُس کا علاج کرین اور اگر ہڈی اپنی جگہ پر ہو واسطے ورد کے جو دوا لکھی جاتی ہی لگادین مدار کا دودھ نو ماشہ رینڈی کا تیل کرنجوے کا تیل ایک تولہ نو ماشہ جیتہ پھٹکری نمک سنگ ہر ایک آٹھ ماشہ سب کو باہم پیس کے ملادین اور آگ پر رکھین اور آہستہ آہستہ پکادین یہان تک کہ دودھ مدار کا جل جاوے اور تیل رہجاوے چھانین احتیاط سے رکھین اُس عضو پر کہ چوٹ لگی ہو مارنے لکڑی سے یا گرنے سے ملین اُسکو سیمر مندک تیل کہتے ہین بہت مفید ہی دیگر سہجنہ کی پتی کا نے تل دونون برابر لے کر

باریک پیسین اور طلا کرین اور نیچے آفتاب کے بیٹھین دوائی کہ چوٹ کو مفید ہے اور عضو خشک شدہ کو اصلی حالت پر لادے مغز رینڈی اور تل سیاہ ہر ایک جدا جدا پیسین تلی کے تیل مین ملا کر لگا دین دیگر جس عضو کو کہ بائی نے پکڑا ہو دور کرے سنبھالو کی پتی سرس کی پتی برابر لیکر گاے کے دودھ مین یا پانی مین جوش کرین پہلے عضو پر روغن ملین بعد اس کے دوا کا بھپارہ دیوین اگر بجاے سنبھالو کے سہجنہ ہووے فائدہ زیادہ کرتا ہے بعد بھپارہ دوا کو نکال کے عضو پر باندھ دیوین اور اس عرصہ مین ہوا سے پرہیز رکھین دیگر موچ اور رنج ہونا عضو کا اگرچہ عرصے سے ہو نفع دے کھلی تل کی نرم کوٹین اور پانی گرم مین ڈالین کہ گھل جاے اور مثل قوام شہد کے آوے پھر موٹے کپڑے پر لگا کر باندھین دیگر درد چوٹ کو نفع کرے اگر گوشت اور ہڈی مین ہو اور جس عضو کو بائی نے پکڑا ہو اسکو بھی نفع دے صابون کو پانی مین خوب گھسکر گرم کرین اور طلا کرین دیگر زرچوب و صابون پانی مین گھسکر نیم گرم طلا کرین دیگر موچ کو ایک روز مین اصلاح دیوے پانی گرم اوپر عضو کے ڈالین اور گل ارمنی ساتھ سفیدی بیضۂ مرغ کے ملا کر لیپ کرین اور آگ پر عضو کو گرم کرین تاکہ دوا میل بخشکی لائے دیگر وہ چوٹ کہ بسبب گرنے کسی شخص کے یا گرنے دیوار کے لاحق ہوئی یا کوئی میخ یا سلاح گھس گئی ہو اور خون بند ہو گیا ہو ہڈی اندر سخت ہو گئی ہو بعد عرصے کے چاہین کہ اسکو نرم کر کے اپنی جگہ پر بٹھالین فائدہ دے ہلدی آدھ پاؤ میدہ لکڑی آدھ پاؤ لوٹہ سجی ڈیڑھ تولہ میدہ گیہون کا آدھ پاؤ روغن تلی کا پاؤ سیر اول روغن کو گرم کرین بعد میدہ کو اسمین بھونین پھر دوائین علیحدہ علیحدہ باریک کر کے پہلے سجی پھر میدہ لکڑی پھر ہلدی ڈالکر پانی ڈالین اور پکا دینا تاکہ پانی جل جاے اور تیل رہجاے گرم گرم سینک دین اسکو لپڑی کہتے ہین جاننا چاہیے کہ بہتر غذا واسطے چوٹ کھائے ہوئے کے شوربا کبوتر کا ہے اور مومیائی ساتھ گاے کے گھی کے کھانا بہت مفید ہے دیگر گرہ ورم کہ چوٹ سے لاحق ہوتا ہے اسکو مفید ہے کہ مثل غدود کے ہو جاتا ہے مغز ناریل پرانا کہ تین چار سال کا ہو بلکہ کڑوا ہو گیا ہو لیکر کوٹین اور چہارم حصہ اسکا ہلدی لیکر کوٹ کے ملا دین اور پوٹلی باندھکر آگ پر گرم کر کے دو تین گھڑی سینک دین پھر اسی کو ورم پر رکھکر باندھ دین صبحکو کھولین دو تین روز مین صحت کلی ہو دیگر دوا کہ چوٹ اور گرنے کی عضو کو مفید ہے سیگین کچالوٹ کے گڑ ملا کے جسقدر رکھا سکین کھائین نہایت اسکی آدھ پاؤ تک ہے ادویہ واسطے ٹانکے وغیرہ کے مفید ہین چونکہ ڈیڑھ تولہ گڑ پرانا تین تولہ چوک کو خوب گھس کے گڑ مین ملا دین اور گولی باندھکے پانی سے اتار دین دست خوب آدین اگر ایک ہی گولی کفایت کرے بہتر ہے ورنہ اگر قوت ہو تین دن متواتر گولی کھلا دین کہ مرض کو نکال دے

فصل دوائی باد فرنگ مین زنگی ہڑ گیارہ تولہ نیلہ تھوتھا نو ماشہ کوٹ کے عرق لیمون مین کھرل کرین جس قدر زیادہ کھرل ہو بہتر ہے پھر مقدار جھڑبیری کے گولی باندھ کے نگاہ رکھین ایک صبح کو ایک شام کو کھلادین غذا روٹی چنے کی بغیر نمک دیوین اگر عرق سو لیمون کا اسمین خرچ ہو تو نہایت بہتر ہوگا دیگر سنکھیا سفید گندھک آملہ سار ہر ایک آٹھ ماشہ کتھا پپڑیا نو ماشہ سمندر پھل ساڑھے چار ماشہ ہر ایک کو جدا جدا پیسین اور چھانین کہ مانند سرمہ کے ہوئیں عرق لیمون مین مقدار کالی مرچ کے گولی بنادین پہلے دن صبح کو دو گولی اور شام کو ایک گولی دوسرے روز صبح کو پانچ گولی رات کو چار گولی پانچ روز تک کھلادین اور نمک اور بادی چیز سے پرہیز رکھین اور اگر دوا جوش کرے یا گرمی کرے ترشی بہت دیوین کھچڑی یا روٹی غذا دینا چاہیے اور مٹھائی ہرگز نہ کھلادین اور اس دوا سے بعضے آدمی کو دست آتے ہین اور بعضے کو ورم بدن مین ہوتا ہے خوف نکرین بعد تیسرے روز کے ترشی بہت کھلانا چاہیے مثل آلو بخارا اور املی کے اور دہی کے کہ مصلح اس دوا کی ہے دیگر واسطے فرخ بیگ کے دوا تیار ہوئی تھی کلونجی ایک تولہ مردار سنگ ایک تولہ دونون کو پیسکے سات پڑیان باندھین ایک فی سبیل اللہ پھینک دیوین چھ پڑیون کو ایک صبح ایک شام ساتھ پانی سرد کے کھلادین اور کچلہ کو لوہے پر ساتھ عرق لیمون کے گھسین اور بقدر رکھی کے سرکے توتیا ملا کر طلا کرین۔

ادویہ واسطے آتشک کے مجرب ہین بھلانوہ ساڑھے سات تولہ کالے تل بارہ تولہ گڑ اٹھارہ تولہ پارہ ایک من طبی کہ از روے حساب کے چھیاسی تولہ آٹھ ماشہ ہوتا ہے پہلے بھلانوہ کو پیسین بعدہ تل ڈال کے پیسین پھر گڑ ملا کے کھرل کرین پھر پارہ خوب ملا کر نو گولی بنادین دو گولی نذر خدا کرین اور ایک گولی دہی مین ملا کر قبلہ رو بیٹھکر کھلادین کسی چیز سے پرہیز نہین ہے سوائے مونگ کے دیگر مالکنگنی اجوائن خراسانی اجمود کچلہ گیرو کلونجی ہر ایک ساڑھے سات تولہ تخم دھتورہ نو ماشہ سوائے گیرو کے سب دوا کو مٹی کے برتن مین جدا جدا اس طرح بھونین کہ جلنے نہ پاوین پس باریک کرکے چھانین اور نو ماشہ افیون خالص پانی مین حل کرکے دوا مذکور کو پانی مین ملادین اور بمقدار بیر جنگلی کے گولی بنادین موافق قوت کے ایک گولی یا دو گولی کھلادین صبح اور شام اور غذا روٹی گھی یا گوشت اور گھی دین سوائے اس غذا کے اور کوئی غذا نہ کھاوین اور یہ دوا نہ قے لاتی ہے اور نہ دست اور نہ منھ

جوش کرتا ہی دیگر اندراین کی جڑ مردار سنگ ہر ایک دو تولہ گڑ پرانا چھ تولہ گڑ کو آگ پر رکھین کہ نرم ہو جائین
مردار سنگ پیس کے ملا دین اور اُتار لین پھر اندراین کی جڑ پیس کے ملا دین اور سات گولی بنا دین
اور ایک گولی نت کھلا دین بعد اُس کے گرم پانی پلا دین بعضے کو دست لاتا ہی بعضے کو قلق شدید
پیدا کرتا ہی غذا روٹی چنے کی بہت گھی کے ساتھ کھلا دین اور افراط گھی کی فقط واسطے دفع
سمیت مردار سنگ کے ہی اگر اور کسی دوا سے فائدہ ہووے تو حتی الامکان اس دوا کو نہ دین
خصوصاً نازک طبع کو دیگر شنگرف سہاگہ عاقر قرحا مازو چارون کو باریک کرین اور چلم مین تماکو رکھین
اور اس کے اوپر یہ دوا رکھین اور پھر اوپر اُسکے اور تھوڑی تماکو رکھکر آگ رکھین اور بطور معروف دن
مین دو مرتبہ پیئین ایک ہفتہ تک اسی طرح کرین یقین ہی کہ تین روز مین فائدہ کرے گا اگر مرض
سخت ہی اور کسی دوا سے دور نہین ہوتا اس دوا کو دیوین اور غذا سوائے دال اور خشکہ اور
روٹی روغنی کے نہ دیوین گھی جہان تک ہو سکے زیادہ کھاوین۔ اور دوا کھانے کے بعد ایک
مہینے اور دس روز تک بادی چیز اور ترش چیز سے جو خون زیادہ کرتی ہی پرہیز کرین دیگر دوائی
آتشک کہ سب کو کوٹ پیسکر تین ٹکیان بنا دین ایک ٹکیا کے دو حصہ کرین ایک حصہ چلم مین
رکھ کے مثل تماکو کے پیوین اور ایک حصہ کو گڑھے مین ڈال کے جلا دین اور دھوان لیوین
اسی طرح تین روز تک کرین اور غذا دودھ چاول یا دال مونگ اور خشکہ بعنایت الٰہی صحت کلی
ہوتی ہے شنگرف مردار سنگ سوہن مکھی زنجبیل تخم ہلیل عاقر قرحا برابر وزن لیوین دیگر باد فرنگ
اور پرمیو دفع کرے ترپھلہ موتھا آنبہ ہلدی اندراین کی جڑ ہر ایک ڈیڑھ تولہ سب کو جوکوب کرین اور
تین حصہ کرین ایک حصہ کو سیر بھر پانی مین رات کو بھگو کے صبح کو جوش کرین جس وقت کہ آدھ پاؤ
پانی باقی رہے چھان کے پلا وین دیگر اجواین خراسانی نو ماشہ پختہ پارہ چار ماشہ اجوائن یعنی نانخواہ
آدھ پاؤ بھلانوان پاؤ بھر پرانا گڑ پاؤ بھر اول اجوائن خراسانی اور پارہ کو ایک جگہ کھرل
کرین دو پہر تک بعدہ نانخواہ ملا کے ایک پہر اور کھرل کرین بعد اس کے دو دو تین تین بھلانوین
ملا کے چار گھڑی تک کوٹین بعدہ گڑ ملا کر چار گھڑی اور کوٹین اور سب کی پندرہ گولی بنا دین ایک
گولی کے چار ٹکڑے کر کے چارون طرف پھینک دین اور ایک گولی صبح کو اور ایک شام کو ایک پیالہ بھر
دہی ترش مین حل کر کے دیوین اور بعد پینے کے دہی ترش اور بھی پلا دین اور جس قسم کی ترشی اور

بادی چاہیے کھاویں مگر دودھ اور مٹھائی نہ دیویں اور اس دوا سے بعد تین روز کے منہ آتا ہے دوا موقوف کر دیں تا سب آلایش نکل جاوے بعد ازاں جڑ درخت بیر جنگلی یا چمبیلی کی پتی جوش کر کے غرغرہ کریں منہ صاف ہو جاوے گا سات روز میں اس دوا سے اگرچہ باد فرنگ ہو دور ہوتا ہے اور چاہیے کہ بھلانوہ سر اس کا دور کر کے دوا میں داخل کریں دیگر واسطے اس بائی کے جو بہت دنوں سے ہو فائدہ رکھتا ہے پارہ خام ایک ماشہ قند سیاہ میں ڈال کر گولی بنا کر کھلاویں اسی طرح تین روز تک دیویں اور غذا روٹی چنے کی ہمراہ بہت گھی کے کھلاویں دیگر کہ ہر قسم کی بائی کو دستوں سے دور کرے مردار سنگ ایک دام عالمگیری یعنی ڈیڑھ تولہ جمالگوٹہ چھلکہ اور سبزی پاک کیا ہوا ساڑھے تین دانے دونوں کو پیس کے تین حصہ کریں اور واسطے تین روز کے گولیاں بنا کے کھلاویں ایک حصہ میں دست بہت آویں گے اور گرمی بھی معلوم ہوگی لیکن باؤگولہ کو دور کرے گا اور روغنی روٹی بے نمک کے کھلاویں اور اگر گرمی ہو دہی دیویں اور کبھی ہووے کہ اس دوا سے قے میں خون آوے اس حال میں چاہیے کہ زیرہ سفید بریان ہمراہ دہی کے دیویں قے بند ہو جاوے مجرب ہے دیگر واسطے آتشک کے مجرب ہے اور اذیت نہیں دیتی ہے کنول کوٹ پیس کے روز اول ایک ماشہ اور دوسرے روز دو ماشہ اسی طرح نویں روز سات ماشہ کھاویں پھر چھوڑ دیں ایک ہفتہ میں ایک مرتبہ قے اور دست ہووے گا خواہ شروع یعنی ابتداے ہفتہ میں خواہ درمیان میں خواہ اخیر میں اور اس میں سواے ترشی کے اور کچھ پرہیز نہیں ہے دیگر باؤ کہنہ یعنی بائی اس دوا سے دور ہوتی ہے اور بغیر دست اور قے نفع تمام ہوتا ہے کلونجی کنول گٹہ تازہ کہ چھلا ہوا ہو گڑ ہر ایک ڈیڑھ تولہ مردار سنگ نو ماشہ تخمینہ سب کو کوٹ کے ہمراہ گڑ کے گولی باندھیں اور کامل سب چودہ روز کی خوراک ہے اور غذا روٹی ہمراہ روغن زرد کے کھلاویں اور گولیاں بھون لینا چاہیے فائدہ ہوتا ہے ساتھ کسی چیز رطوبت ناک کے ضرر مقصود ہے جہاں تک ہو اشیاے خشک کھلاویں مگر اتنا چاہیے کہ گھی دیے جاویں کہ یہ مصلح مردار سنگ کا ہے دیگر علاج آتشک کہ بہت مجرب ہے سم الفار عاقر قرحا کات سفید مہندی بھنگرا چکنی سپاری برابر کوٹ پیس کے برابر چنے کے گولی باندھیں ایک صبح ایک شام دیویں ترشی اور نمک اور میٹھے سے پرہیز کریں مجرب ہے ایک ہفتہ میں بالکل زائل ہوتا ہے اگر حاجت ہو چند روز اور کھلاویں حب جیوہ کہ عمل حکماے فرنگ کا ہے واسطے آتشک کے نافع ہے جیوہ یعنی سیماب نو ماشہ سنبل یعنی سنکھیا چار رتی

ہاون دستے مین ساتھ عرق لیمون کے پیسین کہ پارہ مرجاوے پس عاقرقرحا اور مصطگی ہر ایک نو ماشہ کوٹ پیس کے اسمین ملا کے بقدر کالی مرچ کے گولی بنا دین جس شخص کو آتشک ہوا در بال اُسکے گرنے لگے ہون اور کثرت اس مرض سے ہاتھ پیر دیگر کام سے گئے ہون یا تالو و قضیب مین سوراخ پڑ گئے ہون اُسکو پانچ گولی صبح و تین گولی شام کو دین اور چاہیے کہ پہلے قیمہ گوشت مرغ کا ساتھ دواؤن گرم کے کھلادین بعد اس کے دوا دیوین ترشی سے پرہیز کرین سر نو سے جوان ہوگا اور درد بالکل جاتا رہے گا دیگر واسطے باد فرنگ کے پارہ ساڑھے دس ماشہ افیون خالص ساڑھے سات ماشے گڑ پرانا اکیس ماشہ تینون کو ساتھ عرق لیمون کے تین مرتبہ کھرل کرین اور ساڑھے تین ماشہ شنگرف ملا کے پیسین کہ سب ایکجا ہو جاوے سب کی تیس گولیان بنا دین صبح و شام ایک ایک گولی کھلاوین مچھلی و ترشی سے پرہیز کرین دیگر گولی پارہ کی مجرب ہے واسطے آتشک وجذام وزخم کہنہ و ناسور کے پارہ مغز پستہ مغز بادام برگ مہندی تازہ ہر ایک ساڑھے سات ماشہ گوگل کتیرا ببول کا گوند انزروت ریوندچینی نسوت ہر ایک ساڑھے سات تولہ غاریقون[1] حجر ل‍ نشاستہ زعفران مصطگی ہر ایک سات ماشہ کافور جدوار سقمونیا مشوی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ چاہیے کہ پارہ کو عرق لیمون اور مہندی مین ماریں اور دوا کوٹ پیس کے باہم ملا کے عرق لیمون مین گولی برابر چنے کے بنا دین خوراک چار رتی دیگر زخم ہاے آتشک کو مفید ہے کمحنت جلا یا ہوا نیلہ تھوتھا کوڑی جلائی ہوئی سب برابر کوٹ پیس کے زخم پر چھڑکین دیگر واسطے آتشک وزخم ناسور و بھگندر کو فائدہ دیوے جمالگوٹہ مغز کر نجوہ پرانا مرچ سیاہ سونٹھ برابر کوٹ پیس کے پانی مین بقدر مرچ گولی باندھین ایک گولی یا دو گولی تین ہفتہ تک کھلا دین ایک دست روزمرہ آتا ہے کچھ پرہیز نہین ہے ۔

فصل واسطے دور کرنے بدبو پسینے کے وصفائی و روشنی چشم کے صندل سفید زعفران اگر گمر لودھ بالا یعنی جس سب کو باریک کر کے بدن پر ملین جلا دیوے اور نرم کرے اور پسینے کی بو کو دفع کرے دیگر بوے بغل دفع ہو مشک چودہ ماشہ صندل سفید دو تولہ چار ماشہ پوست نغزک (آم)

---

[1] غاریقون کو باریک کپڑے مین ضرور چھان لینا چاہیے اسواسطے کہ اسمین بعض اجزاے سمیہ ہوتے ہین اگر بلا چھنے استعمال کیا جاوے تو مضر ہے واللہ اعلم م جعفر علی نگینوی ۔

پاک وخشک کیا ہوا جو کا آٹا ہر ایک چار تولہ آٹھ ماشہ سب کو کوٹ پیس کے پانی مین ملا کے سات رات دن ملین اور گرم پانی سے بغل دھو دین دیگر مردارسنگ پرانے سرکہ مین گھس کے بغل مین ملین اور گرم پانی سے دھو دین اور لگانا مردارسنگ کا ہمراہ سرکہ کے بغل پر شرط ہے الا گلاب یا روغن گل ملا لیوین کیونکہ تنہا مردارسنگ مین خوف ہے کہ مواد جانب بغل رجوع نہ کرے دیگر برگ شفتالو کوٹ کے بغل مین ملین اور پانی گرم سے دھوئین دیگر حب عرق چین کہ بوے بد بغل اور بخارات فاسدہ کو زائل کرے مردارسنگ چار تولہ مشک ایک تولہ عنبر اشہب چھ ماشہ صندل سفید گھسا ہوا عنبر ہر ایک تین ماشہ کوٹ پیس کے گلاب ملا کے برابر فندق کے گولی باندھ کے وقت ضرورت ساتھ پانی خالص گلاب کے گھس کے بغل مین طلا کرین بہت نادر ہے

فصل دواؤن چھائین کے بیان مین۔ فصد و جلاب اسمین بہتر علاج ہے اور یہ دوا مفید ہے سرسون کی کھلی پاؤ سیر نوسادر ڈیڑھ تولہ چوک ترش تین تولہ سہاگہ سات ماشہ تیل سرسون کا بقدر حاجت سب دوا کوٹ کے سرسون کے تیل مین چرب کر کے ساتھ شیرہ کسم کے بیج کے گولی بنا دین وقت ضرورت آب کسم مین گولی گھسکر چھائین پر ملین بعد تھوڑی دیر کے سرسون کا تیل ہاتھ پر لگا کر اس دوا کو صاف کرین ایک ہفتہ اسی طرح عمل مین لا دین دیگر ٹکڑا ہلدی کا تین روز تک بکری کے پتے مین رکھین اسی طرح تین روز اور تیون مین رکھین پھر اسی طرح کرین دسوین روز جو تھا پتہ لاکر پانی اسکا دور کر کے سرکہ انگوری اسمین بھرین اور ٹکڑا ہلدی مذکور کا اسمین رکھین جبکہ چار روز گذر جاوین نکال لیوین وقت ضرورت اور سرکہ مین گھسکر ملین دیگر کلیجن یعنی پان کی جڑ پانی مین گھسکر تین مرتبہ ایک دن مین لگا دین اور پانی سے احتیاط رکھین تیسرے روز چاول ساٹھی پیسکر طلا کرین کہ پوست سیاہ جدا ہو دیگر سہاگہ ہلدی نیواڑ کے بیج تینون کو تلی کے تیل مین موافق قاعدے کے پکا کر چھائین پر طلا کرین دیگر نمک سنگ باریک پیسکر ہمراہ پانی کے وقت رات کے منھ پر ملین صبح کو گرم پانی سے دھو دین چند روز مین مرض جاتا رہے گا دیگر تربوز مین سوراخ کر کے چانول اسمین بھر کر سات روز تک رکھین بعد اس کے چانول خشک کر کے پیسکر چھائین پر طلا کرین دیگر پھٹکری بھنی ہوئی حرام مغز بکری کا ہر ایک ڈیڑھ تولہ چونہ سفید نو ماشہ

تینون کو عرق لیمون مین پیسین جب مثل مرہم کے ہو جائے اوپر چھائین کے ملین ایک ساعت مین خواہ چودہ روز مین دور ہو جائیگی جس وقت کہ عرق لیمون کا خشک ہو جاوے اور عرق ملا دین دیگر از روستا سفید کتیرا دھاوڑی انزروت کوٹ پیسکر تازہ دودھ مین ملا کر ایکدن مین چند مرتبہ چھائین پر ملین مجرب ہے

فصل دوائی زہر کھائے ہوئے اور کاٹنے جانورون زہردار مین

دوائی زہر کھائے ہوئے اور اس شخص کو جس کو جانور زہردار نے کاٹا ہو مفید ہے سہاگہ بھنا ہوا گائے کے گھی یا کسی اور جانور کے گھی مین ملا کر پلا دین تھوڑی تھوڑی سے قے آویگی پھر دوا کو دیوین یہان تک کہ پاؤ سیر سہاگہ کھلایا جاوے چند مرتبہ مین دیگر کہ زہر سانپ کو مفید ہے وقت کاٹنے سانپ کے فوراً جگہ ڈنک پر پیشاب کرے زہر اثر نہ کریگا دیگر مدار کی جڑ روئی کی جڑ پانی مین گھسکر مارگزیدہ کو پلا دین دیگر مرچ سفید کو خوب گھسین اور اکیس مرتبہ شیرہ پتی سرس سے اول زخم کو دھولیوین پھر مرچ کو آنکھ مین لگا دین یا ناک مین ناس دلوین یا پلا دین کاٹا ہوا سانپ کا کہ بیہوش ہو ہوش مین آجاوے دیگر مرچ کاغذ سفید ایک تختہ پانی مین حل کر کے پلا دین زہر سانپ کا دور کرے دیگر گنج باد آورد مین اپنے مجربات سے لکھا ہے سہاگہ یا نوسادر خالص برابر اس کے چونا کلی پانی بجھا چونہ سب کو نرم کوٹ کر دونون ہاتھون سے ملین کہ دونون ہتھیلی گرم ہون وہ ہر ساعت ویسا کرین اور سونگھا دین دو تین مرتبہ مین زہر بچھو کا اتر جاتا ہے گا دیگر پتی روئی کی گائے کے گھی مین پیسکر ڈنک بچھو پر ملین اور طلا کرین دیگر دودھ مدار کا یا تھوہڑ کا ڈنک کی جگہ پر ملین زہر دور ہو دیگر عرق لیمون کا ڈنک کی جگہ پر ٹپکا دین فی الفور زہر دور ہو جائے گا بعضے چونہ بھی ملاتے ہین دیگر جڑ کٹائی بڑی کی کھلا دین اور گھسکر محل ڈنک بچھو پر ملین دیگر میٹھے کو نچوڑین اور زہر کھائے ہوئے کو عرق اسکا دیوین اگر بیہوش ہو حلق مین ٹپکا دین قے ہو کر جلد صحت ہوگی دیگر بیج لیمون کے جس کو ترنج کہتے ہین کھانا واسطے زہر کے مفید ہے دیگر سمندر پھل پانی مین پیسین اور اوپر زخم بچھو کے لگا دین مفید ہے اور اگر آنکھ مین مارگزیدہ کے لگا دین تو فائدہ ہوگا دیگر گھونگچی سفید کی لکڑی کو پانی مین گھسکر آنکھ مین لگا دین اور جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو وہین لگا دین زہر سانپ کا دور ہو جاوے گا دیگر تخم بھنگ کو موم مین ملا دین اور جلا دین اور دھوان اس کا بچھو کے ڈنک کی جگہ پہونچا دین دیگر نیلہ تھوتھا نو ماشہ باریک پیسین اور لیمون کو

کو کاٹکر توتیا بھرین اور چوس کے حلق مین اُتارین فوراً قے ہو کر زہر سانپ دور ہو جاوے دیگر چونہ نوسادر دونون ہاتھون مین ملین اور مریض کو سُنگھادین اور مریض سے کہین کہ سانس اوپر کو لے کہ بُو اسکے دماغ تک جاوے اور دماغ سے زہر بچھو کا دور کرے دیگر مغز بنولہ آدھ پاؤ کوٹکر پیس کر تھوڑے پانی مین ڈال کر ہاتھ سے ملین اور چھان کر پلادین سانپ کا کاٹا ہوا یا زہر کھایا ہوا اگر بیہوش ہو فائدہ کرے اگر پیاس ہو بجاے پانی کے پانی بنولہ کا پلادین فائدہ نشان یعنی پہچان ڈنگ سانپ کی یہ ہے کہ اگر عرق لیمون کا اُسپر ٹپکادین آبلہ پڑجاوے دیگر اگر سانپ کاٹے اور مریض بیہوش ہو مریض کو سیدھا بٹھالین اور ناف کے بال مونڈین نہ کہ کھال چھلے اِلّا خون اُس جگہ نہ نکل آوے بعدہٗ جمالگوٹہ پانی مین پیسکر طلا کرین اور ملین یہانتک کہ قے جاری ہووے جبکہ قے بہت آویگی افاقہ ہوگا اور دہی چاول پکا کر آنکھ پر باندھین تاکہ آنکھ آفت قے سے محفوظ رہے دیگر کٹوہل کوٹ پیسکر پانی مین ڈال کر پلادین قے آویگی اور زہر سانپ کا دور ہوگا دیگر پوست درخت نیب کا پوست درخت چندن کا پوست درخت گولر کا جوش کرین اور ملین زہر جملہ حیوانات کا دفع کرتا ہے دیگر تخم کریلا پیس کر طلا کرین زہر بچھو کا اُترجاوے دیگر کہ زہر دھتورے کو دور کرے بیگن کو ٹکڑے کر کے پانی مین پیسکر دھتورہ کھائے ہوئے کو پلادین فوراً ہوش مین آویگا دیگر زہر افیون کے دور کرنے مین مجرب ہے اگرچہ ساتھ تلی کے تیل کے کھائی ہو ہیچ بل کہ دوائی مشہور ہے پیسکر پلادین دیگر پیشاب آدمی نہار منھ پیوے زہر سانپ کو دور کرتا ہے دیگر اگر اوپر جگہ کاٹے ہوئے بچھو کے گھیان ملین درد کو موقوف کرے دیگر نانخواہ کو جوش کرین اور پانی اُس کا اوپر کاٹے ہوئے بچھو کے ڈالین فوراً درد کو موقوف کرے دیگر برگ مہندی کوٹ کر اوپر زخم کاٹے ہوئے بچھو کے رکھین فائدہ دیوے دیگر بدار کی جڑ کا چھلکا اور پھول اور برگ کسونڈی و برگ کسم و بیٹ طاوس تازہ ہلدی آملہ برگ مہندی سب برابر لے کر کوٹ کر بڑی گولی مثل شافہ کے بناوین اور سایہ مین خشک کر کے رکھین جس کسی کو کہ بچھو کاٹے گولی مذکور ایک طرف سے پانی مین تر کر کے دوسری طرف سے ہاتھ مین پکڑ کر جس جگہ بچھو کاٹے رکھین تھوڑی دیر رکھے رہین تاکہ درد کو جذب کرے اور گولی کو جس وقت تر کرین تو احتیاط رکھین

کہ ہاتھ اپنا جس طرف زہر نہ لگے دیگر جمالگوٹہ پانی مین پیسکر آنکھون مین سانپ کے کاٹے
ہوئے کے لگادین زہر سانپ کو دور کرے اور آنکھ کو آفت سے محفوظ رکھے دیگر پر طاوس کا
چلم پر رکھکر بغیر پانی کے حقہ مین بطریق تمباکو کے کھینچنا زہر بچھو کا دور کرتا ہی دیگر پتے انگور
کے کوٹکر اوپر کاٹے ہوئے بچھو کے رکھین درد دور کرے دیگر چونہ بیضہ مرغ کی زردی مین
ملاکر اوپر کاٹے ہوئے بچھو کے رکھین درد دور کرے دیگر بچھو گھی مین جوش کرین چھانکر اوپر
زخم کے ملین درد کو فائدہ کرے اور اگر اس گھی مین شہد ملادین اور اوپر تالو لڑکے نوزائیدہ
کے دو ماشہ ملین تمام عمر اُسکو بچھو کاٹے درد نہ کرے دیگر گدھے کے کان کا میل اوپر زخم بچھو
کے ملین درد کو دور کرے اور اگر اس بچھو نے کسی کو کاٹا ہو پکڑین اور نمک چھڑک کر روغن چراغ
مین گرم کرکے زخم پر ملین درد دور کرے دیگر مغز جوز دانجیر و لہسن کوٹ پیسکر ہمراہ سرکے کے ملاکر
کھلادین فوراً درد کو زائل کرے دیگر نشہ بھنگ کو دور کرے ادرک اور چند دانہ اسپند کے
ملاکر کوٹین اور سرکہ مین ملاکر کھلادین اور پلانا دودھ کا اکثیر نشہ افیون و بھنگ مین فائدہ کرتا
ہی او علاج کلی اول مین قے کرانا ہی پہلے پتے مولی کے کوٹکر عرق اس کا تین تولہ لیکر ساتھ دو تولہ
سرکے کے ملاکر پلادین اور انگلی منھ مین ڈال کر قے کرادین بعدہ دہی یا مٹھا اور خشکہ کھلادین
اور بعد قے کے تھوڑا سا شیرہ ادرک کھلادین دیگر اگر کسی کو آدمی کاٹے یا ناخن آدمی کا کسی کے
لگے گو بھی پانی مین پیسکر شہد ملاکر طلا کرین دیگر نمک و شہد اوپر زخم کے رکھین زہر دانت اور ناخن
آدمی کو دفع کرے دیگر ایک مٹھی ریٹھے کو ساتھ بہت پانی کے اس قدر ملین کہ ایک پیالہ ہوجاوے
دو قطرے اوپر زخم کے ملین اور تھوڑا سا آنکھ مین لگادین اور باقی پلادین زہر سانپ وغیرہ کے کاٹے ہوئے کو دفع
کرے دیگر اگر مار گزیدہ کو درد سر زیادہ ہو تخم درخت نیب کے پانی مین پیسکر پلادین اور پیشانی پر
طلا کرین اور اگر زیر ناف درد ہو تخم نیلوفر پانی مین پیسکر پلادین اور اگر آنکھ نہ کھول سکے فلفل گرد
پانی مین پیسکر آنکھون مین لگادین اور اگر منھ سے اُس کے کف آوے تو صندل پانی مین گھس کر
پلادین دیگر اگر اوپر زخم بچھو کے عصارہ لہسن کو طلا کرین درد کو زائل کرے دیگر چرچڑہ چبانا زہر
بچھو مین بہت اثر رکھتا ہی اونٹ یعنی جڑ پاتی اُسکی مریض کو چبوادین فوراً شفا ہو اور صاحب
گنج بادآورد نے اس باب مین حکایت بڑی لکھی ہی اور لکھا ہی کہ چرچڑہ کی دو قسم ہین ایک وہ ہی

کہ چھال اور شاخ اُسکی سُرخی مائل ہوتی ہو اور اس جگہ ہی نفع دیتی ہو۔ دیگر واسطے دفع اذیت بال شیر کے اگر کسی کو بال شیر کا کھلا دین نشانی اُسکی یہ ہو کہ وقت بیٹھنے کے پیٹ درد کرے اگر رینڈی کے پتے پر پیشاب کرے پتہ ٹکڑے ٹکڑے ہو کلیجی حلوان کی کھلا دین جب ایک پہر گزرے گگٹی سات ماشہ پیس کر ساتھ پانی گرم کے کہ بقدر ایک کاسہ ہو پلا دین کہ قے کرے اگر جلد قے نہ آوے لکڑی ارنڈ کی حلق مین ڈال کر قے کرین بال شیر کا کلیجی حلوان مین لپٹ کر نکل آوے گا دیگر کسوندی کے پتے کوٹ کر اسکا شیرہ ایک پیالہ تین روز تک پلا دین بال گھل کر پانی ہو جاوے گا دیگر جھینگا مچھلی تین چار عدد کھلا دین بال جہان کہین ہو گا فوراً معدہ یا آنت مین جھینگے مین لپٹ کر دوسرے یا تیسرے روز بذریعہ براز نکل آوے گا دوائی کہ زہر کھائے ہوئے کو دور کرے تریاق فاروق چار رتی مرچ سیاہ نیم پہلولی یعنی نو ماشہ عرق لیمون پاؤ سیر اول تریاق کھاوے بعد تھوڑی دیر کے مرچ کو کھلا دین اور اوپر اُس کے عرق لیمون پیوین دیگر کہ زہر افیون کو مفید ہو رینڈی کی جڑ پانی مین پیسکر ایک پیالہ قہوہ خوری پلا دین دیگر کہ زہر دھتورہ کو دفع کرے اگر جڑ دھتورہ کی یا پتی دھتورہ کی یا پھول دھتورہ کے یا بیج اُس کے کھائے ہون مطابق اُس کے جڑ بنولہ کی یا پھول بنولہ کے یا بیج بنولہ کے کھلا دین درخت روئی کا یعنی بنولہ کا فاد زہر دھتورہ کا ہے دیگر کہ غشی و زیادتی نشہ بھنگ کو مفید ہو ادرک و نمک سنگ و عرق لیمون پلا دین فوراً فائدہ دیوے اور کہتے ہین کہ بنگین کچا کھلانا بھی نفع دیتا ہو اور بہتر سے بہتر دوا اس کی قے کرنا ہو ساتھ پانی کے جس مین گھی اور نمک ملا ہو ایضاً قدرے پانی پوستہ کا دینا بھی نشہ بھنگ کو دور کرتا ہو اور مجرب ہو دوائی غشی و متلی و قے شراب کو دفع کرے تریاق فاروق حل کر کے دیوین و آب شورہ کھٹا اور شربت کھٹا بہت مفید ہو دیگر بال سر کے مونڈ کر پانی سرد سر پر ڈالنا اور صندل و گلاب و کافور سونگھنا و پیشانی پر طلا کرنا اور کپڑا گلاب یا سرد پانی مین تر کر کے تالو پر رکھنا مفید ہو۔

فصل موٹا ہونے مین جس وجہ سے کہ آدمی دبلا ہوتا ہو اُس کو چھوڑ دیوے اور رغذا مین زیادتی کرین یہ دوا موٹا کرنے والی ہو صفت مغز رینڈی گائے کے دودھ مین پیسین ساتھ آٹے سمنہ کے جس قدر کہ ضرورت ہو نان پکا کر ایک وقت کھلا دین ساتھ دودھ و شکر کے فائدہ دیوے گا

دیگر مغز بادام مغز فندق نارجیل وخشخاش و تل سفید چھلے ہوئے ہر ایک چھ تولہ کسیلا تین تولہ مین شکر برابر سب دوا کو کوٹ پیسکر باہم ملا کر چھ تولہ تناول کرین دیگر بچہ کبوتر ساتھ چپاتی میدے کے کھلاوین دیگر اسگندکا ے تل مقشر یعنے چھلکا اترا ہوا ہر دو برابر نرم کوٹین وشکر سرخ برابر سب کے ملا دین و قدرے ادرک بھی اضافہ کرین بوزن تین تولہ کے لڈو باندھین اور ہر روز ایک لڈو کھلادین نہایت فربہی ہوگی دیگر جس عضو پر ملین موٹا ہووے کیچوے ایک من یعنی چالیس تولہ آٹھ ماشہ انجیر کے درخت کی لکڑی آدھی کوٹی ہوئی پانچ سیر گندھک ایک سیر زفت تین سیر گدھی کا دودھ بیس تولہ جملہ اکیجا کر کے جوش کرین کہ ایک من رہے صاف کر کے چھانین اور تین سیر بھلانوہ کو سات سیر تلی کے تیل مین ملا کر اسمین ملاوین اور نرم نرم جوش دیوین کہ پانی جل جاوے اور روغن چار ماشہ رہجاوے جس عضو پر ملین موٹا ہو دیگر موصلی اسگندنا گوری سایہ مین خشک کر کے کوٹ پیسکر برابر سب کے شکر سرخ ملا کر ہر روز ڈھائی تولہ ساتھ گاے کے دودھ کے کھلاوین

فصل آدمی کے دبلا کرنے مین چیزین کڑوی وکھٹی ونان خشک وساگ پات وغیرہ کھلائین اور بھوک پر صبر کرین اور جامہ کھر کھرا پہنانا و بستر سخت پر سلانا رات و دن مین ایک وقت کھانا پینا بدن کو دبلا کرتا ہے دیگر کہ بدن کو بہت جلد دبلا کرتا ہے زیرہ کرمانی ایک رات دن سرکہ مین خمیر کرین یعنی بھگووین اور تین تولہ تخم کرفس ودونا مرواد بورہ سرخ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ تلی کے بیج نو ماشہ اجوائن ڈیڑھ تولہ سب کو پیس کر روز ساڑھے چار ماشہ کھلادین دیگر بیٹھنا نیچے درخت جا بچھل کے نہایت دبلا کرتا ہے۔

فصل واسطے خوش آواز ہونے اور کھولنے آواز پڑی ہوئی کے مغز بڑی ہر بیل نمک سنگ برابر کوٹ پیسکر ساتھ شہد کے ملاوین چودہ روز تک کھلاوین آواز صاف ہوگی کدورت وگرفتگی آواز کی جاتی رہے گی اور یہ دوا اگر گاے کے دودھ مین جوش کر کے ایک ہفتہ پلاوین یہی فائدہ ہو دیگر ادرک دس ماشہ گڑ پرانا سترہ ماشہ ہر روز کھلاوین آواز بستہ کھل جاوے دیگر میتھی سترہ ماشہ انجیر بیس عدد خرما دس عدد تین پاؤ پانی مین پکا کر صاف پانی اسکا لیوین ساتھ شہد یا قند کے قوام کرین اور چٹاوین آواز صاف کرے و بلغم غلیظ دور کرے دیگر روغن بنفشہ و روغن بادام یکجا کر کے غرغرہ کرین فساد آواز کا جو بسبب

خشکی کے ہو دور کرے دیگر پانی اسپند سے غرغرہ کرنا صاف کرنے والا حلق کا ہے۔
فصل رنگ طرح طرح کے بنانے مین رنگ سیاہ بو ہچون پاؤ سیر تر پھلا ڈیڑھ پاؤ چھلکا انار کا آدھ پاؤ کپڑے کو دونون طرف سے تیل مین چرب کرین اور لوہ چون کو اُس کپڑے مین دونون طرف برابر بچھا دین الا پارچہ کو تہ بتہ کر لیا ہو کہ داغ نہ پڑے لقیہ دوا کو پانی مین جوش کرین کہ رنگ دوا کا نکل آوے پھر اُسی کپڑے کو جس مین لوہ چون لپٹا ہوا ہے اسی رنگ مین ڈال دین اور جوش دین کہ پارچہ سیاہ ہو جاوے درمیان جوش کے لکڑی سے پھیرین اور آگ سے اُتار کر تمام رات رکھین صبح کو پارچہ نکال کر پانی سے دھووین کہ رنگ صاف ہو جاوے اگر چھلکا انار کا نہو تو ہرج نہین رنگ طوسی مجیٹھ آدھ پاؤ ڈھلی ببول کی آدھ پاؤ کسیس نو ماشہ جوش کر کے رنگ بنا دین تدبیر کہ ہتھیار زنگ نہ پکڑے پتہ مرغی کا ساتھ روغن رینڈی کے ملا کرین۔

باب دور کرنے خط کے ورق سے اور سوا اُسکے

کھر با نوسادر کھپرے کے بیج مغز رینڈی کا مغز بنولہ کا اجزا برابر لیکر کتاب پر لگا دین خط دور ہو جاویگا خط دوسرا اُس جگہ قائم کرین نوع دوسری قلعی انڈے کے چھلکے کی بنا کر عرق لیمون مین پیسین کہ سب ملجاوے اور باریک ہو جاوے کتاب پر لگا وین تھوڑی دیر چھوڑ دین کہ خشک ہو جاوے خط محو ہو جاویگا نشان اُسکا نہ رہیگا دیگر پھٹکری ماز گندھک سفید اجزا برابر لیکر سرکہ مین پیسکر مرہم کی طرح ہونے پر خط پر لگا وین خط کو زائل کر دیگا دیگر لکھے خط کو چھپا لیوے رانگا گوند ببول کا برابر لیکر پانی مین پیسکر گولی بنا کر سایہ مین خشک کر کے رکھ چھوڑین جس وقت ارادہ ہو ایک گولی پانی مین ملا کر موضع کتاب پر طلا کرین اور توقف کرین کہ خشک ہو خط چھپا ہوا ظاہر ہو اگر پانی نوسادر سے اوپر کاغذ سفید کے تحریر کرین ظاہر معلوم نہو جس وقت آگ پر رکھین سُرخ ظاہر ہو اور عرق پیاز سے اور مدار کے دودھ سے اسی طرح لکھا بھی سُرخ رنگ پیدا کرتا ہے بدستور پہلے کے طریقہ نقش پتھر پر کرنا اور سوا پتھر کے موم کو تلی کے تیل مین پگھلا دین پتھر پر جو چاہین لکھین تین روز تک رہنے

دیوین بعد اس کے تیز سرکہ سے دھودین دیگر یونہ بچی قسم اول سفید لاکر عرق لیمون مین کھرل کرین اور ٹھیکری وغیرہ مین لکھکر آگ پر دور سے گرم کرین تمام نقش جگر مین اُس کے ہوجائین گے تدبیر ہر قسم کی چڑیون کے شکار کرنے مین اگر چاہین کہ بدون جال کے چڑیون کو پکڑین گندھک مین گیہون جوش کرین جو چڑیا کھاوے بیہوش ہوجاے گی جب چاہین کہ ہوش مین آوے سر چڑیا کا اپنے منھ مین رکھین ہوش مین آجاوے شکار کرنا کبوتر کا چانول یا چنے یا کسم کے بیج مدار کے دودھ مین ایک رات دن ترکرکے خشک کرین جو کبوتر کھائے گا بیہوش ہوگا شکار کرنا کوے کا کچلہ باریک کرکے ساتھ آٹے کے خمیر کرین اور روٹی پکائین اور روٹی کو ریزہ ریزہ کرکے ڈالین جو مرغ یا کوا کھائے گا جلد بیہوش ہوگا اُڑنے سے باز رہیگا شکار کرنا کلنگ کا یہ لفظ فارسی ہی ہندی مین کونج کہتے ہین گنجائی کہ برسات مین ہوتی ہی ساتھ گیہون کے ایک جا کرکے کسی برتن مین رکھین اس عرصہ تک کہ گنجائی گیہون مین باقی نہ رہین نابود ہوجاوین پھر جب موسم کلنگ کا آوے جنگل مین گیہون چھڑک دین بمجرد کھانے کے سست ہوجائین گے طاقت اُڑنے کی باقی نہ رہے گی اور اللہ تعالیٰ جانتا ہی حقیقت سب چیز کی اور وہی ہر چیز پر قادر ہی۔

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب نایاب و نسخہ لاجواب مجربات اکبری اُردو مطبع منشی نول کشور واقع لکھنؤ مین حسب الحکم عالیجناب معلی القاب منشی رام کمار و منشی تیج کمار صاحبان مالکان مطبع دام اقبالہما ماہ فروری

۱۹۳۹ء بار یازدہم

باہتمام کیسری داس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ

طبع ہوکر شائع ہوا

التماس مترجم کتاب ہذا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد و ثنا اُس حکیم کونین کو سزاوار ہے کہ جس نے اپنی قدرت کاملہ سے زیرکان خاکسار کو مسیحائی عطا فرمائی اور شکر و سپاس اُس قادر علی الاطلاق کو ہزارون ہزار ہے کہ جس نے اپنی رحمت عامہ سے ہر مرض کی دوائی بنائی حکماے عظام نے جو بقدرت مدرکہ ہزارون کتابین علم حکمت مین تصنیف فرمائین سب اُس کے مجموعۂ حکمت کے آگے اوراق سادہ ہین اور اطباے کرام نے جو بزور عقول عشرہ سیکڑون نسخے فن طبابت مین اخراج کیے اُس کے اجزاے مجربہ کے روبرو قلمزدہ ہین ایسا رحیم کہ جس کی رحمت مس گناہ کو اکسیر بناتی ہے اور ایسا کریم کہ جسکی عنایت انتہاے مصائب مین تاثیر دکھاتی ہے ہر مریض کو شفا دینا اُسی کا کام ہے شافی مطلق اُسی کا نام ہے۔ درود و سلام بعد تکریم و اکرام اُسکے حبیب کو زیبا ہے کہ جس نے مریضان ضلالت کو شربت اسلام پلا کر صحت بخشی و افضل نعت اُس رسول مقبول کو روا ہے کہ جس نے مدقوقان عصیان کو داروے ہدایت دیکر شفاے کامل عطا کی محبت اُسکی ہر بشر کو نوشدارو مقوی نجات ہے عنایت اُسکی انسان ضعیف البنیان کو معجون عمدہ حیات ہے صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ اجمعین امابعد ہیچمدان خادم الاطبا واجد علی الہاشمی ساکن قصبہ موہان نے فن طبابت اپنے والد بزرگوار جناب مستطاب حکیم مولوی وارث علی صاحب نور اللہ مرقدہم سے کہ جو فخر علما و حکما تھے نہایت محنت و جانفشانی سے حاصل کیا اور بمقتضاے آب و دانہ سرکار ذوی الاقتدار رئیسہ بھوپال و مہاراجہ گوالیار مین صلہ اس عرق ریزی کا پایا یعنی ہر دو سرکار باوقار مین مدتہاے دراز تک ملازم رہا اور قدردانی آقا سے خطاب افسر الاطبا پایا عرصہ چند سے کہ دار و وطن مالوفہ ہوا شرف ملازمت جناب منشی ضیا حسن صاحب

مرجع متوسلان سرچشمۂ عنایت و احسان جناب منشی نول کشور صاحب سی آئی ای سے حاصل ہوئی جو شہرون مین مشہور عالی ہمت باوقار ہین سچ تو یہ ہر کہ مستثناے روزگار ہین ہماری قدرت نہین کہ اُن کی توصیف مین قلم اُٹھائین انسان کو طاقت نہین کہ اوصاف حمیدہ زبان پر لاوے بموجب اینکہ ؎

از ذرہ بہر التماسے ٭ وز خاک بہ کیمیا سپاسے

تصور کرنا چاہیے غرضکہ منشی صاحب ممدوح نے خادم کو اپنے اخلاق و محبت سے مرہون کیا اور فرمایا کہ مجربات اکبری تصنیف محمد اکبر صاحب ارزانی کہ جامع فوائد و مانع زوائد ہر ترجمہ اسکا اگر زبان اُردو مین ہوجاوے تا عامہ خلائق اسکے طبع سے فائدہ کثیر اُٹھاوے اتباعاً للامر اس کتاب کے ترجمہ کرنے پر کمر ہمت باندھی بتوفیق خداے عزوجل و اقبال منشی صاحب ترجمہ اسکا بہ صحت تمام عرصہ قلیل مین ہوگیا اور چند مجرب نسخے کہ بعد خاکبیزی جمع کیے گئے تھے وہ بھی درج کردیے اور یہ ترجمہ ماہ محرم الحرام سنہ ۱۲۸۴ ہجری مین اتمام کو پہونچکر مطبوع ہوا طالبان فن سے یہ اُمید ہر کہ ہنگام ملاحظہ اپنے نفع پر نظر رکھین اور خوردہ گیری سے معاف فرماوین اور حصول فائدہ پر جناب موصوف کے لیے دعاے ترقی و اقبال و دولت اور خاکسار مترجم کے حق مین دعاے مغفرت فرمائین ـ

اعلان

ناظرین کتاب ہذا کی خدمت مین گذارش ہر کہ اگرچہ یہ کتاب اس سے قبل کئی مرتبہ طبع ہوچکی ہر مگر اس مرتبہ اس امر کا التزام کیا گیا ہر کہ ایک قدیم نسخہ سے حرف بحرف مقابلہ کرا کر ترجمہ کو حتی الوسع با محاورہ بنایا گیا ہر اور جو اغلاط بوجہ کثرت طبع لاحق ہوگئے تھے انکو بھی دفع کردیا گیا ہر حسب ضرورت بہت سے مفید حواشی بھی بڑھادیے گئے ـ اُمید ہر کہ ناظرین کتاب ہذا اس مرتبہ کی چھپی ہوئی مجربات اکبری اُردو کو نہایت قدردانی نگاہ سے دیکھین گے ـ اور مطبع کی اس کوشش کی داد دین گے ـ

المشتہر منیجر نول کشور پریس لکھنؤ صیغہ بکڈپو

اعلان ضروری

خدا کے فضل سے اس مطبع مین ہر قسم کی کتابین عربی فارسی اُردو ہندی مذہبی غیر مذہبی قصص و حکایات اسکولی وغیرہ وغیرہ بڑی تعداد مین موجود رہتی ہین۔ فہرست مطبع صرف اطلاع پانے پر روانہ کیجاتی ہے کتابون کی صحت اور عمدگی طباعت کی طرف خاص توجہ کی جاتی ہے۔ اگر کوئی کتاب عربی فارسی سے ترجمہ ہو کر چھپتی ہے تو اُسکے ترجمہ کا مقابلہ اصل عربی یا فارسی سے کرا لیا جاتا ہے۔ باوجود اس قدر اہتمام اور مصارف کثیر کے قیمت بھی کتابون کی نہایت مناسب رکھی جاتی ہے کتب طب کا اسقدر ذخیرہ اس مطبع مین موجود ہے کہ ہم دعوے سے کہہ سکتے ہین کہ اس قدر کتابین اس فن مین کسی دوسری جگہ آپ کو نہ مل سکین گی ہمین اُمید ہے کہ اگر ابتک آپ کو ہمارے مطبع سے کتابون کے خریدنے کا اتفاق نہین ہوا تو ایک مرتبہ کوئی کتاب منگا کر ہمارے قول کی تصدیق فرمائین۔

المشتہر

مینجر نولکشور پریس صیغہ بکڈپو حضرتگنج لکھنؤ

کتب خانہ طبیب

قیمت	نام کتاب
عہ ر	ذکاء اللہ خان دہلوی یہ بھی لاجواب قرابادین ہی مترجمہ حکیم ہادی حسین مراد آبادی۔
۰۶ر	قرابادین احسانی۔ تمام امراض کے تمام قسمون کے نسخے۔
[illegible]	قرابادین نجم الغنی۔ یہ کتاب کوئی ترجمہ نہین ہی بلکہ اصل کتاب اُردو مین مولوی حکیم نجم الغنی صاحب رامپوری نے جمع کی اسکے جمع کرنے مین کمال کیا ہی ایسے ایسے نسخے ہین جو درحقیقت اسرار سے کچھ کم نہین ہین عجیب جامع اور لاجواب اس قرابادین کا دیکھنے والا دوسری قرابادینون سے بے نیاز ہوجاتا ہے۔
[illegible]	کیمیاے عناصری ترجمہ قرابادین قادری۔ از مولوی نور کریم صاحب مرحوم
	مجمع البحرین۔ بہت لاجواب اور بےمثل کتاب ہے مرضون کے نام۔ ان کی تشریح اور علاج۔ اور پھر ہر مرض کے یونانی نام کے ساتھ ہی اسکا انگریزی نام اور مرض کی تشریح بھی دی ہی اسی واسطے یہ کتاب انگریزی طب اور

قیمت	نام کتاب
[illegible]	یونانی طب دونون مین لاجواب اور بےمثل ثابت ہوئی ہی آخر کتاب مین ایک فہرست انڈکس کے طور پر لگادی ہی جسمین یونانی اور انگریزی نام تحریر کیے ہین۔
۹ر	علاج الغربا۔ اس کتاب کی شہرت جسقدر ہی وہ ظاہر ہے مگر حقیقت یہ ہی کہ یہ اپنی شہرت سے کہین زیادہ کارآمد ہے اس کے سہل نسخے ایسے تیربہدف اور لاجواب ہین کہ ہر گھر مین ایسی کتاب کا رہنا ایک فیملی ڈاکٹر کا کام دیتا ہی بیحد مفید اور عمدہ ہی۔ کاغذ سفید۔
[illegible]	ترجمہ امرت ساگر بیدک مین امرت ساگر نہایت مشہور کارآمد اور معرکۃ الآرا کتاب ہی تمام روگون کا بیان اور انکے بیدک کے طور پر علاج اس کتاب کو اس مرتبہ بڑی کوشش کے ساتھ ساتھ اصل کتاب سے مقابلہ کراکر نہایت صحت اور صفائی کے ساتھ چھاپا گیا ہی اور جو خرابیان یا جو کمی پہلے اڈیشن مین باقی تھین وہ اس مرتبہ دور کردی گئی ہین۔
	اکسیر الامراض۔ بہت ہی کارآمد اور لاجواب کتاب ہی۔ تھوڑا تھوڑا بیان مرض کا اور اسکے بعد یونانی

قیمت	نام کتاب
۹ر	اور انگریزی نسخے اپنی طرز اور اپنے رنگ کی لاجواب کتاب ہے۔
[illegible]	ترکیب العلاج۔ یہ کتاب بھی فن طب مین ایک قابل قدر اضافہ ہی۔
[illegible]	علاج الامراض اُردو۔ علاج الامراض فارسی کا ترجمہ۔
۰۴ر	طب احسانی۔ تمام امراض کا مختصر بیان۔ اور مختصر مگر مجرب نسخے
۰۲ر	انیس الغربا معروف بہ علاج الامراض۔ اسمین ہر [illegible] بہت کم قیمت نسخے درج کیے ہین۔
[illegible]	اُردو ترجمہ کفایہ منصوری نہایت مستند ترجمہ ہی جو اصل کتاب سے کیا گیا ہی جسکا فارسی مین ذکر آچکا ہے۔
۲ر	رموز الحکمت۔ ایک چھوٹا سا رسالہ ہی۔ مگر اسمین وہ رموز و اسرار ہین جو بجاے خود لاجواب ہین۔ وہ مرض جو موت کی خبر دیتے ہین۔ مرگ مفاجات کے احتمالات امراض پیدا ہونے کے پیش خیمے اور انکی شناخت کے طریقے انکی دفعیہ کی تدبیرین اور انکے تدارک۔
	رسالہ تعریف النبض۔ یہ نبض کے متعلق پوری تحقیقات اور معلومات کا ایک غیر محدود خزانہ ہے

نام کتاب	قیمت
از حکیم مرزا بشیر احمد۔	۰۲ر
مفید الاجسام۔ فن جراحی اور پھوڑے پھنسیون کے متعلق عجیب و غریب کتاب ہے سر سے پاؤن تک جسم مین جہان جہان پھوڑون کا احتمال ہو سکتا ہے اُن سب کی پیدا ہونے کی صورت۔ پھوڑون کی ہیئت اور انکے علاج کا مفصل ذکر ہے اسکے ساتھ ہی فوائد عجیبہ شامل ہے جسمین بہت سے اسرار اور رموز جو سینہ بہ سینہ رہتے مین بیان کر دیے ہین۔	۴ر
مرکبات احسانی۔ اسمین ہر مرض کے متعلق مرکب نسخے معجون جوارش جبوب۔ چورن۔ شربت۔ سفوف وغیرہ بھی ہین۔ اور اُن مرکب نسخون کے بنانے کی ترکیبین بھی ہین جو عام طور پر فروخت کیے جاتے ہین۔	۰۶ر
رسالہ قارورہ۔ قارورہ کے متعلق تمام معلومات۔	ار
حفظان صحت۔ یہ ایک جدید ترین تصنیف جدید تحقیقات کے بموجب کی گئی ہے جسمین مریضون کو آرام پہونچانے کی ترکیب اور آئے دن کی وبائی اور غیر وبائی بیماریون سے بچنے کیلئے نہایت ہی عمدہ عمدہ اور سہل الحصول ترکیبین بتائی ہین۔ اگر ہر تندرست آدمی اسپر عمل کرے تو صحت قائم رہ سکتی ہے اور آدمی زندگی بآرام گزار سکتا ہے مصنفہ جناب رحمت الٰہی صدیقی۔	عار
ہندوستانی گھرون مین تیمارداری۔ اتفاق سے امراض اور علاج امراض کی بابت سیکڑون بلکہ ہزارون کتابین ہندوستان مین لکھی گئین مگر ایسی ایک کتاب بھی علیحدہ مرتب نہین کی گئی جسمین تیمارداری اور مریض کی نگہداشت اور آرام پہونچانے کے طریقے بتائے گئے ہون اور حقیقت یہ ہے کہ اسی تدبیر کی سخت ضرورت ہے جو مریض کو دوا سے زیادہ مفید ہوتی ہے چونکہ ہندوستانی مستورات طریقہ تیمارداری نہین جانتی ہین اسی لیے بہت سا روپیہ برسون وغیرہ کی نذر ہوتا ہے مگر اس کتاب کو دیکھکر وہ تیمارداری کے تمام طریقے سمجھکر وقت پر ضروری تدابیر بھی کر سکتی ہین نہایت ہی مفید اور کارآمد کتاب ہے جو ہر گھر مین رہنے کے لائق ہے حصہ اول عار حصہ دوم	عہ ر
اُردو ترجمہ دستور العلاج۔ اپنے مبحث پر بالکل نئی اور خاص کتاب ہے طب کے تمام مسائل کا بیان ہے اور اسکے ماسوا ہر عضو کے مخصوص امراض کو اس خوبی اور تشریح سے لکھا ہے کہ باید و شاید ترجمہ حکیم ہادی حسین خان مرادآبادی۔	عا۲ر
تحقیقات انسانی۔ یہ اپنے مبحث پر بالکل نئی کتاب ہے اسمین آدمی اور جنس حیوانی کی حالت پر پوری پوری روشنی ڈالکر بتایا گیا ہے کہ اسکو کیا مرض لاحق ہو سکتے ہین	۴ر
تندرستی کا بیمہ۔ بیدک کی بیمثل کتاب ہے بلکہ بیدک کی بڑی بڑی کتابون جیسے سسرت۔ اگ بھٹ۔ بھاؤپرکاش وغیرہ کا عطر ہے ڈاکٹری کتابون سے بھی مدلل ہے نہایت عمدہ ادویات اور تندرستی کے متعلق تمام ترکیبین اسمین موجود ہین۔	۸ر
رسالہ ادویہ۔ چھوٹے چھوٹے گاؤن جہان دواؤن کا وقت پر فراہم ہونا دشوار ہوتا ہے یہ انہین کے لیے ہے اسمین ایسی دوائین ہین جو آسانی کے ساتھ ہر جگہ مل سکتی ہین۔	ار ۲ پائی
زبدۃ الحکمت۔ ہر موسم کی تبدیلی کا حال۔ پہچان۔ نشان۔ بیان اور تندرستی کے قائم رہنے کی بہترین تدبیرین۔	۲ر
طب نبوی۔ دعا اور دوا سے امراض کا علاج علی الخصوص وہ دوائین جو رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہین۔	۲ر

المشتہر

مینیجر نولکشور پریس صیغہ بکڈپو حضرتگنج لکھنؤ۔